بیاض مسیحا
کتب خانه
طبیب

مسیح الملک حکیم محمد اجمل خان کی معتمد خاندانی بیاض

بیاض مسیحا

(جلد اول و دوم)

مرتبہ

شفاء الملک

جناب حکیم محمد حسن قرشی

حسب فرمائش

جناب حکیم سید محمد ادریس بخاری

ناشر

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز

جلال الدین ہسپتال بلڈنگ

اردو بازار لاہور

نام کتاب ———— بیاض مسیحا

ترتیب و تدوین ———— شفاء الملک حکیم محمد حسن قرشی

طابع ———— محمد ابوبکر صدیق

ناشر ———— شیخ محمد بشیر اینڈ سنز لاہور

مطبع ———— ندیم یونس پرنٹرز لاہور

تعداد ———— 1000

بار ———— اول

کمپوزنگ ———— بخاری کمپیوٹر کمپوزرز

16 - پیسہ اخبار لاہور (فون : 761580)

قیمت ——

ناشر:

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز

جلال الدین ہسپتال بلڈنگ

اردو بازار لاہور

فون نمبر : 7660736

تقسیم کار

مکتبہ مشیر الاطباء چوبرجی پارک لاہور

فہرست

کشتہ جات

مجربات قلب

مجربات چشم

مجربات صدر، ریہ، معدہ و امعاء

مجربات جریان سیلان حمل سوزاک و آتشک

لوح محمود ۔ امراض سر

ضعف دماغ

زکام و نزلہ

سرسام

صرع وام اصبیان

امراض جگر مرارہ و طحال

امراض امعا و معقد

امراض گردہ و مثانہ

امراض مخصوصہ (مرداں)

امرض مخصوصہ (نسواں)

امراض ظہر و اطراف

حمیات

مسہلات

اورام و بثور (ظاہر بدن)

مقدمہ

یادش بخیر ایک مسلمانوں کا دور اقبال تھا۔ جو ایک عالم کو روشناس فتح و کامرانی کر گیا۔

ہچو عیدے کہ درایام بہار آمدورفت

بابل و نینوا کی علم پرور اور مردم خیز سرزمین خاکدان جہل' و نادانی تھی۔ مصر کا دلربا اور بارونق بازار یوسف علم سے خالی ہو چکا تھا یونان کا مطلع علوم و فنون غبارِ غفلت سے تکدر تھا۔ برصغیر کا آفتاب تمدن کسوف کی تاریکی میں گہنا رہا تھا۔ یورپ جو کہ آج شدت ضیاء و تمدن و علوم سے خویش و بیگانہ کے لئے برق و آتش بن رہا ہے۔ بربریت کی تاریکی و ظلمت سے تیرہ و تار اور وحشت زار تھا۔

دفعتاً ریگستان عرب سے ایک بادل اٹھ کر برسا اور تمام عالم کو سیراب کر گیا۔ بابل' مصر' یونان و ہند کی کشت علوم و تمدن جو تاراج غفلت اور نادانی ہو رہی تھی ایک مرتبہ پھر سرسبز و شاداب ہو گئی یورپ جو ہوائے گل تک سے نا آشنا تھا یکسر بوستان علم اور چمن زار تمدن ہو گیا۔

جن علوم و فنون کو مسلمانوں کے دست قوی و تنومند نے بادفنا کے تیز جھونکوں سے بچایا ان میں فلسفے کے بعد طب یونانی سب سے زیادہ قابل ذکر ہے جب مسلمانوں کا عصر حیات شروع ہوا تو یونان کا مشہور فن علاج بستر موت پر ایڑیاں رگڑ رہا تھا۔ بقراط و ارسطاطالیس اور جالینوس و دیسقوریدوس کے جواہر افکار و مساعی قبر گمنامی میں مدفون تھے۔ اور قریب تھا کہ وہ ہمیشہ کے لئے صفحہ ہستی سے ناپید ہو جائیں کہ خلفائے بغداد کے ذوق علم اور علمائے اسلام کے عشق فن نے انہیں ایتھنز کی تنگ و تاریک گلیوں سے نکال کر روشناس عالم کر دیا۔

مسلمانون نے یہی نہیں کیا کہ ان جواہر گرانمایہ کو بازار ہستی میں ان کا موزوں و مناسب مرتبہ دلائیں بلکہ ان میں غیر معمولی اصلاح و اضافہ کرتے ہوئے ایک مستقل شاہراہ ترقی پیدا کر دی جس کا ہر رہرو روزانہ جدید کامرانیوں اور فتح مندیوں کے گلہائے مراد سے دامن لبریز کر سکتا تھا۔

مگر متقدمین اطباء اسلام کی تیز گامی و برق رفتاری متاخرین کے خرمن عقل و دانش کے لئے آتش سوزاں ثابت ہوئی۔ شیخ الرئیس' رازی' ابن بیطار' مجوسی اور زہراوی کی بلند پروازیوں سے جو آسمان اوج و رفعت ایک عالم پر سایہ گستر ہو چکا تھا۔ علامہ شیرازی و

ملاسد ابن عوض اور اکبر ارزانی اسے منتہائے نظرو معراج فکر سمجھ کر قوائے ایجاد و اجتہاد کو جواب دے بیٹھے اور پوری قوم تقلید اعمٰی و اتباع بغیر البصیرۃ کے قعر ظلمات و گمراہی میں گرفتار ہو گئی۔

یہ لوگ شیخ کے کلام کو وحی آسمانی اور منزل من السماء قرار دیتے تھے اور اس کی نسبت لایاتیہ الباطل من بین یدیہ و من خلفہ وسوال عنہ بدعۃ کہا کرتے تھے۔ حالانکہ شیخ ایک انسان تھا اور اس کے مسلمہ علم و فضل و نظرو فکر کے باوجود اس سے چند ایسی غلطیاں بھی ہو گئی تھیں جنہیں معلوم کرنا زیادہ دشوار نہ تھا۔

اس وقت مسلمان دنیا کے ایک بڑے حصے پر حکمران تھے اور عام مورخین اس زمانہ کو سکون اقبال اسلامی کا زمانہ خیال کرتے ہیں۔ مگر ترقی کے بعد سکون ہی در حقیقت حرکت زوال ہے اور تاریخ کے حوادث و واقعات اس کے موید ہیں۔

حکومت اسلامی کے ساتھ علوم اسلامیہ کا سکون ترقی بھی زوال کا پیش خیمہ ثابت ہوا۔ اجتہاد نظرو وسعت فکر سے محرومی کے بعد مسلمانوں میں اختراع و ایجاد کا ذوق باقی نہ رہا اور وہ جمع کئے ہوئے خزائین علم کو صرف کرنے کے سوا ان میں اضافہ کرنا بھول گئے نتیجہ یہ ہوا کہ جو کچھ ان کے پاس موجود تھا وہ بھی آہستہ آہستہ کم ہونا شروع ہو گیا اور ان کی جیب متاع میں چند سکوں کے سوا کچھ نہ رہا۔ مگر حکومت کی جھول اس نقصان و خسران کو پورے طور پر ظاہر نہ ہونے دیتی تھی اور خلع حکومت کے ساتھ حقیقت آشکار ہونے پر مسلمانوں کے ہاتھ جیب کی جگہ پیشانی پر تھے۔

اب اگرچہ مسلمانوں کو ہوش آگیا تھا مگر ان میں اتنی قوت نہ تھی کہ وہ دوبارہ احیائے تمدن و علوم اسلامیہ سے ایک عالم کو حلقہ بگوش کر سکیں۔ بلکہ حسب قواعد فطرت وہ خود دوسروں میں جذب ہو گئے۔ نپولین کے حملہ مصر اور فرانسیسی اقامت نے اہل مصر پر غیر معمولی اثر ڈالا تھا اور وہ تھوڑے ہی زمانہ کے بعد اگرچہ فرانسیسی حکومت کے اثر سے آزاد ہو گئے تھے مگر ان کے تمدن کی زنجیروں نے انھیں اس طرح اسیر کر لیا کہ وہ آج تک سرگرفتہ و پابند ہیں خود علی پاشا نے ارسالیات کا سلسلہ قائم کر کے فرانس اور آسٹریا میں طب و علوم جدید کی تحصیل کے لئے طلباء کو بھیجا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ سید احمد رشیدی اور خلیل خلاط وغیرہ اطباء مشہور کی ساری عمر طب جدید کی نشرو اشاعت میں بسر ہوئی اور طب الحدیث اور العائلہ وغیرہ مجلات طبیہ نے مغربی طب کی تائید و وسیع اپنا مقصود قرار دیا۔

اس سے پہلے سلطان محمود خاں نے ترکی اور شام وغیرہ ممالک عثمانیہ میں حکماً اصلاحات جدیدہ کو نافذ کر دیا تھا اس لئے تھوڑے عرصہ میں شام و روم بھی مصر کی طرح طب یونانی سے نا آشنا ہو گئے۔ تونس اور الجزائر میں شیخ محمد بیرم اور سید خیرالدین کی

تحریکات نے مغربی علوم و تمدن کی اجنبیت کو دور کر دیا اور وہاں بھی مصر کی تقلید کی گئی۔
ان تمام حالات کا یہ اثر ہوا کہ ان ممالک اسلامیہ میں مغربی طب کے اکثر مطبوعات عربی میں منتقل ہو گئے۔ اور وہاں کے علماء طب شیخ درازی کے متعلق اہل فرنگ سے کچھ زیادہ نہیں جانتے۔
ایران و ترکستان بھی اگرچہ انگریزی و روسی فریب سیاست سے متاثر ہو کر تمدن جدید کی موہومہ و مفروضہ آسمانی برکات سے بہرہ ور ہو گئے تھے اور مرزا علی اکبر نے پزشکی نامہ لکھ کر اہل وطن کو طب حدیث کے اعجاز مسیحائی کا معترف کرنا چاہا۔ مگر وہ درحقیقت ساحرین فرنگ کے عمل النوم سے مسحور ہو کر تنزل کے مرحلہ یاس (عدم احساس) میں مبتلا تھے اور متاع قدیم کی اضاعت کے سوا وہ کچھ نہیں کر سکے۔
اب لے دے کے طب یونانی کے لئے برصغیر کا میدان باقی تھا۔ یہاں اگرچہ اس نے کبھی بھی مصر و عراق کی طرح ترقی نہیں کی اور حکیم ابوالفتح گیلانی اور حکیم ابوالقاسم فرشتہ سے لے کر حکیم علوی خاں اور حکیم شریف خان تک سب نے اسے مقلدانہ اختیار کیا۔ تاہم اس میں شک نہیں کہ اس کے بقا و تحفظ کی جو سعی پیہم یہاں کی گئی وہ کسی اور جگہ سے کم نہ تھی۔
مگر زمانے کے تیز ہاتھ نہ بڑھنے والے سرمائے کو کبھی بھی باقی نہیں رہنے دیتے۔ 1857ء کے ہنگامہ خونریز نے دہلی کے ساتھ وہی کیا جو اس سے پیشتر بغداد اور اندلس کے ساتھ ہو چکا تھا۔ اکثر خزائن علمی آتش انتقام کی نذر ہو گئے اور پرانے سکے یہاں بھی منسوخ ہونے لگے اور حکومت کے ساتھ سرسید کی مساعی تمدن جدید کی حکمرانی کا موجب ہوئیں حکیم افضل الدولہ اور فرنگی نژاد ڈاکٹر مستسمی نے طب جدید کو فارسی میں منتقل کر کے یہاں بھی طب یونانی کے لئے موت و حیات کا سوال پیدا کر دیا۔
اگر اس عالم میں حکیم اعظم خاں، حکیم عبدالمجید خاں اور حکیم عبدالعزیز اس کے بقا کے لئے جانبازانہ مساعی نہ کرتے تو یقیناً" برصغیر میں بھی مصر و عراق کی سی حالت ہو جاتی۔ مگر ان اطباء کرام کی بروقت کوششیں، فائزالمرام ہوئیں اور یہ ڈوبتی ہوئی کشتی ورطہ ہلاکت سے بچ گئی۔ حکیم اعظم خاں مرحوم نے جمع و تالیف طب سے ایک ایسی خدمت جلیلہ انجام دی ہے جس کی وجہ سے ان کا اسم گرامی حلقہ اطباء میں ہمیشہ عزت کے ساتھ لیا جائے گا۔ محمد اکبر ارزانی کے سوا فارسی میں کسی اور نے یہ خدمت سرانجام نہیں دی اور یہ میں کہہ رہا ہوں حالانکہ مومن خاں اور محمد حسین کے نام میرے سامنے ہیں۔ حکیم عبدالمجید خاں دہلوی اور حکیم عبدالعزیز لکھنوی نے مدارس طبیہ کے اجراء سے اس فن کے تحفظ کا بہترین طریق کار بہم پہنچایا اور خداوند کریم کا شکر ہے کہ ان کی مساعی کے نتائج آج نہایت

خوشگوار شکل میں ہیں۔ دور موجودہ میں جناب مسیح الملک حکیم اجمل خاں صاحب کا اسم مبارک کسی طرح فراموش نہیں کیا جا سکتا اور اگرچہ ان کے دماغ و وقت کا ایک بہت بڑا حصہ بعض دوسرے قومی کاموں میں صرف ہوتا رہا ہے۔ تاہم وہ اپنے اس اصلی کام کو کبھی نہیں بھولے اور جو کچھ اپنی غیر معمولی ہمت سے کرتے رہے ہیں وہ سب کے سامنے ہے۔

فن کی ترقی کی کوششیں جاری ہیں۔ اس کے لئے بہت سے ہاتھ کوشش اور بہت سے افکار سرگرم ہیں۔ کامیابی کی نظر فریب عمارت بھی نظر آ رہی ہے اور آج ہماری کامرانی افسانہ بزم و انجمن ہے۔ بہت سے قلوب ہیں جو اس منظر دلکش کو دیکھ کر اس طرح وارفتہ و مدہوش مسرت ہیں کہ وہ کھرے کھوٹے میں تمیز نہیں کر سکتے۔ مگر میں بحمد اللہ اس گروہ میں سے نہیں ہوں میں دیکھتا ہوں کہ بایں غلغلہ عروج و ترقی و طنطنہ فتح و کامرانی آج بھی ہم اسی منزل خسران و ناکامی میں ہیں اور جبکہ یاران محفل ترقی ترقی کے شور سے ہنگامہ محشر بپا کر رہے ہیں۔ صد حسرت و افسوس کہ میں اپنے سامنے تنزل و تسفل کے سوا کچھ نہیں پاتا۔

عزیزان من! کسی فن کی ترقی سے یہ مقصود نہیں کہ تم اینٹ اور پتھر کی کوئی بڑی عمارت کھڑی کر دو۔ کیونکہ ایسا ہوتا تو میں تمہیں یقین دلاتا کہ میں سب کچھ چھوڑ کر ایک گروہ کے ساتھ اینٹیں اور پتھر چننا شروع کر دیتا اور اس وقت تک اس سے باز نہ آتا جب تک یہ عمارت بام عرش کے طائران سبز کا نشیمن نہ ہو جاتی۔

افسوس ہے جبکہ دوسرے ارباب فن اختراع و ایجاد سے مٹی اور کنکر ہم پایہ زر و سیم بنا رہے ہیں۔ ہم اپنی فکر وہمت کو چونے اور گارے میں آلودہ کرنا پسند کرتے ہیں کیا ہوا اگر ہم نے دو چار مدرسوں کی عمارتیں تیار کر لیں۔ اصل سوال تو علم و فن کا ہے اور صد حسرت و آہ کہ اس سے ہمارا دامن کوتاہ خالی اور جیب تنگ تہی ہے۔

ہماری حقیقی ترقی کے لئے صرف دو راستے ہیں ایک تو جو کچھ ہمارے پاس موجود ہے اس کا تحفظ اور دوسرے جو کچھ نہیں ہے اس کی تلاش و تحصیل اس حیثیت سے اگر آپ دیکھیں تو آج تک یا تو ہم نے سعی نہیں کی اور یا اگر سعی کی تھی تو وہ نامراد و ناکام ہوتی ہے جدید تحقیقات کی منزل تو بہت کٹھن ہے افسوس تو یہ ہے کہ جو خزائن علمی ہمارے اسلاف نے روز ہائے گرم دلیائی سرد میں جانکا و محنت سے بہم پہونچائے تھے وہ آج ہماری غفلت سے برباد ہو رہے ہیں اور کوئی نہیں جو اس تباہی کے لئے تشویشناک اور فکر مند ہو۔

میں جو حکیم اعظم خان کی تعریف کرتا ہوں تو وہ محض اس لئے کہ انہوں نے قدیم تالیفات کے اکثر مقامات ایک ترتیب سے جمع تو کر دیئے ہیں وگرنہ ظاہر ہے کہ ان کی تالیفات اجتہاد فکر و حریت نظر کے اعتبار سے (کہ روح تالیف و تصنیف ہے) بہت کم پایہ ہیں

امام فخر الدین رازی کی تفسیر کبیر کی طرح یہ تالیف مجموعہ رطب ویا بس ہونے کے باوجود ہمیں قدما کے بعد مطالب سے روشناس کرتی ہیں شمعون یوحنا' ابن ماسویہ' ابن سرافیون' ابن زہر ابن رشد' ابو ریحان کی تالیفات میں سے بعض ضائع ہو چکی ہیں اور بعض غیر مطبوعہ ہونے کی وجہ سے ضائع ہونے والی ہیں۔ حکیم اعظم خاں کی وجہ سے ہمیں ان کے اکثر مطالب و مضامین معلوم ہیں۔

امام رازی کی تفسیر بھی بعض تفاسیر قدیمہ معدومہ مثلاً" جامع التاویل والمحکم التنزیل ابو مسلم تفسیر قفال کبیر۔ تفسیر ابو بکر اصم وغیرہ کے مضامین سے بھری ہوئی ہے اور صرف اسی حیثیت سے میں یہ تشبیہ دے رہا ہوں ورنہ ظاہر ہے کہ امام صاحب کے اجتہاد فکرو حسن استدلال نے جس طرح تفسیر کبیر کو چمنستان بنا دیا ہے اس کے لحاظ سے رموز واکسیر محض صحرائے خار زار ہیں۔

ہماری بدقسمتی صرف یہی نہیں کہ ہم اپنے اسلاف کے ذخائر گراں قدر کو ضائع کر چکے ہیں بلکہ اس سے بھی بڑی داڑوں بختی یہ ہے کہ جو کچھ باقی ہے ہم اس کی قدر و قیمت سے آشنا نہیں اور اسے بدستور نذر جہل و غفلت کر رہے ہیں پھر اس شخص کی نسبت تم کیا کہتے ہو جو بھوک کی شدت سے محو آہ و فغاں اور شکم پر ہاتھ رکھے ہوئے ہو۔ حالانکہ اس کی جیب میں روٹی کے چند ٹکڑے موجود ہیں اور وہ بدبخت ان کی طرف متوجہ نہیں۔ ٹھیک ٹھیک یہی حالت ابنائے عصر کی ہے کہ وہ جو کچھ ضائع ہو چکا ہے اس کے لئے صف ماتم بچھائے ہوئے ہیں۔ مگر جو کچھ ان کے پاس ہے اس کی طرف نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھتے۔

آج متقدین و متاخرین کی بہتر سے بہتر طبی کتابیں ہیں جو برصغیر کے بعض طبی خاندانوں میں موجود ہیں مگر وہ ان کی اشاعت سے قطعاً" بے پرواہ ہیں اور انہیں دولت قاروں کی طرح تہ خانوں میں بند کر کے طعمہ کرم و ہوش بنانا چاہتے ہیں۔

جناب حکیم اجمل خاں صاحب دہلوی اور جناب حکیم نظیر حسین صاحب لکھنوی کے کتب خانوں میں منافع الاعضا حاوی' کبیر رازی' ترویح الارواح خجندی' الفصول ثابت ابن درہ وغیرہ بیسیوں نایاب قلمی کتابیں موجود ہیں۔

مدرسہ طبیہ دہلی کے کتب خانے میں حاوی صغیر محمد ابن الیاس' غنی منی ابن نوح' مائتہ مسیحی' شرح جیلانی' شرح سرہندی وغیرہ متعدد گراں بہا تالیفات ہیں۔ رائل ایشیاٹک سوسائٹی کلکتہ' رامپور' حیدر آباد اور دیوبند کے کتب خانوں میں علامہ وغیرہ کی شرحیں آج بھی ملتی ہیں۔ طبری کی مشہور و ممتاز کتاب معالجات بقراطیہ اور زہراوی کی تکمل التصریف اب بھی نواب خدا بخش مرحوم کے کتب خانے میں دیکھی جا سکتی ہیں۔ حکیم اعظم خاں مرحوم کا کتب خانہ اب بھی فردوس الحکمتہ معالجات بختیشو وکناش فاخرہ وغیرہ کتب عجیبہ

قدیمہ پیش کر سکتا ہے مگر افسوس ہے کہ قوم کی غفلت بدستور ہے۔ حالانکہ یہ ذخیرہ اگر آج ہے تو کل ہاتھ نہیں آئے گا اور پھر دست حسرت ملنے کے سوا چارہ نہیں ہوگا۔

ان کے علاوہ بعض وہ خاص بیاضیں جو اپنے نایاب نسخوں کی وجہ سے جواہر کے ساتھ تولنے کے قابل ہیں اور جو فی الحقیقت علم العلاج میں بہترین معاون ہو سکتی ہیں اپنے معائب کی طرح صندوقوں میں مقفل رکھی ہوئی ہیں۔ امام رازی کی وہ بیاض خاص جناب مسیح الملک کے کتب خانے میں موجود ہے اور رازی و سمرقندی رسائل برء الساعۃ جو اپنے سریع الاثر نسخوں کی وجہ سے ایلوپیتھی کا جواب ہو سکتے ہیں اور اسی کتب خانے میں موجود ہیں اگر شائع کئے جائیں تو یقیناً" اطبا کے لئے معالجہ کے بحر ظلمات میں خضر راہ اور مرضا کے لئے آب حیات ثابت ہو سکتے ہیں۔ شیخ نے اپنی فیاضی علم سے اپنے مجرب نسخوں کو الواخ کی صورت میں نمایاں کر دیا تھا۔ مگر جن اصحاب کے پاس یہ خط شدہ قرابادینیں پہنچیں۔ ان کے بخل نے اس امتیاز کو حرف غلط کی طرح مٹا دیا اور شیخ جیسے طبیب اجل کے مجربات کو اطباء سے مستور کر دیا۔ اسی مقام پر خط شدہ قرابادین شیخ بھی موجود ہے۔ علاج الامراض کہ اس خاندان جلیل کے اسرار و رموز و مجربات کا مجموعہ ہے۔ خط کشید صورت میں ایک طبیب کے لئے سرمایہ حیات ہے۔ مگر افسوس کہ جب اس نسخہ حیات بخش کی طرف طلباء آنکھ اٹھا کر بھی دیکھتے ہیں تو یہ جان طلب ارشاد ہوتا ہے کہ اس سرمایہ زندگی کو اندرون خانہ کی تاریک را ہوں۔ قبر میں پوشیدہ کر دو۔ خاندان شریف کی بیاض محمود جو فی الحقیقت ترکیب ادویہ و حسن ترتیب و مطابقت اصول علاج و منافع سریعہ کے لحاظ سے سرتاپا اعجاز ہے۔ آج تک اس کے لئے مشتاق نظریں چشم براء ہیں اور مرحوم پیر جی صاحب اس کی اشاعت کی آرزو دل میں لے گئے۔ اسی طرح بیاض ابوالقاسم جداول جالینوس اور مطب میر حسین جو حکیم اعظم خاں کے کتب خانہ کے علاوہ بعض اور جگہ بھی ملتی ہیں۔ آج تک طباعت کی آراستگی و پیراستگی سے محروم ہیں۔

ان کتابوں کی اشاعت راہ میں جو عوئق و مشکلات ہیں۔ شاید ان سے عام حضرات آشنا نہ ہوں۔

سب سے بڑی دقت تو یہ ہے کہ قلمی کتابوں کا حاصل ہونا بہت دشوار ہے۔ جن اصحاب کے پاس یہ کتابیں ہیں وہ کسی صورت سے ان کا عاریتہ" دینا بھی پسند نہیں کرتے اور جن لائبریریوں میں دو چار کتابیں میسر آسکتی ہیں۔ وہ اسی لائبریری میں نقل کی جا سکتی ہیں۔

اس کے بعد اس کتاب کی ترتیب و تہذیب اور تنقیح و تصحیح یا ترجمہ و اقتباس ہے کہ اس کے بغیر یہ کتابیں فی الحقیقت بیکار ہیں اور یہ ایک ایسا پیچیدہ اور دقت طلب کام ہے کہ

اکثر افکار و ہم اس منزل ہفت خواں میں سرگشتہ و آوارہ ہیں۔
ظاہر ہے کہ اگر یہ دشوار گزار منزلیں کسی صورت سے طے بھی ہو سکتی ہیں تو اس کے لیے صرف کثیر و بے دریغ کی ضرورت ہے اور بالاخر اس کا بار خریداران کے سر پر پڑتا ہے۔ جو اسے برداشت کرنا نہیں چاہتے۔ مگر ہمیں امید ہے کہ ارباب فن نہ صرف اس بار کو بخوشی تمام برداشت کریں گے بلکہ اس اشد شدید فنی ضرورت کے ارتفاع میں اعانت فرمائیں گے۔
اس کی بہترین صورت یہ ہے کہ ان کتابوں کی بہم رسانی میں آپ بھی حصہ لیں جہاں کہیں آپ کو اس قسم کی کوئی کتاب ملے ہمیں اطلاع دیں اور معقول معاوضہ پر اسے ہمیں دلا دیں①
اسی سلسلے میں جناب مسیح الملک حکیم اجمل خاں صاحب" کی مخصوص و ممتاز بیاض شائع کی گئی ہے جو اپنے محاسن و خصوصیات جلیلہ کی وجہ سے فی الحقیقت مستحق تقدم ہے۔ اس بیاض کی قدروقیمت کے لئے جناب حکیم محمود خاں صاحب مرحوم اور حاذق الملک حکیم عبدالمجید خاں صاحب مغفور کی حذاقت اورجناب مسیح الملک حکیم اجمل خاں صاحب کی شہرت کافی ضمانت ہے۔ کئی پشتوں سے یہ بیاض اباعن جد حکیم شریف خاں مرحوم کے خاندان میں معمول مطب ہے اور ان کے ہزاروں تلامذہ اسی بیاض کو اپنا معمول بنائے ہوئے ہیں۔ ان معمولات کا مرتبہ کسی طرح ایلوپیتھی کی سرکاری قرابا دین سے کم نہیں اور اطباء کو خاندان شریفی کو ممنون ہونا چاہئے۔ کہ اس کی عرصہ دراز کی سعی و محنت سے وہ ایک ایسے ذخیرہ مجربات کو حاصل کر سکے ہیں۔
اس معمولہ مطب کے ساتھ وہ مشہور و معروف اسراری و صدری نسخے بھی درج ہیں جو آج تک اس خاندان جلیل کے لئے باعث صد ہزار امتیاز اعزاز سمجھے جاتے ہیں اور جن میں وہ مشہور جوہر' طلاء' کشتے اور مرکبات باہیہ و قلبیہ بھی شامل ہیں جن کے لئے عوام تو درکنار خواص اطباء اور سند یافتگان مدرسہ طبیہ برسوں آستان شریفی پر ناصیہ فرسائی کرنے پر بھی محروم رہتے ہیں اور جن کی شہرت برصغیر تو ایک طرف مصرو عرب' افغانستان و ترکستان اور انگلستان تک پہنچی ہوئی ہے۔
انگلستان کا ایک مشہور خاندانی انگریز کسی سوداوی مرض مزمن میں گرفتار تھا۔ تمام یورپ کے ماہر فن ڈاکٹروں کے علاج پر بھی ناکامی ہوئی۔ بالاخر برصغیر کے ہندوستانی دواخانہ دہلی کی طرف متوجہ ہوا۔ اسے جوہر منقی استعمال کرایا گیا اور کچھ عرصہ کے بعد وہ تندرست تھا۔

---
① اس پتہ پر رابطہ قائم کریں۔ شیخ محمد بشیر اینڈ سنز چوک اردو بازار لاہور

یہ کیا ہے کہ تملق و خوشامد اور سرقہ دوزدی خصائل کو جائز قرار دیا جاتا ہے اور سرقہ بیاض و کتاب کا بلا شرم و حیا علانیہ اعتراف کیا جاتا ہے۔ دوسرے گروہ جب تلاش خواص ادویہ و تجارب کیمیاوی و ایجاد آلات جیسے مقاصد عدلیہ میں اپنا وقت عزیز صرف کرتے ہیں تو ہم ایک ایک نسخہ معلوم کرنے کے لئے خاک چھانتے پھرتے ہیں۔

یہ سب کچھ اس اشد شدید عذاب البخل کے نتائج الیمہ ہیں جو مسلمانوں کو اس ملک میں بعض دیگر بدعات کے ساتھ حاصل ہوا۔

مسلمانوں کی صورت جس طرح برصغیر میں آکر مسخ ہوئی ہے اس کی نظیر اور کہیں نہیں ملتی اور یہ بخل علم بھی انہیں یہیں حاصل ہوا۔ برصغیر کے وید اپنے فن کو اسی جرعہ ہلاکت کی نظر کر چکے تھے۔ وہ آزاد ہوئے تو ہم گرفتار ہو گئے۔

سب سے زیادہ مشہور اور مضحکہ انگیز خیال یہ ہے کہ نسخہ کا اظہار اس کے اثرات کو باطل کر دیتا ہے اس عجیب و غریب دلیل کے ساتھ علم النفس اور فلسفہ جذبات کے چند مقدمات بطور تائید بیان کئے جاتے ہیں اور ان کے ساتھ دعویٰ دہرایا جاتا ہے۔ جب علم النفس کے جلیل القدر آئمہ و علماء کا حوالہ آجائے۔ پھر بھلا کسے تاب گفتگو و مجال سخن ہے۔

بتنق گرویدہ رائے بوعلی بارائے من

اور اس کی تو کچھ ضرورت نہیں کہ دعویٰ و دلیل میں کچھ ربط ہو کہ ارسطاطالیس کا طرز کہن تو میں کار آمد نہیں۔

انہیں خدشہ ہے کہ اگر نسخوں کا اعلان کیا گیا تو عوام متقطعات رزق کی قطع و برید سے قطاع الطریق ہو کر ان کے لئے باعث معیبت و ہلاکت ہوں گے۔ ان بیچاروں کو جب نسخوں کے بتلانے کے لئے کہا جاتا ہے تو اپنے شکم فربہ دراز کی طرف دیکھ کر زبان حال سے یہ کہتے ہیں "کہ اس غریب کی فربہی و ہیئت مخروطی کے تحفظ کا کیا سامان ہو گا۔

ایک تیسرا گروہ ان دونوں دلیلوں کو تسلیم نہیں کرتا اور کہتا ہے کہ وہ محض عوام کے مفاد کے لئے اس طریق قارون پر کاربند ہے۔ اگر عوام اور نااہل اصحاب نسخوں سے واقف ہو گئے تو ان کے بے جا استعمال کرنے کی وجہ سے دنیا یکسر موت و ہلاکت کا گھر ہو جائے گی۔ اس گروہ کے خیال میں ان کے سوا جملہ اطباء علا یکسر نااہل ہیں اور اس لئے ان سے اخفا ضروری۔ خود اس گروہ کے ارکان بھی ایک دوسرے کو نااہل بتلاتے ہیں۔ ان کا عقیدہ ہے کہ دنیا محض اس لئے قائم ہے کہ وہ نااہلوں سے اپنے تیر بہدف اور برق اثر نسخے چھپائے ہوئے ہیں اور جب زمانہ کی بدبختی سے یہ نسخے عوام کو معلوم ہو جائیں گے تو ان کا غلط استعمال صاعقہ ہلاکت بن کر موجب حدوث قیامت ہو گا۔

ایک اور گروہ ان دلائل کو تو تسلیم نہیں کرتا۔ مگر اس آئین قدیم کے خلاف چلنا بھی نہیں چاہتا کہ یہ ان کے آباواجداد کے مسلک کے خلاف ہیں۔

غرض اس قسم کے مزخرفات و تخیلات فاسدہ نے اس بخل علم کو جائز کیا ہوا ہے اور ان سب کا منبع خود غرضی اور زرپرستی کے سوا کچھ نہیں اور جب ایک شخص دولت کے بت زریں کا پرستار ہوتا ہے۔ تو اس کا دماغ اکثر اسے اس قسم کی باتیں سمجھاتا ہے۔

زرپرستی مے کند دل را سیاہ
آخر ایں صفرا بہ سودا مے کشد

اور اس عام خیال کا یہ نتیجہ ہے کہ پیسوں بہتر سے بہتر مجربات ضائع ہو رہے ہیں۔ بعض اصحاب انہیں اس لئے محفوظ رکھتے ہیں کہ عندالموت اپنے وارثوں کو بتلائیں گے مگر اس کا موقعہ نہیں آتا اور بہت بلد ان کے دلوں کی طرح ان کی زبانیں بند ہو جاتی ہیں اور باحسرت ویاس اپنی قبر میں مجربات کی قبر کھودتے ہیں۔

چھوٹا سا اک مزار ہے میرے مزار میں

بعض بتلاتے تو ہیں مگر قسموں سے اپنے اعزا کو اس طرح گرانبار اور کمر خمیدہ کرتے ہیں' کہ وہ بے چارے ساری عمر سر نہیں اٹھا سکتے اور پھر اس پر انہیں اطمینان نہیں ہوتا اور موت سے پہلے اس عذاب والیم آعوذمن عذاب النحل کا مزا چکھتے ہیں۔ جس کے وہ فی الحقیقت سزاوار ہیں۔ اور اب ایک جدید طبقہ پیدا ہوا ہے جو اسٹیج پر تو اظہار و اعلان مجربات کے لئے شور محشر بپا کرتا ہے۔ مگر جب میدان عمل میں اسے دیکھا جاتا ہے تو وہ سب سے زیادہ پس ماندہ اور بیکار ہے۔

ان ھذا من اعاجیب الزمن

آخر میں ایک اہم ضرورت کی طرف متوجہ کرنا مناسب سمجھتا ہوں' اور وہ زبان کی صحت کا خیال ہے۔ بدقسمتی سے اردو کی طبی تالیفات صحت زبان کے لحاظ سے نہایت ناقص ہیں اور ان میں اکثر غلط ترکیبیں مستعمل ہیں۔ اب بعض اصحاب طب جدید کا اضافہ کرتے ہوئے بلا دریغ انگریزی مصطلحات استعمال کر رہے ہیں۔ اور اس طرح ایک اشد شدید بدعت کو رواج دے رہے ہیں۔

اردو اپنے مصطلحات میں فارسی کی طرح عربی کی تابع ہے اور اس کا یہ عالم ہے کا وسعت لسانی کے لحاظ سے لاطینی اور سنسکرت کی حریف ہے۔ ہارون اور مامون کے زمانے میں جب یوحنا اور اسحق نے حنین۔ کندی۔ فارابی اور ثابت ابن قرہ کی مدد سے تراجم شروع کئے تو متعدد علوم میں ایک بھی غیر زبان کا لفظ نہیں لیا گیا اور علم طب میں یونانی و سریانی کی صرف دس بارہ اصطلاحوں اور ساٹھ ستر دواؤں کے نام بعینہ رکھنے کی ضرورت

محسوس ہوئی۔ سنسکرت سے متعدد کتابیں ترجمہ کی گئی اور صرف بارہ دواؤں کے نام ترجمہ نہیں کئے گئے۔ فارسی سے صرف سرسام اور ایک آدھ اور لفظ لیا گیا۔

اس حالت میں غریب انگریزی جو تمام مصطلحات علمی میں یونانی و لاطینی کی منت پذیر ہے کی مصطلحات کا ترجمہ کیا مشکل ہو سکتا ہے۔ البتہ وسعت نظر و صحت فکر اور انگریزی کے ساتھ عربی جاننے کی بھی ضرورت ہے۔

تاہم عام حیثیت سے یہ کتاب ان تمام نقائص و معائب تحریر سے خالی نظر آئے گی۔ جو طبی کتابوں کے لئے لازمی ہیں اور جن کی وجہ سے یہ کتابیں حلقہ اطبا کے سوا کہیں نفوذ و دخل پیدا نہیں کر سکتیں۔

کتاب میں عربی مصطلحات بکثرت استعمال کی گئی ہیں۔ اور اس کے سوا چارہ نہیں۔ فی الحقیقت یہ اصطلاحیں اردو طب کا ایک لازمی جز ہیں اور انہیں جس قدر کثرت سے استعمال کیا جائے گا۔ اتنی ہی وہ اردو کی ملکیت ہو جائیں گی۔

خادم فن

(حکیم) محمد حسن قرشی (مرحوم)

امراض سر

درد سر

دستور العلاج : درد سر میں کامل سکون اور خوردو نوش کی کمی بہت مفید ہے۔ علی الخصوص دیر ہضم اور تبخیر پیدا کرنے والی غذائیں بہت مضر ہیں غور فکر اور جماع وغیرہ محرکات بے حد نقصان پہنچاتے ہیں۔

2_ البتہ اگر معدہ حار کی شرکت سے درد ہو تو سرد پانی پینا اور ناشتہ کرنا بہت مفید ہے۔

3_ صداع مادی میں مادے کو جانب اسفل جذب کریں اگرچہ اس میں حقنہ قوی کا استعمال بھی کرنا پڑے۔

4_ جب صداع مزمن میں طلاء ضماد کی ضرورت ہو تو پہلے سر کو منڈا لیں۔ اور پھر صوفہ یا عجین سے تکلیل یا فوخ کر کے دوا ڈالیں۔

5_ حتی الامکان مخدرات استعمال نہ کریں اگر مجبوری ہو تو مصلح ادویہ کے استعمال کریں۔

6_ صداع کے ساتھ اگر نزلہ بھی ہو تو منہ اور سر کی تبرید و تدہین نہ کریں۔

7_ اگر درد سر میں ثقل ہوتا ہو اور تبرید سے تسکین ہو تو فصد و حجامت کے سوا چارہ نہیں۔

8- درد سر میں قے نہایت مضر ہے اگر معدہ کی شرکت سے درد ہو تو قے کرانا مفید ہے۔

9_ ترش غذائیں درد سر میں مضر ہیں مگر درد سر معدی میں مفید ہیں۔

10_ اگر بخار میں درد سر گرم عارض ہو تو عاقلہ ابخرہ طلا نہ لگائیں۔

(1) درد سر(سادہ_ دموی یا صفراوی)

لعاب بہدانہ 2 ماشہ شیرہ عناب ولایتی 5 دانے' تخم کاہو مقشر 2 ماشہ عرق گاؤزبان 12 تولے یا پانی میں نکالیں اور شربت بنفشہ 12 تولے ملا کر پئیں۔

نکات مطب : اگر زیادہ حرارت ہو تو شیرہ عناب 5 دانہ کی جگہ شیرہ تخم کدو 3 ماشہ شامل کریں۔

2_ اگر زیادہ تبرید و تسکین کی ضرورت ہو تو شیرہ زرشک 3 ماشہ' اور شیرہ تخم خرفہ سیاہ 3 ماشہ اضافہ کریں۔

3_ اگر صفرا کا غلبہ ہو تو شیرہ آلوئے بخارا 5 دانے بڑھائیں۔

4_ اگر تسکین و تصفیہ خون کی ضرورت ہو تو عرق گاؤزبان 12 تولے کی جگہ عرق مصفی

خون 2 تولے اور شربت بنفشہ 2 تولے کی جگہ شربت عناب 2 تولے استعمال کریں۔
5۔ اگر گلے میں درد ہو تو شربت بنفشہ 2 تولے کی جگہ شربت توت سیاہ 2 تولے ملائیں۔
6۔ اگر تقویت دماغ کی بھی ضرورت ہو تو شیرہ مغز بادام شیریں 5 دانے بڑھائیں۔

(2) **درد سر بارد سادہ** : گاؤزبان 5 ماشے گل گاؤزبان 3 ماشہ' عناب 5 دانہ جوش دے کر چھان لیں اور نبات سفید 2 تولے ملا کر پئیں۔

(3) **درد سر بلغمی** : گل بنفشہ 7 ماشہ' عناب 5 دانے' سپستاں 9 دانے' تخم خطمی 7 ماشہ' گاؤزبان 5 ماشہ رات رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل کر چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں۔

نکات مطب : زکام' نزلہ اور بخار میں یہی یہ نسخہ استعمال کرایا جاتا ہے فی الحقیقت یہ مواد بلغمیہ باردہ کا بہترین منضج ہے۔
2۔ اگر مسہل کی ضرورت ہو تو مادے کے نضج پانے پر اسی نقوع میں سنا کی 7 ماشہ شامل کریں اور صبح خمیرہ بنفشہ 4 تولے کے ساتھ ترنجبین 4 تولے' مغز فلوس 4 تولے' گلقند 4 تولے اور شکر سرخ 4 تولے' ملا لیں اور شیرہ مغز بادام 5 دانے اضافہ کر کے پئیں۔
3۔ اگر مسہل سے بھی آرام نہ ہو تو حب ایارج 5 سے 9 ماشہ حسب حاجت و طاقت روغن گاؤ میں چرب کر کے اس پر ورق نقرہ لپیٹ لیں اور جب چار گھڑی رات باقی رہے تو عرق گاؤزبان نیم گرم کے ساتھ کھائیں۔ صبح مسہل مذکورہ املتاس کے بغیر پئیں۔ دن میں جب پیاس لگے تو عرق گاؤزبان یا عرق بادام نیم گرم پئیں غذا سہ پہر کو یخنی اور شام کو مونگ کی نرم کھچڑی ہونی چاہئے پھر دوسرے روز صبح کو نسخہ ذیل سے تبرید کریں۔

نسخہ تبرید : خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ' ورق نقرہ 1 عدد میں لپیٹ کر لعاب بہیدانہ 3 ماشہ شیرہ عناب 5 دانے' عرق گاؤزبان 12 تولے میں نکال کر شربت بنفشہ 2 تولے ملائیں اور تخم ریحان 7 ماشے چھڑک میں اور خمیرہ کھا کر پئیں۔

(4) **درد سر معدی** (وہ درد جو ہضم کی خرابی اور غذا کے فساد سے عارض ہو)

عرق عنب الثعلب' 6 تولے عرق بادیان 6 تولے' خمیرہ بنفشہ 4 تولے' شربت دینار 4 تولے سکنجبین 4 تولے ملا کر پئیں۔

(5) **ضعف اعصاب اور خلل معدہ سے پیدا ہونے والا درد سر**

جدوار 1 ماشہ' عود صلیب 1 ماشہ کو پیس کر خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ میں ملا کر کھائیں اور شیرہ بادیان شیرہ تخم کشوث پانچ پانچ ماشہ۔ شیرہ مویز منقے 9 دانہ۔ عرق بادیان 13 تولے میں نکال کر اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں۔

(6) صداع گرم دماغ

آب برگ نیم سبز پیس کر ان کا پانی ناک میں ٹپکائیں۔ اور درد سر بلغمی کی طرح منضج و مسہل دیں۔

(7) ضمادات صداع

1۔ پوست الائچی کلاں 6 ماشہ کسی قدر آب کوکنار میں پیس کر ضماد کریں۔
2۔ گل بنفشہ' خاکسی پوست الائچی کلاں' کوکنار ہر ایک 6 ماشہ پانی میں پیس کر ضماد کریں۔
3۔ قرص مثلث 1 عدد۔ آب کشنیز سبز یا آب کوکنار میں پیس کر ضماد کریں۔
4۔ گل مچکن 1 تولہ پیس کر ضماد کریں۔
5۔ صداع بارد میں گل مچکن 1 تولہ فلفل سیاہ 5 دانے کو پیس کر ضماد کریں۔
6۔ صداع حار میں برگ حنا 3 ماشے اور برادہ صندل 3 ماشے گلاب 4 تولے میں پیس کر نیم گرم ضماد کریں۔
7۔ صداع کہنہ میں حسب ضرورت ہالوں کا ضماد کریں۔
8۔ صداع دموی میں صندل سفید 3 ماشہ اور کافور 3 ماشہ کو باریک کر کے روغن گل 2 تولے۔ سرکہ 6 ماشہ اور گلاب 2 تولے میں ملا لیں اور کپڑا تر کر کے عظم یا فوخ پر رکھیں۔

ضماد شقیقہ

مرکی 2 ماشہ کسی قدر سرکہ میں پیس کر ضماد کریں۔

بخور

سیندور کو کاغذ میں لگا کر فتیلہ بنائیں اور درد کی مخالف جانب اس کا دھواں ناک میں پہنچائیں اکثر فوراً" آرام ہو جاتا ہے۔

نسخہ نزلہ بند: جو شقیقہ میں خصوصاً" اور صداع میں عموماً"۔ نیز نزول الماء اور نزلہ میں بہت مفید ہے۔

مرکی۔ اقاقیا۔ دم الاخوین۔ انزروت۔ صبر۔ گل ارمنی۔ برزالنبج۔ صمغ عربی۔ کتھا۔ زعفران۔ اشق ہر ایک ایک ماشہ باریک کر کے سفیدی بیضہ مرغ اور لعاب اسبغول میں ملا لیں اور دو کاغذوں پر جو روپیہ کی طرح گول کٹے ہوئے ہوں اور ان میں سوئی سے چھوٹے چھوٹے سوراخ کئے گئے ہوں سے پھیلا کر دونوں کنپٹیوں پر لگائیں۔

نکتہ: اکثر ان اجزاء میں کمی بیشی بھی ہو جاتی ہے چنانچہ کبھی صرف گوند 1 ماشہ ۔ کتھا 1 ماشہ۔ افیون 1 ماشہ۔ زعفران 4 سرخ پیس کر سفیدی بیضہ مرغ 1 عدد میں ملا لیتے ہیں۔

سعوط صداع

نوشادر ایک ماشہ' آبِ خوردنی 2 ماشے ملالیں اور اس میں سے کسی قدر ناک میں لیں۔

مرکب قرص مثلث

مرکی۔ افیون۔ بزرالبنج کافور۔ زعفران۔ پوست بیخ لفاح ہر ایک ایک تولہ 5 ماشے کندر۔ انزروت۔ آبلہ۔ گل ارمنی ہر ایک 5 ماشے کوٹ چھان کر حسب ضرورت گلاب اور آب کاہو میں تکونی ٹکیاں بنائیں۔

ضعف دماغ

1۔ حریرہ تقویت دماغ: مغز بادام شیریں 5 دانے' مغز تخم کدو شیریں 2 ماشہ' مغز تخم تربوز 3 ماشہ۔ صمغ عربی 3 ماشہ۔ نشاستہ 3 ماشہ نبات سفید 2 تولے سے پانی میں پیس کر دھیمی آنچ پر رکھیں۔ جب غلیظ ہو جائے تو اتار کر کھالیں۔

نکات مطلب: یہ نسخہ یبوست دماغ' نزلہ اور سعال یابس کے لئے بھی از حد مفید ہے۔

2۔ انصباب نزلہ مواد رقیقہ کی صورت میں تخم خشخاش سفید 3 ماشہ اور کوکنار ایک عدد اضافہ کریں۔

3۔ اگر زیادہ ترطیب منظور ہو تو شیر بزیا شیر گاؤ 10 تولے اضافہ کیا جاتا ہے۔

4۔ اگر معدہ کمزور ہو تو نشاستہ اور صمغ کو نکال دیا جاتا ہے۔

5۔ کبھی تخم کاہو۔ مغز فندق۔ کشمش۔ مغز پستہ۔ مغز حبتہ الخضرا۔ مغز چلغوزہ۔ دانہ ہیل کلاں میں سے بھی کچھ اجزاء بڑھا دیتے ہیں۔

(2) ضعف دماغ۔ نزلہ حار۔ درد سر

شیرہ مغز بادام 5 دانے۔ شیرہ مغز تخم کدو شیریں 3 ماشہ۔ شیرہ مغز تخم تربوز 3 ماشہ شیرہ تخم کاہو مقشر 3 ماشہ پانی میں نکالیں اور شربت بنفشہ 2 تولے میں ملا کر پئیں۔

(3) ضعف دماغ و تبخیر معدہ

خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ۔ ورق نقرہ 1 عدد میں ملفوف کر کے کھائیں اور عرق بادیان 12 تولے میں شیرہ بادیان 3 ماشہ۔ شیرہ تخم کشوث 3 ماشہ۔ شیرہ مویز منقی 9 دانے نکال کر اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں۔

سعوط صداع

نوشادر ایک ماشہ' آہک خوردنی 2 ماشے ملا لیں اور اس میں سے کسی قدر ناک میں لیں۔

مرکب قرص مثلث

مرکی۔ افیون۔ بزرالبنج کافور۔ زعفران۔ پوست بیخ لفاح ہر ایک ایک تولہ 5 ماشے کندر۔ انزروت۔ ایلوا۔ گل ارمنی ہر ایک 5 ماشے کوٹ چھان کر حسب ضرورت گلاب اور آب کاہو میں مخروطی ٹکیاں بنائیں۔

ضعف دماغ

1۔ **حریرہ تقویت دماغ**: مغز بادام شیریں 5 دانے' مغز تخم کدو شیریں 2 ماشہ' مغز تخم تربوز 3 ماشہ۔ صمغ عربی 3 ماشہ۔ نشاستہ 3 ماشہ نبات سفید 2 تولے سے پانی میں پیس کر دھیمی آنچ پر رکھیں۔ جب غلیظ ہو جائے تو اتار کر کھالیں۔

نکات مطلب: یہ نسخہ یبوست دماغ' نزلہ اور سعال یابس کے لئے بھی از حد مفید ہے۔

2۔ انصباب نزلہ مواد رقیقہ کی صورت میں تخم خشخاش سفید 3 ماشہ اور کوکنار ایک عدد اضافہ کریں۔

3۔ اگر زیادہ ترطیب منظور ہو تو شیر بزیا شیر گاؤ 10 تولے اضافہ کیا جاتا ہے۔

4۔ اگر معدہ کمزور ہو تو نشاستہ اور صمغ کو نکال دیا جاتا ہے۔

5۔ کبھی تخم کاہو۔ مغز فندق۔ کشمش۔ مغز پستہ۔ مغز حبتہ الخضرا۔ مغز چلغوزہ۔ دانہ ہیل کلاں میں سے بھی کچھ اجزاء بڑھا دیتے ہیں۔

(2) ضعف دماغ۔ نزلہ حار۔ درد سر

شیرہ مغز بادام 5 دانے۔ شیرہ مغز تخم کدو شیریں 3 ماشہ۔ شیرہ مغز تخم تربوز 3 ماشہ شیرہ تخم کاہو مقشر 3 ماشہ پانی میں نکالیں اور شربت بنفشہ 2 تولے میں ملا کر پئیں۔

(3) ضعف دماغ و تبخیر معدہ

خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ۔ ورق نقرہ 1 عدد میں ملفوف کر کے کھائیں اور عرق بادیان 12 تولے میں شیرہ بادیان 3 ماشہ۔ شیرہ تخم کشوث 3 ماشہ۔ شیرہ مویز منقیٰ 9 دانے نکال کر اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں۔

اضافہ: اگر قبض کی شکایت ہو تو شربت دینار 4 تولے یا ترنجبین 4 تولے اضافہ کریں۔

(4) ضعف دماغ

براہمی بوٹی کو کوٹ چھان کر روغن بادام میں چرب کر لیں اور فلفل سیاہ 3 ماشہ اور دانہ ہیل خورد 3 ماشہ کو پیس کر اس میں ملا دیں اور فلفل سیاہ کے برابر گولیاں بنالیں۔ خوراک 2 گولیاں صبح اور دو گولیاں سوتے کے وقت استعمال کریں۔

تشریح: یہ گولیاں بلغمی المزاج کے لئے خصوصیت سے مفید ہیں۔ جب بلغم کی کثرت کی وجہ سے دماغ ضعیف اور ذہن بلید ہو جائے تو ان گولیوں کا استعمال سیم وطلاء کا کام دیتا ہے۔

2۔ یہ بوٹی عام طور پر ملتی ہے۔

(5) ضعف دماغ و نزلہ حار و سرفہ خشک

خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ۔ ورق نقرہ ایک عدد میں ملفوف کر لیں اور شیرہ عناب 5 دانے لعاب گاؤزبان 3 ماشہ ـ عرق گاؤزبان 4 تولے میں نکال کر شربت بنفشہ دو تولے ملائیں اور خمیرہ کے ساتھ استعمال کریں۔

اضافہ و بدل: کبھی ترطیب دماغ کے لئے تخم کدو شیریں 3 ماشہ اضافہ کیا جاتا ہے۔

2۔ تبخیر معدہ کی صورت میں عرق گاؤزبان 12 تولے کی جگہ عرق بادیان 12 تولے اور عناب 5 دانے اور گاؤزبان 5 ماشہ کی جگہ بادیان 5 ماشہ اور مویز منقیٰ 9 دانے استعمال کریں۔

زکام و نزلہ

(1) زکام و نزلہ حار

بہیدانہ 3 ماشہ۔ عناب 5 دانے۔ سپستان 9 دانے کو پانی میں خفیف جوش دے کر چھان لیں اور شربت بنفشہ 2 تولے ملا کر پئیں۔

نکات مطب: سعال نزلاوی حار۔ درد سر نزلاوی حار اور ذات الجنب نزلاوی حار میں بھی یہ نسخہ مستعمل ہیں۔

2۔ اگر دماغ کی ترطیب مقصود ہوتی ہے تو شیرہ تخم کاہو مقشر

3۔ کبھی تقویت دماغ کے لئے خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا 5 ماشے یا خمیرہ گاؤزبان سادہ 15 تولہ ورق نقرہ میں لپیٹا ہوا اضافہ کرتے ہیں۔

1 ماشہ- پیس کر خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ میں ملایا جاتا ہے اور اس پر ورق نقرہ ایک عدد لپیٹ کر جوشاندہ مذکور کے ساتھ کھلایا جاتا ہے خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ کی جگہ بعض اوقات خمیرہ خشخاش 1 تولہ یا لعوق معتدل 7 ماشہ یالعوق نزلی آب تربوز والا 1 تولہ استعمال کیا جاتا ہے۔

7- اگر حلق سے خون آتا ہو تو گیرو 1 ماشہ اور سنگ جراحت 1 ماشہ پیس کر خمیرہ خشخاش 1 تولہ میں ملا کر جوشاندہ مذکور کے ساتھ کھلایا جاتا ہے اور اس حالت میں اکثر شربت بنفشہ دو تولے کی جگہ شربت خشخاش 2 تولے ڈالا جاتا ہے۔

2- نزلہ حارو سرفہ خشک و ضعف دماغ

خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ- ورق نقرہ 1 عدد میں ملفوف کریں اور شیرہ عناب 5 دانے' لعاب گاؤزبان 3 ماشہ- عرق گاؤزبان 12 تولے میں نکال کر شربت بنفشہ 2 تولے ملائیں اور خمیرہ کے ساتھ استعمال کریں۔

(3) نقوع نزلہ و زکام : (جب بلغم غلیظ ہو تو اس وقت دیا جاتا ہے)۔

گل بنفشہ 7 ماشہ- عناب 5 دانے- سپستان 9 دانے- تخم خطمی 7 ماشہ- تخم خبازی 7 ماشہ- گاؤزبان 5 ماشہ- رات کو گرم پانی میں بھگو دیں صبح مل چھان کر خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملائیں۔

نکات : 1_ یہ نسخہ بخار اور کھانسی کی حالت میں بھی مفید ہے اور نزلہ وبائیہ کے لئے تو بہت ہی عجیب و غریب چیز ہے ایام نزلہ وبائیہ (انفلوئنزا) میں جناب مسیح الملک کے مطب میں بھی یہ نسخہ برتاجاتا تھا۔

3_ ذات الجنب کی حالت میں عنب الثعلب خشک 7 ماشہ اضافہ کرتے ہیں۔

4_ سرفہ و نزلہ : (اکثر مزاجوں میں مفید ہوتا ہے)

گاؤزبان 5 ماشہ- اصل السوس 5 ماشہ- نبات سفید 2 تولے پانی میں جوش دے کر اور چھان کر پئیں۔

5_ ترقیق بلغم و تصفیہ دماغ : کے لئے کبھی ذیل کا نسخہ دیا جاتا ہے گل بنفشہ 7 ماشہ- اسطو خودوس 5 ماشہ- اصل السوس 5 ماشہ نبات سفید 2 تولے- پانی میں جوش دیں اور چھان کر پئیں۔

6_ **زکام و نزلہ بارد غلیظ** : گاؤزبان 5 ماشہ- گل گاؤزبان 3 ماشہ- عناب 5 دانے پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور نبات سفید 2 تولے ملا کر پئیں-

اضافات : اگر تسلیخ کی زیادہ ضرورت ہو تو نبات کی جگہ شہد 2 تولے استعمال کریں-

2_ زیادہ تسلیخ کے لئے کو یہ ابریشم 3 ماشہ- زوفائے خشک 3 ماشہ اور سبوس گندم 3 ماشہ کا بھی اضافہ کرتے ہیں-

3_ کھانسی کی حالت میں اصل السوس مقشر 2 ماشہ بھی بڑھا دیتے ہیں-

4_ اگر بلغم کے چھٹنے کی وجہ سے ہچکی لاحق ہو تو جدوار 1 ماشہ پیس کر خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ میں ملاتے ہیں- اور اس پر ورق نقرہ 1 عدد لگا کر جوشاندہ مذکور کے ساتھ پلاتے ہیں-

(7) **زکام منجمد** : برگ شبت 2 ماشہ- تمباکو 2 ماشہ- نکچھکنی 2 ماشہ کوٹ پیس کر سنوف بنائیں اور ایک چٹکی بھر ناک میں چڑھائیں-

(8) نزلہ و زکام دائمی

1_ حب جدوار 2 عدد صبح اور برشعشاء 4 سرخ- خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ میں ملا کر رات کو کھائیں خمیرہ پر ورق نقرہ لگالیں-

2_ کبھی کشتہ مرجان 2 چاول یا مرجان جواہر والا 2 چاول خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ میں ملا کر کھلاتے ہیں-

3- اگر معدہ اور آنتیں بھی ضعیف ہوں تو کشتہ فولاد ایک چاول اور کشتہ خبث الحدید 2 چاول استعمال کراتے ہیں-

(9) زکام مزمن

جوہر سم الفار 1 ماشہ- سلاجیت 6 ماشہ- کشتہ فولاد 6 ماشہ- عنبر 2 ماشہ- کسی قدر عرق گاؤزبان میں حل کر کے حبوب بقدر فلفل سیاہ بنائیں اور ایک گولی صبح اور ایک شام کھلائیں-

(10) تسکین نزلہ حار اور دفع حدت کے لئے

لعاب بہیدانہ 3 ماشہ شیرہ عناب 5 دانے' شیرہ تخم کدو 3 ماشہ پانی میں نکال کر شربت بنفشہ دو تولے ملالیں-

(1) اسہال نزلاوی

1- عناب 5 دانہ- سپستان 9 دانے- تخم خطمی 7 ماشہ- پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور شربت بنفشہ دو تولہ ملا کر پئیں-

2- غرغرہ گلنار کوکنار استعمال کریں (اس کا نسخہ فلاح فم میں درج ہے)
3- غذا میں آش جو استعمال کریں۔

(12) زکام بارد

اصل السوس 5 ماشہ۔ پر سیاؤ شان 5 ماشہ۔ انجیر زرد 5 دانے' شہد خالص دو تولے پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور پئیں۔

اضافہ: بخار کی صورت میں خاکسی 5 ماشہ بھی اضافہ کریں۔

(13) عطوس نزلہ و زکام

1- گل اسطوخودوس۔ الائچی سفید۔ برگ نیب۔ برگ تمباکو۔ برگ کشنیز خشک۔ تخم سرس۔ ہر ایک 2 ماشہ کوٹ پیس کر کسی قدر ناک میں لیں۔

(14) مضمضہ نزلہ و زکام

پودینہ خشک 1 تولہ' بزرالبنج 6 تولہ۔ زیرہ سفید 6 تولہ تین پاؤ پانی میں جوش دیں اور چھان کر مضمضہ کریں۔

(15) نطول نزلہ و زکام

گل بنفشہ' سبوس گندم' اکلیل الملک' گل بابونہ پانی میں جوش دے کر نطول کریں۔

اضافہ: کبھی اس میں کوکنار اور گلنار بھی اضافہ کر دیتے ہیں۔

(16) تکمید نزلہ و زکام

جاورس۔ سبوس۔ گندم ۔ نمک طعام ہر ایک 2 تولے کوٹ چھان لیں اور پوٹلی باندھ کر تکمید کریں۔

اضافہ: کبھی بادیان۔ تخم شبت اور اسطوخودوس ہر ایک 2 تولے بھی اضافہ کرتے ہیں۔

مرکبات

معجون نزلہ و زکام: (جن کو بار بار زکام ہوتا ہے ان کے لئے بہت مفید ہے۔)
اصل السوس مقشر 14 ماشے۔ اسطوخودوس 14 ماشے۔ گاؤزبان 7 ماشے۔ گل گاؤزبان 7 ماشے۔ زوفائے خشک۔ حلبہ' باقلا ہر ایک 14 ماشہ۔ بادیان۔ تخم خیارین۔ پودینہ خشک ہر ایک 7 ماشہ۔ گل بنفشہ 9 ماشے۔ پرسیاؤشاں 9 ماشے۔ انجیر زرد ساڑھے بائیس ماشہ۔ تخم خطمی ساڑھے بائیس ماشے۔ تخم کتان 4 ماشہ۔ عناب 48 دانے۔ سپستان 70 دانے۔ پوست خشخاش 1 تولہ نصف سیر پانی میں جوش دیں۔ جب نصف پانی رہ جائے تو نبات سفید

سے قوام کر لیں۔ اور آخر قوام میں شیرہ مغز بادام 6 ماشے اور شیرہ تخم خشخاش 6 ماشہ اضافہ کریں نیز رب السوس 2 ماشہ۔ شکر تیغال 2 ماشہ صمغ عربی کندر مغز بہدانہ ہر ایک 2 ماشہ مرکی 1 ماشہ کو پیس کر ملائیں۔ خوراک 3 سے 6 ماشے تک۔

خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا

گاؤزبان 3 تولے۔ گل گاؤزبان۔ ابریشم مقرض۔ کشنیز خشک۔ صندل سفید۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ بادر نجبویہ۔ اسطوخودوس۔ تخم بالنگو۔ تخم فرنجمشک۔ تودری سرخ۔ تودری سفید۔ ایک ایک تولہ عنبر پونے دو ماشے۔ ورق نقرہ 6 ماشے۔ ورق طلاء 6 ماشہ۔ مروارید۔ یاقوت زمرد۔ یشب۔ کہربا۔ ہر ایک سوا تین ماشے۔ قند سفید ایک سیر۔ شہد پاؤ سیر۔ بطریق معروف خمیرہ تیار کریں۔ خوراک 5 ماشے۔

لعوق معتدل

مویز منقی۔ انجیر زرد۔ باقلا۔ تخم خشخاش۔ اصل السوس۔ مغز تخم کدو شیریں۔ پرسیاوشاں۔ بادیان۔ زوفا خشک۔ مغز بادام مقشر۔ حلبہ۔ پودینہ ولایتی۔ صمغ عربی۔ کتیرا تخم خطمی۔ تخم کتان۔ بہدانہ۔ کوکنار ہر ایک 6 ماشے جوکوب کر کے دو سیر پانی میں جوش دیں جب نصف رہ جائے تو صاف کر کے 10 تولے شہد ملا کر قوام کریں خوراک 7 ماشے۔

لعوق نزلی آب تربوز والا

مغز بادام شیریں 5 تولے۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم کدوئے شیریں۔ تخم خرفہ سیاہ۔ تخم کاہو۔ مقشر ہر ایک اڑھائی تولہ۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ نشاستہ ہر ایک 2 تولے۔ تخم خشخاش 2 تولے سب کو پیس لیں اور اجوائن خراسانی 20 تولے۔ آب تربوز 15 تولے کا قوام کر کے اس میں ملا لیں اور روغن بادام 5 تولے اضافہ کر کے محفوظ کر لیں۔ خوراک 1 تولہ۔

کشتہ مرجان

ایک چھٹانک مرجان لے کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر لیں اور 10 تولے پاریک مصری اس کے اوپر نیچے رکھ کر مٹی کے کوزے میں رکھیں۔ پھر اس کا منہ بند کر کے گل حکمت کریں اور خشک ہونے پر دس سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ خوراک 2 چاول۔

مرجان جواہر والا : مرجان ایک تولہ۔ یاقوت 3 ماشے۔ عنبر ایک ماشہ۔ ورق نقرہ تین ماشے۔ ورق طلاء ایک ماشہ۔ زمرد 5 ماشے۔ عرق کیوڑہ میں خوب کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر گل حکمت کریں۔ پھر دس سیر اپلوں کی آنچ دیں خوراک 2 چاول۔

کشتہ فولاد: برادہ فولاد اصلی ایک چھٹانک لے کر کاغذی لیموں کے عرق سے خوب اچھی طرح دھوئیں پھر جامن کا سرکہ اس قدر ڈالیں کہ وہ برادے سے دو تین انگل اوپر رہے جب سرکہ خشک ہو جائے تو کھرل کریں۔ پھر گھیکوار کے لعاب میں کھرل کر کے کوزے میں گل حکمت کر کے 15 سیر اپلوں کی آنچ دیں جب آگ سرد ہو جائے تو فولاد کا برادہ نکال کر 5 ماشے گندھک ملا لیں اور پھر گھیکوار کے لعاب میں کھرل کر کے پندرہ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ خوراک 2 چاول سے ایک سرخ۔

کشتہ خبث الحدید: بہت پرانا خبث الحدید بہم پہنچائیں اور تیز آگ میں سرخ کر کے اکیس اکیس مرتبہ گائے کی چھاچھ اور سرکہ میں بجھاؤ دیں۔ پھر گھیکوار کے لعاب میں کھرل کر کے قرص بنائیں اور مٹی کے برتن میں نیچے اوپر گھیکوار کا گودہ رکھ کر گل حکمت کر لیں۔ پھر گجپٹ کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر کھرل کر کے نکال لیں۔ خوراک ایک سے دو سرخ تک۔

انتباہ: ان کشتوں کی بعض دوسری ترکیبیں حصہ اول میں تحریر کی جا چکی ہیں۔

جوہر سم الفار: سم الفار 1 تولہ کو برانڈی تین تولے قسم اول میں کھرل کریں اور دو پیالوں میں بند کر کے آٹے سے جوڑ دیں۔ پھر دھیمی آنچ پر رکھ کر بالائی پیالے کو کپڑے سے تر کرتے رہیں اور احتیاط رکھیں کہ اس کا دھواں آنکھوں میں نہ لگنے پائے۔ دو تین ساعت میں جوہر اڑ کر اوپر کے پیالے میں لگ جائے گا۔ سرد ہونے پر آہستگی سے اتار لیں۔

سرسام

دستور العلاج

1- اختلاط عقل میں پہلے اور تیسرے دن قیفال کی فصد لینا بہت مفید ہے۔

2- اگر سر کی طرف مادہ زیادہ متوجہ ہو تو اکحل بلکہ باسلیق کی فصد اولیٰ ہے۔

3- فصد میں مبالغہ نہیں کرنا چاہئے اور اس کے بعد نرم حقنہ کا استعمال اولیٰ ہے۔

4- مریض کو سلانے کی کوشش کرنی چاہئے اور شربت خشخاش۔ شیرہ تخم کاہو وغیرہ دوائیں استعمال کرنی چاہئیں۔ افیون کا شدید ضرورت کے سوا استعمال ناجائز ہے۔

5- پاشویہ تحجمہ اور ٹانگوں کی مالش بہت مفید ہے۔

6- جب حجاب حاجز یا احشاء میں ورم ہو تو تازہ سرد پانی کا استعمال صحیح نہیں ہے۔

7- مرض کے شروع میں غذا کم کر دیں اور انتہا میں زیادہ کریں۔
8- اگر پیشاب نہ آتا ہو تو مقام مثانہ پر روغن زیت نیم مالش کریں۔
9- سرسام صفراوی میں تبرید اور دموی میں تحلیل کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔
10- تذکرہ و تحفہ میں تحریر ہے کہ مریض سرسام کے سر پر مرغ کا پیٹ پھاڑ کر تا
گرانا اور سرد ہونے تک باندھ دینا ازبس مفید ہے۔

(1) **تلیین:** گل بنفشہ 7 ماشہ۔ عناب 5 دانہ۔ تخم خطمی 7 ماشہ۔ تخم خبازی 7 ماشہ۔ بخارا 5 دانے۔ سناکی 7 ماشہ۔ گاؤزبان 5 ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح کل لیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے _ **گلقند** 4 تولے اور ترنجبین 4 تولے اس میں حل کر پئیں۔

(2) **حقنہ:** اگر **تلیین** سے فائدہ نہ ہو تو روغن بید انجیر 4 تولے گلاب میں ملا کر کریں۔

(3) **خلخلہ:** آب کاسنی سبز 3 تولے۔ آب کدوئے سبز 3 تولے۔ آب خیار سبز 3 تو۔ آب کشنیز سبز 3 تولے۔ روغن گل دو تولے۔ سرکہ خالص 6 ماشہ۔ فراغ دہن شیشی ڈال کر سونگھا کریں۔

اضافہ: کبھی اس میں کافور 2 ماشہ اور صندل سرخ 6 ماشہ بھی اضافہ کرتے ہیں۔

(4) **پٹی:** روغن گل بقدر حاجت اور سرکہ بقدر حاجت میں کپڑا تر کر کے سر کے درمیان رکھیں اور جب وہ خشک ہو جائے تو پھر تر کریں۔

اضافہ: کبھی لعاب **بہیدانہ** بقدر ضرورت کا اضافہ کرتے ہیں۔

(5) **تدبیر:** مرغ زندہ کا شکم چاک کر کے سر پر رکھیں۔
2- مونگ کے آٹے (بقدر حاجت) کو شیر مادہ گاؤ (بقدر ضرورت) میں گوندھ کر اس کی ایک طرف سے روٹی پکائیں اور کچی طرف پر روغن گل بقدر حاجت لگا کر سر پر رکھیں۔

بدل: کبھی روغن گل کی جگہ روغن بادام 1 تولہ یا روغن کاہو 1 تولہ استعمال کیا جاتا ہے۔

نکتہ: اس قسم کی دو روز تک پلائی جائیں۔ تاکہ جب ایک سرد ہو جائے تو دوسری کام دے۔

ضماد: برگ عنب **الثعلب** سبز۔ برگ خیار سبز۔ برگ بکائن سبز خیار۔ بادرنگ۔ برگ کشنیز سبز۔ برگ خرفہ سبز۔ برگ پالک سبز۔ ہر ایک ایک تولہ نیم کوب کر کے سر پر باندھیں۔

نکتہ: کبھی ان میں سے صرف دو تین اجزاء ہی کام میں لائے جاتے ہیں۔

6۔ پاشویہ : بنفشہ 1 تولہ۔ گل نیلو فر 1 تولہ، گل خطمی 1 تولہ۔ سبوس گندم 1 تولہ۔ نمک طعام 6 ماشہ۔ برگ سناکی 6 ماشہ۔ تین سیر پانی میں جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ باقی رہ جائے۔ صاف کر کے پاشویہ کریں۔

تنبیہہ : شدت حرارت میں پاشویہ ممنوع ہے۔

عطاش

اسہال آنے اور آنکھ پھرنے کی صورت میں مفید ہے

1- بلیلہ مسلم 1 تولہ کو پانی میں جوش دے کر اچھی طرح پیس کر اور تارک سر پر ضماد کر کے کپڑا باندھیں اسی طرح کئی مرتبہ کریں۔

2- پوست بلیلہ 1 تولہ۔ پوست آملہ 1 تولہ گلاب میں پیس کر تارک سر پر رکھیں۔

3- آملہ 1 تولہ کو آب کدو میں پیس لیں اور یا فوخ پر رکھیں۔

4- روغن گل اور زردی بیضہ مرغ تارک پر لگانا بھی مفید ہے۔

5- تالو پر مسکہ اور لعاب اسپغول لگانا بہت فائدہ بخش ہے۔

(2) ان میں سے کوئی سا نسخہ پلائیں

1- مروارید۔ طباشیر۔ زہر مہرہ۔ زر ورد ہر ایک دو سرخ پیس کر کھلائیں اور شیرہ تخم خرفہ سیاہ 1 ماشہ۔ شیرہ تخم کاہو 2 ماشہ۔ عرق بارتنگ 3 تولے میں نکال کر رب بہی 3 ماشہ اور شربت انار شیریں 1 تولہ ملائیں اور بارتنگ 1 ماشہ اس پر چھڑک کر پلائیں۔

2- لعاب برگ گاؤزبان 1 ماشہ شیرہ عناب 2 دانے۔ عرق گاؤزبان 3 تولے میں نکال لیں اور شربت نیلوفر تولہ ملا کر پلائیں۔

صرع وام الصبیان

(1) دوائے صرع : عود صلیب 1 ماشہ۔ جدوار 1 ماشہ پیس کر خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والے 5 ماشہ میں ملائیں اور گاؤزبان 3 ماشہ۔ گل گاؤزبان 3 ماشہ۔ عناب 5 دانے۔ شہد خالص 2 تولے جوش دے کر صاف کریں اور خمیرہ کے ساتھ استعمال کریں۔

اضافہ : کبھی خمیرے میں جدبید ستر 1 ماشہ بھی ڈالا جاتا ہے۔

(2) منضج : گل بنفشہ 7 ماشہ۔ مویز منقی 9 دانہ۔ بیخ کاسنی 7 ماشہ۔ بادیان 7 ماشہ۔

گاؤزبان 5 ماشہ۔ عود صلیب 5 ماشہ پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں۔

اضافہ : کبھی اس میں پرسیاؤشاں 7 ماشہ۔ اصل السوس مقشر 7 ماشہ۔ تخم خطمی 7 ماشہ اور تخم خبازی 7 ماشہ بھی اضافہ کرتے ہیں۔

نضج کے بعد منضج ملین والا مسہل دینا چاہئے اور تیسرے مسہل میں حب ایارج کا بھی استعمال کرنا چاہئے نسخہ مسہل اور ترکیب استعمال حب ایارج درد سر میں مسطور ہے۔

(3) اگر مسہل کے بعد مریض اختلاج اور تبخیر میں مبتلا ہو جائے تو نسخہ ذیل پلائیں۔

مفرح شیخ الرئیس 5 ماشہ ہمراہ شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ لعاب گاؤزبان 3 ماشہ۔ عرق عنبر 6 تولے۔ عرق گاؤزبان 6 تولے میں نکالیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں۔

4- ام الصبیان : 1- جدوار خطائی 2 سرخ۔ عود صلیب 2 سرخ۔ کسی قدر عرق بادیان میں پیس کر حلق میں ٹپکائیں۔

2- تھوڑا سا حلتیت۔ جند بید ستر اور عاقر قرحا سونگھیں۔

3- استخوان انسان جلا کر سعوط کریں۔

(5) حب ام الصبیان : ٹٹیری کے انڈے کی زردی کورے برتن میں بریاں کر کے مونگ کے برابر گولیاں بنائیں ۔ دو سالہ بچے کو نصف گولی اور اس سے بڑے کو پوری گولی ماں کے دودھ میں حل کر کے دیں۔

اطلاع : یہ انڈے تالاب کے کنارے اکثر ملتے ہیں۔

(6) کبھی صرع میں یہ بھی پلایا جاتا ہے

عود صلیب 1 ماشہ پیس کر خمیرہ گاؤزبان جواہر والے 5 ماشے میں ملا لیں اور شیرہ بادیان 5 ماشہ شیرہ مویز منقی 9 دانہ شیرہ تخم کشوث 5 ماشے۔ عرق بادیان 12 تولے میں ملا کر خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملائیں۔ اور خمیرہ کھا کر پی لیں۔

(7) نضج کے لئے کبھی یہ نسخے بھی لکھتے ہیں

1- گل بنفشہ 7 ماشے۔ بیخ کاسنی 7 ماشہ۔ گلسرخ 7 ماشے۔ عنب الثعلب خشک 5 ماشے۔ بادیان 7 ماشے۔ بیخ بادیان 7 ماشے۔ گاؤزبان 5 ماشے۔ گل گاؤزبان 5 ماشے۔ پرسیاؤ شاں 7 ماشے رات کو پانی میں بھگو کر صبح مل چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پی لیں۔

2- گل بنفشہ 7 ماشے۔ مویز منقے 9 دانے۔ اصل السوس 5 ماشے۔ تخم خطمی 7 ماشے۔ تخم خبازی 7 ماشے۔ بادیان 5 ماشہ۔ پرسیاؤ شاں 7 ماشے۔ گل گاؤزبان 5 ماشے۔ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پی لیں۔

3- گل بنفشہ- گل سرخ- عنب الثعلب ہر ایک سات ماشے- عود صلیب 5 ماشے- بادیان بیخ بادیان- بیخ کرفس- بیخ اذخر ہر ایک 7 ماشہ- مویز منقے 9 دانے- اسطخودوس- پوست ہلیلہ کابلی ہر ایک 7 ماشہ- رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ ملا کر پی لیں-

4- گل بنفشہ 7 ماشے- اصل السوس مقشر 5 ماشے- بیخ بادیان 7 ماشے- بیخ کاسنی 7 ماشے- شاہترہ 7 ماشے- پرسیاؤ شاں 5 ماشے- تخم کاسنی 5 ماشے- گل سرخ 7 ماشے- عنب الثعلب خشک 7 ماشے- مویز منقے 9 دانے- اسطخودوس- بادرنجبویہ - سورنجاں شیریں- پوست ہلیلہ زرد- پوست ہلیلہ کابلی- بسفائج فستقی- افتیمون صرو بستہ- ہر ایک 5 ماشے- رات کو گرم پانی میں تر کر کے مل چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں-

(8) صرع جو حب القرع اور حدت خون سے عارض ہو

عود صلیب 5 ماشے- گل سرخ 7 ماشے- گل بنفشہ 7 ماشے- شاہترہ 7 ماشے- چرائتہ 7 ماشے- کمیلہ 1 ماشہ- بادرنجبویہ 7 ماشے- تخم فرنجمشک 7 ماشے- بادیان 5 ماشے- تخم کشوث بصرو بستہ 5 ماشے رات کو گرم پانی میں تر کر کے صبح مل چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں-

مرکبات

حب ام الصبیان

صبر زرد- جندبید ستر- کندر ہر ایک ایک ماشہ پیس کر بقدر سرشف گولیاں باندھیں دو ماہ کے بچے کو ایک گولی اور چھ ماہ کے بچے کو تین گولیاں دیں- نوبت کے دن دو تین مرتبہ گولیاں کھلائیں-

مفرح شیخ الرئیس

گل سرخ ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ گاؤزبان تخم کاہو مقشر- مغز تخم خرپزہ- مغز تخم کدو- مغز تخم خیار- مغز تخم خرفہ ہر ایک ایک تولہ ڈیڑھ ماشہ صندل سفید بہل بواء' طباشیر ہر ایک 9 ماشے- عود ہندی- درونج- زرنباد بہمن سفید ہر ایک 2 تولہ 6. ماشہ- مروارید- بسد سوختہ- کہربا- سرطان نہری- سوختہ- ابریشم مقرض- صندل سرخ- کافور ہر ایک ساڑھے 4 ماشہ- زعفران 2 ماشہ عنبر 2 ماشہ مشک 7 سرخ- آب سیب- آب انار- آب بہی- ہر ایک ہموزن ادویہ بطریق معروف مفرح تیار کریں- خوراک 4 ماشے-

فالج لقوہ

ترتیب علاج

(1) تین روز تک ماء العسل اور شوربائے کبوتر کے سوا کوئی دوا اور غذا نہ دیں۔ نسخہ ماء العسل' شہد خالص 2 تولے۔ پانی 12 تولے یا عرق گاؤزبان 12 تولے میں جوش دیں۔

(2) چوتھے روز سے استعمال کریں۔ اسطخودوس 3 ماشے۔ بادرنجبویہ 3 ماشہ۔ عسل خالص دو تولے پانی میں جوش دے کر صاف کر کے پئیں۔

(3) آٹھویں روز سے نسخہ بالا بوقت شام اور نسخہ منضج بوقت صبح پلائیں۔ نسخہ منضج گل بنفشہ 7 ماشہ۔ مویز منقی 9 دانے۔ بادیان 7 ماشہ۔ بیخ بادیان 7 ماشہ۔ بیخ کاسنی 7 ماشہ۔ تخم خطمی 7 ماشہ۔ تخم خبازی 7 ماشہ بیخ اذخر 8 ماشہ۔ اسطوخودوس 5 ماشہ۔ پرسیاؤشاں 5 ماشہ۔ بیخ کبر 5 ماشہ۔ بیخ کرفس 5 ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو دیں۔ صبح مل چھان کر خیرہ بنفشہ 4 تولے ملائیں۔

بدل : کبھی شام کو خیرہ گاؤزبان 1 تولہ ورق نقرہ 1 عدد میں ملفوف کر کے کھلاتے ہیں اور گاؤزبان 5 ماشہ گل گاؤزبان 3 ماشہ۔ عناب 5 دانے جوش دے کر 2 تولے یا نبات سفید 2 تولے ملاتے اور کھلاتے ہیں۔

اضافہ : اکثر اس کے ساتھ رات کو معجون فلاسفہ 7 ماشہ بھی کھلاتے ہیں۔

(4) سولھویں روز اسی نسخے میں تخم کاسنی۔ تخم کشوث مسروبستہ۔ تخم قرطم۔ افتیمون ولایتی۔ بیخ کرفس۔ عنب الثعلب ہر ایک 5 ماشہ۔ گل سرخ 7 ماشہ۔ سناء مکی 7 ماشہ بڑھا دیں اور خیرہ بنفشہ 2 تولے کے ساتھ مغز فلوس 2 تولہ گلقند 2 تولہ ' ترنجبین 2 تولہ۔ شکر سرخ 2 تولہ اور شیرہ مغز بادام 7 دانے بھی ڈالیں۔

(5) اس کے بعد حب ایارج سے تنقیہ کریں۔ اس کی ترکیب استعمال درد سر میں مذکور ہے۔

(6) پھر خیرہ ابریشم حکیم ارشد والا 5 ماشہ۔ خیرہ ابریشم عود مصطگی والا 5 ماشہ۔ خیرہ گاؤزبان جواہر والا 5 ماشہ۔ معجون سیر 5 ماشہ۔ معجون فولاد 5 ماشہ۔ معجوج ازاراقی 3 ماشہ۔ اور معجون فلاسفہ 7 ماشہ میں سے کوئی سی ایک دوا استعمال کریں۔ تنقیہ کے بعد نسخہ نمبر(2) بھی استعمال کرایا جاتا ہے۔

(7) **مالش** : روغن قسط۔ روغن خشت۔ روغن سرخ یا دستورے کے تیل کی مالش

کریں۔

(8) عود صلیب 1 ماشہ پیس کر تریاق فاروق 1 ماشہ میں ملائیں اور تھوڑا تھوڑا کر کے چٹائیں۔

اضافہ: کبھی عود صلیب 1 ماشہ کے ساتھ جدوار 1 ماشہ اور جندبید ستر ایک ماشہ بھی پیس کر تریاق فاروق میں ملا لیتے ہیں۔

فائدہ: نسخہ لقوہ میں خصوصاً" مفید ہے۔

(9) لقوہ میں جوزبوا منہ میں رکھیں۔

(10) **روغن فالج:** قسط دو درم۔ قلفل۔ فرفیون ہر ایک تین درم۔ عاقر قرحا۔ جند بید ستر ہر ایک دو درم۔ شراب کہنہ سو درم۔ روغن زیت پچاس درم۔ قسط اور قلفل کو شراب میں رات بھر بھگو کر اور صبح جوش دیں جب نصف رہ جائے تو روغن زیت ملا کر اس قدر جوش دیں کہ شراب خشک ہو جائے اور صرف روغن رہ جائے۔ پھر افیون اور جندبید ستر کو کوٹ چھان کر ملا دیں اور آگ پر سے روغن کے برتن کو کو اتار لیں عندالضرورت نیم گرم کر کے مالش کریں۔

(11) **روغن لقوہ**

موم سفید 1 تولہ کو روغن بید انجیر 3 تولہ میں پگھلائیں اور فرفیون۔ جندبید ستر۔ مصطگی سورنجاں تلخ ہر ایک 3 ماشے کو باریک کر کے ملا دیں۔

(12) **تدابیر:** صاحب لقوہ کو آئینہ دکھلانا' اکثر مفید نتیجہ پیدا ہوتا ہے۔

مرکبات

خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا

ابریشم مقرض 2 تولے۔ عود غرقی 4 ماشہ۔ سنبل الطیب' پوست بیرون پستہ پوست ترنج۔ مصطگی۔ قرنفل۔ دانہ ہیل' سازج ھندی ہر ایک 5 ماشہ صندل سفید چھ ماشہ ابریشم کے سوا سب دواؤں کو پوٹلی میں باندھ لیں اور اس پوٹلی اور ابریشم کو عرق گاؤزبان' عرق بید مشک۔ گلاب۔ آب بہی شیریں۔ آب انار شیریں۔ آب بہی شیریں۔ ہر ایک 4 تولے آب باراں دو سیر میں جوش دیں اور شہد خالص پاؤ سیر اور قند سفید تین پاؤ کے ساتھ قوام کر لیں آخر قوام میں عنبر اشہب 6 ماشے حل کر کے شامل کریں اور خمیرے کے کسی قدر سرد ہونے پر ورق طلاء 6 ماشہ ورق نقرہ 6 ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ایک تولہ یاقوت 9 ماشہ۔ یشب

سفید 9 ماشہ کہربائے شمعی 6 ماشہ مرجان 6 ماشہ- مشک خالص 4 ماشہ- زعفران 5 ماشہ حل کر کے اچھی طرح ملالیں خوراک 3 یا 5 ماشے-

خمرہ ابریشم عود مصطگی والا

عود- مصطگی- مشک ہر ایک سوا دو ماشہ- یاقوت کہربا- مرجان یشب ہر ایک ساڑھے چار ماشہ- مروارید- عنبر اشہب ہر ایک 9 ماشے- برگ بادرنجبویہ برگ فرنجمشک ہر ایک 7 تولے- ابریشم خام 34 تولے _ نبات سفید ایک سیر ابریشم کو آب آہن تاب میں تر کر کے اس قدر جوش دیں کہ چوتھائی حصہ باقی رہ جائے اسے مل کر صاف کر لیں اسی طرح گل بادرنجبویہ اور برگ فرنجمشک کو جدا جدا پانی میں اس قدر جوش دیں کہ نصف رہ جائے اور پھر صاف کر کے ان سب جوشاندوں کو ملالیں اور نبات سفید کے ساتھ قوام کر کے باقی دوائیں حسب معمول ملالیں خوراک 5 ماشے-

معجون سیر

گاؤزبان- برگ بادرنجبویہ ہر ایک 9 تولہ 4. ماشہ- بسفائج فستقی ہلیلہ سیاہ- پوست ہلیلہ کابلی عنب الثعلب ہر ایک 4 تولہ سوا 8 ماشہ تمام دواؤں کو 6 سیر پانی میں جوش دیں جب دو سیر پانی رہ جائے صاف کریں لہسن آدھ سیر کو پاک و صاف کر کے جوشاندہ میں ملا کر نرم آنچ پر پکائیں جب وہ پک جائے تو ایک سیر گائے کا دودھ تازہ اس میں ڈال کر یہاں تک پکائیں کہ دودھ کا وزن جل جائے پھر آدھ سیر روغن گاؤ ڈال کر جوش دیں- جب وہ جذب ہو جائے تو ایک سیر شہد ملا کر نرم آنچ پر قوام کریں- بعد ازاں زنجبیل- فلفل سیاہ- فلفل سفید- دار فلفل- قرنفل سلیخہ- کباب چینی- خولنجان- بہمن سرخ- بہمن سفید- شقاقل- گل بابونہ- مرزنجوش ہر ایک ایک تولہ 2 ماشہ- عنبر اشہب- زعفران ہر ایک 4 ماشہ کوٹ چھان کر حسب معمول قوام میں شامل کریں خوراک 5 ماشہ-

معجون اذاراقی

کچلہ مدبر 2 تولہ 3 ماشہ- گاؤزبان 10. تولہ- اسطخودوس- کشمرا- نارجیل- مغز چلغوزہ- ہر ایک ایک تولہ 6 ماشہ بہل بواء زرنباد- شقاقل- صندل سفید- آملہ مقشر- ہلیلہ سیاہ ہر ایک 9 ماشہ عود ہندی قرنفل ہر ایک 4 ماشہ کوٹ پیس کر سہ چند شہد خالص میں ملائیں خوراک 3 ماشہ-

معجون فلاسفہ

تخم بابونہ 10 تولہ 5. ماشہ- زنجبیل- فلفل- دار فلفل- آملہ مقشر- ہلیلہ- شیطرج ہندی- زراوند مدحرج- خصیتہ الثعلب بیخ بابونہ- مغز چلغوزہ تازہ ہر ایک 2 تولہ 11

ماشہ- مویز منقی 8 تولہ 9 ماشہ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر چند شہد خالص میں ملائیں خوراک 7 ماشہ-

مالیخولیا

(1) ابتدائے مالیخولیا

آملہ مربہ 1 عدد دھو کر ورق نقرہ ایک عدد میں ملفوف کریں اور شیرہ کشنیز خشک 3 ماشہ شیرہ صندل سفید 3 ماشہ- عرق گاؤزبان 6 تولے- عرق کیوڑہ 3 تولے- عرق بید مشک 3 تولہ میں نکال کر شربت سیب 3 تولے ملائیں اور اس کے ساتھ آملہ مربی کھلائیں- بدل کبھی آملہ مربی کی جگہ مفرح بارد 5 ماشہ استعمال کرتے ہیں۔

2- اگر قبض و تبخیر ہو تو آملہ مربی کی جگہ ہلیلہ مربی ایک عدد کھلاتے ہیں-

2- مالیخولیا: دواء المسک معتدل 5 ماشہ ہمراہ شیرہ بادیان 3 ماشہ شیرہ انیسوں 3 ماشہ عرق عنبر 4 تولے عرق گذر 4 تولے ماء اللحم کاسنی کو والے 4 تولے میں نکال کر گلقند 4 تولے- خمیرہ 4 تولے اس میں حل کریں اور چھان کر شربت گوحل 2 تولے ملائیں-

3- وقتاً" فوقتاً" سر پر نیم گرم پانی ڈالنا بہت مفید ہے (2) استفراغ مادہ ترطیب اور تقویت قلب کو ملحوظ رکھیں- (3) فصد لینی بہت مفید ہے- (4) جب غذا ہضم نہ ہو اور منہ میں ترشی ہو تو فوراً" قے کرا دیں-

3- مالیخولیا تبخیر: آملہ خشک- کشمنر خشک- برادہ صندل ہر ایک 3 ماشے رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح اس کا زلال لیں اور نبات سفید 2 تولے ملا کر اور تخم ریحاں 7 ماشے چھڑک کر پئیں-

(4) مالیخولیائے مراقی و ریاح غلیظہ: بادیان- افتیموں- مغز مصطگی- دانہ الائچی خورد- ہر ایک 3 ماشہ- کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور ایک ماشہ گلقند 4 تولے میں ملا کر کھائیں-

خدر

1- فالج و لقوہ کا منضج پلائیں اور مسہل دیں-

2- درونج عقربی- زرنباد- مصطگی- برگ فرنجمشک- ابریشم- خام تخم بادرنجبویہ-

گاؤزبان۔ قاقلہ صغار۔ عود غرقی۔ عود صلیب ہر ایک 3 ماشہ۔ دار چینی سلیخہ سنبل الطیب۔ سورنجاں شیریں ہر ایک 2 ماشہ بہمن سرخ۔ بہمن سفید ہر ایک 6 ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ عندالضرورت ساڑھے چار ماشہ تکند باری 1 تولہ فلفل سیاہ 5 دانے کے خیسانڈے کے ساتھ کھائیں۔

4- ضماد: فلفل سیاہ۔ عاقر قرحا۔ ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ قرنفل 4 ماشہ۔ افیون 4 ماشہ۔ شونیز 9 ماشہ زنجبیل 12 ماشہ سب کو پیس کر بقدر حاجت روغن گل میں ملائیں اور ضماد کریں۔

(5) جب دوغ کے کھانے سے: اطراف بےحس ہو جائیں تو یہ نسخہ دیں۔ زرنباد۔ زنجبیل۔ جدوار ہر ایک ایک ماشہ سب کو پیس کر جوارش زرعونی 7 ماشہ میں ملائیں اور بادیان 5 ماشہ۔ اصل السوس۔ پرسیاؤشاں۔ اسطوخودوس ہر ایک 5 ماشے عسل خالص 2 تولے کو پانی میں جوش دے کر اور صاف کر کے پئیں۔

(2) شام کو جوارش زنجبیل 5 ماشہ میں جوہر منقی دو چاول کو ملفوف کر کے نگل جائیں

مرکبات

معجون خدر

آلوئے بخارا۔ تمرہندی ہر ایک۔ ثار۔ عناب 11 تولے۔ سپستان۔ مویز منقی ہر ایک 11 تولے۔ ہلیلہ زرد۔ تخم کشوث۔ افستنین۔ گل بنفشہ۔ ہر ایک 5 تولے۔ گل سرخ 4 تولے۔ تخم خطمی 10 تولہ۔ تخم خبازی۔ بادیان۔ صندل سفید ہر ایک 10 تولہ شکر سفید ہموزن ادویہ حسب معمول معجون بنائیں اور آخر قوام میں طباشیر سقمونیا۔ صمغ عربی نشاستہ ہر ایک 4 ماشہ ملائیں عندالضرورت 5 ماشے۔ ریوت چاکسو۔ زنجبور' کتھ سفید ہر ایک 3 ماشہ کے خیسانڈے کے ساتھ استعمال کریں۔

جوہر منقی: سم الفار' رسکپور' دار چکنا' ایک تولہ' شراب برانڈی قسم اول میں چند پہر کھرل کر کے بطریق معروف جوہر اڑائیں۔ خوراک 2 چاول یہ دوا منہ اور دانتوں کو نہیں لگنے دینی چاہئے۔

جوارش زنجبیل: جوزبوا ایک عدد' زعفران 3. ماشہ۔ قرنفل۔ دار چینی ہر ایک ایک تولہ 5. ماشہ۔ صمغ عربی الائچی خورد ہر ایک 2 تولے 11 ماشے۔ زنجبیل 5 تولے 10 ماشے نشاستہ 11 تولے 8 ماشے۔ قند سفید 34 تولے اور دواؤں کو کوٹ چھان کر قند سفید کے قوام میں شامل کر کے جوارش بنائیں۔ خوراک 7 ماشے۔

جوارش زرعونی: تخم گذر تخم کرفس- تخم اسپت- نانخواہ- بادیان- مغز تخم خرپزہ- مغز تخم خیارین- پوست بیخ کرفس ہر ایک ایک تولہ 10 ماشہ- عاقر قرحا- تج قلمی- زعفران- مصطگی- عود خام ہر ایک 7 ماشہ- بسبلہ- قرنفل- کباب چینی فلفل سیاہ ہر ایک 10 ماشہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر ہموزن' قند سفید اور دو چند شہد کے قوام میں جوارش بنائیں- خوراک 7 ماشہ-

تمدد- تشنج- کزاز

فالج و لقوہ کی طرح علاج کریں پہلے پانچ سات روز ماء العسل کے سوا کچھ غذا نہ دیں اور ماء الاصول دوا کے طریق پر دیں-

نسخہ ماء الاصول: بادیان- بیخ بادیان- بیخ کبر- بیخ کاسنی- بیخ کرفس- بیخ اذخر- تخم خطمی- تخم خبازی ہر ایک 7 ماشہ مویز منقی 9 دانہ رات کو عرق بادیان 12 تولے میں بھگو کر کے صبح مل چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے حل کر لے پلائیں-

سدر و دوار

1- فالج کا منضج پلائیں-

2- تخم خشخاش 3 ماشہ تخم کاہو 3 ماشہ- نبات سفید 4 ماشے پیس کر کھائیں اور شربت نیلو فر 2 تولے شیرہ 8 تولے پئیں-

3- **دوار بلغمی:** خولنجان 4 ماشے- کوٹ چھان کر شکر سفید 4 ماشے ملائیں اور رات کو سوتے وقت کھائیں-

4- **دوار ضعف دماغ:** تخم کشنیز' خشک 3 ماشہ پیس کر مربائے آملہ 1 عدد پر چھڑکیں اور ورق نقرہ 1 عدد میں ملفوف کر کے کھائیں بعدہ شیرہ تخم کدو 3 ماشہ اور شربت نیلوفر 2 تولے ملا کر پئیں-

5- اگر سدر و دوار خلوہ معدہ کی وجہ سے عارض ہوں تو رب انار و رب بہی کے ساتھ چند لقمے کھائیں-

سکتہ

1- غذا کی جگہ شہد 2 تولے' عرق بادیان 12 تولے میں جوش دے کر پلائیں۔
2- بیدستر زنجبیل ہر ایک ایک ماشہ۔ زعفران 2 ماشہ۔ باریک پیس کر شہد خالص 2 تولے میں ملائیں اور دن میں دو تین مرتبہ چٹنی کی طرح چاٹ لیں۔
3- اگر ضعف زیادہ محسوس ہو تو کبوتر کے بچہ کا شوربہ یا موٹھ کی دال کا پانی گرم مصالحہ ڈال کر پلائیں۔
4- پانچویں روز سے نسخہ ذیل پلائیں۔
صبح: بادیان۔ بیخ بادیان۔ بیخ کرفس۔ بیخ کبر بیخ اذخر۔ بیخ کنیر عاصل السوس۔ اسطوخودوس۔ ہر ایک سات سات ماشے مویز منقیٰ 9 دانے۔ انجیر زرد دو دانے رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان لیں اور شہد 4 تولے ملا کر پلائیں۔
شام: اطریفل کبیر 3 ماشے کھلائیں۔
5- نویں روز صبح کے نسخہ میں برگ سنا کی 7 ماشہ اضافہ کریں اور شہد کی جگہ مغز فلوس 5 تولے شکر سرخ۔ ترنجبین۔ گلقند ہر ایک 4 تولے شامل کر کے چھان لیں اور شیرہ مغز بادیان 5 دانے اضافہ کر کے پئیں۔
6- اگر دست نہ آئیں اور مدد کی ضرورت ہو تو شربت دینار۔ شربت ورد مکرر 4-4 تولے۔ عرق بادیان 12 تولے میں ملا کر نیم گرم کر کے تھوڑا تھوڑا پلائیں۔
7- شام کو بکری کے گوشت کی یخنی یا مونگ کی دال کا پانی دیں۔
8- دوسرے روز خمیرہ گاؤزبان ورق نقرہ میں ملفوف کر کے کھلائیں اور عرق گاؤزبان 12 تولے میں شیرہ عناب 5 دانے اور لعاب بہدانہ 3 ماشہ نکال کر اور شربت بنفشہ 2 تولے ملا کر پلائیں۔
9- تیسرے روز حب ایارج کا مسہل (مندرجہ صداع) اور اگر ضرورت ہو تو پھر چند روز نسخہ نمبر 4 پلا کر مسہل کریں۔
بحالت بے ہوشی: 1- برگ شبت' جند بیدستر۔ مشک۔ کانپھل۔ ہر ایک 11 ماشہ باریک پیس کر نلکی کے ذریعے نتھنوں میں پھونکیں۔
2- سبوس گندم اور نمک طعام کی پوٹلی بنا کر سر کو سینکیں۔

امراض چشم

دستور العلاج

1- چونکہ آنکھ کا معاملہ بہت نازک ہے اس لئے تشخیص کے بغیر معالجہ کی طرف متوجہ نہ ہوں- بالخصوص یہ معلوم کر لینا چاہئے کہ یہ مرض اصلی ہے یا شر کی طبقات میں ہے یا رطوبات میں یا عصبہ مجوفہ میں-

2- آنکھ کی اکثر (دواؤں) میں غسل وغیرہ جن اعمال دوا سازی کی ہدایت کی جاتی ہے ان کی پابندی نہایت ضروری ہے-

3- معالجہ چشم میں اول تنقیہ کرنا چاہئے اور اس کے بعد معالجہ مقامی-

4- اگر تنقیہ و تدبیر مناسب سے فائدہ نہ ہو تو معلوم کرنا چاہئے کہ یہ تین صورتوں سے خالی نہیں ہے-

1- دماغ ضعیف ہے اور نزلہ آنکھ کی طرف متوجہ ہوتا ہے-

2- طبقات میں مادہ خبیثہ متقر ہو چکا ہے-

3- آنکھ کا مزاج بارد ہو گیا ہے-

4- پس جو بھی صورت پائی جائے اس کا علاج کریں-

5- اگر نزلہ دماغ سے آنکھ کی طرف آتا ہو تو مریض کو پشت پر لٹائیں-

6- اگر مرض چشم کے ساتھ درد سر بھی ہو تو پہلے آخرالذکر کا علاج کریں مگر اول الذکر کی رعایت بہرحال ملحوظ رکھیں-

7- امراض حیض میں دوا ڈال کر پپوٹے بند کریں اور اسی طرح سو جائیں-

8- اگر آنکھ میں زیادہ درد ہو تو سلائی سے دوا نہ ڈالیں بلکہ دودھ، گلاب وغیرہ میں دوا حل کر کے آنکھ پر ٹپکائیں-

9- تیز دوا بار بار آنکھ میں نہ ڈالیں اور اگر ضرورت ہو تو تھوڑے وقفے کے بعد ڈالیں-

10- شیافات کو موسم بہار کی شروع میں اور ذرورات کو موسم بہار کے آخر اور موسم گرما کے شروع میں تیار کریں-

رمد و امراض حارہ چشم

(1) 1- لعاب بہدانہ 3 ماشہ شیرہ عناب 5 دانے، شیرہ تخم کاہو مقشر 3 ماشہ پانی یا عرق گاؤزبان 12 تولہ میں نکالیں اور شربت بنفشہ 2 تولہ ملا کر پلائیں-

2- شام کو خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ' ورق نقرہ میں لپیٹ کر اور عرق گاؤزبان میں شیرہ کشنیز 3 ماشہ اور لعاب گاؤزبان 3 ماشہ نکال کر گلقند 4 تولے ملائیں اور اس کے ساتھ خمیرہ کھائیں۔

3- رات کو سوتے وقت اطریفل کشنیزی ایک تولہ عرق گاؤزبان 12 تولہ کے ساتھ کھائیں۔

(2) **درد و سرخی چشم**: لودھ پٹھانی' آملہ خشک' ہر ایک 3 ماشہ دونوں کو روغن گاؤ میں بریاں کر کے سرد پانی میں پیس کر آنکھ کی گرد لیپ کریں۔

تنبیہہ: اس کی احتیاط رکھیں کہ دوا آنکھ میں نہ جائے۔

(3) **ضماد رمد حار**: پھٹکڑی بریاں 1 ماشہ گل ارمنی 1 ماشہ' صندل سرخ 1 ماشہ' افیون 1 ماشہ' زعفران ایک ماشہ سبز مکو (بقدر مواجب) کے پانی میں پیس کر آنکھ کے گرد لیپ کریں۔

(4) **ضماد ابتدائے رمد**: رسوت 3 ماشہ' پوست ہلیلہ زرد 3 ماشہ پانی میں پیس کر نیم گرم کر کے آنکھ کے گرد لیپ کریں اور آب نمک میں روئی تر کر کے آنکھ پر رکھیں کبھی ہلدی میں بھون کر روئی پر چھڑک لیتے ہیں اور اسے آنکھ پر رکھتے ہیں۔

حب: پیپل کے پتے 3 عدد کوٹ چھان کر کسی قدر قند سیاہ کہنہ میں ملائیں اور گولیاں بنا کر کھائیں۔

(5) **ضماد ورم و سرخی چشم**: کتھ سفید' رسوت افیون' ہر ایک 3 ماشہ' بھنی اور پسی ہوئی پھٹکڑی 1 تولہ' عرق لیموں کاغذی 2 تولے میں پکا کر گولیاں باندھیں اور وقت ضرورت پانی میں پیس کر آنکھ کے گرد لیپ کریں۔

نکتہ: یہ نسخہ اکثر اس وقت استعمال کیا جاتا ہے جب کوئی دوسری دوا کارگر نہ ہو۔

(6) **رمد بلغمی**: اطریفل کشنیزی وغیرہ سے تنقیہ کرنے کے بعد حب سرخ ایک گولی پانی میں گھس کر صبح' دوپہر' شام پپوٹوں پر نیم گرم لیپ کریں۔

اگر تبرید اور ضماد کے استعمال سے رمد نہ جائے تو منضج پلا کر حب ایارج کا مسہل دیں۔ منضج مسہل اور حب ایارج کی ترکیب استعمال درد سر کے نسخہ نمبر 3 میں درج ہے۔

(7) **رمد' سرخی چشم**: صندل سرخ 6 ماشہ۔ رسوت 6 ماشہ۔ عنب الثعلب 6 ماشہ۔ حوالی چشم پر ضماد کریں۔

(8) **رمد**: رسوت۔ صندل سفید۔ گیرو۔ پھٹکڑی ایک 6 ماشہ سبز مکو کے پانی میں پیس کر

حوائی چشم پر ضماد کریں۔

(9) **ابتدائے رمد:** رسوت 6 ماشہ' مامیثا 6 ماشہ' افیون 1 ماشہ' زعفران 4 سرخ سب کو پانی میں پیس کر آنکھ پر ضماد کرے۔

(10) **ورم گرم چشم:** پھٹکڑی۔ پاہ گجراتی ہر ایک 6 ماشہ افیون 1 ماشہ۔ زعفران 4 سرخ پانی میں پیس کر آنکھ پر ضماد کریں۔

(11) **شیاف رمد کہنہ و درد شدید:** مس سوختہ مغسول' افیون 4 ماشہ گوند ببول۔ مرکی ہر ایک 4 ماشہ۔ زعفران 2 ماشہ۔ ایلوا۔ اقلیمیا۔ کندر ہر ایک دو ماشہ کھرل کر کے شراب میں خمیر کریں اور شیاف بنائیں۔ عندالضرورت سفیدی بیضہ مرغ میں حل کر کے تین ساعت کے بعد کریں۔

(12) **رمد:** رسوت' افیون۔ پھٹکڑی۔ نیلا تھوتھا لودھ پٹھانی۔ زرد چوب۔ زہر مہرہ سفید۔ سب کو ہموزن کوٹ کر پوٹلی بنالیں اور آنکھ پر ٹکور کریں۔

(13) **ورم چشم سرخی چشم:** خیرہ خشخاش 7 ماشہ' ہمراہ لعاب بہدانہ 3 ماشہ شیرہ عناب 5 دانے۔ عرق گاؤزبان 6 تولے عرق عنب الثعلب 6 تولے میں نکالیں اور شربت بنفشہ 2 تولے ملا کر پئیں۔

(14) **رمد:** اسطخودوس 1 ماشہ۔ منڈی ایک ماشہ' اطریفل شاہترہ 7 ماشہ میں ملا کر لعاب بہدانہ 3 ماشہ۔ شیرہ عناب 5 دانے۔ عرق شاہترہ 12 تولے میں نکالیں اور شربت ملا کر پلائیں۔

نزول الماء

(1) **ترپھلہ:** نزول الماء' سرخی چشم اور کدورت چشم کے لئے مفید ہے۔
ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ خشک ہر ایک 3 ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں تر کریں صبح اس کے زلال لے کر پئیں اور آنکھ دھوئیں۔

(2) **نزول الماء اور بیاض چشم:** کے لئے بہت مفید ہے کحل' صابون بقدر دانہ خشخاش اور صدف میں کسی قدر پانی ڈال کر دوا کو خوب حل کریں اور آنکھ میں لگائیں۔ تین روز گزرنے کے بعد پھر لگائیں۔

(3) **شیاف:** نزول الماء کے لئے مجرب ہے۔ مغز ارنڈ۔ گوند ببول ہر ایک 3 ماشہ حب الفار مقشر کھرل کر کے بچے کے پیشاب میں شیاف بنائیں اور شہد آلودہ کر کے آنکھ میں

لگائیں۔

بیاض چشم۔ پھولہ

(1) کھلی صابون استعمال کریں اس کی ترکیب نزول الماء میں گزر چکی ہے۔
(2) سرب تولہ۔ سنکھ۔ کانچ کی سیاہ چوڑیاں۔ چی چینی ہر ایک 2 تولہ۔ نوشادر قلفل گرد ہر ایک 6 ماشہ۔ سب کو پیس کر سرمہ کرلیں اور کسی قدر آنکھ میں لگائیں۔
اضافہ : اکثر مریض اس کی تیزی کو برداشت نہیں کر سکتے۔ اس صورت میں سرمہ سیاہ ہموزن ملا لیتے ہیں۔

سبل۔ جالا

(1) پھٹکڑی۔ ساکہ ہموزن کوٹ چھان لیں اور ایک بکرے کا صفرا سے بھرا ہوا مرارہ لے کر اس میں اسے بھر دیں اور باہر سے مرارہ کو اچھی طرح صاف کریں اور اس کا منہ بند کر کے معلق کر دیں۔ ایک ساعت کے بعد جو جوہر مترشح ہو کر خشک ہو گیا اسے لے لیں اور مرارہ مع دوا کے پھینک دیں اس جوہر میں سے رائی کی مقدار میں ایک قطرہ آب میں حل کر کے سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔

انتباہ : زیادہ مقدار میں دوا لگانے سے آنکھ سرخ ہو جاتی ہے۔

فائدہ : یہ دوا بیاض اور ظفرہ میں بھی مفید ہے۔

(2) **جالا۔ پھولہ، سرخی چشم** : افیون 1 تولہ۔ رسوت 4 تولے۔ پھٹکڑی 6 ماشہ مصری 1 تولہ آب باراں یا آب دریا میں پیس کر خشک کریں اور پھول کے برتن میں صلایہ کر کے دانہ نخود کے برابر گولیاں بنائیں اور بوقت ضرورت آنکھ پر ضماد کریں۔

(3) **جالہ۔ دھند۔ دمعہ** : افیون۔ ماشہ۔ پھٹکڑی 2 ماشہ۔ درخت املی کی کونپلیں تولہ۔ ہلدی 3 ماشہ۔ لونگ 10 عدد۔ دانہ الائچی سفید 2 ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ 1 ماشہ۔ نمک لاہوری 2 ماشہ۔ الیموں میں کھرل کر کے شیاف بنائیں اب لیموں میں جس قدر زیادہ ہو اچھا ہے۔

اتساع ثقبہ عنبیہ

(1) خمیرہ گاؤزبان ایک تولہ، ورق نقرہ 1 عدد میں ملفوف کر کے کھائیں اور شیرہ کشنیز خشک 3 ماشہ عرق گاؤزبان 2 تولے میں نکال کر اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر کھائیں۔
(2) سوتے وقت اطریفل کشنیزی 7 ماشہ کھلائیں۔

ظفرہ۔ ناخونہ

(1) کف دریا۔ پھٹکڑی۔ اصل السوس۔ ہر ایک تولہ خوب پیس کر سرمہ بنالیں۔ عندالضرورت سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔
(2) نوشادر 2 ماشہ۔ شورہ قلمی 1 تولہ۔ تخم سرس 2 عدد۔ مرچ سیاہ 12 دانے۔ نیلا تھوتھا 4 سرخ سب کو پیس کر شیاف بنائیں۔

دمعہ۔ آنسو بہنا

دمعہ۔ سرخی۔ رمد کہنہ

نمام۔ سرمہ سفید۔ سفیدہ کاشغری۔ بسبلسہ۔ کتھا ہموزن لے کر سرمہ بنائیں اور عندالضرورت آنکھ میں لگائیں۔

مرکبات

اطریفل کشنیزی: بلیلہ زرد، بلیلہ کابلی۔ بلیلہ سیاہ۔ آملہ مقشر۔ پوست بلیلہ۔ کشنیز خشک۔ ہر ایک 5 تولہ کوٹ چھان کر روغن بادام میں چرب کر کے سہ چند شہد کے ساتھ حسب معمول اطریفل بنائیں۔ خوراک 7 ماشہ۔

حب سرخ: گیرو 4 تولہ 8 ماشہ۔ افیون 4 ماشہ۔ زنجبیل۔ صمغ عربی ہر ایک 3 ماشہ۔ آب کوکنار میں گولیاں بنوائیں۔ عندالضرورت پانی میں گھس کر آنکھوں کے پپوٹوں پر لگائیں۔

حب ایارج: ایارج فیقرا 14 ماشہ۔ تربد سفید مجوف 14 ماشہ۔ حب النیل۔ غاریقون

انیسون ہر ایک 7 ماشہ۔ تخم حنظل۔ نمک ہندی ہر ایک 2 ماشہ 6 رتی۔ عرق بادیان کے ساتھ گولیاں بنائیں۔ خوراک 5 ماشہ۔

اطریفل شاہترہ: شاہترہ 14 تولہ 17 ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد 11 تولہ 8 ماشہ۔ مویز منقی 10 تولہ' پوست ہلیلہ کابلی 8 تولہ۔ پوست بلیلہ۔ آملہ ہر ایک 5 تولہ 10 ماشہ۔ سنامکی 2 تولہ 11 ماشہ۔ گل سرخ 1 تولہ 5 ماشہ سوائے مویز تمام ادویہ کو چھان کر روغن بادام بقدر حاجت میں چرب کریں اور مویز منقے کو سل پر پیسیں۔ بعد ازاں سہ چند شہد میں تمام دوائیں ملا کر بدستور اطریفل بنائیں خوراک 7 ماشہ۔

حل صابون (چکنی دوا): صابون 5 تولہ 10 ماشہ۔ رال نیلہ تھوتھا۔ ہر ایک 3 ماشہ۔ صابون کو چھری سے ریزہ ریزہ کر کے لوہے کے برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور نیلا تھوتھا کو آہنی ہاون دستہ میں پیس کر وزن کر کے صابون میں ڈالیں تاکہ صابون اور نیلا تھوتھا مثل پانی کے ہو جائیں۔ بعد ازاں رال شامل کر کے خوب تیز آنچ کریں۔ اور لوہے کے دستہ سے چلاتے جائیں۔ یہاں تک کہ دوا کا رنگ سیاہ ہو جائے پھر اتار کر محفوظ رکھیں۔ بوقت حاجت دانہ خشخاش کے برابر لے کر سیپی میں ڈالیں اور تھوڑا سا پانی شامل کر کے گھس کر استعمال کریں۔

امراض گوش

دستور العلاج

1- کان میں جو بھی دوا ڈالیں اسے نیم گرم ہونا چاہئے۔

2- امراض مادی میں پہلے تنقیہ کریں پھر کان میں دوا ڈالیں۔

3- مخدرات کا استعمال حتی الوسع کم کریں۔

4- اور اگر مجبوری ہو تو بہترین طریقہ یہ ہے کہ شیاف مامیثا اور کسی قدر افیون عورت کے دودھ میں حل کر کے استعمال میں لائیں۔

5- افیون کو روغن میں حل کر کے استعمال نہ کریں بلکہ دودھ میں حل کیا کریں۔

6- خاکستر افیون سے تخدیر و تخفیف میں قوی تر ہے۔

7- درد شدید یا ٹیس اور تشنج میں مفرحات کا استعمال کرنا چاہئے۔

8- ورم بحرانی کے پھوڑے کی سعی نہ کریں بلکہ اسے خود پھوٹنے دیں سابقہ مگر غشی کا خوف ہو تو اس کی طرف متوجہ ہونا چاہئے۔

9- غیر بحرانی ورم کو قابضات کا دیات یا مبردات سے بند کر دیں۔

10- بقراط کا مقولہ ہے کہ اگر کسی بہرے کو صفراوی اسہال عارض ہوں تو اس کا بہرہ پن اچھا ہو جائے گا۔

(1) **درد حار گوش** : لعاب بہدانہ 3 ماشہ۔ شیرہ عناب 5 دانے۔ شیرہ تخم کاہو مقشر 3 ماشے۔ عرق گاؤزبان 12 تولے میں نکالیں اور شربت بنفشہ 2 تولہ ملا کر پئیں۔

شیر بز 6 ماشہ میں مہاوڑ 2 ماشہ حل کر کے کان میں ٹپکائیں کبھی روغن ترب بھی ٹپکایا جاتا ہے اور کبھی سکھدرشن کے پتے کا پانی بھی کان میں ڈالا جاتا ہے۔

(2) **قروح گوش** : 1- قطران 2 ماشہ شہد 6 ماشہ میں حل کر کے نیم گرم کان میں ٹپکائیں۔

2- بادیان ایک تولہ۔ عسل خالص 2 تولہ پانی میں جوش دے کر صاف کریں اور اس سے کان کو دھو ڈالیں۔ پھر پرانی روئی کا فتیلہ بنا کر شہد میں آلودہ کریں اور کان میں رکھیں۔

(3) **ورم گوش** : عنب الثعلب۔ جدوار۔ صندلین۔ رسوت۔ گل ارمنی ہر ایک 6 ماشہ۔ آب کشنیز سبز قدر مناسب میں پیس کر کان کے چاروں طرف لیپ کریں۔

(4) **گرانی سماعت۔ بطلان سمع۔ درد گوش** : انار ترش ایک عدد کے دانے گودے سمیت خوب اچھی طرح نچوڑیں پھر انار کے چھلکے کو اس پانی میں جوش دیں۔ اور مل چھان کر سرکہ 6 ماشہ۔ روغن گل 1 تولہ اور کندر 3 ماشہ ملا کر پھر جوش دیں جب پانی جل جائے تو روغن کو صاف کر کے اس پر برگ نیم اور انزروت پیس کر چھڑکیں اور کان میں رکھیں۔

(5) **درد گوش۔ سدہ۔ طنین۔ دوی** : برنجاسف 3 ماشہ۔ مرز نجوش 2 ماشہ۔ تخم شبت 2 ماشہ۔ گل بابونہ 3 ماشہ۔ برگ سداب 2 ماشہ۔ پانی میں جوش دے کر بخارات کان میں پہنچائیں۔

(9) **درد گوش** : نکو 1 تولہ۔ گل خطمی 1 تولہ۔ کوکنار 1 تولہ۔ شیر گاؤ 1 تولہ میں جوش دے کر اس کے بخارات کان میں پہنچائیں۔

(7) **قطور درد گوش** : مولی کے پتوں کا پانی 2 تولے روغن گل 1 تولہ میں ملا کر کان میں ڈالیں۔

(8) **روغن درد بارد گوش** : مغز بادام۔ تلخ مغز تخم کدوئے تلخ۔ المستنق رومی ہر ایک 2 ماشہ آب ترب سبز 3 تولے۔ روغن گل 1 تولہ۔ سب کو ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب دوائیں جل جائیں تو اتار کر رکھ لیں اور عند الضرورت نیم گرم کر کے کان میں ڈالیں۔

(9) **درد گوش۔ قروح گوش** : مرکی 4 ماشہ۔ کندر 12 ماشے' بورہ ارمنی 13 ماشے۔

افیون 9 ماشے۔ زعفران 1 تولہ۔ مغز بادام شیریں 20 عدد۔ سب کو کوٹ چھان کر گلاب میں ملائیں اور قرص بنالیں۔ عندالضرورت ایک قرص روغن گل میں گھس کر کان میں ٹپکائیں۔

بدل: اگر گرانی زیادہ ہو تو روغن گل کی جگہ سرکے میں گھس کر لیں۔

(10) **درد شدید:** شیر بز میں کسی قدر افیون حل کر کے ٹپکائیں۔

(11) **درد گوش:** عرق برگ، فلفل سرخ۔ قدرے حاجت میں شیرہ تخم کھرنی (قدر حاجت) نکال پر ٹپکائیں۔

(12) **نقصان سمع:** روغن بادام تلخ د قدر حاجت میں کسی قدر صبر کو جوش دے کر کان میں ٹپکائیں۔

امراض بینی

نکسیر پھوٹنا

(1) **نقوع:** گل ملتانی ایک تولہ رات کو گرم پانی میں تر کریں صبح اس کا زلال پئیں۔

(2) **تبرید:** بہدانہ 3 ماشے۔ شیرہ عناب 5 دانے۔ شیرہ مغز تخم کدو 3 ماشہ۔ شیرہ تخم کاہو مقشر 3 ماشہ عرق گاؤزبان 12 تولے میں نکال کر شربت بنفشہ 2 تولے ملائیں۔

اضافہ و بدل: کبھی شیرہ تخم تربوز 2 ماشہ بھی اضافہ کیا جاتا ہے۔

2- کبھی تخم کاہو کی جگہ تخم خرفہ سیاہ 3 ماشہ اور شربت بنفشہ کی جگہ شربت عناب 2 تولے استعمال کیا جاتا ہے۔

(3) **ضماد:** نشاستہ۔ گل ارمنی ہر ایک 6 ماشہ۔ دونوں کو سرکہ خالص میں پیس کر اور سر اور پیشانی پر ضماد کریں۔

2- گل ملتانی 6 ماشہ اور آملہ خشک 6 ماشہ۔ سرد پانی میں پیس کر ضماد کریں۔

(4) **نفوخ:** گیرو۔ سنگ جراحت۔ سفیدہ کاشغری کو کوٹ چھان لیں۔

2- مکڑی کا جالا لکھنے کی معمولی سیاہی میں تر کر لیں اور اس پر چکی کا آٹا چھڑک کر ناک میں رکھیں۔

(5) **سفوف:** گیرو۔ سنگجراحت۔ زہر مہو۔ بنس لوچن ہر ایک ایک ماشہ۔ سب کو پیس کر خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ میں ملائیں اور ورق نقرہ 1 عدد میں ملفوف کر کے تبرید مذکور کے

ساتھ کھائیں۔

کرم بینی

بخور : اسپند 10 تولے۔ اجوائن خراسانی 2 ماشہ۔ شنگرف 3 ماشہ کوٹ پیس کر سفوف بنائیں۔ عندالضرورت کرسی پر بیٹھ کر چادر اوڑھ لیں اور 2 تولے ساتھ ماشے دوا کوئلوں کی آگ پر چھڑک کر بخور لیں۔

بخرالانف۔ بدبوئے بینی

1- گل بنفشہ 7 ماشہ۔ مویز منقیٰ 9 دانہ۔ بیخ کاسنی 7 ماشہ۔ بادیان 5 ماشہ۔ پرسیاؤشاں 5 ماشہ۔ گاؤزبان 5 ماشہ۔ اصل السوس مقشرہ 5 ماشہ۔ تخم خطمی 7 ماشہ۔ تخم خبازی 7 ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح جوش دیں مل چھان کر اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں۔

2- آٹھ روز کے بعد مسہل دیں اور پھر حب ایارج سے تنقیہ کریں۔

3- برگ نیب۔ جند بید ستر۔ قرنفل کانپھل پیس کر کپڑے میں چھان لیں اور ہلاس لیں۔

امراض لب و رخسار

ضماد و ورم لب : زربی۔ رسوت۔ چھالیہ۔ ہر ایک 2 ماشہ۔ عرق عنب الثعلب سبز اور عرق گلاب میں پیس کر ضماد کریں۔

(2) **ضماد ورم لب :** فلفل سیاہ۔ زہر مہرہ ہر ایک 3 ماشہ پانی میں پیس کر ضماد کریں۔

(3) **شقاق لب و زبان :** (ہونٹ اور زبان کا پھٹنا) اسپغول اور بہدانہ کا لعاب نکال کر کپڑے پر لگائیں اور لب پر رکھیں۔

(4) **ورم رخسار :** کو۔ مغز فلوس ہر ایک ایک تولہ۔ شیرہ کو (بقدر حاجت) کے پانی میں پیس کر نیم گرم ضماد کریں۔

امراض دہن

دستور العلاج : امراض زبان کی تشخیص میں اس کا رنگ لمس اور مزا بہت کار آمد ہے۔

(2) اگر دانتوں کو روغن لگانا چاہیں تو پہلے شہد دانتوں پر لگالیں۔
(3) اگر تبرید کی ضرورت ہو تو روغن گل اور اگر تسخین کی ضرورت ہو تو روغن نار دین استعمال کریں۔
(4) شیخ کا قول ہے کہ امراض حارہ دہن میں سفرجل وغیرہ ترش و قابض میوے استعمال کریں۔

(1) **لکنت**: مصطگی 1 ماشہ۔ کندر 1 ماشہ دونوں کو پیس کر خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا 5 ماشہ میں ملائیں اور اسطخودوس 5 ماشہ۔ باد رنجبویہ 5 ماشہ عسل خالص 2 تولے پانی میں جوش دیں اور چھان کر خمیرہ مذکور کے ہمراہ پئیں۔
(2) تریاق فاروق 1 ماشہ یا عاقر قرحا 1 ماشہ یا سفوف فلفل سیاہ 1 ماشہ شہد میں ملا کر زبان پر ملیں۔

(2) **جوشش دہن**: زرورد 3 ماشہ۔ کتھ سفید 3 ماشہ۔ دانہ ہیل 3 ماشہ۔ کباب چینی 3 ماشہ۔ باریک پیس کر منہ میں چھڑکیں۔
(3) **جوشش دہنی بلغمی**: بھوڑل کشتہ۔ دانہ ہیل۔ کشنیز خشک سوختہ' پھٹکڑی بریاں ہر ایک 3 ماشہ کوٹ چھان کر منہ میں چھڑکیں۔
(4) **جوشش دہن سمی**: (جو سیماب رت [illegible] نے سے عارض ہوتا ہے) غرغرہ شاخ کچنال پانی میں جوش دے کر صاف کر لیں پھر اس پان[illegible] ے غرغرے کریں۔
(5) **آکلہ (1) ضماد**: ایرسا 1 ماشہ۔ نانخواہ 1 ماشہ۔ کوٹ چھان کر پانی میں پیسیں اور منہ میں ضماد کریں۔

2- تبرید و تلطیف و تنقیہ کریں۔
3- اگر مادہ سوداوی ہو تو جوہر رسکپور 2 چاول۔ مویز منقی 1 عدد میں مستور کر کے نگل جائیں اور اوپر سے یہ نسخہ پئیں۔
لعاب بہدانہ 3 ماشہ۔ شیرہ عناب 5 دانے۔ شیرہ تخم کاہو 3 ماشہ۔ شیرہ اصل السوس مقشر 5 ماشہ۔ عرق شاہترہ 4 تولے۔ عرق مرکب فساد خون 4 تولے عرق بید مشک 4 تولے میں نکال کر شربت بنفشہ 2 تولے یا شربت عناب 2 تولے یا شربت سداب 2 تولے ڈالیں۔

(6) **غرغرہ قلاع فم**: گلنار 4 ماشہ۔ کوکنار 4 عدد۔ عدس مسلم 6 ماشہ۔ کشنیز خشک 6 ماشہ کو خشک 6 ماشہ۔ تین پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جائے صاف صاف کر کے غرغرے کریں۔

اضافہ: کبھی پوست درخت ببول 6 ماشے۔ پھٹکڑی 2 ماشے۔ اور برگ توت سیاہ 6 ماشے

اضافہ کرتے ہیں۔

(7) **زرور قلاع بلغمی** : گاؤزبان سوختہ۔ عود بلسان سوختہ۔ جو سوختہ کشنیز ملا کر ہر ایک 3 ماشے میں کر منہ میں چھڑکیں۔

نکات مطب : یہ نسخہ اکثر بچوں کے قلاع میں استعمال کیا جاتا ہے۔

2۔ کبھی صرف گاؤزبان اور عود بلسان جلا کر استعمال کرتے ہیں۔

(8) **قلاع سوداوی** : شاہترہ۔ چرائتہ۔ سرپھوکہ۔ منڈی۔ ہلیلہ سیاہ۔ مکوہ خشک ہر ایک 7 ماشہ۔ عناب 5 دانے رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح کوٹ چھان لیں اور شربت عناب 4 تولے ملا کر پئیں۔

فائدہ : یہ نسخہ چند روز پی کر مسہل لے لیا چاہئے اور پھر جو نسخہ تبرید آگلہ میں مذکور ہے اسے پینا چاہئے۔

تثاؤب۔ جمائی

تریاق فاروق ایک سرخ خمیرہ گاؤزبان جواہر والا 5 ماشہ میں ملا کر اور اس پر ورق نقرہ چڑھا کر کھائیں اور عرق گاؤزبان 12 تولے اور شہد 2 تولے کو ملا کر پئیں۔

سیلان لعاب

1۔ زرشک 3 ماشہ۔ عرق نیلوفر 10 تولے میں پیس کر شیرہ نکالیں اور سکنجبین 2 تولے ملا کر صبح اور شام پئیں۔

2۔ گلسرخ۔ گل انار ہر ایک 6 ماشہ میں جوش دے کر غرغرے کریں۔

بطلان ذوق

1۔ گل بنفشہ۔ بادیان۔ بیخ بادیان۔ پرسیاؤشاں۔ اصل السوس ہر ایک 7 ماشے۔ مویز منقے 9 دانے رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں۔

2۔ آٹھ دس روز کے بعد مسہل دیں۔ اگر آرام نہ ہو تو تین مسہل اور تین تبرید میں پلائیں۔

بخرالفم۔ بوئے دہن

املی 7 ماشے۔ پانی میں بھگو کر مل چھان لیں اور زرشک 3 ماشے کو پیس چھان کر ملا دیں۔ یہ شربت انار 2 تولے یا سکنجبین 2 تولے ڈال کر پلائیں۔

آفت زبان

ضربہ: خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ۔ ورق نقرہ میں ملفوف کر کے لعاب بہیدانہ 3 ماشہ شیرہ عناب 5 دانے۔ عرق گاؤزبان 12 تولے میں نکال کر اور شربت بنفشہ 2 تولے ملا کر پئیں۔

بدل و اضافہ: کبھی شربت بنفشہ کی جگہ شربت توت 2 تولے استعمال کرتے ہیں۔

2- کبھی شیرہ تخم کاہو 3 ماشہ اضافہ کرتے ہیں۔

(2) رات کو اطریفل کشنیزی 7 ماشہ کھائیں۔

درد دنداں

(1) **ضماد**: عاقر قرحا 3 ماشہ۔ فلفل سیاہ 2 ماشہ پیس کر شہد 6 ماشہ میں ملائیں درد دانتوں پر ضماد کریں۔

(2) **درد شدید دنداں**: کتھہ افیون' روغن گل میں حل کر کے دانتوں میں ملیں۔

(3) **سنون درد دنداں**: ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ۔ دار فلفل۔ مرچ سیاہ۔ زنجبیل۔ کتھ۔ لودھ پٹھانی۔ مازو سبز ہر ایک 6 ماشہ نیلا تھوتھا 4 ماشہ کوٹ چھان کر سنون بنائیں اور تھوڑا سا دانتوں پر ملیں۔

(4) **سنون دیگر**: تمباکو خشک۔ عاقر قرحا۔ فلفل سیاہ۔ نمک لاہوری۔ ہر ایک 6 ماشہ کوٹ چھان کر سنون بنائیں اور دانتوں پر ملیں۔

اضافہ و بدل: کبھی اس میں قرنفل اور خردل ہر ایک 6 ماشہ بڑھا دیتے ہیں اور تمباکو نکال دیتے ہیں۔

(5) **سنون دیگر**: پھٹکڑی بریاں۔ نیلا تھوتھا بریاں۔ کتھ سفید۔ فلفل سفید۔ زنجبیل۔ الائچی سفید۔ نمک لاہوری ہموزن کوٹ چھان کر سنون بنائیں اور عندالضرورت

رات کو لگائیں۔

(6) **وجع اضراس و درد دنداں:** پوست درخت چنبیلی۔ پوست درخت سرس ہر ایک 2 تولے۔ باؤبڑنگ 3 ماشے۔ پانی میں جوش دے کر صاف کر کے مضمضہ کریں۔

2- زعفران 1 ماشہ افیون 1 ماشہ۔ پانی میں پیس کر جبڑے پر ضماد کریں۔

3- گیرو۔ زنجبیل ہر ایک 6 ماشہ پانی میں پیس کر جبڑے پر ضماد کریں۔

(7) **تبرید درد دنداں:** تحرک دنداں اور آکلہ ضم میں سے ہر ایک میں یہ نسخہ پلایا جاتا ہے۔ لعاب بہیدانہ 3 ماشہ۔ عناب 5 دانے عرق گاؤزبان 12 تولے میں نکال کر اور شربت 2 تولے ملا کر پئیں۔

اضافہ: کبھی شیرہ تخم خرفہ سیاہ۔ شیرہ تخم کاہو مقشر۔ شیرہ تخم کدو شیریں ہر ایک 3 ماشہ اضافہ کرتے ہیں۔

تحرک دنداں

(1) **تبرید مذکور پلائیں۔**

(2) عاقر قرحا۔ بیخ کبیر۔ گلنار۔ سعد کوفی۔ شب یمانی۔ گلسرخ۔ سنبل الطیب۔ ہر ایک 3 ماشہ سب کو پیس کر منجن بنائیں اور صبح و شام دونوں وقت دانت پر ملیں۔

(3) سماق 1 ماشہ۔ مازو سبز 1. ماشہ۔ گلنار۔ زرد چوب۔ پوست انار شب یمانی ہر ایک ایک ماشہ کوٹ چھان کر سنون بنائیں اور کھانے کے بعد ملا کریں۔

فائدہ: سرد پانی سے مضمضہ نہ کریں۔ ورنہ درد شروع ہو جائے گا۔

(4) **پوست بیخ:** ببول 4 تولے۔ سنگجراحت کتھ پاپڑیا۔ سپاری۔ فلفل سیاہ۔ زنجبیل ہر ایک ایک تولہ سنون بنائیں عندالضرورت دانتوں پر ملیں اور چار ساعت تک پانی منہ کو نہ لگائیں۔

ضریر الاسنان

1- بادیان 3 ماشے پیس کر گلقند عسلی 2 تولے میں ملا کر شام کو کھائیں۔

2- جوارش مصطگی کلاں 3 ماشے۔ عرق بادیان 12 تولے کے ساتھ صبح کے وقت کھائیں۔

ضرس الاسنان

زنجبیل بریاں ایک تولہ۔ نمک طعام 2 ماشہ سفوف بنا کر دانتوں پر ملیں۔

لثہ دامیہ

1- مٹی کے برتن میں پھٹکڑی ایک تولہ جلائیں اور اس میں سرکہ ڈالتے ہوئے گلنار فارسی۔ ہیرا کسیس۔ ہر ایک 6 ماشہ ملا کو کوٹ چھان لیں اور مسوڑھوں پر ملیں۔
2- مصطگی رومی۔ جفت بلوط۔ ہیرا کسیس۔ اقاقیا۔ کندر۔ مازو سبز۔ ہر ایک 6 ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

امراض حلق و سینہ

ہدایات

1- ابتدائے اورام حلق میں فصد لینا اور جلاب دینا بہت مفید ہے۔
2- کبھی بواسیر و حیض کا دن معتمله بند ہونے کی وجہ سے خناق دموای اشتداد پذیر ہوتا ہے اس صورت میں رگ صافن کی فصد اور پنڈلیوں کی حجامت فی الفور نفع دیتی ہے۔
3- جالینوس کا مقولہ ہے کہ ذات الجنب میں اسہال کا آنا ردی علامت ہے اس صورت میں ماء الشعیر' شربت حب الاس اور شربت انار شیریں پلانا مفید ہے۔
4- ذات الجنب میں تین دن کے اندر جانب مخالف کی باسلیق کا خون نکالنا بہت مفید ہے۔ تین دن کے بعد اسی طرف کی فصد کھلوانی چاہئے۔

بحتہ الصوت

(1) **بحتہ الصوت یابس :** لعاب بہدانہ 3 ماشے۔ شیرہ عناب 5 دانے۔ شیرہ مغز تخم کدو 3 ماشہ۔ شیرہ مغز تخم تربوز 3 ماشہ۔ عرق گاؤزبان 12 تولے میں نکال کر اور شربت بنفشہ 2 تولے ملا کر پلائیں۔

(2) **بحتہ الصوت رطوبی :** اصل السوس 7 ماشہ' پرسیاؤشاں 7 ماشہ' سپستاں 9 دانے۔ انجیر 5 ماشے۔ بیخ بادیان 17 ماشہ پانی میں جوش دے کر اور صاف کر لیں اور

مصری 2 تولے ملا کر پلائیں۔

2- کسی قدر خولنجان یا ادرک منہ میں رکھ کر اس کا لعاب چوسنا بھی مفید ہے۔

(3) **حب بحتہ الصوت** : مغز بادام شیریں۔ تخم کتان بریاں۔ مغز چلغوزہ۔ بیخ سوسن ہر ایک 8 ماشہ۔ کتھوا 4 ماشہ۔ صمغ عربی 4 ماشہ۔ اصل سوس۔ رب السوس ہر ایک 2 ماشہ۔ نبات سفید 12 ماشے کوٹ چھان کر عسل خالص 8 ماشے ملائیں اور بقدر ضرورت دو تین گولیاں منہ میں رکھ کر ان کا لعاب چوسیں۔

درد گلو

1- لعاب بہدانہ 3 ماشہ۔ شیرہ عناب 5 دانہ۔ شیرہ تخم کاہو مقشر 3 ماشہ پانی میں نکال لیں اور شربت توت سیاہ 2 تولہ ملا کر پئیں۔

(2) **غرغرہ** : کوکنار 4 عدد۔ کرنازج 6 ماشہ۔ کشنیز 6 ماشہ۔ گلنار 6 ماشہ۔ عنب الثعلب خشک 6 ماشہ۔ عدس مسلم 1 تولہ تین پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب تیز حصہ باقی رہ جائے صاف کر کے غرغرے کریں۔

(3) **غرغرہ دیگر** : ثابت مسور 1 تولہ۔ پوست خشخاش 1 تولہ۔ تین پاؤ پانی میں جوش دیں جب ایک پاؤ رہ جائے تو غرغرے کریں۔

خناق

1- **تبرید** : لعاب بہدانہ 3 ماشہ۔ شیرہ عناب 5 دانہ۔ شیرہ تخم کاہو مقشر 3 ماشہ۔ عرق شاہترہ 6 تولے۔ عرق مرکب فساد خون 6 تولے میں نکالیں اور شربت توت سیاہ 2 تولہ ملا کر پئیں۔

2- **غرغرہ** : عناب 3 دانہ ثابت مسور 9 ماشہ۔ مکو 9 ماشہ پانی میں جوش دے کر غرغرے کریں۔

نکتہ : نسخہ ابتدائے ورم حلق میں دیا جاتا ہے

3- **غرغرہ خناق** : مغز فلوس خیار شنبر 3 تولہ۔ شیر گاؤ 15 تولہ میں جوش دے کر غرغرے کریں۔

نکتہ : یہ نسخہ خناق میں تیسرے روز کے بعد استعمال کیا جاتا ہے۔

4- **غرغرہ دیگر**: اصل السوس- کتھ سفید- آملہ خشک ہر ایک 6 ماشہ پانی 10 تولے میں جوش دے کر غرغرے کریں-

تشریح: یہ نسخہ خناق گرم- درد گلو اور بثور زبان میں مستعمل ہے-

5- **ضماد ابتدائی خناق**: سبز کو کے پانی میں سیسہ کی گولی گھول کر ضماد کریں-

6- **ضماد خناق**: مغز فلوس- خیارر شنبر 9 ماشہ- مکوہ خشک 1 تولہ- آردجو 6 ماشہ- بابونہ 6 ماشہ' اکلیل الملک 6 ماشہ- سنبل الطیب 6 ماشہ- سبز مکوہ کے پانی میں پیس کر نیم گرم ضماد کریں-

اشارات: یہ نسخہ ہر جگہ کے اورام کے لئے استعمال کیا جاتا ہے-

2- کبھی اس میں سرکہ چھ ماشہ اور روغن گل 1 تولہ بھی بڑھا دیتے ہیں-

3- کبھی ردع مادہ کی رعایت سے طحلب 6 ماشہ- رسوت 6 ماشہ- صندل سرخ 6 ماشہ گل سرخ 6 ماشہ- صبر سقوطری 6 ماشہ- سفیدی مرغ 1 عدد اور آب کشنیز سبز بقدر واجب اضافہ کرتے ہیں-

4- کبھی قوت تحلیل کے لئے عود خام- مصطگی ہر ایک 6 ماشہ جد وار 3 ماشہ- مرہم داخلیون 10 تولہ افیون 1 ماشہ اور آب کاسنی سبز بقدر [illegible] میں سے کچھ اجزاء اضافہ کرتے ہیں-

5- کبھی تخدیر کے لئے کوکنار 2 ماشہ یا افیون 1 ماشہ کا اضافہ [illegible] تے ہیں-

7- **دوائے قوی التحلیل**: مینڈک ایک عدد کا پیٹ چا [illegible] کر کے گرم گرم ورم پر باندھیں-

ضماد سوزش خناق: آرد جو 3 ماشہ- دہی کے پانی میں ملائیں زر [illegible] یوند چینی 3 ماشہ پیس کر اضافہ کریں پھر کسی کپڑے پر لگا کر گلے پر باندھیں۔

سعال وضیق النفس

1- **نقوع سرفہ**: گل بنفشہ 7 ماشہ- مویز منقی 9 دانے- تخم خطمی 7 ماشے- گاؤزبان 5 ماشہ- گل گاؤزبان 3 ماشہ- اصل السوس مقشر 5 ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر مل چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں-

2- **سعال نزلاوی حار**: بہدانہ 3 ماشہ- عناب 5 دانے- سپستان 9 دانے پانی میں خفیف جوش دے کر صاف کریں اور شربت بنفشہ 2 تولے ملا کر پی جائیں-

3- **سرفہ یابس**: رات کو سوتے وقت مسکہ ایک ماشہ میں قند سفید 5 ماشہ ملا کر چاٹیں۔

4- **سرفہ**: رب السوس۔ شکر تیغال۔ کہربائے شمعی ہر ایک 3 ماشہ۔ زعفران 1 ماشہ۔ ست لوبان۔ کاکڑا سینگی۔ تخم بالنگا مقشر۔ تخم خشخاش سفید۔ تخم خشخاش سیاہ۔ ہر ایک 3 ماشہ۔ مغز بادام شیریں 7 عدد۔ صمغ عربی۔ کتھوا۔ نشاستہ ہر ایک 3 ماشہ سب کو باریک کر کے آب کو کنار (قدر حاجت) میں پیس لیں اور چینی یا حبوب نخودی بنا کر رکھ لیں دو گولیاں منہ میں رکھ کر لعاب چوسیں۔

5- **سرفہ خشک**: مصری 4 دام اصل السوس 3 دام۔ خشخاش 1 دام پہلے اصل السوس کو کوٹ کر ایک سیر پانی میں جوش دیں جب پاؤ بھر رہ جائے تو صاف کر کے خشخاش کو اس میں پیس اور کپڑے سے چھان کر مصری کے ساتھ قوام کر لیں۔ خوراک 3 ماشہ بوقت صبح۔

6- **بلغم غلیظ**: سبوس گندم 1 تولہ۔ نمک لاہوری 1 ماشہ پانی میں جوش دیں اور صاف کر کے پئیں۔

7- **سرفہ حار**: شیرہ تخم خیارین۔ شیرہ تخم خرفہ۔ مغز تخم کدوئے شیریں۔ ہر ایک 3 ماشہ عرق گاؤزبان 12 تولے میں نکالیں اور شربت بنفشہ 2 تولے ملا کر پئیں۔

اضافہ: اگر یبوست زیادہ ہو تو لعاب بہیدانہ اور لعاب اسبغول ہر ایک 3 ماشہ اضافہ کریں۔

8- **سرفہ یابس**: مغز بادام شیریں 5 دانے۔ مغز تخم کدو شیریں۔ مغز تخم تربوز۔ صمغ عربی نشاستہ ہر ایک 3 ماشہ نبات سفید 2 تولے پانی میں پیس کر دھیمی آنچ پر رکھیں اور کسی قدر غلیظ ہونے پر استعمال کرائیں۔

اضافہ: اگر یبوست زیادہ ہو تو حریرہ بناتے وقت 10 تولے شیر گاؤ بھی اضافہ کر دیں۔

9- **سرفہ بلغمی کہنہ**: زنجبیل گل دھاوا۔ کوکنار ہر ایک 3 ماشہ پانی۔ ثار میں جوش دیں جب آدھ پاؤ باقی رہ جائے تو نبات سفید 2 تولے ملا کر پئیں۔

10- **سعال بلغمی کہنہ و ضعف دل و دماغ و سینہ**: مشک خالص 1 ماشہ عنبر اشہب 4 سرخ۔ سلاجیت 4 سرخ سب کو پیس کر خمیرہ گاؤزبان عنبری 7 ماشہ میں ملا کر کھائیں اور اسطو خودوس۔ گاؤزبان ہر ایک 5 ماشہ۔ اور عسل خالص 2 تولے کو پانی میں جوش دیں اور صاف کر کے پئیں۔

11- **نمک سعال بلغمی**: اجوائن خراسانی' ناخونہ' نمک سانبھر ہر ایک ایک تولہ سب

3- **سرفہ یابس** : رات کو سوتے وقت مسکہ ایک ماشہ میں قند سفید 5 ماشہ ملا کر چاٹیں۔

4- **سرفہ** : رب السوس۔ شکر تیغال۔ کہربائے شمعی ہر ایک 3 ماشہ۔ زعفران 1 ماشہ۔ ست لوبان۔ کاکڑا سینگی۔ تخم باقلا مقشر۔ تخم خشخاش سفید۔ تخم خشخاش سیاہ۔ ہر ایک 3 ماشہ۔ مغز بادام شیریں 7 عدد۔ صمغ عربی۔ کتھوا۔ نشاستہ ہر ایک 3 ماشہ سب کو باریک کر کے آب کو کنار (قدر حاجت) میں پیس لیں اور چینی یا حبوب نخودی بنا کر رکھ لیں دو گولیاں منہ میں رکھ کر لعاب چوسیں۔

5- **سرفہ خشک** : مصری 4 دام اصل السوس 3 دام۔ خشخاش 1 دام پہلے اصل السوس کو کوٹ کر ایک سیر پانی میں جوش دیں جب پاؤ بھر رہ جائے تو صاف کر کے خشخاش کو اس میں پیس اور کپڑے سے چھان کر مصری کے ساتھ قوام کر لیں۔ خوراک 3 ماشہ بوقت صبح۔

6- **بلغم غلیظ** : سبوس گندم 1 تولہ۔ نمک لاہوری 1 ماشہ پانی میں جوش دیں اور صاف کر کے پئیں۔

7- **سرفہ حار** : شیرہ تخم خیارین۔ شیرہ تخم خرفہ۔ مغز تخم کدوئے شیریں۔ ہر ایک 3 ماشہ عرق گاؤزبان 12 تولے میں نکالیں اور شربت بنفشہ 2 تولے ملا کر پئیں۔

اضافہ : اگر یبوست زیادہ ہو تو لعاب بہدانہ اور لعاب اسبغول ہر ایک 3 ماشہ اضافہ کریں۔

8- **سرفہ یابس** : مغز بادام شیریں 5 دانے۔ مغز تخم کدو شیریں۔ مغز تخم تربوز۔ صمغ عربی نشاستہ ہر ایک 3 ماشہ نبات سفید 2 تولے پانی میں پیس کر دھیمی آنچ پر رکھیں اور کسی قدر غلیظ ہونے پر استعمال کرائیں۔

اضافہ : اگر یبوست زیادہ ہو تو حریرہ بناتے وقت 10 تولے شیر گاؤ بھی اضافہ کر دیں۔

9- **سرفہ بلغمی کہنہ** : زنجبیل گل دھاوا۔ کوکنار ہر ایک 3 ماشہ پانی۔ ثار میں جوش دیں جب آدھ پاؤ باقی رہ جائے تو نبات سفید 2 تولے ملا کر پئیں۔

10- **سعال بلغمی کہنہ و ضعف دل و دماغ و سینہ** : مشک خالص 1 ماشہ عنبر اشہب 4 سرخ۔ سلاجیت 4 سرخ سب کو پیس کر خمیرہ گاؤزبان عنبری 7 ماشہ میں ملا کر کھائیں اور اسطو خودوس۔ گاؤزبان ہر ایک 5 ماشہ۔ اور عسل خالص 2 تولے کو پانی میں جوش دیں اور صاف کر کے پئیں۔

11- **نمک سعال بلغمی** : اجوائن خراسانی، ناخونہ، نمک سانبھر ہر ایک ایک تولہ سب

کو کوٹ چھان کر آب باراں میں گوندھیں اور سکورہ گلی میں رکھ کر پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ خوراک 4 سرخ۔

12- سعال کہنہ : کاکڑا سینگی۔ زنجبیل۔ پپلا مول۔ ہر ایک ایک ماشہ کوٹ پیس کر شہد 1 تولہ ملائیں اور تھوڑا تھوڑا کر کے چاٹیں۔

13- سعال عارض : جو چیچک۔ موتی جھرو یا خسرہ کے بعد لاحق ہو۔

دانہ انار شیریں 3 ماشہ کو غیر مستعمل سفال میں رکھ کر نیم بریاں کریں اور منہ میں رکھ کر چوسیں۔

کھانسی میں حب لعاب بہیدانہ حب لبان اور حب گل پستہ بھی استعمال کی جاتی ہیں۔

14- شہیقہ (کالی کھانسی) : گاؤزبان۔ بیخ کرفس۔ اصل السوس۔ بیخ بادیان۔ بیخ کاسنی۔ ہر ایک 3 ماشہ۔ مویز منقے 3 دانہ۔ سپستان 4 دانے۔ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں اور صبح کو جوش دے کر گلقند عسلی 3 تولے یا خمیرہ بنفشہ 2 تولے ملا کر پلائیں۔

2- لوبان۔ کاکڑا سینگی ہر ایک ڈیڑھ سرخ پیس کر خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ میں ملائیں اور ورق نقرہ 1 عدد میں ملفوف کر کے کھائیں پھر باقلا۔ اصل السوس مقشر۔ پرسیاوشاں۔ گاؤزبان ہر ایک 2 ماشے پانی میں جوش دے کر شربت بنفشہ 1 تولہ یا شربت فریاد رس 2 تولے ملائیں اور پلائیں۔

15- ضیق النفس : صبح گل بنفشہ 7 ماشہ۔ مویز منقے 9 دانے۔ بیخ کاسنی 7 ماشہ۔ بادیان 7 ماشہ۔ گاؤزبان 4 ماشہ۔ اصل السوس مقشر 6 ماشے عناب 5 دانے۔ تخم خطمی۔ تخم خبازی ہر ایک 7 ماشے رات کو گرم پانی میں تر کر کے صبح مل چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولہ ملا کر پئیں۔

شام : خمیرہ گاؤزبان جواہر والا 5 ماشہ ورق نقرہ 9 عدد میں لپیٹ کر کھائیں اور گاؤزبان 5 ماشہ گاؤزبان 2 ماشہ عناب 5 دانے نبات سفید دو تولے جوش دے کر اور چھان کر پئیں۔

نکات : دونوں نسخوں کو 12 روز تک استعمال کریں اس کے بعد 4 تولے شربت مسہل آدھ سیر گرم پانی ملا کر پئیں۔

2- پھر تین روز صبح و شام کے نسخے پی کر شربت مسہل 4 تولے استعمال کریں۔

3- اسی طرح پھر تین روز یہ نسخے استعمال کر کے شربت مسہل بنائیں۔

4- اس کے بعد صبح کا نسخہ دو روز تک پئیں۔

5- بعد ازاں مرجان جواہر والا 2 چاول۔ خمیرہ گاؤزبان جواہر والا 5 ماشہ میں ملا کر صبح کے وقت کھائیں۔ نیز تریاق نزلہ استعمال کیا کریں اکثر چالیس روز میں فائدہ ہوتا ہے۔

3- اگر مواد کا زیادہ نضج مقصود ہو تو کویہ ابریشم 3 ماشہ- زوفا خشک 3 ماشہ- سبوس گندم 3 ماشہ بڑھا دیتے ہیں-

4- اگر بلغم کی چسپندگی کی وجہ سے ہچکی عارض ہو تو جدوار 1ماشہ پیس کر خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ میں ملائیں اور ورق نقرہ میں ملفوف کر کے نسخہ مذکور کے ساتھ کھائیں-

5- حکیم احمد رضا خاں صاحب مرحوم ضیق النفس میں اکثر اس نسخے میں خمیرہ ابریشم 3 ماشہ زوفا خشک 3 ماشہ اور اصل السوس مقشر 3 ماشہ کا اضافہ کرتے تھے-

25- ضیق النفس و سرفہ حار: لعوق معتدل 7 ماشہ لعوق سپستان 2 تولہ' عرق گاؤزبان 12 تولہ میں جوش دے کر بغیر چھاننے کے پی جائیں-

26- نسخہ دیگر: تخم کتان 9 ماشہ نبات سفید 2 تولہ میں جوش دیں اور چھان کر پئیں-

ذات الجنب

1- درد پہلو: بہیدانہ- عناب- سپستان- تخم خطمی پانی میں جوش دے کر صاف کر لیں اور شیرہ تخم کاہو مقشر 3 ماشے شربت بنفشہ 2 تولے' خاکسی 7 ماشے اضافہ کر کے پئیں-

اضافات: 1- اگر مادہ زیادہ رقیق ہو تو اس جوشاندہ میں گل نیلوفر 7 ماشہ- عنب الثعلب خشک 7 ماشہ - گاؤزبان 5 ماشہ اور تخم خبازی 7 ماشہ زیادہ کریں-

2- اگر حرارت زیادہ ہو تو شیرہ تخم خرفہ اور شیرہ مغز تخم کدو شیریں ہر ایک 3 ماشے بڑھائیں-

ضماد: موم 5 ماشے- روغن گل 1 تولہ میں پگھلا کر زعفران 1 ماشہ اور ایلوا 1 ماشہ باریک کر کے ملائیں اور مقام درد پر مالش کریں-

اضافہ: کبھی لوبان 1 ماشہ اضافہ کرتے ہیں اور کبھی مصطگی 1 ماشہ بھی بڑھا دیتے ہیں-

2- ڈبہ اطفال و ذات الجنب: خاکستر' برگ پیپل 2 عدد رات کو پانی میں تر کر کے صبح اس کا زلال پئیں-

3- ڈبہ اطفال: سفیدی بیضہ مرغ 1 عدد ایلوا 6 ماشہ مخلوط کر کے آگ پر کسی قدر پکالیں اور کپڑے پر لگا کر پسلیوں پر لگا دیں-

4- منضج: گل بنفشہ 7 ماشہ- اصل السوس مقشر 5 ماشہ- پرسیاؤشاں 5 ماشہ- تخم خطمی 7 ماشہ- تخم خبازی 7 ماشہ رات کو گرم پانی میں تر کر کے صبح مل چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولہ ملا کر پئیں-

16- ضیق النفس یابس : لعاب بیدانہ تین ماشہ۔ شیرہ عناب پانچ دانے۔ شیرہ تخم کدو۔ شیرہ تخم کاہو ہر ایک تین ماشہ۔ عرق گاؤزبان بارہ تولے میں نکال کر شربت بنفشہ دو تولے ملائیں اور پئیں۔

17- ضیق النفس وسعال : بسفائج سات ماشہ اصل السوس مقشر۔ انیسوں ہر ایک پانچ ماشہ پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ چار تولے ملا کر پئیں۔

18- نسخہ مخرج بلغم : انجیرزرد چار عدد۔ اسطوخودوس۔ پرسیاؤشاں ہر ایک پانچ ماشہ عسل خالص چار تولے پانی میں جوش دے کر صاف کریں اور پئیں۔

19- ضیق النفس : جو چیچک وغیرہ کے مواد سے عارض ہو۔ خاکسی پانچ ماشہ۔ انجیر زرد پانچ دانے ابریشم مقرض پانچ ماشہ۔ عسل خالص چار تولے پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور صاف کر کے پئیں۔

20- ضیق النفس : کبوتر صحرائی پکڑ کر ذبح کریں۔ اور سروپا علیحدہ کر کے شکم کے اندرونی و بیرونی حصہ کو آلائش سے اچھی طرح صاف کر لیں۔ پھر اس میں الائچی خورد۔ لونگ۔ نمک سانبھر بھر کر سی دیں اور مٹی کے برتن میں رکھ کر پانچ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ جب جل جائے تو نکال کر پیس لیں۔ خوراک چار سرخ ہمراہ برگ بول۔

21- ضیق النفس رطوبی : چائے سبز تین ماشہ۔ گل بنفشہ سات ماشہ۔ نبات سفید دو تولے جوش دے کر قہوے کی طرح پئیں۔

22- ضیق النفس رطوبی : پیاز تین ماشے۔ نبات سفید دو تولے پانی میں جوش دے کر پئیں۔

23- شربت مخرج بلغم : بیخ سوسن ڈھائی تولے۔ اصل السوس۔ زوفائے خشک ہر ایک سترہ ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان کر ترنجبین پندرہ تولے اور عسل خالص پندرہ تولے کے ساتھ قوام کریں۔ خوراک دو تولے۔

24- ضیق النفس وسعال بارد نزلاوی : گاؤزبان۔ گل گاؤزبان ہر ایک 3 ماشہ۔ عناب 5 دانہ۔ نبات سفید۔ 2 تولہ پانی میں جوش دیں اور صاف کر کے پی جائیں۔

نکات مطب : یہ نسخہ سینے کے غلیظ اور چسپدہ مواد کو نکالنے میں بدرجہ غائت مفید ہے۔

2- کبھی زیادہ جلا۔ صدر و تقطیع مواد کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے تو نبات سفید کی جگہ شہد 2 تولہ استعمال کرتے ہیں۔

5- **نسخہ ذات الجنب**: کتھا 1 ماشہ- گوند ببول- رب السوس' ہر ایک 1 ماشہ خمیرہ خشخاش 1 تولہ میں ملا کر کھائیں اور بہیدانہ 3 ماشہ- عناب 5 دانے **سپستان** 9 دانے کو جوش دے کر چھان لیں اور شربت بنفشہ 2 تولے ملا کر پئیں-

بدل: کبھی اس جوشاندے کی جگہ عرق گاؤزبان 12 تولے میں لعاب کوکنار 1 عدد نکال کر شربت بنفشہ ملا لیتے ہیں-

3- **قیروطی ذات الجنب وضیق النفس**: (جو ریح غلیظ و بلغم لزج سے عارض ہوں) آررد کرسنہ 5 ماشہ آرو حلبہ 5 ماشہ- شونیز 2 ماشہ- اصل السوس 2 ماشہ- عقر قرحا 1 ماشہ- موم 1 تولہ- موم کو روغن سوسن یا ناردین میں پگھلا کر بقیہ دوائیں کوٹ چھان کر اس میں ملائیں اور سینے پر ضماد کریں-

سل

1- گیرو 1 ماشہ- سنگجراحت- دم الاخوین' بسد سوختہ ہر ایک 1 ماشہ- سب کو پیس کر خمیرہ خشخاش 1 تولہ میں ملائیں اور بیدانہ 3 ماشہ _ عناب 5 دانے- **سپستان** 9 دانے کو جوش دے کر شربت بنفشہ 2 تولے شامل کریں- اور خمیرے کے ساتھ پئیں-

اضافات: اس نسخے میں کبھی مرجان سوختہ- سرطان محرق ہر ایک 1 ماشہ اضافہ کرتے ہیں-

2- کبھی شربت بنفشہ کی جگہ شربت اعجاز 2 تولے استعمال کرتے ہیں-

3- اگر کھانسی تیز ہو تو گوند کتھا- رب السوس ہر ایک 1 ماشہ اضافہ کرتے ہیں-

2- **دواء بالخاصہ**: گندھک آملہ سار 1 ماشہ پیس کر شربت اعجاز 2 تولے کی ساتھ کھائیں-

3- **سل شدید**: (جب خون بکثرت آتا ہو) تخم خرفہ 3 تولے- نوشادر 6 ماشہ- کورہ گلی میں رکھ کر اس کا منہ ملتانی مٹی سے اچھی طرح بند کر لیں اور ایک پہر تک اپلوں کی آنچ دیں پھر نکال کر 6 سرخ شربت انجبار 2 تولہ کے ساتھ دیں-

4- **سرفہ کہنہ وسل**: غری السمک 2 ماشہ نبات سفید 2 تولے- شیر مادہ گاؤ 10 تولے میں جوش دیں اور چھان کر پی لیں-

5- **حب گل پستہ**: گل پستہ- بلیلہ- مساوی وزن لے کر آب ادرک میں بقدر دانہ مونگ گولیاں بنائیں ایک یا دو گولیاں منہ میں رکھ کر لعاب چوسیں-

6- **حب لعاب بہدانہ** : مغز بہدانہ۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم خیارین ہر ایک 2 ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ۔ صمغ عربی۔ نشاستہ۔ کتیرا۔ ہر ایک 3 ماشہ۔ مغز بادام شیریں مقشر۔ رب السوس۔ مویز منقی۔ خشخاش سفید ہر ایک 4 ماشہ۔ شکر سفید 7 ماشہ۔ کوٹ چھان کر لعاب اسبغول (قدر حاجت) میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی منہ میں رکھ کر لعاب چوسیں۔

7- **تریاق نزلہ** : اسطو خودس 1 تولہ 5 ماشہ۔ گل گاؤزبان ۔ تخم مورد۔ کشنیز خشک ہر ایک 2 تولہ گیارہ ماشہ۔ تخم کاہو 5 تولہ 10 ماشہ۔ بزرالبنج۔ کوکنار ہر ایک 8 تولہ 9 ماشہ۔ تخم خشخاش سفید 11 تولہ 8 ماشہ۔ رات کو پانی میں بھگوئیں اور صبح کو جوش دے کر صاف کریں۔ بعد ازاں سہ چند قند سفید ملا کر قوام کریں اور گل سرخ۔ کشنیز خشک۔ رب السوس۔ نشاستہ۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ مرکی ہر ایک 1 تولہ 5 ماشہ۔ اسپغول میں نخود کے برابر گولیاں بنائیں اور ایک ایک گولی منہ میں رکھ کر لعاب نگلیں۔

8- **حب لبان** : جب شدت سعال سے قے ہو جائے تو اس حالت میں یہ گولیاں بہت مفید ہیں۔ کندر۔ آرد باقلا۔ مغز بہدانہ ہر ایک 7 ماشہ۔ رب السوس۔ کتیرا۔ گل بنفشہ ہر ایک 5 ماشہ۔ مویز منقی 4 ماشہ۔ انیسوں 2 ماشہ۔ بادیان۔ مغز بادام مقشر قند سفید ہر ایک 3 ماشہ کوٹ چھان کر لعاب اسپغول میں نخود کے برابر گولیاں بنائیں اور ایک ایک گولی منہ میں رکھ کر لعاب نگلیں۔

امراض قلب

ہدایات علاج : 1- امراض قلب میں فصد و اسہال کی افراط بہت زیادہ مضر ہے۔
2- مزاج حار و بارد کے تبدیل کرنے میں گرم سرد دوائیں ملا کر استعمال کریں۔

1- **ضعف قلب و خفقان** : مفرح بارد 5 ماشہ۔ عرق گذر 12 تولے نبات سفید 2 تولے کے ساتھ کھائیں۔

نکات مطب : اگر خفقان و ضعف کی ساتھ شدید حرارت ہو تو مفرح بارد 5 ماشہ یا خمیرہ صندل 5 ماشہ۔ شیرہ صندل سفید۔ شیرہ کشنیز خشک ہر ایک 3 ماشہ عرق گاؤزبان عرق کیوڑہ ہر ایک 2 تولے میں نکال کر اور شربت سیب 2 تولے ڈال کر دیتے ہیں۔
2- کبھی اصلاح کبد کے لئے مفرح بارد 5 ماشہ یا خمیرہ صندل 7 ماشہ کے ساتھ شیرہ زرشک شیرہ تخم خرفہ سیاہ ہر ایک 3 ماشہ۔ شربت انار شیریں 2 تولے پلاتے ہیں۔

2- ضعف قلب و تبخیر: آملہ مربی ایک عدد دھو کر ورق نقرہ ایک عدد لپیٹیں اور عرق گاؤزبان 6 تولے۔ عرق بید مشک 6 تولے۔ شربت سیب 2 تولے کے ساتھ کھائیں۔

3- ضعف قلب و معدہ و مالیخولیا و خفقان: دواء المسک معتدل سادہ 7 ماشہ یا جواہر والی 5 ماشہ کھائیں اور شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ عرق بادیان 6 تولہ عرق عنب الثعلب 6 تولے میں نکالیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں۔

4- خفقان و غشی: زہر مہرہ۔ بنسلوچن۔ اناردانہ۔ ساق۔ جدوار۔ زرورد۔ کہر باشمعی۔ یشب سبز ہر ایک 1 ماشہ سب کو پیس کر خمیرہ گاؤزبان جواہر والے 5 ماشہ یا خمیرہ مروارید 5 ماشہ میں ملائیں۔ آب انار۔ آب ناشپاتی ہر ایک 4 تولے یا لعاب گاؤزبان 3 ماشہ شیرہ بادیان 5 ماشہ شیرہ مویز منقی 9 دانے۔ عرق گاؤزبان۔ عرق کیوڑہ۔ گلاب۔ عرق بید مشک ہر ایک 3 تولہ میں نکال کر شربت سیب 2 تولے ملائیں اور خمیرہ کھا کر اوپر سے پئیں۔

5- خفقان حاروسل و دق و سرفہ خشک: خمیرہ مروارید 5 ماشہ کھائیں اور لعاب بہیدانہ 3 ماشہ۔ شیرہ عناب 5 دانے۔ عرق گاؤزبان 12 تولے میں نکال کر سیب 2 تولے ملائیں اور تخم فرنجمشک 5 ماشہ چھڑک کر پئیں۔

اضافہ و بدل: کبھی خمیرہ مروارید 5 ماشہ کی جگہ خمیرہ ابریشم شیرہ عناب والا 5 ماشے استعمال کراتے ہیں اور کبھی شیرہ مغز کدو۔ شیرہ مغز تربوز ہر ایک 3 ماشہ اضافہ کرتے ہیں۔

6- مقوی۔ مفرح مسکن حرارت قلب: خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا 7 ماشہ ورق نقرہ میں لپیٹ کر عرق گذر 10 تولہ اور شربت سیب شیریں 2 تولے کے ساتھ کھائیں۔

7- مقوی قلب: زہر مہرہ۔ طباشیر ہر ایک 1 ماشہ۔ دونوں کو پیس کر دواء المسک معتدل جواہر والی 5 ماشہ میں ملائیں اور ورق نقرہ 1 عدد میں ملفوف کر کے کھائیں۔ اس کے بعد الائچی خورد 3 ماشہ اور نبات سفید 2 تولے کو عرق گذر 12 تولے یا عرق گاؤزبان 12 تولے میں جوش کر کے پئیں۔

8- خفقان: آملہ مربی ایک عدد لے کر اس کو دھولیں اور چاندی کے ایک ورق میں لپیٹ کر کھائیں۔ پھر شیرہ خرفہ سیاہ شیرہ زرشک۔ شیرہ کشنیز خشک ہر ایک 3 ماشہ۔ شیرہ آلو بخارا 3 عدد۔ لعاب بہیدانہ۔ لعاب برگ گاؤزبان ہر ایک 3 ماشہ۔ عرق کیوڑہ عرق بید مشک۔ گلاب عرق گاؤزبان ہر ایک 3 تولے میں نکال لیں اور شرب سیب شربت انار شیریں شربت صندل یا شربت نیلوفر ہر ایک 2 تولے ملا کر پئیں۔

9- تبخیر و خفقان: ہلیلہ مربی ایک عدد پانی سے دھولیں اور ورق نقرہ ایک عدد میں

لپیٹ کر کھائیں۔ پھر لعاب بہیدانہ۔ شیرہ کشنیز خشک۔ شیرہ تخم خرفہ سیاہ ہر ایک 3 ماشہ عرق بادیان 12 تولے میں نکالیں اور شربت سیب 2 تولے ملا کر پئیں۔

10- **خفقان۔ مالیخولیا مراقی** : دواء المسک معتدل 5 ماشہ کھائیں اور شیرہ بادیان۔ شیرہ انیسون شیرہ تخم کشوث ہر ایک 5 ماشہ۔ عرق گندر عرق عنبر۔ عرق ماء اللحم ہر ایک 4 تولے میں نکال کر اور گلقند خیرہ بنفشہ ہر ایک 4 تولے یا شربت گڑحل 2 تولے ملا کر پئیں۔

11- **خفقان و قبض** : گلقند سیوتی۔ گلاب عرق گاؤزبان عرق عنب الثعلب ہر ایک 4 تولے میں مل چھان کر شربت دینار 4 تولے ملائیں اور پی جائیں۔

12- **خفقان تبخیری** : گلاب 10 تولے۔ سکنجبین 2 تولے۔ شربت ورد مکرر 2 تولے ملا کر پئیں۔

اضافہ : ورم عضلات کی صورت میں گلاب۔ عرق برنجاسف۔ عرق گاؤزبان ہر ایک 4 تولہ اضافہ کرتے ہیں۔

13- **خفقان** : آملہ خشک۔ کشنیز خشک برادہ صندل سفید ہر ایک 3 ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح ان کو زلال لیں اور نبات سفید 2 تولے ملا کر اور تخم ریحان 7 ماشے چھڑک کر کھائیں۔

14- **تسکین حرارت ارتعاش حرارت غریزی۔ تقویت اعضائے رئیسہ و رفع سرفہ و نزلہ** : زہر مہرہ۔ طباشیر۔ گوند کتیرا۔ کہربائے شمعی۔ رب السوس۔ یشب سبز۔ مروارید ناسفتہ۔ ہر ایک 1 ماشہ۔ سب کو پیس کر خمیرہ مروارید 3 ماشہ میں ملائیں اور ورق نقرہ 1 عدد میں لپیٹ کر آب انار شیریں آب ناشپاتی ہر ایک 6 تولے اور شربت سیب 2 تولے کے ساتھ کھائیں۔

15- **حرارت قلب و جگر** : آب انار شیریں۔ آب سیب شیریں۔ آب ناشپاتی۔ آب کشنیز سبز ہر ایک 3 تولہ نبات سفید 3 تولے ملا کر پئیں۔

16- **تسکین قلب و جگر**: آملہ مربہ 1 عدد دھو کر ورق نقرہ 1 عدد میں ملفوف کریں اور عرق گندر 8 تولے۔ عرق عنبر 4 تولے اور نبات 2 تولے کے ساتھ کھائیں۔

بدل: کبھی آملہ مربی کی جگہ مفرح بارد یا جوارش شاہی ہر ایک 5 ماشہ استعمال کرتے ہیں۔

17- **مقوی اعضائے رئیسہ دباہ** : ورق طلاء 1 عدد۔ شہد خالص (قدر حاجت) میں حل کر کے مشک خالص 2 برنج اور عنبر اشہب 2 برنج ملا لیں اور کھائیں۔

مرکبات۔ عرق گذر : (مفرح۔ مقوی۔ مسکن حرارت) گزر ایک سیر۔ گاؤزبان 2 تولہ۔ گل گاؤزبان ایک تولہ۔ صندل 12 ماشہ۔ تودری سرخ بہمن سفید ہر ایک 3 ماشہ میں بوتل عرق کشید کریں خوراک 10 تولے۔

مفرح بارد : (مقوی و مفرح و مسکن) عنبر اشہب۔ ورق طلا محلول ورق نقرہ محلول ہر ایک 7 سرخ مروارید ناسفتہ۔ کہربائے شمعی ہر ایک 4 ماشہ گل گاؤزبان طباشیر صندل سفید۔ غنچہ گل سرخ۔ مغز کدو شیریں۔ تخم خرفہ مقشر ہر ایک 9 ماشہ۔ آب سیب شیریں۔ آب بہی شیریں ہر ایک 7 تولہ 6 ماشہ گلاب۔ عرق بید مشک ہر ایک 9 تولہ 4 ماشہ۔ نبات سفید 9 چھٹانک حسب دستور مفرح بنائیں خوراک 5 ماشہ۔

خمیرہ صندل : (مفرح و مقوی قلب) صندل سفید 7 تولہ۔ آدھ سیر عرق گلاب میں ایک رات دن بھگوئیں۔ اور پھر حسب معمول جوشاندہ بنا کر ایک سیر قند سفید شامل کر کے خمیرہ کا قوام بنائیں خوراک 7 ماشہ۔

دواء المسک معتدل سادہ : (مقوی معدہ و جگر و قلب) گل سرخ۔ ابریشم مقرض۔ دار چینی۔ بہمن سرخ بہمن سفید۔ درونج عقربی۔ زعفران ہر ایک 7 ماشہ۔ عود ہندی۔ بادر نجبویہ ہر ایک سوا پانچ ماشہ۔ مصطگی۔ اشنہ' ہیل کلاں ہر ایک 3. ماشہ۔ زرشک 1 تولہ 5. ماشہ۔ طباشیر سفید۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ کشنیز خشک۔ گل گاؤزبان۔ آملہ منقی۔ بسد۔ تخم خرفہ مقشر ہر ایک 10. ماشہ۔ مشک تبتی ایک ماشہ 7 رتی۔ رب سیب شیریں۔ قند سفید۔ شہد سفید ہر ایک 10. ماشہ ہر ایک مساوی وزن ادویہ ورق نقرہ 10 ماشہ بدستور معمول دوا بنائیں خوراک 7 ماشہ۔

خمیرہ مروارید : (مقوی دل و دماغ) زہر مہرہ۔ بادرنجبویہ ہر ایک 3 ماشہ۔ مروارید ناسفتہ بہمن سرخ بہمن سفید۔ تودری سرخ۔ تودری سفید تخم بادرنجبویہ۔ زعفران عنبر اشہب۔ مشک ہر ایک ایک تولہ۔ گل گاؤزبان۔ خرفہ مقشر ہر ایک 10 تولہ عرق بید مشک' گلاب ہر ایک ایک سیر قند سفید دو سیر میں بطریق معروف خمیرہ بنائیں خوراک 5 ماشہ۔

خمیرہ ابریشم شیرہ عناب والا : (دافع خفقان و وحشت) ابریشم خام 14 تولہ 7 ماشہ کو پانی سے دھو کر صاف کریں اور پھر ایک سیر 13 چھٹانک پانی میں تین دن رات بھگوئیں۔ بعد ازاں اس قدر جوش دیں کہ پانی کا پانچواں حصہ باقی رہ جائے' اس کو مل چھان کر رب سیب شیریں۔ رب سیب ترش۔ رب انار ترش۔ رب انگور شیریں۔ رب بہی۔ شیرہ عناب۔ شیرہ گاؤزبان۔ عناب گاؤزبان کو جوش دے کر شیرہ نکالیں۔ شیرہ صندل سفید (در گلاب پر وردہ) ہر ایک 2 تولہ 11 ماشہ۔ عرق گلاب قند سفید ہر ایک 14 تولہ 7 ماشہ ملا کر شیرہ کا

قوام کریں اور اس میں زعفران 3 ماشہ۔ گلاب میں حل کر کے عنبر اشہب۔ مشک تبتی ہر ایک پونے دو ماشہ شامل کریں خوراک 5 ماشہ۔

عرق عنبر: (مقوی اعضائے رئیسہ و باہ مشک) مشک 2. ماشہ عنبر 3 ماشہ مصطگی 9 ماشہ۔ برگ ریحان تازہ سعد کوفی۔ کشنیز خشک' گل گاؤزبان انیسوں۔ درونج عقربی۔ پوست بیرون پستہ۔ زرنباد۔ عود غرقی کباب چینی۔ اشنہ سنبل الطیب۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ شقاقل۔ دار چینی' سازج ہندی' قرنفل' بوزیدان' گل سرخ' طباشیر' الائچی خورد' الائچی کلاں' علف ہندی' پوست اترج' ابریشم مقرض' صندل سفید ہر ایک 22 ماشہ' زعفران 9 ماشہ۔ آب سیب آدھ سیر۔ آب انار ترش ایک سیر۔ عرق گاؤزبان' عرق بید مشک' عرق بادرنجبویہ ہر ایک 4 سیر۔ عرق گلاب 5 سیر۔ جو دوائیں کوٹنے کی ہیں ان کو کوٹ کر رات کو عرقیات میں بھگوئیں' صبح آب سیب رب انار ترش ہر ایک ایک سیر اضافہ کریں۔ اور زعفران' عنبر و مشک پوٹلی میں باندھ کر نیچہ کے منہ کے اندر رکھیں اور 25 بوتل عرق تیار کریں۔ خوراک 7 تولے۔

عرق ماء اللحم خاص: (مقوی باہ اعضائے رئیسہ۔ مفرح۔ ممسک) سنبل الطیب' سازج ہندی بہمن سفید۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ قرنفل۔ دار چینی۔ عود خام۔ پوست ترنج۔ گاؤزبان۔ بوزیدان۔ اشنہ۔ صندل سفید۔ بادرنجبویہ۔ تخم فرنجمشک۔ گل گاؤزبان۔ کشنیز خشک۔ زرنباد۔ بادیان درونج۔ مصطگی۔ سعد کوفی ہر ایک 4. تولہ۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ گل سرخ۔ ابریشم مقرض ہر ایک 9 تولہ۔ قضیب گاؤ 3 تولہ۔ گوشت حلوان 24 سیر۔ بٹیر 24 عدد۔ عرق بید مشک 1 سیر۔ عرق گاؤزبان 9 سیر۔ انگور۔ سیب۔ بہی۔ ریگ ماہی۔ ماہی روبیاں ہر ایک 3 سیر۔ جھینگا مچھلی خشک یا تازہ 6 سیر۔ عنبر سوا 2 تولہ۔ مشک 2 تولہ' چوزہ مرغ 14 عدد۔ سانڈہ 10 عدد۔ تمام گوشتوں کی یخنی تیار کر کے اوپر کی دوائیں اس میں شامل کر کے 80 بوتل عرق کشید کریں خوراک 5 تولے۔

جوارش شاہی: (دافع خفقان و وحشت) زرشک سوا 9 تولہ' مربی آملہ 25 تولہ۔ مربی ہلیلہ' گلاب۔ عرق بید مشک ہر ایک 25 تولہ۔ شربت انار شیریں۔ شربت انار ترش ہر ایک 10 تولہ' قند سفید 10 تولہ۔ حسب معمول جوارش تیار کریں۔

عرق بہار: (دافع خفقان) گل نارنج 5 سیر۔ گلقند ایک سیر۔ بادیان۔ مویز منقی۔ کشمش. ہر ایک پندرہ تولے۔ عود۔ زرنب بہمن سرخ۔ شقاقل مصری ہر ایک 1 تولہ۔ عنبر پونے 2 ماشے۔ ان دواؤں کو 15 سیر پانی میں دن رات تر رکھ کر پانچ سیر عرق کھینچیں۔ خوراک 5 تولے۔

عرق فواکہ۔ مقوی قلب و مسکن و دافع خفقان و وسواس جنون : آب انار ولائتی شیریں۔ آب سیب شیریں۔ آب بہی شیریں۔ آب ناشپاتی ہر ایک آدھ سیر۔ آب لیموں شیریں سوا سیر۔ آب کاہو سبز ڈیڑھ سیر۔ آب کشنیز سبز ایک سیر۔ آب گزر۔ آب کدو ہر ایک سوا سیر۔ آب تربوز دس گنا ہر ایک ایک سیر۔ گاؤزبان۔ گل نیلوفر۔ بادرنجبویہ۔ جو مقشر۔ صندل سفید ہر ایک پاؤ سیر۔ طباشیر سفید 6 تولے۔ کشنیز مقشر 10 تولے۔ بکری کا دودھ 10 سیر۔ سوائے دودھ کے تمام چیزوں کو ملا کر ایک رات رکھیں۔ سب دودھ ملا کر عرق کھینچیں' خوراک 5 تولے ہمراہ شربت انار 2 تولہ۔

نسخہ دیگر : انار ترش۔ آب انار شیریں۔ آب بہی۔ آب انگور شیریں۔ آب امرود۔ برادہ صندل سفید ہر ایک نصف سیر۔ آب زرشک 3 تولے۔ عرق کھینچیں۔ خوراک 5 تولے ہمراہ شربت انار 2 تولے۔

امراض پستان

قلت شیر

1- تودری گلگوں 1 تولہ کھا کر شیر گاؤ۔ نثار۔ نبات سفید 2 تولے پئیں۔
2- زیرہ سفید کوٹ چھان کر 1 ماشہ کھانے کے بعد کھائیں۔

امراض مری و معدہ

ہدایات : 1- مری میں مقامی دوائیں دونوں شانوں کے درمیان لگائی جاتی ہیں۔
2- مری و معدہ کے ضماد میں عطریت ضرور ہونی چاہئیے۔
3- امراض مری میں پینے کی دوا العوق اور حریرے کی شکل میں ہونی چاہئیے۔
4- معدے کے استفراغ مادہ کے لئے بہترین دوا ایارج ہے۔
5- امراض معدہ میں جو دوائیں استعمال کریں وہ بہت باریک نہ پسوائیں۔

ضعف معدہ و ضعف ہضم

1- **بدہضمی** : شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ عرق بادیان 6 تولہ۔ عرق کو 6 تولہ میں نکال کر خمیرہ بنفشہ 4 تولہ ملائیں اور صاف کر کے پئیں۔

نکات مطب: (ا) اگر فساد غذا سے ہچکی عارض ہو تو مصطگی رومی' عقرقرحا ایک ایک ماشہ پیس کر جوارش کمونی 1 تولہ میں ملائیں اور نسخہ مذکور کے ساتھ کھلائیں۔

(ب) اگر مواد بلغمیہ زیادہ ہوں تو شیرہ مویز منقے 9 دانہ۔ شیرہ تخم کشوث 3 ماشہ اضافہ کریں۔

(ج) اگر تبخیر معدہ درد سر ہو۔ تو خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ ورق نقرہ میں لپیٹ کر اس نسخے کے ساتھ استعمال کریں۔

(د) اگر پیٹ میں ریاح ہوں تو جوارش کمونی 1 تولہ۔ شیرہ تخم کشوث 3 ماشہ۔ شیرہ انیسون 3 ماشہ بڑھائیں اور خمیرہ بنفشہ کی جگہ گلقند 4 تولہ شامل کریں۔

(ر) اگر قبض ہو تو شربت دینار 2 تولہ اور شربت وردمکرر 2 تولہ اضافہ کریں۔

(س) **ورم احشاء:** صلابت شکم اور پرانے بخار کی صورت میں عرق بادیان کی جگہ عرق برنجاسف 12 تولہ داخل کرتے ہیں اس حالت میں کبھی شیرہ عنب الثعلب 5 ماشہ خشک بھی بڑھاتے ہیں۔

2- خلل شکم۔ امراض باردہ و بلغمیہ و معدہ و جگر و طحال و رحم۔

حمیات بلغمیہ و صلابت شکم و اورام احشا: گل بنفشہ 7 ماشہ۔ مویز منقی 9 دانہ۔ بادیان 7 ماشہ۔ بیخ کاسنی 7 ماشہ۔ گاؤزبان 5 ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں اور صبح مل چھان کر خمیرہ بنفشہ 4 تولہ ملائیں۔

اشارات مطب: اس نسخے کو خلل شکم کہتے ہیں اور یہ نہایت کثرت سے شریف خانی و اطباء کے ہاں برتا جاتا ہے۔

2- نزلے میں تخم خطمی 7 ماشہ' تخم خبازی 7 ماشہ کا اضافہ کرتے ہیں۔

3- کھانسی کی صورت میں گل گاؤزبان 3 ماشہ اصل السوس 5 ماشہ بڑھاتے ہیں۔

4- بخار کی صورت میں آٹھویں روز خاکسی 7 ماشہ کا اضافہ کرتے ہیں۔

5- نزلہ اطفال میں گل گاؤزبان 1 ماشہ۔ اصل السوس مقشر 2 ماشہ کا اضافہ کرتے ہیں کبھی تخم کاسنی 2 ماشہ اور تخم خبازی 2 ماشہ بڑھاتے ہیں۔

6- اگر بلغم عروق معدہ میں جسپیدہ ہو تو پرسیاؤشاں 5 ماشہ اور تخم کشوث 5 ماشہ میں باندھ کر شامل کرتے ہیں۔

7- تقویت معدہ و تفتیح سدہ عروق کے لئے تخم کشوث 5 ماشہ پوٹلی میں باندھ کر ڈالتے ہیں۔

8- صرع کی رعایت مطلوب ہو تو عود صلیب 5 ماشہ نیم کوفتہ شامل کرتے ہیں۔

9- طحال کی رعایت مطلوب ہو تو برگ جھاؤ 7 ماشہ اور انجیر زرد 7 دانہ بڑھاتے ہیں۔
10- استسقاء میں انجیر 5 دانے اور تخم کشوث 5 ماشہ پوٹلی میں باندھ کر شامل کرتے ہیں۔
11- آنتوں میں خراش ہو تو ریشہ خطمی 7 ماشہ زیادہ کرتے ہیں۔
12- اگر صفرا زیادہ ہو تو آلو بخارا 5 دانہ اضافہ کرتے ہیں۔
13- اگر خون خراب ہو تو چرائتہ 7 ماشہ اور شاہترہ 7 ماشہ ڈال دیتے ہیں۔
14- اگر قبض ہو تو گل سرخ 7 ماشہ بڑھاتے ہیں مگر بحالت نزلہ گل سرخ نہیں دینا چاہئے۔
15- اورام احشاء کی صورت میں آب کو سبز مروق 3 تولے' آب کاسنی سبز مدوق 3 تولے شامل کرتے ہیں۔
16- نفیج بلغم وتفتیح مجاری مقصود ہو تو بیخ کبر 7 ماشہ۔ بیخ اذخر 7 ماشہ یا بیخ بادیان 7 ماشہ اور اصل السوس مقشر 5 ماشہ اضافہ کرتے ہیں۔
17- ادرار اور سدہ کبد کی تفتیح کی ضرورت ہو تو تخم کاسنی 7 ماشہ نیم کوفتہ بڑھاتے ہیں۔
18- یرقان ہو تو آب برگ ترب سبز 4 تولہ اور تخم خیارین 7 ماشہ زیادہ کرتے ہیں۔
19- تلیین کی ضرورت ہو تو برگ سناء مکی 7 ماشہ' گلقند 4 تولہ۔ ترنجبین 4 تولہ شکر سرخ 4 تولے بڑھاتے ہیں۔

3- **ضعف معدہ**: پوست ترنج۔ طباشیر۔ دانہ ہیل۔ ساق۔ مصطگی ہر ایک 1 ماشہ کو پیس کر سکنجبین سادہ 2 تولے میں ملا لیں اور اس میں عرق بادیان 6 تولے۔ گلاب 6 تولے گلقند 4 تولے کو مل کر پی لیں۔

4- **ضعف معدہ**: زہر مہرہ۔ طباشیر۔ کہربائے شمعی۔ کوکنار۔ مروارید' دانہ ہیل۔ صندل سفید ہر ایک ایک ماشہ کو پیس کر رب بہی شیریں 2 تولے میں ملا کر کھائیں۔ اور پھر شیرہ زرشک۔ شیرہ حب آلاس ہر ایک 3 ماشہ۔ عرق گاؤزبان۔ عرق کیوڑہ۔ گلاب ہر ایک 4 تولے میں نکال کر رب بہی شیریں 2 تولے ملائیں اور بارتنگ 5 ماشہ چھڑک کر پئیں۔

5- **ضعف معدہ سوء ہضم و اسہال**: مصطگی۔ انار دانہ۔ بریاں۔ ساق ہر ایک ایک ماشہ پیس کر جوارش مصطگی کلاں 7 ماشہ میں ملائیں' پھر شیرہ حب الاس 3 ماشہ پانی میں نکال کر رب بہی شیریں 2 تولے ملائیں اور جوارش کھا کر پئیں۔

6- **فساد ہضم و فساد خون**: معجون عشبہ 5 ماشہ۔ عرق پودینہ 10 تولے۔ شکر سرخ 4 تولے ملا کر کھائیں۔

7- **ضعف معدہ فساد خون**: آملہ مربی 1 عدد دھو کر ورق نقرہ 1 عدد میں ملفوف کر

لیں۔ پھر لعاب بہیدانہ 3 ماشہ۔ شیرہ عناب 5 دانے۔ عرق مرکب فساد خون 12 تولے میں نکال کر شربت عناب 2 تولے ملائیں اور آملہ کھا کر پئیں۔

8- سوء ہضم و فساد خون: شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ عرق بادیان 4 تولے میں نکال کر شربت عناب 4 تولے یا شربت صندل 2 تولے ملا کر پئیں۔

مرکبات

سفوف نعناع: (مقوی معدہ۔ ہاضم طعام) پودینہ خشک 1 تولہ' نمک طعام 6 ماشہ' سماق' فلفل سیاہ ہر ایک 6 ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک 2 ماشے ہمراہ آب گرم۔

حب سماق: (مقوی معدہ) مازو سبز۔ سماق۔ پوست انار۔ حب الآس۔ تخم مویز۔ افیون ہر ایک 3 ماشہ۔ لعاب صمغ عربی میں نخود کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک 2 گولیاں۔

9- سفوف ہاضم: نمک لاہوری 3 ماشہ۔ بادیان 6 ماشہ۔ زرشک 6 ماشہ۔ سماق 3 ماشہ۔ اناردانہ' کشنیز خشک ہر ایک 6 ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور تین سرخ پانی کے ساتھ کھائیں۔

تریاق معدہ: (مقوی معدہ ہاضم طعام) نوشادر۔ دار فلفل۔ نمک سیاہ۔ الائچی سفید مع پوست ہر ایک 6 ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور تین سرخ پانی کے ساتھ کھائیں۔

حب ہاضم: (پھلونہ) شورہ قلمی۔ نوشادر ہر ایک 7 تولے نمک سیاہ۔ نمک لاہوری۔ نمک طعام۔ نمک سنگ۔ زنجبیل۔ فلفل دراز۔ فلفل سیاہ۔ کف دریا۔ جوکھار ہر ایک 10 تولے۔ جوزبوا۔ بسباسہ۔ ہر ایک 10 ماشہ کوٹ چھان کر عرق لیموں بقدر حاجت میں نخود کے برابر گولیاں بنائیں دو گولیاں بعد از طعام کھائیں۔

عرق ہاضم: (مقوی معدہ ہاضم طعام) چھال کیکر 5 سیر۔ کشمش۔ قند سفید ہر ایک 2. سیر۔ لسن صرہ بستہ۔ قرنفل ہر ایک 6 ماشہ ۔ عود غرقی ایک تولہ۔ صندل سفید 11 ماشہ۔ بیخ بنفشہ 9 ماشہ۔ پوست ترنج 2 تولہ۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ شقاقل۔ ثعلب مصری۔ ساذج ہندی۔ دار چینی۔ گل گاؤزبان۔ ہر ایک ایک تولہ خس 2 تولہ' دانہ ہیل کلاں 2. تولہ۔ جوزبوا' بسباسہ ہر ایک ایک تولہ زعفران 6 ماشہ۔ عنبر 3 ماشہ۔ زعفران اور عنبر کی پوٹلی بنا کر نیچہ کے منہ کے اندر رکھیں اور دس بوتل عرق کشید کریں۔

چٹکی: (بچوں کے ضعف ہضم اور معدہ کی اصلاح کے لئے مفید ہے) بادیان۔ ہلیلہ سیاہ۔ پودینہ خشک۔ فلفل سیاہ۔ نمک طعام۔ نرکچور۔ سہاگہ بریاں ہر ایک 3 ماشہ کوٹ چھان کر

لعوق بنائیں۔ خوراک نصف ماشے سے تین ماشے تک۔

کشتہ فولاد : (مقوی معدہ و جگر) برادہ فولاد قسم اول کو شیر آکھ میں کھرل کر کے ظرف گلی میں رکھیں اور گل حکمت کر کے دس سیر جنگلی اپلوں کی آنچ دیں۔ دوسری مرتبہ تھوہر کے دودھ میں اور تیسری مرتبہ گھیکوار کے لعاب میں کھرل کر کے آگ دیں خوراک 2 برنج۔

کشتہ خبث الحدید : (مقوی معدہ و جگر) خبث الحدید کو کوٹ پیس کر جامن کے سرکہ میں کھرل کریں اور سکورہ گلی میں رکھ کر جنگلی اپلوں کی آگ دیں۔ بار ثانی گھیکوار کے لعاب میں کھرل کر کے آگ دیں۔ خوراک 1 سرخ۔

درد و ریح شکم

1- **ریاح و درد شکم** : پہلے جوارش جالینوس 7 ماشہ کھائیں اور گلاب 12 تولے یا عرق بادیان 6 تولے اور عرق مکو 6 تولے میں شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ شیرہ تخم کشوث 3 ماشہ نکال لیں اور گلقند 4 تولے ملا کر اوپر سے پئیں۔

اضافات : 1- اگر موجب قوی ہو تو شیرہ تخم کرفس 3 ماشہ۔ شیرہ انیسوں 3 ماشہ اضافہ کریں۔

2- اگر قبض کی ضرورت ہو تو شربت ورد مکرر 2 تولے اور شربت دینار 2 تولے اضافہ کریں۔

2- **درد بارد فم معدہ** : مصطگی۔ جدوار ہر ایک ایک ماشہ پیس کر جوارش جالینوس 7 ماشہ میں ملائیں اور ماء اللحم کاسنی مکو والے 5 تولے میں گلقند 4 تولے ملا کر جوارش کے کھانے کے بعد پئیں۔

3- **ریاح شکم و ضعف ہضم** : نمک لاہوری۔ ساق۔ دانہ ہیل۔ اناردانہ۔ کشمش۔ خشک ہر ایک ایک تولہ سفوف بنائیں اور طعام کے بعد 6 ماشے کھائیں۔

4- **نفخ شکم و ریاح** : پودینہ 1 تولہ۔ ساق 6 ماشہ۔ نمک طعام 6 ماشہ۔ فلفل سیاہ 2 ماشہ سفوف بنائیں۔ 3 ماشے غذا سے پہلے یا پیچھے کھائیں۔

5- **درد شکم** : نارجیل دریائی یا جدوار یا مامیثا ہر ایک ایک ماشہ۔ گلاب 5 تولے میں حل کر کے پئیں۔

6- **درد شکم** : گلقند 4 تولے۔ گلاب عرق کیوڑہ عرق بادیان ہر ایک 4 تولہ میں حل چھان اور شربت دینار 2 تولے ملا کر پئیں۔

7- **درد شکم**: شیرہ بادیان 5 ماشہ- شیرہ زیرہ سیاہ' شیرہ دانہ ہیل ہر ایک 3 ماشہ- عرق عنب الثعلب 12 تولے میں نکال کر گلقند 4 تولے شامل کر کے پئیں-

8- **درد شکم و حمی بلغمی**: شکاعی' باد آورد' ہر ایک 3 ماشہ' عنب الثعلب 5 ماشہ- تخم کثوث (صرہ بستہ) 3 ماشہ پانی میں جوش دے کر صاف کر لیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولہ ملا کر پئیں-

9- **درد بلغمی و صفراوی**: سورنجاں شیریں- مصطگی ہر ایک ایک ماشہ کو پیس کر شیرہ کشنیز خشک شیرہ تخم خرفہ' شیرہ تخم خیارین- شیرہ مغز ہندوانہ- شیرہ حب القرطم ہر ایک 3 ماشہ عرق بادیان 12 تولہ میں نکال لیں اور شربت بزوری 4 تولے ملا کر پئیں-

10- **ضعف معدہ و درد ریحی**: جوارش کمونی 1 تولہ کھائیں پھر شیرہ تخم کثوث 3 ماشہ شیرہ بادیان 5 ماشہ- عرق بادیان- عرق عنب الثعلب ہر ایک 6 ماشہ میں نکال کر اور شربت بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں-

اضافہ: کبھی شربت ورد مکرر 2 تولے اور کبھی شربت دینار 2 تولے بھی اضافہ کرتے ہیں-

11- **درد شکم و سوء ہضم**: (جو زیادہ کھانے کی وجہ سے ہو) جوارش تمرہندی 5 ماشہ کھائیں اور شیرہ زرشک 3 ماشہ- شیرہ بادیان 5 ماشے- شیرہ آلو بخارا 5 دانے- عرق بادیان- عرق عنب الثعلب ہر ایک 6 تولے میں نکال کر گلقند 4 تولے اور تمرہندی 4 تولے اس میں مل لیں اور شربت ورد مکرر 4 تولے ملا کر پئیں-

12- **درد معدہ ریحی**: تین روز تک جوارش کمونی پانچ پانچ ماشہ کھائیں پھر ہر روز ایک ایک ماشہ بڑھائیں- اور جب ایک تولے تک مقدار پہنچ جائے تو کم کرنا شروع کرے تا آنکہ پانچ ماشے رہ جائے پھر تین روز کھا کر ترک کریں-

13- **درد معدہ ریحی**: اسی طرح جوارش جالینوس 5 ماشے بڑھا گھٹا کر کھائیں-

14- **درد شکم ریحی**: شیرہ تخم کثوث 3 ماشہ- شیرہ بادیان 5 ماشہ- پودینہ کا عرق 10 تولے یا عرق الائچی 10 تولے میں نکال کر اور خمیرہ بنفشہ' گلقند یا شربت دینار ہر ایک 4 تولے ملا کر پئیں-

15- **درد شکم ریحی**: مصطگی اور دانہ الائچی خورد ہر ایک ایک ماشہ کو پیس کر جوارش مصطگی 5 ماشہ یا گلقند 2 تولے میں ملا کر کھائیں اور شیرہ بادیان 5 ماشہ شیرہ پودینہ خشک- شیرہ زیرہ سیاہ ہر ایک 3 ماشہ- عرق بادیان 12 تولے میں نکال کر اور گلقند 4 تولے ملا کر پلائیں-

16- **درد شکم**: پوست ہلیلہ زرد- زنجبیل- نمک سیاہ- برگ سناکی ہموزن سفوف بنائیں اور ایک تولہ کھا کر عرق گلاب 8 تولے پئیں-

17- **درد شکم**: عصارہ ریوند 1 ماشہ- گلقند 4 تولے میں ملا کر عرق گلاب 5 تولے کے ساتھ کھائیں-

18- **سفوف کاسر ریاح**: انیسوں' رازیانہ' مصطگی' کندر' کرویہ ہموزن کوٹ چھان کر سفوف بنائیں- خوراک 6 ماشہ ہمراہ آب-

19- **ریح شکم**: مصطگی 3 ماشہ- روغن گل (بقدر ضرورت) میں پگھلا کر شکم پر مالش کریں-

20- **تکمید محلل ریاح**: زنجبیل- مالکنگنی ہر ایک 6 ماشہ- سبوس گندم 1 تولہ- نمک طعام- جاورس ہر ایک 6 ماشہ کوٹ چھان کر پوٹلی میں باندھ لیں اور تکمید کریں-

21- **ریح شکم**: نمک طعام- آرد نخود ہموزن ملا کر شکم پر ملیں-

قے- متلی

1- **قے صفراوی**: 1- سکنجبین اور گرم پانی سے اچھی طرح قے کرا لیں' جب معدہ صاف ہو تو ذیل کا نسخہ دیں-

2- زرشک سماق ہر ایک 3 ماشے گلاب 12 تولے میں پیس کر شربت انار شیریں 2 تولے میں ملائیں-

3- کبھی یہ نسخہ دیا جاتا ہے- زرشک- تخم خرفہ- تخم خیارین ہر ایک 3 ماشہ- گلاب 12 تولے میں شیرہ نکالیں اور اس میں شربت انار 2 تولے ملا کر پئیں-

2- **سفوف صفراوی**: طباشیر- زر ورد- کشنیز خشک- سماق- انار دانہ بریاں ہموزن سفوف بنائیں اور چھ چھ ماشے صبح و شام رب بہی یا رب انار ہر ایک 2 تولے کے ساتھ دیں-

3- **قے صفراوی**: شیرہ زرشک 3 ماشہ- عرق بادیان 8 تولے- عرق پودینہ 4 تولے میں نکالیں اور شربت انگور 2 تولے ملا کر پئیں-

اضافہ: کبھی اس نسخہ میں شیرہ آلو بخارہ 5 دانے اضافہ کرتے ہیں-

4- **قے بلغمی**: 1- تخم ترب- نمک اور شہد کے جوشاندے سے قے کرا کر نسخہ ذیل

دیں۔

2- مصطگی 3 ماشہ۔ گلقند 2 تولے میں ملا کر کھلائیں۔

3- پودینہ خشک۔ مصطگی۔ دانہ ہیل۔ پوست ترنج۔ عود۔ پوست بیرون پستہ ہر ایک ایک ماشہ جوارش مصطگی 17 ماشہ میں ملائیں اور دوسرے وقت کھائیں۔

5- **لعوق قے** : الائچی خورد۔ طباشیر۔ ست گلو۔ گل سرخ۔ صندل سفید ہر ایک 1 ماشہ سب کو پیس کر شربت انار 2 تولے یا رب انار 3 تولے میں ملائیں اور تھوڑا تھوڑا کر کے چاٹیں۔

6- **لعوق دیگر** : صندل سفید۔ زہر مہرہ بنسلوچن۔ سماق۔ انار دانہ۔ زرشک _ زردرد ہر ایک ایک ماشہ' سب کو پیس کر شربت انار 2 تولے یا شربت غورہ 2 تولے میں ملائیں۔

7- **متلی** : (جو مسہل کے بعد ہوتی ہے) شربت غورہ 1 تولے میں پانی ملا کر پئیں۔

8- **ضماد حابس قے** : زرشک 3 ماشہ۔ آملہ منقی 3 ماشہ۔ سماق۔ طباشیر۔ پوست ترنج پوست بیرون پستہ۔ صندل سفید ہر ایک ایک ماشہ۔ سب کو پیس کر ایک تولہ گلاب میں ملا لیں اور ایک تولہ سرکہ اضافہ کر کے ضماد کریں۔

9- **ضماد حابس قے** : مصطگی۔ سنبل الطیب۔ عود۔ پوست ترنج۔ سرکہ اور گلاب بقدر حاجت میں پیس کر معدہ پر لیپ کریں۔

10- **مانع قے پلستر**: خردل اور سرکہ خالص (حسب ضرورت) میں پیس کر نیم گرم فم معدہ پر ضماد کریں اور پندرہ منٹ کے بعد علیحدہ کر دیں۔

11- **سفوف مانع قے** : اصل السوس مقشر' گل سرخ۔ دانہ الائچی خورد۔ آملہ خشک۔ کشنیز خشک ہر ایک 5 ماشہ _ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور چھ ماشہ کھا کر پانی پئیں۔

ہیضہ و تخمہ

1- **ہیضہ وبائی** : پوست بیرون پستہ۔ زہر مہرہ۔ بنس لوچن۔ سماق' انار دانہ بریاں 'پوست ترنج ہر ایک ایک ماشہ۔ سب کو پیسیں اور جوارش عود ترش 7 ماشہ میں ملا کر کھائیں اور شیرہ زرشک 2 ماشہ شیرہ آلو بخارا 5 دانے۔ شیرہ تخم خرفہ سیاہ 3 ماشہ۔ عرق کیوڑہ۔ بید مشک' گلاب ہر ایک 4 تولہ میں نکال لیں اور شربت غورہ 2 تولے یا سکنجبین اور شربت لیموں ہر ایک 2 تولے ملا کر پئیں۔

2- **لعوق ہیضہ و قے و غثیان** : زہر مہرہ۔ بنس لوچن۔ پوست ترنج۔ انار دانہ بریاں

ہر ہر ایک ایک ماشہ۔ سب کو پیس کر شربت انار شیریں 2 تولے میں ملائیں اور تھوڑا تھوڑا کر چاٹیں۔

اضافہ و بدل: کبھی اس میں سماق۔ پوست بیرون پستہ۔ زرشک۔ صندل سفید۔ ہر ایک ایک ماشہ بڑھا دیتے ہیں اور کبھی شربت انار 2 تولے کی جگہ شربت لیموں 2 تولے یا شربت غورہ 2 تولے استعمال کرتے ہیں۔

3- **ہیضہ:** جدوار پیستہ۔ دریائی ناریل ہر ایک ایک ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر جوارش تمرہندی 15 ماشہ میں ملا کر کھائیں اور گلاب 10 تولے سکنجبین 2 تولے ملا کر پئیں۔

4- **ہیضہ:** (نسخہ مجوزہ حکیم عبدالمجید خاں صاحب حاذق الملک مرحوم) زہر مہرہ۔ طباشیر ہر ایک ایک ماشہ۔ دونوں کو پیس کر جوارش عود ترش 7 ماشہ میں ملا کر کھائیں اور شیرہ زرشک۔ شیرہ تخم خرفہ سیاہ ہر ایک 3 ماشہ۔ شیرہ آلو بخارا 5 دانے۔ عرق بادیان۔ گلاب عرق' بید مشک' عرق عنب الثعلب ہر ایک 3 تولے میں نکالیں اور شربت غورہ و سکنجبین ہر ایک 2 تولہ ملا کر پلائیں۔

اضافات: کبھی سماق' انار دانہ ہر ایک ایک ماشہ پیس کر اضافہ کرتے ہیں۔

2- کبھی لعاب بہیدانہ 3 ماشہ۔ عرق کیوڑہ 10 تولے میں نکال کر شربت لیموں 2 تولے ملا لیتے ہیں۔

5- **لعوق ہیضہ:** (مسکن و حابس اسہال) صندل سفید۔ زہر مہرہ۔ طباشیر' انار دانہ۔ سماق۔ زرشک زرورد ہر ایک ایک ماشہ' شربت انار 2 تولہ یا شربت غورہ 2 تولے میں ملا کر چاٹیں۔

6- **تشنگی و انصباب مرار بر فم معدہ:** زہر مہرہ۔ سماق۔ انار دانہ۔ زرشک۔ زرورد ہر ایک ایک ماشہ سب کو پیس کر جوارش انارین 7 ماشہ میں ملائیں۔ پھر شیرہ خرفہ سیاہ۔ لعاب بہیدانہ۔ شیرہ صندل سفید ہر ایک 3 ماشہ۔ عرق بید مشک' عرق بید مشک۔ عرق بدیان ہر ایک 6 تولے میں نکال کر شربت غورہ 2 تولے یا شربت لیموں 2 تولے ملا ئیں اور جوارش کھانے کے بعد پئیں۔

7- **عطش ہیضہ** [illegible] ماشہ پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور پئیں۔

8- **ہیضہ صفراوی** [illegible] آب کاسنی سبز مروق 5 تولے کے ساتھ پھانکیں۔

9- **تقویت معدہ و حبس اسہال:** مصطگی پودینہ خشک' دانہ ہیل۔ صعتر سبز۔ پوست۔

بیرون پستہ- زرورد- ساق ہر ایک ایک ماشہ- سب کو پیس کر خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا' 5 ماشے یا دواء المسک معتدل 5 ماشہ میں ملا کر شیرہ بادیان- شیرہ زیرہ سیاہ' شیرہ حب الاس ہر ایک 3 ماشہ- عرق ماء اللحم 4 تولے ـ عرق الائچی 6 تولے میں نکال کر رب بہی 2 تولے میں ملا لیں اور خمیرہ کھانے کے بعد پئیں-

10- **ہیضہ و ضعف معدہ**: معجون سنگ دانہ مرغ 5 ماشہ کھائیں اور شیرہ بادیان شیرہ دانہ ہیل- شیرہ کشنیز خشک ہر ایک 3 ماشہ- عرق عنبر 4 تولے- عرق الائچی 8 تولے میں نکال کر اور شربت انار 2 تولے ملا کر پئیں-

11- **ضماد درد معدہ**: (جو ہیضہ میں لاحق ہوتا ہے) ساق- صندل- سفید- زرورد' طباشیر' گل سرخ ہر ایک 3 ماشہ سب کو پانی میں پیس کر سرکہ خالص 6 ماشہ اضافہ کریں اور مقام ماؤف پر لیپ کریں-

12- **تشنگی- سوزش فم معدہ- قے و اسہال صفراوی**: زہر مہرہ- بنسلوچن' انار دانہ' زرشک- زرورد ہر ایک ایک ماشہ- سب کو پیس کرجوارش انارین 7 ماشہ میں ملائیں اور لعاب بہدانہ شیرہ تخم خرفہ سیاہ- شیرہ صندل سفید ہر ایک 3 ماشہ- عرق بادیان 8 تولے- عرق بید مشک 4 تولے میں نکال کر شربت غورہ 2 تولے میں ملائیں اور جوارش کھا کر اوپر سے پئیں-

13- **ہیضہ غذائی**: جوارش کمونی 1 تولہ کھائیں اور شیرہ مویز منقی 9 دانہ- شیرہ تخم کشوث 3 ماشہ- شیرہ بادیان 5 ماشہ- عرق بادیان- عرق عنب الثعلب- گلاب ہر ایک 4 تولہ میں نکال کر خمیرہ بنفشہ اور گلقند ہر ایک 4 تولہ میں ملائیں اور پی جائیں-

اضافات: اگر تلین طبع کی ضرورت ہو تو شربت ورد 4 تولے اور شربت دینار 4 تولے ملائیں-

2- اگر فائدہ نہ ہو تو سنائکی- تربد سفید مجوف خراشیدہ ہر ایک 5 ماشے- پیس کر گلقند 2 تولے میں ملائیں اور غلولہ بنا کر عرق گلاب 12 تولے کے ساتھ کھائیں- یا مسہل بارد استعمال کریں یا عصارہ ریوند 1 ماشہ- گلقند 4 تولے میں ملا کر گلاب 12 تولے کے ساتھ کھائیں-

14- **تخمہ- درد شکم**: تمہندی کو پانی میں جوش دے کر صاف کر لیں- پھر سنائکی 7 ماشہ باریک پیس کر اس پر چھڑک دیں اور پئیں-

15- **تخمہ و اسہال صفراوی و بلغمی**: جوارش کمونی 1 تولہ کھائیں- پھر شیرہ بادیان 5 ماشہ- عرق بادیان 8 تولے- گلاب 4 تولے میں نکال کر خمیرہ بنفشہ 4 تولے اور شربت دینار

4 تولے ملائیں اور جوارش کھا کر پئیں۔

اضافہ: اگر مریض قوی ہو تو سکنجبین اور گلقند پر اضافہ کریں۔

مرکبات

جوارش تمرہندی: (مقوی معدہ و جگر و قلب و دافع قے و اسہال صفراوی) تمرہندی۔ مویز (ہر دو منقے در سرکہ شراب پر وردہ) انار دانہ شاہی ہر ایک 37 تولہ علیحدہ علیحدہ کوٹ پیس کر باریک کریں اور انار دانہ کو کپڑے میں چھان لیں۔ قند سفید ایک سیر کے قوام میں تینوں دوائیں اچھی طرح ملائیں اور اس کو چلاتے ہوئے آب لیموں یا سرکہ اور آب انار ترش تھوڑا تھوڑا ڈالتے جائیں اور آخر میں فلفل سیاہ۔ زنجبیل۔ تج۔ قرنفل۔ جوزبوا۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ پودینہ ہر ایک 6 ماشہ کوٹ چھان کر شامل کریں۔ خوراک 7 ماشہ۔

معجون سنگدانہ مرغ: (مقوی معدہ ہاضم طعام) پوست سنگ دانہ مرغ۔ طباشیر ہر ایک 9 ماشہ۔ نعناع خشک۔ پوست بیرون پستہ پوست ترنج۔ پوست ہلیلہ زرد ہر ایک 4 ماشہ گل سرخ 10 ماشہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ صندل سرخ۔ صندل سفید۔ صعتر کشنیز خشک بریاں۔ حب الآس ہر ایک 7 ماشہ کوٹ چھان کر شہرت فواکہ یا شہد سہ چند کے ساتھ معجون تیار کریں خوراک 7 ماشہ

دواء المسک معتدل سادہ کاسر ریاح: (ہاضمہ۔ مفرح۔ ممسک و مقوی باہ) دانہ الائچی خورد۔ سلیخہ۔ ساذج ہندی۔ ناگیسر۔ قرنفل۔ جوزبوا۔ زیرہ سفید زیرہ سیاہ کالی زیرہ۔ بیلگری۔ شیطرج۔ گل دھاوا۔ سانکہ' سعد کوفی۔ مائیں خورد پکھان بید نیتر بالا۔ پارہ گندھک۔ نانخواہ۔ اسارون۔ بنسلوچن۔ اشخار۔ جواکھار۔ اجود۔ ہینگ۔ کشنیر خشک۔ گز۔ بادیان غنچہ۔ پوست کرار۔ اندر جو شیریں۔ رال۔ لودھ۔ ہلیلہ سیاہ بریاں۔ موچرس۔ وج' ہموزن کوٹ چھان کر سفوف بنائیں تین ماشے صبح دودھ یا پانی کے ساتھ کھائیں۔

16- **حب ہیضہ:** (مخصوص برائے ہیضہ وبائی) نارجیل۔ جدروار ہیضہ انگریزی۔ زہر مہرہ۔ طباشیر۔ زرنباد۔ عود خام۔ مغز تخم لیموں۔ مصطگی۔ مرچ سیاہ۔ ہر ایک 7 ماشہ کوٹ چھان کر عرق بادیان۔ عرق گاؤزبان۔ عرق پودینہ (بقدر ضرورت) میں نخود کے برابر گولیاں بنائیں روز الضرورت دو گولیاں سکنجبین 2 تولے گلاب 8 تولے کے ساتھ کھائیں۔

17- **حب ہیضہ:** آک کی تازہ جڑ 1 تولہ۔ فلفل سیاہ 6 ماشے۔ دونوں کو ادرک کے

پانی میں پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ دو دو گھنٹے کے بعد گلاب اور سکنجبین کی ساتھ ایک ایک گولی کھائیں۔

فواق ۔ ہچکی

1- **فواق رطوبی**: نمک اوز گرم پانی یا **سکنجبین** اور گرم پانی سے قے کرائیں۔ پھر تخم کرفس۔ دوقو زیرہ سیاہ۔ **زنجبیل**۔ پودینہ خشک' انیسوں' اساروں' سنبل **الطیب**' زراوند مد حرج ہر ایک 3 ماشے سب کو جوش دے کر **گلقند** 2 تولے ملا کر پلائیں۔

2- **فواق رطوبی**: جند بید ستر 4 سرخ۔ جوارش **مصطگی** 7 ماشہ ملا کر کھائیں۔ اور شیرہ انیسوں۔ شیرہ **زنجبیل** ہر ایک 3 ماشہ' عرق بادیان 6 تولے' عرق پودینہ 6 تولے نکال کر اور **گلقند** 2 تولے یا شربت دینار 4 تولے ملا کر پلائیں۔

3- **فواق شدید**: (جس میں طعام قے میں نکل آتا ہے) **زنجبیل** 6 ماشہ۔ **فلفل** سیاہ 5 دانے پانی میں جوش دے کر پئیں۔

4- **فواق**: (جو فساد غذا سے لاحق ہو) **مصطگی**۔ عقر قرحا ہر ایک 1 ماشہ پیس کر خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ میں ملا کر اس پر ایک عدد ورق نقرہ لپیٹیں اور گاؤزبان 5 ماشہ۔ گل گاؤزبان 3 ماشہ۔ عناب 5 دانے۔ نبات سفید 4 تولے کو جوش دے کر چھان لیں۔ خمیرہ کھانے کے بعد جوشاندہ پئیں۔

5- **فواق**: (جو تخمہ سے لاحق ہو) حب جواہر ایک عدد' دواء **المسک** معتدل 6 ماشہ میں ملا کر **زنجبیل** 6 ماشہ' اور **فلفل** سیاہ 5 دانے کے جوشاندے کے ساتھ کھائیں۔

6- **فواق**: (جو فساد غذا سے لاحق ہو) **مصطگی**' عقرقرحا ہر ایک 1 ماشہ کو پیس کر جوارش کمونی 1 تولہ میں پلائیں۔ پھر شیرہ بادیان 5 ماشے' عرق بادیان' عرق **عنب الثعلب** ہر ایک 6 تولہ میں نکال کر خمیرہ بنفشہ 4 تولے شامل کریں اور جوارش کھانے کے بعد پئیں۔

2- ریح و بلغم کی صورت میں جوارش جالینوس 7 ماشہ' یا شیرہ پودینہ 3 ماشہ اور ترنجبین 4 تولے اضافہ کریں۔

7- **فواق**: (جس میں سطح معدہ سے بلغم **چسپیدہ** ہو) جدوار 1 ماشہ پیس کر خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ میں ملا لیں اور ورق نقرہ میں ملفوف کر کے کھائیں اس کے بعد گاؤزبان 5 ماشہ گل گاؤزبان 3 ماشہ۔ اصل السوس 5 ماشہ۔ نبات سفید 2 تولہ کا جوشاندہ پلائیں۔

بدل: کبھی اس جوشاندے کی جگہ شہد 2 تولے کو پانی میں جوش دے کر اور کبھی گاؤزبان 5

ماشہ اور شہد 2 تولے کو عرق گاؤزبان 2 تولے میں جوش دے کر استعمال کرتے ہیں۔

تبخیر

1- **سفوف تبخیر:** ست گلو- بنسلوچن- دانہ ہیل ہر ایک ایک ماشہ- نبات سفید 1 تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور تین ماشے شربت بنفشہ 2 تولے کے ساتھ کھائیں۔

2- **تبخیر سہ پہر:** بادیان کشنیز خشک' دانہ ہیل ہر ایک ایک تولہ- نبات سفید 3 تولے سفوف بنائیں- خوراک 6 ماشہ ہمراہ آب۔

مرکبات

سفوف فولاد: (مقوی معدہ ہاضم) ہلیلہ زرد- ہلیلہ کابلی- آملہ خشک- بادیان- تخم کاسنی- بہیڑہ ہر ایک 2 تولہ- نمک لاہوری- نمک سانبھر- نمک منہاری- نمک شور ہر ایک 1 تولہ پوست گلو 2 ماشہ برادہ فولاد نصف وزن ادویہ کا یہ حسب معمول سفوف بنائیں- خوراک 7 ماشہ-

عرق ماء اللحم مکوہ کاسنی والا: مقوی و محلل' برنجاسف شکاعی' باد آورد- بادیان کوفتہ بیختہ) مویز منقے- بیخ کبر- بیخ اذخر- اصل السوس- گلو سبز- عنب الثعلب ہر ایک 10 تولہ- گاؤزبان' گل گاؤزبان ہر ایک 5 تولہ- تمام دوائیں رات کو گرم پانی میں بھگوئیں- صبح کو آب کاسنی سبز- آب عنب الثعلب- سبز ہر ایک دو سیر- گوشت بزجوان 4 سیر کی یخنی بنا کر اس میں ادویہ مذکورہ بالا ڈال کر حسب معمول بیس بوتل عرق کشید کریں- خوراک 5 تولے-

حب جواہر مقوی و ممسک: مومیائی اصلی 3 ماشہ' مرادرید ناسفتہ 1. ماشہ- یاقوت زمرد- کہربا- مرجان- کشتہ طلا کلاں کشتہ طلا خورد- کشتہ بیضہ مرغ- ہر ایک 2 ماشہ- کشتہ مروارید ایک ماشہ' مایہ شتر اعرابی 2 ماشہ- عنبر اشہب 1 ماشہ- مشک خالص 2 ماشہ- فاد زہر حیوانی ذاتی 3 ماشہ- جوزبوا' ہسبلہ- دار چینی- زعفران ہر ایک 2 ماشہ- عرق کیوڑہ (قدر حاجت میں بدستور) حبوب بقدر نخود تیار کیں- خوراک 1 گولی-

امراض جگر

دستور العلاج: 1- جگر کی دواؤں میں تلخی- خوشبو یا خامیت قبض ضرور ہونی چاہئے-
2- جگر کی تبرید تسخین میں مبالغہ کرنے سے استسقاءزبول کا خدشہ ہے-
3- امراض جگر میں جو دوائیں استعمال کریں وہ نہایت باریک ہونی چاہئیں-
4- جب مادہ حدبہ کبد میں ہو تو مسہل نہ دیں اور جب قعر میں ہو تو ادرار کی دوائیں نہ پلائیں-

حرارت جگر

1- حرارت جگر- سدہ جگر- صلابت طحال- حمی مزمنہ- یرقان اصفر-
نسخہ چکیدہ کاسنی: کاسنی 1 تولہ نیم کوفتہ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں- صبح صافی چار تہہ لے کر اس کے چاروں کونے چار لکڑیوں سے باندھ دیں اور تخم کاسنی کو سات مرتبہ رنگریزوں کی ربی کی طرح ٹپکائیں اور شربت بزوری 4 تولے ملا کر پئیں-

فائدہ: یہ نسخہ اس پرانے بخار میں استعمال کیا جاتا ہے جو تنقیہ کے بعد حرارت جگر کی وجہ سے باقی ہے-

2- حرارت کبد: شیرہ مغز تخم کدو شیریں- شیرہ مغز تخم خربوزہ ہر ایک 3 ماشہ- عرق گاؤزبان 12 تولے میں نکال کر شربت بزوری 4 تولے ملائیں اور پئیں-

اضافہ: کبھی قبض کی رعایت سے خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا لیتے ہیں-

3- حرارت جگر و اسہال و خفقان و سرفہ و ضعف اعضائے رئیسہ: گوند ببول- کتھوا ہر ایک ایک ماشہ- مروارید 4 سرخ- کہربا شب ہر ایک ایک ماشہ کو پیس کر خمیرہ مروارید 3 ماشہ میں ملائیں اور ورق نقرہ 1 عدد میں ملفوف کر کے آب انار شیریں- آب ناشپاتی- آب رنگترہ- آب سیب- نبات سفید ہر ایک 4 تولے کے ساتھ کھائیں-

اضافہ: کبھی معدہ کی رعایت سے فاد زہر حیوانی ذاتی- عود- مصطگی- پودینہ ہر ایک ایک ماشہ اضافہ کرتے ہیں-

سدہ جگر

1- سدہ جگر و طحال و حمیات کہنہ نسخہ دریدہ کاسنی: تخم کاسنی 1 تولہ- نمک طعام 1 ماشہ پانی میں پیس کر آگ پر رکھیں- پھٹنے پر اتار کر چھان لیں اور استعمال کریں-
بدل: کبھی نمک طعام کی جگہ نوشادر 4 سرخ استعمال کرتے ہیں-

اورام جگر و احشا

1- ورم جگر و معدہ و ورم احشاء: 1- نسخہ خلل شکم (مندرجہ امراض معدہ) بہ اضافہ، تخم کشوث 5 ماشہ- آب عنب الثعلب- سبز مروق 4 تولے- آب کاسنی- سبز ورق 4 تولے وقت صبح پلائیں-

2- شام کو شیرہ بادیان 5 ماشہ- شیرہ مویز منقی 9 دانے- شیرہ عنب الثعلب خشک 5 ماشہ- عرق برنجاسف 2 تولے میں نکال کر خمیرہ بنفشہ 4 تولے سے ملائیں اور پئیں-

اضافہ: کبھی تقویت کے خیال سے نسخہ نمبر 2 کے ساتھ دواء المسک معتدل 7 ماشہ ورق نقرہ میں لپیٹ کر کھلاتے ہیں-

2- عظم جگر: گل بنفشہ 7 ماشہ- بادیان 7 ماشہ- بیخ بادیان 5 ماشہ- عنب الثعلب- افسنتین- برنجاسف ہر ایک 5 ماشہ- رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملائیں اور پی جائیں-

3- ورم جگر: 1- گل بنفشہ 7 ماشہ- افسنتین- برنجاسف- بادیان ہر ایک 5 ماشہ، بیخ بادیان 7 ماشہ- عنب الثعلب خشک 5 ماشہ- رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل- چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں-

2- شام کو شیرہ بادیان- شیرہ عنب الثعلب ہر ایک 5 ماشہ- عرق برنجاسف 12 تولے میں نکال کر اور نبات سفید 6 تولے ملا کر پئیں-

4- ورم جگر و عضلات شکم و یرقان اصفر نسخہ: مروقین- آب کاسنی سبز- آب عنب الثعلب سبز ہر ایک 4 تولے علیحدہ علیحدہ آگ پر رکھ کر پھاڑ لیں- اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں-

اضافہ: اگر اسہال بھی ہوں تو آب بارتنگ سبز پھاڑ کر ملائیں- نیز خمیرہ کی جگہ رب بہی شیریں ملائیں اور اس پر بارتنگ 5 ماشہ چھڑک لیں-

5- ضماد ورم جگر: ایلوا- زعفران ہر ایک 3 ماشہ- حب بلسان- عود ہندی- **افسنتین** کلیل الملک- گل بابونہ- ملیخہ- بیخ سوسن ہر ایک 6 ماشہ- آب عنب **الثعلب** سبز (حسب حاجت) میں پیس کر روغن بیضہ مرغ- روغن ناردین ہر ایک 6 ماشہ اضافہ کر کے ضماد کریں-

6- ضماد ورم صلب جگر احشاء: حاشا- **افسنتین**- برنجاسف- سعد کوفی- عنب **الثعلب** خشک- **سنبل الطیب**- بابونہ ہر ایک 6 ماشے- جدوار- رسوت ہر ایک 3 ماشہ سبز مکو- (بقدر حاجت) کے پانی میں پیس کر ضماد کریں-

7- ضماد جگر: صندل سفید- تخم کاسنی زرورد- آردجو- **عنب الثعلب**- خشک ہر ایک 6 ماشہ آب کشنیز سبز- آب گلو سبز ہر ایک 2 تولے میں پیس کر روغن گل 2 تولے ملا کر نیم گرم ضماد کریں-

نکات مطب: 1- یہ لیپ ورم محدب کے زمانہ ابتداء میں لگایا جاتا ہے-

2- تین دن کے بعد اکلیل الملک 6 ماشہ' زعفران 1 ماشہ اور **افسنتین** 6 ماشہ بڑھا دیتے ہیں یعنی روادعات کے ساتھ حلویات کا استعمال کیا جاتا ہے-

3- زمانہ انحطاط کے شروع ہونے کے ساتھ صندل سفید کم کر دیتے ہیں اور جب مرض بہت کم ہو جاتا ہے تو صرف **افسنتین** 6 ماشہ زعفران 1 ماشہ- عود 6 ماشہ- آب عنب **الثعلب**- سبز (حسب حاجت) اور سرکہ 6 ماشہ میں پیس کر لیپ کرتے ہیں یعنی **محللات** صرفہ برتتے ہیں-

مرکب

حب کبد نوشادری: (محلل صلابت جگر و دافع سدہ) نوشادر- نمک لاہوری- نمک طعام- نمک سیاہ- سانبھر- زرکچور- ہلیلہ سیاہ- پوست ہلیلہ زرد- پوست ہلیلہ کابلی- باؤبرنگ- فلفل سیاہ- زنجبیل ہر ایک ایک تولہ کوٹ چھان کر عرق گلاب قدر حاجت میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں- خوراک 2 گولیاں-

درد جگر

1- درد جگر: (جو سدہ سے ہو) جوارش زرعونی 7 ماشہ کھائیں- پھر شیرہ تخم کشوث- شیرہ

انیسوں ہر ایک 5 ماشہ- شیرہ تخم خیارین 3 ماشہ پانی میں نکال کر اور شربت بزوری 4 تولے ملا کر پئیں-

درد جگر حار: شیرہ آلو بخارا 5 دانے- عرق نیلوفر 2 تولے میں نکالیں اور شربت نیلوفر 4 تولے ملا کر پئیں-

بدل: بصورت قبض آلو بخارا 5 دانے- تمرہندی 4 تولے- پانی میں جوش دے کر اور مصری 2 تولے ملا کر پئیں-

2- **درد جگر بارد:** بادیان- بیخ بادیان- بیخ اذخر- بادرنجبویہ پانی میں جوش دے کر صاف کر لیں اور شہد خالص 4 تولے ملا کر پئیں-

نکتہ: آٹھ دن پینے کے بعد حب شبیار 7 ماشہ کا مسہل دیں-

3- **درد ورم کبد:** (جوسدہ سے ہو) افسنتین رومی 7 ماشہ- نوشادر 4 سرخ پانی میں پیس کر آگ پر رکھیں- جب پھٹ جائے تو صاف کر کے پئیں-

سوء القنیہ و استسقا

1- **سوء مزاج بارد کبد و معدہ- سوء القنیہ- تہبیج اطراف- حمیات بلغمیہ کہنہ:** 1- اجوائن دیسی 1 تولہ- مٹی کے کورے برتن میں تر کر کے بوقت دن سایہ میں اور بوقت شب کھلی جگہ میں رکھیں اور دوسرے روز اس کا زلال پئیں-

2- **سوء القنیہ استسقاء- رطوبت شکم- سوء مزاج بارد کبد:** 1- برگ کسونڈی 1 تولہ- فلفل سیاہ 5 دانے پانی میں پیس کر استعمال کریں-

2- معجون دبیدالورد 7 ماشہ کھائیں اور شیرہ بادیان 5 ماشے- شیرہ تخم کشوث 3 ماشہ- عرق بادیان 6 تولہ عرق مکوہ 6 تولہ میں نکال کر گلقند 4 تولہ ملائیں اور مل چھان کر پئیں-

3- **استسقاء:** منضج و مسہل کے بعد صبح کو اونٹنی کا دودھ 7 تولے- گلقند 4 تولے ملا کر پلائیں- تین روز کے بعد ایک ایک تولہ دودھ اور کسی قدر گلقند بڑھاتے جائیں- تا آنکہ 4 تولے دودھ ہو جائے- مگر گلقند 5 تولے سے بڑھنے نہ پائے پھر اسی طرح گلقند اور دودھ گھٹائیں اور مقدار اول پر لا کر چھوڑ دیں-

نکات مطب: 1- اگر درمیان میں تلبین کی ضرورت ہو تو مغز فلوس 4 تولے شیر مذکور میں مل کر پئیں-

2- شام کو معجون دبیدالورد والا نسخہ دیں-

4- **منضج استسقاء** : عنب الثعلب خشک 5 ماشہ-مویز منقی 9 دانہ- بیخ کاسنی- بیخ بادیان ہر ایک 7 ماشہ- پرسیاؤشاں- اصل السوس ہر ایک 5 ماشہ- خیارین نیم کوفتہ 5 ماشہ- تخم کشوث 5 ماشہ- (پوٹلی میں باندھ کر) رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان کر خمیرہ بنفشہ 4 تولے اور گلقند 4 تولے ملائیں-

نکتہ : جب مادہ نضیج پاجائے تو تب مسہل دیں اور پھر معجون و بیدالورد یا معجون تلخ استعمال کریں-

5- **استسقائے زقی صبح** : نسخہ خلل شکم باضافہ تخم کشوث 5 ماشہ پلائیں-

شام : دواء الکرکم 5 ماشہ کھائیں- شیرہ بادیان- شیرہ تخم کشوث- شیرہ انیسوں ہر ایک 5 ماشہ- عرق گاؤزبان- عرق عنب الثعلب ہر ایک 6 تولے میں نکال کر اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں-

6- **استسقاء** : شیرہ حب القرطم 5 ماشہ- شیرہ تخم خیارین- شیرہ اصل السوس مقشر ہر ایک 3 ماشہ عرق بادیان 12 تولے میں نکالیں اور شربت بزوری 6 تولے ملا کر پئیں-

7- **ورم و درازی شکم** : (جو استسقاء سے عارض ہو) کلونجی ایک تولہ پیس کر ایک تولہ شہد میں ملائیں اور ہر روز صبح اس میں سے ایک ماشہ کھایا کریں-

8- **محلل مادہ استسقاء** : عصارہ ریوند چینی 1 ماشہ پیس کر معجون دبیدالورد 5 ماشہ میں ملائیں- پھر شیرہ بادیان- شیرہ تخم کشوث ہر ایک 5 ماشے- شیرہ مویز منقے 9 دانے- عرق بادیان 6 تولہ- عرق عنب الثعلب 6 تولے میں نکال کر گلقند 4 تولے ملائیں اور معجون کھا کر پئیں-

9- **استسقا و حرارت** : آب عنب الثعلب سبز مروق- آب کاسنی سبز مروق- شربت بزوری ہر ایک 4 تولے ملا کر پئیں-

10- **ضماد سوء القنیہ و تہبیج اطراف** : السنتین- افتیموں ہر ایک 6 ماشہ- آب عنب الثعلب سبز (بقدر ضرورت) میں پیس کر ضماد کریں-

11- **ضماد استسقاء** : بھیڑ کی پرانی مینگنیاں- سعد کوفی- اکلیل الملک- گل بابونہ- عنب الثعلب- خشک افسنتین- بورہ ارمنی- مرزنجوش- برنجاسف- مرکی ہر ایک 6 ماشہ- جند بید ستر 3 ماشہ- سبکو ہری کوہ (بقدر حاجت) کے پانی میں پیس کر سرکہ 1 تولہ ملا لیں اور نیم گرم پانی پیٹ پر ضماد کریں-

مرکبات

1- **معجون دبیدالورد** : (مقوی معدہ و جگر و محلل اورام) **سنبل الطیب۔** مصطگی۔ زعفران۔ طباشیر۔ دار چینی۔ اذخرا ساروں۔ قسط شیریں۔ **غافث۔** تخم کشوث۔۔ نوہ لک مغسولہ۔ تخم کاسنی۔ تخم کرفس۔ زراوند طویل۔ حب **بلسان۔** عود۔ قرنفل بیل بواہر اک 3 ماشہ۔ گل سرخ ہموزن ادویہ کوٹ چھان کر سہ چند شہد کے ساتھ معجون تیار کریں۔ خوراک 7 ماشہ۔

معجون تلخ : (دافع درد معدہ و جگر و فالج و رعشہ) غاریقون پونے بارہ تولہ۔ ایلوا 8 تولہ اساروں ۔ تخ سقمونیا ہر ایک 4 تولہ 7 ماشہ۔ منڈی۔ قسط شیریں۔ **بالچھڑ**۔ افتیمون۔ دار چینی۔ ورچ۔ ہر ایک 2 تولہ 7 ماشہ۔ عود بلسان۔ فربیون۔ فلفل سیاہ۔ فلفل سفید۔ پیپل جنطیانہ۔ حب النیل۔ اذخرکی۔ حمامہ۔ ہر ایک ایک تولہ 2 ماشہ۔ ریوند چینی ایک تولہ مصطگی پونے دو تولہ کوٹ چھان کر دو سیر شہد کے ہمراہ معجون بنائیں۔ خوراک 3 ماشہ۔

دواء الکرکم : (مفتح سدہ۔ محل ریاح۔ و اورام) زعفران۔ **سلیخہ۔ سنبل الطیب** ہر ایک 7 ماشہ۔ فقاح اذخر۔ مرکی۔ قسط۔ دار چینی ہر ایک 3 ماشہ۔ کوٹ چھان کر ایک رات دن شراب انگور میں تر رکھیں اور پھر سہ چند شہد خالص میں معجون بنائیں۔ خوراک 5 ماشہ۔

حب استسقائے زقی : **کچلہ** 1 تولہ شیر گاؤ میں جوش دے کر مقشر کریں پھر خوب کوٹ کر اور قند سیاہ 1 تولہ ملا کر نخود کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک یا دو گولیاں۔

عرق فولاد دافع استسقاء : برادہ فولاد۔ پودینہ خشک۔ اجوائن خراسانی ہر ایک۔ ثار **تربھلہ**۔ قند سیاہ۔ ہر ایک ثار۔ قرنفل۔ **بسباسہ**۔ جوزبواہر ایک اثار۔ زعفران ایک تولہ۔ دس سیر گرم پانی میں بھگو دیں اور دس روز تک دھوپ میں رکھیں پھر 4 سیر عرق کھینچ لیں۔ خوراک 6 تولے۔

معجون تربد دافع استسقاء : زنجبیل بے ریشہ۔ اسپند۔ تربد سفید مجوف خراشیدہ۔ سنائکی۔ ہر ایک 6 تولہ۔ روغن زرد سے چرب کر کے رکھ دیں اور پھر سہ چند شہد کے ساتھ قوام کر کے معجون بنائیں تین دن کے بعد کھائیں۔ خوراک 5 ماشہ۔

یرقان

1- **یرقان زرد** : نسخہ مروقین استعمال کریں۔

2- **یرقان زرد و سیاہ**: آب برگ ترب سبز مدوق 4 تولے میں شکر سرخ 5 تولے ملا کر پئیں۔

3- **یرقان زرد- صبح**: نسخہ خلل شکم باضافہ تخم کاسنی- تخم خیارین ہر ایک 5 ماشہ پلائیں۔

2- **شام**: خمیرہ گاؤزبان تولہ- ورق نقرہ 1 عدد میں ملفوف کر کے کھائیں اور شیرہ بادیان- شیرہ تخم خیارین ہر ایک 5 ماشہ- عرق بادیان- عرق برنجاسف ہر ایک 6 تولے میں نکال کر اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں۔

اضافہ: کبھی مروقین اضافہ کرتے ہیں۔

4- **یرقان-**: ریوند چینی 1 ماشہ- بادیان- تخم کاسنی- ہر ایک 5 ماشہ- مویز منقی 9 دانہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں۔

امراض طحال

1- **صلابت طحال**: شیرہ تخم خرفہ سیاہ 3 ماشہ- عرق گاؤزبان 12 تولے میں نکال کر اور سکنجبین 2 تولے ملا کر پئیں۔

نکات: 1- یہ نسخہ اس وقت دیا جاتا ہے کہ جبکہ اخلاط محترق ہو کر سودائے غیر طبعی کی صورت اختیار کریں۔

2- حمیات کے بعد جو کبھی ورم طحال نمودار ہوتا ہے اس کے لئے بھی یہ نسخہ بہت مفید ہے۔

2- **عظم طحال**: نسخہ خلل شکم باضافہ انجیر زرد 5 عدد دیں- نضج مادہ کے بعد تین مسہل دیں اور پھر صبح نسخہ (1) اور شام نسخہ (2) دیں۔

3- **صلابت طحال**: 1- انجیر زرد سرکہ خالص میں اچار کی طرح ڈالیں اور ہر روز صبح ایک انجیر کھائیں۔

2- انجیر زرد سرکہ خالص میں پیس کر ضماد کریں۔

4- **ورم طحال**: دواء المسک معتدل جواہروالی 3 ماشہ- ورق نقرہ 1 عدد میں لپیٹ کر کھائیں اور شیرہ بادیان 5 ماشہ- عرق گاؤزبان- عرق برنجاسف ہر ایک 6 تولے میں نکال کر اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر کھائیں۔

نکات مطب: 1- یہ نسخہ اس وقت دیا جاتا ہے جب احتراق اخلاط سے ورم عارض ہو۔ کبھی شیرہ عنب الثعلب۔ شیرہ تخم کاسنی ہر ایک 5 ماشہ۔ شیرہ مویز منقی 9 دانے اور کبھی شیرہ خار خسک 3 ماشہ اور شیرہ انجیر زرد 5 دانے اضافہ کرتے ہیں۔

5- ورم طحال سدی: بنفشہ۔ شاہترہ۔ چرائتہ ہر ایک 7 ماشہ۔ افسنتین۔ برنجاسف۔ عنب الثعلب خشک ہر ایک 5 ماشہ کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں۔

6- قرص طحال: مائیں خوردو کلاں۔ اشق۔ فلفل سیاہ۔ سنبل الطیب۔ کلونجی ہر ایک6 ماشہ کوٹ چھان کر سرکہ جامن (حسب حاجت میں قرص بنائیں اور صبح کے وقت اسے عرق مکوہ 8 تولے کے ساتھ کھائیں۔

7- صلابت طحال: نمک شور مٹی کے نئے برتن میں پکائیں۔ تھوڑی دیر میں اتار کر ایک ماشہ پانی کی ساتھ کھائیں۔

8- ورم و عظم طحال: 1- خردل 9 ماشہ۔ سہاگہ بریاں 3 ماشہ باریک پیس کر سفوف بنائیں اور ایک ماشہ تازہ پانی کے ساتھ کھائیں۔
2- حب اشجار 3 ماشہ گرم پانی کے ساتھ کھایا کریں۔

9- ضماد طحال: برگ سداب 15 ماشہ' اشق 7 ماشہ بورہ ارمنی 3 ماشہ۔ پودینہ خشک 3 ماشہ۔ کوٹ چھان کر خالص سرکہ ملائیں اور کپڑے پر لگا کر مقام طحال پر لیپ کریں۔
3- انزروت 6 ماشہ۔ کندرا 1 تولہ۔ اشق 2 تولے۔ زراوند مدحرج 1 تولہ پرانے سرکہ میں حل کر کے موٹے کپڑے پر لیپ کریں اور طحال پر چپکا دیں۔ جس قدر کپڑا اکھڑتا جائے قینچی سے کاٹتے جائیں۔

10- ضماد ورم و سدہ طحال: صبر زرد۔ زعفران۔ خاکستر۔ چوب انگور ہر ایک 6 ماشہ۔ جھاؤ سبز کے پتوں کا پانی (بقدر حاجت) اور سرکہ خالص 1 تولہ میں پیس کر ضماد کریں۔
اضافہ: کبھی اشق 6 ماشہ۔ بابونہ۔ اکلیل الملک اور عنب الثعلب ہر ایک ایک تولہ اضافہ کرتے ہیں۔

11- ضماد طحال: برادہ آہن۔ بابونہ اشق۔ زنجبیل ہر ایک ایک تولہ۔ آب عنب الثعلب۔ سبز (بقدر حاجت) اور سرکہ 2 تولے میں پیس کر ضماد کریں۔

12- ضماد کبریت: گندھک ڈیڑھ تولہ۔ مقل۔ اشق۔ سکنجبین۔ ترمس۔ تخم شبت۔ تخم کتان۔ اکلیل الملک۔ سداب ہر ایک 3 تولے۔ انجیر سیاہ 1 عدد۔ انجیروں اور گوندوں کو

ایک دن رات تیز انگوری سرکے میں رکھ کر کوٹیں پھر بقیہ دواؤں کو کوٹ کر ملائیں اور ضماد کریں۔

امراض امعاء و مقعد

دستور العلاج : 1- اسہال کا علاج اکثر قابض۔ مغلظ اور مغزی دواؤں سے کیا جاتا ہے کبھی مخدرات کی بھی ضرورت ہوتی ہے کبھی مدر عرق و مسام کشا اور محرک قے دوائیں استعمال کی جاتی ہیں۔

2- نیند لانا اسہال کے لئے بہترین تدبیر ہے۔

3- شکم پر پچھنے لگانے سے چار ساعت کے لئے اسہال بند ہو جاتے ہیں۔

1- پیچش : لعاب ریشہ خطمی 4 ماشہ۔ شیرہ حب الاس 3 ماشہ۔ پانی میں نکال کر شربت بنفشہ 2 تولے ملائیں اور اسپغول 7 ماشے مسلم چھڑک کر پئیں۔

اضافات : 1- زحیر صادق اور سحج امعاء کی صورت میں اس کے ساتھ سفوف ملیں۔ 7 ماشہ روغن گاؤ میں چرب کر کے کھلاتے ہیں۔

2- بلغم و ضعف معدہ کی رعایت سے کبھی جوارش جالینوس 7 ماشہ اضافہ کرتے ہیں۔

3- اورام احشاء کی صورت میں عرق برنجاسف 12 تولے شامل کرتے ہیں۔

4- تفریح و قبض کی رعایت سے آب انار شیریں 4 تولے بڑھاتے ہیں۔

5- زیادہ قبض مطلوب ہو تو شیرہ بیلگری 3 ماشہ اضافہ کرتے ہیں۔

6- قبض، بواسیر ریحی کی رعائت سے شربت بنفشہ کی جگہ شیرہ بادیان 5 ماشہ اور گلقند 4 تولے ملاتے ہیں۔

7- کبھی تبرید ترطیب کے لئے لعاب بہدانہ 3 ماشہ اضافہ کرتے ہیں۔

8- اگر خون بھی مختلط ہو تو شیرہ انجبار 5 ماشہ۔ شیرہ بیلگری 3 ماشہ اضافہ کرتے ہیں اور شربت بنفشہ کی جگہ شربت انار 2 تولہ ڈال کر تخم بارتنگ 5 ماشہ چھڑکتے ہیں۔

2- پیچش و نزلہ و سرفہ : ریشہ خطمی۔ تخم خطمی۔ تخم خبازی۔ ہر ایک 7 ماشہ پانی میں جوش دیں اور شربت بنفشہ 2 تولے ملا کر پئیں۔

3- زحیر سدی : ریشہ خطمی 5 ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں تر کر کے صبح لعاب نکال کر مغز فلوس خیار شنبر 4 تولے ملائیں اور اچھی طرح چھان لیں۔ شیرہ مغز بادام 5 عدد اضافہ کر کے پئیں۔

اضافہ: کبھی گلقند 4 تولے اور ترنجبین 4 تولہ اضافہ کرتے ہیں۔

4- نقوع پیچش: گل بنفشہ۔ ریشہ خطمی۔ تخم کنوچہ۔ تخم خطمی۔ تخم خبازی ہر ایک 7 ماشہ۔ گاؤزبان 5 ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں تر کر کے صبح مل چھان لیں اور شربت بنفشہ 2 تولے ملا کر پئیں۔

نکات مطب: 1- یہ نسخہ اس وقت استعمال کیا جاتا ہے جب پیچش کے ساتھ کھانسی نزلہ یا بخار ہو۔
2- اگر کھانسی اور نزلہ ہو تو گل سرخ 7 ماشہ بھی بڑھا دیتے ہیں۔
3- کبھی قبض اور سیج کی رعایت سے مروڑ پھلی 5 ماشہ بھی اضافہ کرتے ہیں۔

5- پیچش و اسہال معدی: خس بیل گری۔ گل دھاوا اندر جو شیریں۔ ہر ایک ایک تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور رب بہی شیریں۔ رب جامن ہر ایک 2 تولہ کو پانی میں حل کر کے 6 ماشے سفوف بنائیں۔ اور اس کے ساتھ کھائیں۔

6- پیچش و اسہال: بادیان۔ ہلیلہ۔ پوست خشخاش ہر ایک ایک تولہ سب کو روغن گاؤ میں بریاں کر کے کوٹ چھان لیں اور رب بہی شیریں 2 تولہ پانی میں حل کر کے چھ ماشہ اس کے ساتھ کھائیں۔

7- زحیر بلغمی: مروقین 8 تولے میں شربت بنفشہ 3 تولے ملا کر اور اسپغول 7 ماشہ چھڑک کر پئیں۔

8- زحیر صفراوی: لعاب بہیدانہ 3 ماشہ۔ لعاب ریشہ خطمی 5 ماشہ پانی میں نکال کر شربت بنفشہ 2 تولے ملائیں اور اسپغول مسلم 7 ماشہ چھڑک کر پئیں۔

9- زحیر صادق: سفوف طین 7 ماشہ۔ روغن گاؤ سے چرب کر کے پھانکیں۔ پھر لعاب ریشہ خطمی 5 ماشہ شیرہ حب الآس 3 ماشہ پانی میں نکال کر شربت بنفشہ 2 تولے ملائیں اور اسپغول مسلم 7 ماشہ چھڑک کر کھائیں۔

فائدہ: اگر فائدہ ہو تو نسخہ مذکور بوقت شام اور نسخہ ذیل بوقت صبح دیں۔

نسخہ صبح: اگر بنفشہ 7 ماشہ۔ تخم مروا۔ موڑ پھلی۔ ریشہ خطمی۔ انجبار۔ گاؤزبان ہر ایک 5 ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان لیں اور شربت بنفشہ 2 تولے ڈال کر اور اسپغول مسلم 7 ماشہ چھڑک کر پئیں۔

زحیر کاذب: 1- ریشہ خطمی 7 ماشہ رات کو بھگو کر صبح مل چھان لیں۔ پھر خمیرہ بنفشہ مغز فلوس ہر ایک 4 تولہ ملائیں اور روغن بادام 2 تولے اضافہ کر کے پئیں۔

2- مغز فلوس 4 تولے شیر گاؤ پاؤ بھر میں جوش دے کر صاف کر لیں اور نبات سفید (بقدر ضرورت) ملا کر پئیں۔

3- سناء کی 7 ماشہ۔ شیر مادہ گاؤ پاؤ بھر میں جوش دے کر چھان لیں اور نبات سفید 2 تولے ملا کر پئیں۔

پیچش ضعف معدہ و کبد: آملہ۔ مربی 1 عدد دھو کر۔ ورق نقرہ 1 عدد میں ملفوف کریں۔ پھر لعاب ریشہ خطمی 5 ماشہ۔ شیرہ حب الاس۔ شیرہ بیخ انجبار ہر ایک 3 ماشہ پانی میں نکال کر شربت بنفشہ 2 تولے ملائیں اور اسبغول مسلم 7 ماشہ چھڑک کر آملہ مربی 1 عدد کھانے کے بعد پئیں۔

12- تبرید مسہل زحیر: خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ۔ ورق نقرہ 1 عدد میں ملفوف کر کے کھائیں پھر لعاب بہیدانہ۔ لعاب ریشہ خطمی ہر ایک 3 ماشہ پانی میں نکال کر صاف کریں اور شربت بنفشہ 2 تولے ملا کر اور اسبغول مسلم 7 ماشہ چھڑک کر پئیں۔

13- زحیر بلغمی و درد معدہ: باد اورد ہر ایک 3 ماشہ۔ عنب الثعلب 5 ماشہ۔ تخم کشوث 3 ماشہ (سرہ بستہ) پانی میں جوش شکائی دے کر اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں۔

14- پیچش: چہار تخم 1 تولہ۔ عرق گاؤزبان 12 تولے یا عرق عنب الثعلب 12 تولے میں جوش دے کر اور چھان کر پئیں۔

اسہال

1- اسہال دوری: قرنفل 1 ماشہ۔ پوست سنگدانہ مرغ 1 تولہ۔ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور چھ ماشے رب بہی شیریں 2 تولے کے ساتھ کھائیں۔

2- اسہال ذوبانی: (دق سل میں عارض ہوتے ہیں) پھلکری پوست۔ سنگدانہ مرغ۔ بلوط اقاقیا۔ مصطگی۔ دانہ ہیل۔ خورد۔ زیرہ سفید۔ ہر ایک 6 ماشہ کوٹ چھان کر نبات سفید 2 تولے ملائیں اور ہر دو ساعت کے بعد ایک ماشہ کھائیں۔

3- حبس اسہال: خرما صاف کر کے گٹھلی کی جگہ افیون رکھیں اور آرد گندم سے ملفوف کر کے گرم خاکستر میں رکھیں۔ جب بریاں ہو جائے تو اتار لیں اور چنے کی برابر گولیاں باندھ لیں بوقت ضرورت ایک سے تین گولیاں کھائیں۔

4- اسہال معدی و معوی: زہر مہرہ۔ بنسلو چن۔ انار دانہ۔ پوست بیرون پستہ۔ زرشک۔ منقی۔ ہر ایک ایک ماشہ پیس کر جوارش آملہ کلاں 5 ماشہ میں ملا کر کھائیں۔ پھر

زیرہ سیاہ شیرہ حب الاس شیرہ ملکوی ہرایک 3 ماشہ پانی میں نکال کر رب بہی شیریں 2 تولے ملائیں اور بارتنگ 5 ماشہ چھڑک کر پئیں۔

5- **اسہال ضعف ہضم و فساد غذا و پیچش**: جوارش جالینوس 7 ماشہ کھائیں پھر لعاب ریشہ خطمی 5 ماشہ پانی میں نکال کر خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر کھائیں اور اسبغول مسلم 7 ماشہ چھڑک کر پئیں۔

6- **سنگر ہنی**: بادیان۔ پودینہ خشک۔ مصطگی۔ زنجبیل۔ دانہ ہیل۔ پوست سنگدانہ۔ مرغ ہر ایک ایک ماشہ میں پیس کر سفوف بنائیں۔ خوراک 3 ماشہ۔

7- **اسہال دموی اطفال**: زہر مہرہ۔ بنسلوچن ہر ایک 3 سرخ دونوں کو پیس کر کھائیں اور شیرہ حب الاس۔ شیرہ تخم کنوث ہر ایک ایک ماشہ' گلاب 3 تولہ میں نکال کر اور شربت انار ایک تولہ ملا کر پئیں۔

8- **اسہال دموی بواسیری**: مغز خستہ انبہ۔ مغز خستہ جامن ہر ایک 6 ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور ساٹھی کے چاولوں کی پیچ اور رب بہی شیریں 2 تولہ کے ساتھ 3 ماشے کھائیں۔

9- **اسہال معدی دکبدی**: شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ شیرہ دانہ الائچی 3 ماشہ۔ حب الاس 3 ماشہ پانی میں نکالیں اور رب بہی شیریں 2 تولہ ملا کر کھائیں۔

اضافات: 1- تقویت معدہ ہاضمہ کے لئے جوارش مصطگی' جوارش آملہ ہر ایک 7 ماشہ یا نوشدارو 5 ماشہ بڑھاتے ہیں۔

2- کبھی مصطگی۔ رومی _ اناردانہ۔ سماق ہر ایک ایک ماشہ بھی اضافہ کرتے ہیں۔

3- اسہال کبدی کی صورت میں شیرہ زیرہ سیاہ 3 ماشہ بڑھاتے ہیں۔

10- **اسہال معدی و کبدی**: زہر مہرہ۔ بنسلوچن۔ انار دانہ بریاں۔ سماق۔ زرورد۔ ہر ایک ایک ماشہ۔ جوارش انارین۔ آملہ کلاں ہر ایک 7 ماشہ میں ملائیں اور شیرہ زرشک شیرہ تخم خرفہ ایک 3 ماشہ۔ عرق گاؤزبان۔ عرق بید مشک ہر ایک 6 تولہ میں نکال کر شربت انار شیریں 2 تولہ یا رب بہی شیریں 2 تولہ اضافہ کریں اور جوارش مذکور کے ساتھ کھائیں۔

اسرار مطب: 1- یہ نسخہ اس حالت میں خصوصاً" مفید ہے جبکہ مسہل کے استعمال سے مناسب تعداد سے زیادہ اسہال آئیں۔

2- اگر کثرت اسہال سے سج کا خطرہ ہو تو لعاب بہدانہ 3 ماشہ۔ ریشہ خطمی 4 ماشہ بھی بڑھا دیں۔

3- اگر قبض زیادہ منظور ہو تو شیرہ بیل گری 3 ماشہ اضافہ کریں۔

11- **اسہال اطفال** : (جو دانت نکلنے کے وقت عارض ہوتے ہیں) 1- شیرہ بادیان- شیرہ دانہ ہیل ہر ایک ایک ماشہ پانی میں نکالیں اور نبات سفید 6 ماشہ ملا کر استعمال کریں-
2- شیرہ حب الاس- شیرہ بہلگوی ہر ایک ایک ماشہ میں رب بہی شیریں 6 ماشہ ملا کر دیں-

12- **اسہال دموی بواسیری** : گلنار- جوزبوالفیون ہر ایک ایک ماشہ- چاکسو' رسوت' زرکچور' زیرہ سیاہ- نیم کی کونپل- ببول کی کونپل- بکائن کی کونپل ہر ایک 3 ماشہ کوٹ چھان کر حبوب بقدر مونگ بنائیں اور دو سے چار تک روزانہ حسب حاجت کھائیں-
اضافہ : کبھی اس میں زرچوب 3 ماشہ کا اضافہ کرتے ہیں-

13- **اسہال ضعف معدہ** : (جو کبھی کبھی دورہ کریں) معجون تلخ 5 ماشہ کھائیں اور شیرہ بادیان شیرہ تخم کشوث- ہر ایک 5 ماشہ عرق بادیان 6 تولے- عرق عنب الثعلب 6 تولہ میں نکالیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں-

14- **اسہال کبدی و معدی** : ماتی بسنت 1 چاول- توتیائے کبیر 1 چاول- معجون سنگدانہ مرغ 5 ماشہ میں ملا کر کھائیں اور اوپر سے شیرہ حب الاس 3 ماشہ- شیرہ بیخ انجبار- شیرہ تخم کاسنی شیرہ تخم سیاہ ہر ایک 3 ماشہ شربت انار 2 تولے ملا کر پئیں-

15- **اسہال بواسیری** : ماتی بسنت- توتیائے کبیر ہر ایک ایک چاول- معجون مقل 7 ماشہ میں ملا کر کھائیں-

16- **حب قابض** : (ایک ساعت میں اسہال بند ہوتے ہیں) افیون- کتھا کزمازج- تخم اسپست- اقاقیا گل سرخ- اقاقیا- گل سرخ- کرسنہ- حب الاس- ہر ایک 4 سرخ کوٹ چھان لیں- اور حاب صمغ عربی میں مونگ کے برابر گولیاں بنائیں- دو گولیاں پانی کے ساتھ کھائیں-

قولنج

1- **قولنج ریحی** : برگ سداب- پودینہ خشک- فلفل سیاہ- نانخواہ' کرویہ' زنجبیل' دار فلفل' ہر ایک ایک تولہ- کوٹ چھان لیں اور شہد 21 تولے ملا کر معجون بنا کر کھائیں- خوراک 1 تولہ ہمراہ عرق بادیان 10 تولے-

2- **پچکاری** : عناب' سپستان- گلاب بنفشہ' تخم خطمی- اکلیل الملک- جو مقشر- سبوس گندم ہر ایک ایک تولہ- انجیر زرد 5 دانے 2 سیر پانی میں جوش دیں' جب ایک سیر رہ جائے

تو صاف کر کے شکر سرخ 4 تولے' روغن بادام ایک تولہ' روغن کنجد ایک تولہ ملا کر پچکاری کریں۔

3- **قولنج ریحی**: جوارش جالینوس 7 ماشہ یا جوارش کمونی مسہل 1 تولہ کھائیں۔ اور شیرہ بادیان شیرہ انیسوں ہر ایک 5 ماشہ۔ عرق بادیان 6 تولے اور عرق مکوہ یا عرق پودینہ 6 تولے میں نکالیں اور شربت دینار 4 تولے اضافہ کر کے پییں۔

اضافہ: کبھی شیرہ زیرہ سیاہ 3 ماشہ اور شیرہ زنجبیل 5 ماشہ اضافہ کرتے ہیں۔

4- **قولنج ریحی و بلغمی**: تربد مجوف 5 ماشہ۔ سناکی 7 ماشہ دونوں کو پیس کر گلقند 2 تولے میں ملا لیں اور نیم گرم عرق گلاب 12 تولے کے ساتھ کھائیں۔

5- **قولنج سددی**: روغن بیدا انجیر 4 تولے۔ گلاب نیم گرم 12 تولے میں ملا کر پییں۔

قبض

اطریفل ملین: پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ مقشر۔ تربد سفید ہر ایک 1 تولہ۔ ریوند چینی۔ بادیان۔ مصطگی۔ اسطوخودوس۔ ہر ایک 3 تولہ۔ سقمونیا مشوی 7 تولہ کوٹ چھان کر روغن بادام قدر ضرورت) میں چرب کر کے سہ چند شہد کے ہمراہ حسب معمول اطریفل بنائیں خوراک 9 ماشہ۔

2- **سربنفشہ**: شکر سرخ بموزن کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور 6 ماشہ کھائیں۔

3- شیرہ بادیان 5 ماشہ شیرہ مویز منقی 9 دانے۔ شیرہ تخم کشوث 3 ماشہ۔ عرق بادیان 12 تولے میں نکال لیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پییں۔

4- معجون سناکی 5 ماشہ شام کو گرم پانی کے ساتھ کھائیں۔

5- بادیان 7 ماشہ۔ مویز منقی 9 دانے کو پانی میں خوب جوش دے کر صاف کر لیں اور مغز فلوس۔ ترنجبین شکر سرخ ہر ایک 4 تولے۔ شیرہ مغز بادام 5 دانے گلقند 4 تولے ملا کر پییں۔

6- **قبض ریح الامعاء** :(خصوصاً ریح قولون) جوارش مسہلہ کھائیں۔ پھر شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ شیرہ تخم کشوث۔ شیرہ حب القرطم۔ شیرہ انیسوں ہر ایک 3 ماشہ۔ عرق بادیان 12 تولے میں نکال لیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پییں۔

7- سفوف املاح 1 ماشہ جوارش کمونی 1 تولہ میں ملا کر کھائیں۔

8- حب تنکار رات کو سوتے وقت کھائیں۔

مرکب۔ سفوف املاح : (ہاضم قبض اور ضعف معدہ کے لئے مفید ہے) کھار بھنگ۔ کھار تنک چھکنی۔ کھار پودینہ۔ کھار مولی۔ کھار برگ کثائی ہر ایک 2 تولہ۔ ست اجوائن 1 تولہ تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں' خوراک 4 رتی۔

کرم امعاء

1- **حیات وحب القرع** : اترج آملہ۔ پوست بلیلہ زرد ہر ایک 5 درم تربد سفید۔ مجوف خراشیدہ 12 درم نبات سفید 14 درم کوٹ چھان کر ایک تولہ گرم دودھ کے ساتھ دیں۔

2- **کدودانہ** : زرکچور۔ باؤ بڑنگ۔ باؤ کھمبہ۔ کمیلہ۔ ترمس ہر ایک 4 ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور ایک ماشہ پانی کے ساتھ دیں۔

3- **کدو دانہ** : کمیلہ 1 ماشہ میں گلقند 4 تولے میں ملائیں اور صبح کے وقت کھائیں۔ شام کو معجون سرخس 5 ماشہ کھانی چاہئے۔

4- **ضماد دیدان** : آب نیب میں تخم شفتالو پیس کر ضماد کریں۔

5- **کدودانہ** کمیلہ۔ باؤ بڑنگ۔ برگ نیم ہم وزن کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور 6 ماشہ شہد میں ملا کر کھائیں۔

6- **کرم امعاء** : اول چند روز تک شیر گاؤ شار۔ نبات سفید 4 تولے پیا کریں پھر باؤ بڑنگ 6 ماشہ۔ سرخس 1 ماشہ۔ کمیلہ سوا ماشہ' ترمس 1 ماشہ۔ حب النیل پون ماشہ مرقسط تلخ مر۔ نمک ہندی کا سفوف بنا کر ناک بند کر کے کھائیں۔ دوسرے روز تربد موصوف 2 ماشہ اور سنا مکی 1 ماشہ گلقند 4 تولے میں ملا کر کھائیں۔

مرکب معجون سرخس : (حب القرع) کدو دانے کے لئے نافع ہے) سرخس۔ بڑنگ کابلی۔ مقشر ہر ایک 3. ماشہ۔ تربد سفید مجوف مرمقل ارزق ہر ایک 7 ماشہ کوٹ چھان کر شہد کے ساتھ معجون بنائیں۔ خوراک 5 ماشہ۔

بواسیر

1- **بواسیر بادی** : 1- خوبانی 5 عدد رات کو گرم پانی میں تر کر کے صبح اس کا زلال پئیں اور اس کے بعد خوبانی بھی کھائیں۔

2- ہلیلہ مربی ایک عدد گرم پانی سے دھو کر ورق نقرہ سے ملفوف کریں اور شیرہ بادیان 5 ماشہ- شیرہ انیسوں 3 ماشہ عرق بادیان 12 تولے میں نکال کر خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملائیں اور ہلیلہ مربی کھا کر پئیں-

اضافہ و بدل : 1- کبھی شیرہ مویز منقی 9 دانے- شیرہ عنب الثعلب 5 ماشہ- شیرہ تخم کشوث 3 ماشہ بھی اضافہ کرتے ہیں-

2- کبھی رسوت اور مقل ہر ایک ایک ماشہ پیس کر جوارش جالینوس 7 ماشہ میں ملا کر کھلاتے ہیں اور مذکورہ شیرے پیتے ہیں-

2- **بواسیر خونی** :1- شیرہ کشنیز خشک 3 ماشہ- لعاب ریشہ خطمی 5 ماشہ- شیرہ بیخ انجبار- شیرہ تخم خرفہ سیاہ ہر ایک 3 ماشہ پانی میں نکال کر شربت انجبار 2 تولے داخل کریں اور تخم بارتنگ 5 ماشہ یا اسپغول 7 ماشہ مسلم چھڑک کر پئیں-

2- گیرو میں آب کرونده سبز کافی مقدار میں جذب کریں اور حبوب بقدر نخود باندھ لیں خوراک ایک حب صبح ایک حب شام-

3- ہلیلہ کابلی 1 تولہ- مٹی کے گرم کئے ہوئے برتن میں سرخ کریں- سرخ ہونے پر اسے گھی سے چرب کر کے بھونیں- جب چھلکا اتر جائے تو سرخ کی ہوئی رسوت ایک تولہ کے ساتھ ملا کر اڑد کی دال کے برابر گولیاں بنائیں- خوراک 2 گولیاں شربت انجبار 2 تولے کے ساتھ کھائیں- اور عندالضرورت دن میں تین چار مرتبہ کھائیں-

3- **بواسیر زحیری** : بسد سوختہ- مرجان سوختہ ہر ایک ایک ماشہ- دونوں کو پیس کر خمیرہ خشخاش 1 تولہ میں ملا لیں- پھر لعاب بہدانہ- لعاب تخم مروا- شیرہ بیخ انجبار ہر ایک 3 ماشہ- لعاب اسپغول 7 ماشہ- عرق گاؤزبان 12 تولے میں نکال کر شربت بنفشہ 2 تولے ملائیں اور خمیرہ کھا کر پئیں-

4- **سوزش بواسیر**: شکر سرخ- مازو سبز ہر ایک 1 تولہ کوٹ چھان کر پانی میں پیس اور بواسیر کے مسوں پر طلا کریں-

5- **بواسیر دموی** : بسفائج فستقی 7 ماشہ- عناب 5 دانے پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور شربت عناب 2 تولے ملا کر پئیں-

6- **بواسیر ریحی** : بسفائج فستقی 7 ماشہ کو پانی میں جوش دے کر اس میں ترنجبین اور مغز فلوس ہر ایک 4 تولہ ملائیں چھان کر پئیں-

7- **خارش ابتدائے بواسیر**: 1- کچلہ پانی میں پیس کر طلاء کریں-

2- اگر مسے زیادہ تکلیف دیں تو بھنگرہ اور گوار کے پتے ہموزن لے کر کوٹ چھان لیں

اور لیپ کریں۔
3- بواسیر خونی میں پہلے لعاب ریشہ خطمی 5 ماشہ- شیرہ حب الاس 3 ماشے- شربت بنفشہ 2 تولے میں اسبغول مسلم 7 ماشہ چھڑک کر پلائیں- پھر سفوف مغز ختہ انبہ 6 ماشہ اسہال دموی بواسیری شربت انجبار 2 تولے یا شربت حب الاس 2 تولے کے ساتھ استعمال کریں-

8- بواسیر دموی حار: آب دوغ 10 تولے- شربت نیلوفر 2 تولے ملا کر پئیں-

اضافات: اگر کھانسی ہو تو دیا توزہ 7 ماشہ اضافہ کریں-
2- کبھی حبس خون کے لئے شربت نیلوفر کی جگہ شربت خشخاش 2 تولے ملاتے ہیں-
3- اگر سل بھی ہو تو گندھک آملہ سار اضافہ کرتے ہیں-
4- سل میں شربت نیلوفر کی جگہ شربت خشخاش 3 تولے ملاتے ہیں-

9- بواسیر و قبض: رسوت- مقل ہر ایک ایک ماشہ کو پیس کر جوارش مقل 7 ماشہ میں ملائیں اور شیرہ بادیان' لعاب ریشہ خطمی ہر ایک 5 ماشہ شیرہ تخم کشوث 3 ماشہ- عرق بادیان- عرق گذر ہر ایک 6 تولے میں نکال کر خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملائیں اور اسبغول مسلم 7 ماشہ چھڑک لیں- جوارش کھا کر پئیں-

10- اسہال بواسیری ضعف معدہ : زہر مہرہ- بنسلوچن- انار دانہ- پوست بیرون-پستہ مصطگی ہر ایک ایک ماشہ سب کو پیس کر جوارش انارین 7 ماشہ میں ملائیں اور آب بارتنگ سبز مروق 4 تولے- آب انار شیریں- آب کاسنی- سبز مروق ہر ایک 4 تولے اور رب شیریں کے ساتھ کھائیں-

11- ضماد محلل: قرن الایل پانی میں پیس کر بواسیر کے مسوں پر ضماد کریں-

12- ضماد درد: رسوت- مقل ہر ایک ایک ماشہ گندنا کے پانی میں پیس کر مسوں پر ضماد کریں-

13- ضماد: مقل- سفیدہ قلعی- گل خطمی- موم سفید ہر ایک 6 ماشہ- رسوت 3 ماشہ- روغن السی 1 تولہ ملا کر آگ پر رکھیں ضماد بنا کر کام میں لائیں-

14- مرہم بواسیر: چوب نیم سائیدہ- ساگہ چوکیہ بریاں- ہر ایک 2 تولے- مسکہ گاؤ 3 تولے- تینوں کو پھول کی تھالی میں دستہ چوب نیم سے اس قدر گھسں کہ سیاہ ہو جائے پھر مسوں پر ضماد کریں-

مرکبات۔ حب بواسیر: بسفائج فستقی- زرنباد مقل- رسوت- مغز تخم بنولہ ہر ایک 2 تولہ سب کو گلاب میں پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں- خوراک ایک گولی صبح ایک

شام۔

حب ملین: پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی' پوست بلیلہ' آملہ ہرایک 9 ماشہ۔ کلی انیسوں ہر ایک 4 ماشہ۔ تخم گندنا 1 تولہ۔ مقل 1 تولہ۔ خیار شنبو 9ماشہ_ بکائن۔ پوست نیب ہر ایک 9 ماشہ۔ تربد سفید خراشیدہ 7 ماشہ۔ ہلیلہ جات کو روغن گاؤ میں چرب کر لیں۔ اور مقل کو گندنا کے پانی میں پیس لیں پھر سب دواؤں کو ملا کر نخود کے برابر گولیاں بنالیں۔ عندالضرورت 2 گولیاں کھائیں۔

حب بواسیر دموی: پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ مقل۔ گل ارمنی۔ گل فارسی۔ دم الاخوین۔ سندروس۔ مغز تخم نیب۔ صمغ عربی۔ آملہ منقی اشنہ۔ مغز تخم بکائن۔ مازو سبز۔ سنگ جراحت ہر ایک 7 ماشے۔ آب بارتنگ سبز میں نخود کے برابر گولیاں بنائیں اور اوردو گولیاں عرق بادیان کے ساتھ کھائیں۔

بدل: کبھی شکرتری کی جگہ شربت انار شیریں 2 تولے بھی استعمال کرتے ہیں۔

حب اسہال بواسیری دموی: گلنار۔ جوزبوا۔ افیون۔ چاکسو۔ رسوت۔ زرچوب۔ زیرہ سفید۔ کونپل نیم۔ کونپل بکائن۔ کونپل ببول _ ہلدی ہر ایک 3 ماشہ کوٹ چھان کر مونگ کے برابر گولیاں باندھیں۔ خوراک 2 تین گولیاں۔

شقاق مقعد

1- **شقاق مقعد و قمل:** موم سفید 1 تولہ۔ پیہ گردہ بز 2 تولے۔ مغز ساق گاؤ 4 تولے۔ سب کو پگھلا کر صاف کر لیں اور سنگجراحت' مردار سنگ ہر ایک 9 ماشہ پیس کر بطور مرہم کے استعمال کریں۔

2- **خروج مقعد و استحاضہ:** 1- بلوط۔ اقاقیا۔ گلنار۔ مازو سبز۔ پوست۔ انار ہر ایک 6 ماشہ پانی میں جوش دے کر آب دست کریں اور اس کے ثفل کو پیس کر لیپ کریں۔

3- **خروج مقعد:** گلنار سرخ۔ مازو سبز۔ پوست انار ہر ایک ایک ماشہ پیس کر خروج مقعد کے وقت اس پر چھڑکیں اور لنگوٹ باندھیں۔

امراض گردہ و مثانہ

نکات مطب: 1- قے اکثر امراض گردہ و مثانہ میں مفید ہوتی ہے۔

2- بول الدم میں ایڑی پر پچھنے لگانا بہت مفید ہے۔

1- سوزش بول۔ سوزاک جدید: شیرہ تخم خیارین۔ شیرہ خار خسک۔ شیرہ تخم خربوزہ ہر ایک 3 ماشہ پانی میں نکالیں اور شربت بزوری 4 تولے ملا کر پئیں۔

2- سوزاک جدید و امراض حار مجاری بول: پوست فالسہ۔ شکر تری 1 تولہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح اس کا زلال لیں اور شربت بزوری 4 تولے ملا کر پئیں۔

اضافہ: کبھی روغن صندل ایک ماشہ بتاشہ میں ڈال کر اس کے ساتھ استعمال کراتے ہیں اور جب مرض پرانا ہو جائے تو روغن بلسان ایک ماشہ بتاشہ میں شامل کر اضافہ کرتے ہیں۔

3- سوزاک: کیرو 3 تولے نخود خام مع پوست نیم کوفتہ 3 تولے' رات کو گرم پانی میں بھگوئیں صبح زلال لے کر شربت بزوری 4 تولے ملا کر پئیں۔

فائدہ: مطب میں بالعموم نسخہ اول بوقت شام اور نسخہ ثانی بوقت صبح دیا جاتا ہے اس سے فائدہ ہونے کی صورت میں مامیراں یا سفوف قلعی کشتہ استعمال کراتے ہیں۔ کبھی ابتداء میں عرق سوزاک بھی پلاتے ہیں کبھی سفوف سرخ بھی دیتے ہیں نسخہ ذیل بھی برتا جاتا ہے۔

نسخہ زلال پوست نیم: پوست نیم 1 تولہ رات کو گرم پانی میں تر کر کے صبح اس کا زلال لیں اور شربت بزوری 4 تولے ملا کر پئیں۔

3- سوزاک۔ جدید و قدیم: پھٹکڑی 1 تولہ نیلہ تھوتھا 4 ماشہ دونوں کو خوب بریاں کر کے پانی میں حل کریں اور ہر روز پانچ چھ مرتبہ پچکاری کریں۔

5- مصفی آلات بول: شیرہ تخم کاسنی 5 ماشہ عرق گاؤزبان 12 تولے میں نکالیں اور شربت بزوری 4 تولے ملا کر پئیں۔

اضافات: 1- تقویت دماغ کے لئے خمیرہ گاؤزبان جواہر والا 5 ماشہ اضافہ کریں۔
2- معدہ کی رعایت سے شیرہ بادیان 5 ماشہ بڑھائیں۔
3- تسکین حرارت و تصفیہ خون کے لئے شیرہ عناب 5 دانے اضافہ کرتے ہیں۔

6- پچکاری: نیلہ تھوتھا بریاں۔ مردار سنگ ہر ایک 6 ماشہ۔ سرمہ اصفہانی 1 تولہ۔ رسوت ۔ کتھ سفید مازو سبز ہر ایک ایک تولہ۔ مصطگی 6 ماشہ۔ صلایہ کر کے بوتل پانی میں حل کریں اور افیون روغن بروزہ ہر ایک ایک ماشہ اضافہ کر کے پچکاری کریں۔

اضافہ: کبھی شب یمانی 6 ماشہ اور رال سفید 1 تولہ بھی بڑھا دیتے ہیں۔

7- سوزاک مزمن: طباشیر۔ تخم خیارین۔ تخم خرفہ سیاہ۔ صمغ عربی۔ کشتہ قلعی۔

دانہ الائچی کلاں- کباب چینی- تخم خشخاش- نشاستہ- تخم خربزہ- ریوند چینی- کتھ سفید- خس- سلاجیت- ست گلو- تالمکھانہ- تخم کاسنی- کشنیز خشک- برگ حنا- زیرہ سفید- سپستان- گیرو- زرد چوب- آملہ خشک- شورہ قلمی ہر ایک 3 ماشے- کوٹ چھان کر شکر سفید ہموزن ادویہ ملائیں اور پانچ سے سات ماشے تک پانی کے ساتھ کھائیں-

8- **سوزاک مزمن** : دانہ ہیل خورد- دانہ ہیل کلاں- ست گلو- ست سلاجیت- کباب چینی- کشتہ قلعی- سپستان- تالمکھانہ- کتھ سفید خس- گوند کتیرا- کنجد سیاہ- گلنار برگ حنا ہر ایک 6 ماشے کوٹ چھان کر نبات سفید ہموزن ادویہ ملائیں اور ایک تولہ شربت بزوری کے ساتھ کھائیں-

9- **حرقت و تقطیر و سوزاک و سیلان ریم** : شورہ قلمی- دانہ الائچی کلاں- ہر ایک 21 ماشہ باریک پیس کر 6 حصے کریں پہلے تین روز پانی کے ساتھ اور پھر ساٹھی کے چاولوں کی پیچ کے ساتھ دیں-

مرکبات- سفوف ماميراں : (سوزاک کہنہ کے لئے مفید ہے) صمغ عربی- کتیرا ماميراں چینی ہر ایک 4 ماشہ- گلنار 6 ماشہ- زرشک افیون- زراوند مدحرج ہر ایک 8 ماشہ- طباشیر- کبریت ہر ایک 3 تولہ 1 ماشہ- مغز خیارین 5 تولہ 9 ماشہ- تخم خرفہ سیاہ ایک تولہ کنجد مقشر 5 تولہ 8 ماشہ نبات سفید ہموزن ادویہ سفوف بنائیں- خوراک 3 ماشہ-

سفوف کشتہ قلعی : قلعی کے پترے کو قینچی سے کتر کر چاول کے برابر ٹکڑے کر لیں اور ایک بڑا سا اپلا لے کر چھٹانک بھر بھنگ اس پر رکھیں اور اس پر قلعی کے چاول پھیلا دیں اس کے اوپر ایک چھٹانک بھنگ اور ڈالیں اور دوسرے بڑے اپلے سے ڈھک دیں- پھر دس سیر اوپلوں میں رکھ کر گڑھے میں آنچ دیں اور سرد ہونے پر نکال کر پیس چھان کر محفوظ رکھیں- خوراک دو تین چاول ہمراہ معجون آرد خرما ایک تولہ-

عرق سوزاک : (سوزش بول- خون' پیپ اور زخم کے لئے نافع ہے) کشنیز خشک 5 تولہ رات کو آدھ پانی میں بھگوئیں اور صبح جوش دیتے وقت برانڈی 3 تولہ اور روغن صندل 6 ماشہ شامل کر کے عرق تیار کریں- خوراک ایک تولہ-

سوزش بول

1- **سفوف** : ریوند خطائی- شورہ قلمی- برگ حنا ہر ایک 7 ماشہ کوٹ چھان کر چار حصے کریں ایک حصہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح اس کا زلال لیں اور شربت بزوری 4

تولے ملا کر پئیں۔

تقطیر البول

1۔ شورہ قلمی۔ دانہ الائچی کلاں ہر ایک 21 ماشہ سفوف بنا کر چھ حصے کریں اور ہر روز ایک حصہ کھائیں

2۔ تخم خیارین۔ تخم خربوزہ۔ تخم خشخاش۔ تخم کدو شیریں۔ تخم خربوزہ ایک 3 ماشہ شیرہ عرق بادیان 12 تولہ میں نکالیں اور شربت خشخاش 2 تولے ملا کر پئیں۔

کثرت بول

جوارش مصطگی 7 ماشہ یا معجون کندر 7 ماشہ کھائیں اور عرق بادیان 12 تولے میں شیرہ بادیان 5 ماشہ نکال کر اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں۔

احتباس بول

1۔ اسقولو قندریون۔ مغز تخم خربوزہ ہر ایک 2 تولے۔ بسفائج بریاں 7 تولے۔ تخم گذر 3 تولے کوٹ چھان کر 5 ماشے شیرہ تخم کدو۔ شیرہ تخم خیارین۔ شیرہ خارخسک ہر ایک 3 ماشے شربت بزوری 4 تولے کے ساتھ دیں۔

2۔ شورہ قلمی 3 ماشہ۔ نیل 1 تولہ پانی میں پیس کر زیر ناف ضماد کریں۔

3۔ تخم معصفو دہی کے پانی میں پیس کر زیر ناف ضماد کریں۔

انجماد بول

1۔ **انجماد بول**: (ضعف ہضم کی وجہ سے پیشاب میں بہت رسوب اور زبد ہوتا ہے) مالتی بسنت 1 چاول۔ معجون فوتنجی 7 ماشہ میں ملا کر کھائیں اور شیرہ بادیان۔ شیرہ انیسوں۔ شیرہ صعتر ہر ایک 5 ماشہ شیرہ دانہ ہیل 3 ماشہ شربت بزوری 4 تولے پئیں۔

بول الدم

چاکسو 40 عدد صندل سفید ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح اس کا زلال پئیں۔

ذیابیطس

1- **ذیابیطس و درد پشت** : مغز پنبہ دانہ نیم کوفتہ ایک تولہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح اس کا زلال لیں اور شربت بزوری 4 تولے ملا کر پئیں۔

اضافہ : اگر ضعف معدہ ہو تو جوارش مصطگی 7 ماشہ یا جوارش انارین 7 ماشہ بڑھائیں

2- **ذیابیطس کہنہ** : تخم جامن 1 تولہ افیون 1 ماشہ میں پیس کر بتیس گولیاں بنائیں۔ دو گولیاں صبح و شام کھائیں۔

مرکب۔ سفوف ذیابیطس : (گردوں کو طاقت دیتا اوز ذیابیطس کے لئے مفید ہے رب)السوس۔ ریوند چینی۔ گوند کتیرا۔ دم الاخوین۔ گل ارمنی۔ گل مختوم۔ طباشیر۔ حب کاکنج۔ تخم خشخاش۔ ہر ایک 2 تولہ۔ نشاستہ' مغز کدو۔ تخم خرفہ ہر ایک 3 تولہ تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر ہموزن ادویہ قند سفید پیس کر شامل کریں۔

درد گردہ

1- **درد گردہ ریحی و ریاح شکم** : برگ شبت۔ تخم خیارین۔ حب قرطم۔ تخم کتان۔ عنب الثعلب۔ برنجاسف پوست خرپزہ ہر ایک 5 ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان لیں اور شربت بزوری 4 تولے میں ملا کر پئیں۔

2- **درد گردہ و پشت** : سورنجاں شیریں۔ بوزیدان ہر ایک ایک ماشہ دونوں کو پیس کر جوارش زرعونی 7 ماشہ میں ملا لیں اور رات باردہ کے ساتھ کھائیں۔

3- **درد گردہ ورمی** : لعاب بہیدانہ 3 ماشہ۔ عرق گاؤزبان 12 تولے میں نکال کر شربت بنفشہ 2 تولے ملائیں اور خاکسی 7 ماشہ چھڑک کر فصد کرانے کے بعد پئیں۔

4- **ضماد درد گردہ** : عنب الثعلب' برنجاسف۔ سعد کوفی۔ مرزنجوش ہر ایک 6 ماشہ سب کو پیس کر روغن گل 2 تولے میں ملائیں اور نیم گرم ضماد کریں۔

5- **درد گردہ ریحی** : جوارش کمونی 1 تولہ کھائیں اور شیرہ بادیان 5 ماشہ تخم کشوث 3

ماشہ شیرہ انیسوں 5 ماشہ- عرق بادیان- عرق عنب الثعلب ہر ایک 6 تولے میں نکال کر گلقند 4 تولے، خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملائیں اور مل چھان کر شربت دینار تولے، اضافہ کر کے ساتھ پئیں-

6- **نطول درد گردہ:** گل ٹیسو 4 تولہ- گل آکھ پرسیاؤشاں- حب، القلت پوست خربزہ تخم شبت ہر ایک 2 تولے تین پاؤ پانی میں میں جوش دیں- جب تیسرا حصہ رہ جائے تو اتار کر نطول کریں اور ثفل کو مقام درد پر باندھ دیں-

: زردی بیضہ مرغ یک عدد ظرف مس میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور زرد چوب 6 ماشہ میں پیس کر اضافہ کریں جب مرہم کی طرح ہو جائے تو مقام درد پر لگائیں اور پان رکھ کر کپڑے سے باندھ دیں-

ریگ و سنگ گردہ و مثانہ

1- **ریگ و سنگ گردہ مثانہ:** حجر الیسود- سنگ سرماہی- ہر ایک ایک ماشہ دونوں کو پیس کر جوارش زرعونی 7 ماشہ- یا معجون عقرب 1 ماشہ میں ملائیں اور شیرہ دوقو، شیرہ کانج- شیرہ آلو بالو ہر ایک 3 ماشہ- پانی میں یا عرق اناس 12 تولہ میں نکال کر شربت بزوری 4 تولے ملائیں اور جوارش یا معجون کھاکر اوپر سے کھائیں-

بدل: کبھی شورہ قلمی 1 ماشہ اور جوا کھار 1 ماشہ بھی پیس کر جوارش میں شامل کرتے ہیں-

2- **سنگ گردہ و مثانہ و احتباس بول:** پیخال کبوتر 5 تولے پانی میں جوش دے کر نطول کریں اور پھر زندہ کبوتر کا شکم چاک کر کے گرم گرم مثانہ پر باندھیں-

3- **سنگ گردہ و مثانہ:** صعتر فارسی 1 تولہ- نوشادر 4 سرخ پانی میں پیس کر آگ پر رکھیں جب پھٹ جائے تو پئیں-

اضافہ: کبھی حجر الیسود- سنگ سرماہی ہر ایک ایک ماشہ پیس کر جوارش زرعونی 7 ماشہ میں ملا لیتے ہیں اور نسخہ مذکورہ کے ساتھ کھلاتے ہیں-

4- **سنگ گردہ و مثانہ و سوء ہضم و ریاح معدہ:** نانخواہ- تخم کرفس- نبات سفید- ہر ایک ایک تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور 3 ماشے کھانا کھانے کے بعد کھائیں-

مرکب- کشتہ حجر الیہود: پانچ عدد بچھو کلاں کو کوٹ کر ان کا نغدہ بنائیں اور اس میں

ایک تولہ حجر الیہود کو رکھ کر مٹی کے سکورے میں بند کر دیں اور گل حکمت کر کے 5 سیر جنگلی اپلوں کی آنچ دیں بعد ازاں نکال کر اور مع خاکستر عقرب پیس کر محفوظ رکھیں۔ خوراک ایک سرخ سے دو سرخ۔

امراض مخصوصہ مرداں

دستور العلاج: 1- کبھی وجع عضو مخصوص حبس بول سے ہوتا ہے اور اس کے ساتھ شدید قبض بھی لاحق ہو جاتا ہے اس حالت میں حقنہ ملینہ استعمال کرنا چاہئے۔ حقنے کے بعد پیڑو اور عضو مخصوص کے حوالی پر تکور کرنی چاہئے۔

2- ورم گرم خصیہ۔ وقضیب میں باسلیق کھولیں۔

جریان

1- **جریان و رقت منی:** 1- ثعلب مصری۔ آرد سنگھاڑہ۔ مغز پنبہ دانہ۔ ہر ایک 2 ماشہ نبات سفید 2 تولے پانی میں پیس کر شیر گاؤ 10 تولے اور سبوس اسبغول 7 ماشہ اضافہ کر کے آگ پر رکھیں جب غلیظ ہو جائے تو اتار کر کھائیں۔

2- **تخم:** ریحان 6 ماشے نبات سفید 2 تولے پانی میں پیس کر شیر گاؤ 10 تولے ملائیں اور دھیمی نرم آنچ پر حریرہ بنا کر کھائیں۔

3- **ورود منی و مذی:** اصل السوس مقشر 6 ماشہ۔ تخم کاہو 9 ماشہ۔ گلنار فارسی 1 تولہ۔ گل سرخ 1 تولہ۔ تخم سداب سنبھالو ہر ایک سوا تولہ پیس کر اور 1 تولہ 9 ماشہ پانی یا شربت بزوری 4 تولے کے ساتھ پھانکیں۔

4- **جریان و رقت منی:** بیج بند سیاہ۔ تخم ہلہل۔ گوکھرو۔ تالمکھانہ۔ ہر ایک ساڑھے تین تولے۔ اندر جو شیریں 7 تولے۔ مہستان 25 تولے۔ شکرتری ہموزن ادویہ سفوف بنائیں اور ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ پاؤ بھر آب سرو کے ساتھ کھائیں۔

5- **مغلظ منی۔ دافع جریان ممسک:** سنگھاڑہ خشک۔ گوند کتیرا ہر ایک 6 ماشہ۔ نشاستہ تالمکھانہ ثعلب مصری مازو مصطگی ہر ایک 4 ماشہ نبات سفید ہموزن ادویہ سفوف بنائیں اور 5 ماشے ہمراہ شیر گاؤ ایک پاؤ کے ساتھ کھائیں۔

6- **جریان و سوزاک و سرعت انزال:** (جو سوزاک سے ہو جائے) ست گلو۔ طبا

شیر- سلاجیت- اصل السوس مقشر- تالمکھانہ- پکھان بید- بہدانہ- الائچی خورد- کشتہ قلعی ہر ایک ایک تولہ- کوٹ چھان کر سفوف بنائیں- اور نبات سفید ہموزن ادویہ شامل کریں- خوراک 3 ماشہ ہمراہ خیساندہ پوست' فالسہ شکرتری 1 تولہ شربت بزوری 4 تولے-

7- **جریان و ضعف باہ** : موصلی سنبلی ڈھائی تولے- موصلی سفیدو موصلی سیاہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ- گل داماوہ 5 تولے- بہمن کرکس- پلنگ توڑ ہر ایک ساڑھے تین تولے- بہجند سیاہ- جائفل جوتری ہر ایک ڈیڑھ تولہ- موصلی گولر 5 تولے- خراطین خشک مصفی ڈیڑھ تولے کوٹ چھان کر نبات سہ سفید سہ چند ادویہ ملائیں اور سفوف بنا کر ایک تولہ شیر گاؤ کے ساتھ کھائیں-

7- **جریان** : صمغ عربی ۔ سپاری کہنہ- کتھ سفید- ڈھاک کی گوند' ہلیلہ سیاہ' زعفران' جوزبوا- مصطگی قرنفل- بسباسہ- عاقر قرحا پوست خشخاش- بزرالبنج- دانہ ہیل- موچرس- کندر ہر ایک 3 ماشے مغز تخم تمرہندی قشر 2 تولہ مغز پنبہ دانہ' مغز نارجیل- مغز پستہ- مغز اخروٹ- مغز چلغوزہ- نبات سفید- ہموزن ادویہ سفوف بنائیں خوراک 7 ماشہ ہمراہ شیر گاؤ-

مرکبات

سفوف گوند کتیرا والا : (قوت باہ ممسک اور جریان کے لئے بے نظیر ہے) نشاستہ طباشیر- دانہ الائچی خورد- دانہ الائچی کلاں- ست گلو- ست سلاجیت- کباب چینی- کشتہ قلعی- سہستان- تالمکھانہ- کتھ سفید- خس' کندر کتیرا' کندر سیاہ' گلنار اصل السوس' برگ حنا- ریوند چینی ہموزن' قند سفید- ہموزن ادویہ حسب معمول سفوف تیار کریں- خوراک 1 تولہ-

دوائے سیاہ : (جریان کے لئے مفید ہے) سیسہ بقدر ضرورت لے کر ایک لوہے کی کڑھائی میں پگھلائیں اور سہانجنہ کی لکڑی سے چلاتے رہیں اور اس دوران میں تھوڑی سی شکر کچی چھڑک دیں- جب خاک ہو جائے زلال کر کے محفوظ رکھیں- خوراک 1 چاول-

دوائے خاص : سیماب بر 6 ماشہ- قلعی ایک تولہ میٹھا تیلیہ مدبر 3 ماشہ- مرچ سفید دکھنی 2 تولہ قلعی پگھلا کر سیماب ملائیں اور کھرل کریں- باقی ادویہ کو علیحدہ پیس کر شامل کر کے خوب صلایہ کریں بس تیار ہے خوراک 2 سے چار چاول تک-

سفوف مولف : د جریان رقت سرعت کو نافع ہے- سنگھاڑا گوند کتیرا ہر ایک 6 ماشہ- نشاستہ تالمکھانہ- ثعلب مصری ہر ایک 4 ماشہ- مازو مصطگی ہر ایک 3 ماشہ- نبات سفید

ہموزن ادویہ کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔ خوراک 5 ماشہ ہمراہ آب یا شیر گاؤ۔

سفوف مغز کنول گٹہ: سرعت۔ رقت۔ مغلظ منی مقوی باہ جریان کے لئے اکسیر کا کام دیتا ہے۔ صمغ عربی۔ کتھوا ماميراں۔ چینی ہر ایک 4 ماشہ۔ گلنار 6 ماشہ۔ زرشک افیون۔ زراوند مدحرج ہر ایک 8 ماشہ طباشیر کبریت ہر ایک 3 تولہ 1 ماشہ۔ مغز خیارین 5 تولہ 9 ماشہ۔ تخم خرفہ سیاہ ایک تولہ کنجد مقشر 5 تولہ 8 ماشہ نبات سفید ہموزن ادویہ سفوف بنائیں۔ خوراک 3 ماشہ۔

ضعف باہ

1- **ضعف باہ و ضعف قلب**: معجون کلاں 5 ماشہ عرق گذر چھ تولے۔ عرق عنبر چھ تولے نبات سفید چھ تولے کے ساتھ کھلائیں۔

2- **ضعف باہ و قلب**: زہرہ مہرہ بنسلوچن ہر ایک ایک ماشہ پیس کر دواء المسک معتدل پانچ ماشہ میں ملائیں۔ اور آب سیب شیریں۔ آب انار شیریں ہر ایک پانچ تولے۔ شربت سیب دو تولے میں تخم فرنجمشک سات ماشہ چھڑک کر دواء المسک کے ساتھ پئیں۔

3- **مقوی باہ واعضاء رئیسہ و گردہ**: دافع جریان۔ ممسک گوند کتھوا۔ گلنار فارسی۔ نشاستہ موچرس۔ خارخسک پروردہ۔ مائیں۔ قلعی کشتہ۔ کہرباشمعی۔ مصطگی ہر ایک چار ماشہ۔گل ارمنی ثعلب مصری شقاقل مصری اندرجوشیریں۔ نغلاع۔ پکھان بید۔ مایہ شتراعرابی۔ لودھ گجراتی۔ سنبل الطیب۔ ہرایک تین ماشہ توودری زرد۔ توودری سرخ بہمن سفید بہمن سرخ۔ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ پوست بیخ مولسری بیخ کچنال۔ پوست بیخ جھڑبیری۔ پوست بیخ ببول پوست بیخ سنکھا ہولی۔ سنگھاڑا خشک ہرایک پانچ ماشہ دانہ الائچی خورد ساڑھے چار ماشہ نبات سفید ہموزن۔ ادویہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک ایک تولہ ہمراہ آب۔

4- **مقوی باہ و ممسک و مغلظ**: ایک سیر نکچھکنی کو لیکر پانچ سیر دودھ میں جوش دیں۔ جب کھویا سا ہو جائے۔ تو ایک سیر روغن زرد میں بریاں کر لیں۔ پھر ایک سیر شکر سفید اور ایک سیر شہد کے ساتھ قوام کر کے حلوہ بنا لیں۔ اور قرنفل۔ دار چینی۔ خولنجاں۔ کباب چینی ہر ایک تین ماشہ مشک خالص ایک ماشہ کو پیس کر مخلوط کریں۔ خوراک ایک ماشہ۔

5- **اکسیر عجیب**: سیماب کو اکیلیس مرتبہ دبیز کپڑے سے چھان لیں۔ اور ورق طلا ملا

کر ملایہ کریں۔ جب دونوں یک جان ہو جائیں۔ تو مروارید ناسفتہ اور شنگرف کو اضافہ کر کے آٹھ روز تک آب لیموں میں کھرل کریں اور دوا کے چند قرص بنا کر ظرف گلی میں رکھیں۔ پھر اسے گل حکمت کر کے گڑھے میں رکھ کر دو من اپلوں کی آنچ دیں اور نکال کر ایک سال کے بعد استعمال کریں۔ خوراک ایک چاول۔

6- **روغن عجیب** : (مقوی باہ و مشتہی) مال کنگنی سات تولے۔ گندھک آملہ سار پانچ تولے کانجی سیاہ سات تولے بیج کنیر سفید سات تولے۔ ہلاہل ساڑھے تین تولے۔ کو نیم کوب کر کے اس قدر شیر گاؤ ڈالیں کہ دودھ دوائی کے دو انگل اوپر تک آجائے۔ اور سات روز تک رہنے دیں۔ پھر صرف ہلاہل کر گوبر میں جوش دے لیں اور تمام دواؤں کو یکجا کر کے شیشہ میں ڈالیں اور پاچک دشتی کی آگ سے چویہ کے طریق پر روغن ٹپکائیں۔ خوراک بقدر دو تین قطرے۔

7- **حلوائے بیضہ خاص** : (مقوی باہ) بیضہ مرغ گیارہ عدد۔ روغن زرد گاؤ۔ نبات سفید ہر ایک نصف سیر۔ زعفران دو ماشہ۔ مشک ایک ماشہ۔ انڈوں کی زردی اور سفیدی کو مخلوط کر کے یک ذات بنائیں۔ پھر روغن زرد میں ملا کر اچھی طرح مخلوط کرتے رہیں۔ اسی طرح نبات سفید ملا کر یک ذات کر لیں۔ پھر ہلکی آنچ پر حلوہ بنائیں اور جب حلوے سے گھی جدا ہونے لگے تو زعفران و مشک محلول اضافہ کر کے اتار لیں خوراک تین سے پانچ تولے تک۔

اضافہ و بدل : 1- کبھی اکیس انڈوں کی زردی ڈالتے ہیں اور سفیدی نکال دیتے ہیں۔ 2- کبھی روغن گاؤ کی جگہ روغن بادام استعمال کرتے ہیں۔ 3- کبھی مشک ایک ماشہ۔ زعفران دو ماشہ کی جگہ صرف زعفران پانچ ماشہ ملاتے ہیں۔

8- **حب ممسک و مبہی** : جوزبوا۔ بسباسہ۔ افیون۔ مازو۔ مصطگی۔ زعفران۔ ناگیسرموچرس۔ گل سپاری۔ دانہ الائچی خورد۔ طباشیر۔ اجوائن خراسانی۔ مساوی الوزن۔ حبوب بقدر نخود بنائیں۔ خوراک ایک دو گولیاں۔

9- **حب ممسک** : زعفران۔ ست سلاجیت۔ ہر ایک چار ماشہ۔ افیون۔ مصطگی۔ سمندر سوکھ ناگیسر' لونگ ہر ایک چھ ماشہ۔ کوٹ چھان کر حبوب بقدر نخود باندھیں۔ اور ایک دو گولیاں دودھ کے ساتھ کھائیں۔

10- **حلوہ مقوی باہ** : روا پانچ تولے۔ روغن گاؤ پانچ تولے میں بریاں کر کے نبات سفید پانچ تولے کے ساتھ قوام کریں۔ اور ریگ ماہی بریاں تین ماشہ اس پر چھڑک کر بچیں۔ یہ ایک خوراک ہے روزانہ اتنا ہی کھائیں۔

11- **معجون مقوی باہ** : شہد نصف سیر کو جوش دیں اور کف اتار لیں۔ پھر اس پر مولی کے بیج پیس کر چھڑکیں۔ جب اس کا قوام ہونے کے قریب ہو تو زنجبیل۔ قرنفل۔ مصطگی۔ فلفل گرد ہر ایک تین تولے کوٹ چھان کر اضافہ کریں' خوراک سات سات ماشے۔ صبح و شام۔

12- **معجون آرد خرما** : (باہ۔ رقت۔ و سرعت اور جریان کو نافع) صمغ عربی۔ آور سنگھاڑا۔ آرد خرما ہر ایک چونسٹھ تولہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز پستہ۔ مغز بادام شیریں۔ مغز نارجیل ہر ایک گیارہ تولہ آٹھ ماشہ الائچی خورد۔ دار چینی۔ زنجبیل ہر ایک ایک تولہ ساڑھے پانچ ماشہ۔ قرنفل پونے دس ماشہ۔ فلفل دراز ساڑھے تین ماشہ۔ قند سفید ہم وزن ادویہ۔ شہد دو چند ادویہ کے ساتھ معجون تیار کریں۔ خوراک ایک تولہ ہمراہ کشتہ قلعی۔ دو چاول۔

13- **معجون مقوی باہ** :ساذج ہندی۔ ثار رنخود بریاں 5 تولے مقشر کوٹ چھان کر اور شہد خالص۔ ثار ملا کر معجون بنائیں اور ورق نقرہ ورق طلاء ہر ایک 6 ماشہ اضافہ کر لیں خوراک ایک تولہ۔

14- **حب نشاط (ممسک)** : کشتہ نقرہ ساڑھے چار ماشہ۔ مشک ڈیڑھ ماشہ۔ زعفران ساڑھے چھ تولہ۔ جاوتری۔ ریگ ماہی ہر ایک ساڑھے چھ تولہ۔ جوزبوا۔ سمندر سوکھ ہر ایک 9 ماشہ۔ زہر مہرہ سوا ماشہ سب کو پیس کر عرق برگ تنبول (بقدر حاجت) میں بقدر کنار گولیاں بنائیں۔

کشتہ نقرہ : چاندی کا برادہ یا ورق لے کر آکھ کے دودھ میں تین گھنٹہ تک خوب کھرل کر کے قرص بنائیں۔ بعد ازاں آکھ کی نرم کونپلیں ایک چھٹانک لے کر اور اس کے نغدے میں قرص رکھ کر گل حکمت کر کے 5 سیر اپلوں کی آنچ دیں پھر نکال کر اسی طرح کھرل کر کے آنچ دیں۔ کشتہ تیار ہو جائے گا۔ خوراک 2 چاول۔

15- **معجون نقرہ** : (مقوی دل و دماغ و باہ) مشک 3 ماشہ۔ عنبر 2 ماشہ۔ کہربا۔ بسد ر۔ یشب ہر ایک ایک تولہ۔ مروارید 3 ماشہ۔ طباشیر 1 تولہ۔ گلاب میں صلایہ کر کے رکھ لیں اور پھر ابریشم خام کو جلا کر اور صلایہ کر کے نبات سفید 18 تولے۔ آب سیب شیریں 8 تولے گلاب میں قوام کر لیں۔ پھر سفیدی و زردی بیضہ مرغ 4 عدد مشک عنبر وغیرہ صلایہ کی ہوئی دوائیں اور ورق نقرہ 6 ماشہ ملائیں۔ خوراک 5 ماشہ۔

16- **معجون مقوی و ممسک و مغلظ** : ہالوں تازہ بہمن سفید۔ عود غرقی ہر ایک 3 تولے۔ مغز تخم کدوئے شیریں۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم خربزہ۔ مغز بادام۔ مغز فند۔ مغز

چلغوزہ- کبابہ خنداں- مغز اخروٹ- کنجد مقشر- دار چینی ہر ایک 5 تولے- مصطگی ہر ایک ایک تولہ- ترنجبین نصف سیر- ستاور 3 پاؤ شیر گاؤ 5 سیر- عسل خالص سہ چند ادویہ بر طریقہ معروف معجون بنائیں خوراک 1 تولہ-

17- جوہر سیمن: (مقوی باہ و دافع امراض معدہ بلغمیہ) سنکھیا تولہ' شراب برانڈی 3 تولہ- قسم اول میں صلایہ کر کے ہلکی آنچ پر رکھیں اور جوہر اڑالیں- خوراک 2 چاول-

18- الاحمر: (مقوی باہ) قطعہ شنگرف- بیش سفید- ہر ایک 2 تولے پیس لیں اور زمیں قند کو کوٹ کر اس قدر پانی لیں جس میں بیش کو گوندھ لیا جائے- گوندھنے کے بعد اس میں شنگرف کی مسلم ڈلی رکھ کر غلولہ بنائیں اور دبیز کپڑا اس پر اچھی طرح لپیٹ کر باندھ دیں- پھر تین سیر روغن معصفو لے کر تانبہ کی دیگ میں ڈالیں اور غلولہ کو اس میں ڈال کر سرپوش سے اچھی طرح منہ بند کریں- نیز کسی پتھر سے دبا دیں اور ہلکی آنچ پر رکھیں- ایک پہر کے بعد آگ تیز کر دیں اور تین پہر تک تیز آگ رہنے دیں- دیگ میں سے بہت زیادہ شور کی آواز آئے گی- اس سے مشوش نہ ہوں- البتہ سرپوش کا خیال رکھیں کہ کھلنے نہ پائے- چار پہر تک نرم و تیز آگ دینے کے بعد دیگ کو اتار لیں اور سرد ہونے پر ڈلی کو نکال کر خوب باریک سفوف کر لیں- خوراک ایک چاول مکھن میں شیر گاؤ کے ساتھ-

19- معجون فلک سیر: (مقوی و مسک) مغز بادام- مغز فندق- مغز چلغوزہ- مغز گردگاں- افیون- جوزبوا- بسباسہ- عنبر حلتیت- تخم کاہو مقشر ہر ایک 6 ماشہ- مشک 1 تولہ- نبات سفید دو چند ادویہ بطریق معروف معجون بنائیں خوراک ایک ماشہ-

20- معجون فلک سیر: مروارید ناسفتہ- کہرباشمعی- بسد احمر- یاقوت- بادرنجبویہ- تخم کاہو مقشر- ابریشم مقرض- سنبل الطیب- عاقر قرحا- خولنجاں- زنجبیل- بہمن سرخ- بہمن سفید- ساذج ہندی- طباشیر- آملہ مقشر- صندل سفید- قرنفل ہر ایک ڈیڑھ ماشہ- جوزبوا- بزرالبنج- دار چینی سعد کوفی- زعفران- عود بلسان- فلفل گرد- فلفل دراز- زہر مہرہ- گل گاؤزبان- گل ارمنی- کتیرا- سلیخہ ہر ایک 3 تولے افیون 7 تولے- چرس 3 تولے- مغز پستہ- مغز بادام- مغز اخروٹ- نانخواہ- نارجیل کوفتہ ہر ایک 9 ماشہ- شہد سہ چند ادویہ حسب معمول معجون بنائیں- خوراک 1 ماشہ ہمراہ شیر گاؤ-

21- معجون فلک سیر: (ماخوذ از بیاض حکیم کبریا خاں صاحب) مغز بادام- مغز فندق- مغز چلغوزہ- مغز پستہ- مغز تخم کاہو- مقشر تخم خشخاش ہر ایک ایک تولہ- جوزبوا- زعفران- بسباسہ افیون ہر ایک 8 ماشہ- عنبر ہر ایک 5 ماشہ- چرس 3 تولے عسل خالص دو چند ادویہ بنائیں- خوراک ایک سے تین ماشے تک-

22- **معجون فلک سیر**: (مجوزہ حکیم محمود خاں صاحب) مروارید ناسفتہ ساڑھے چار ماشہ- ورق طلاء' ورق نقرہ ہر ایک 3 ماشہ- زہر مہرہ- زمرد سبز ہر ایک 4 ماشہ- مشک عنبر اشہب ہر ایک 5 ماشہ- مغز پستہ- مغز فندق- مغز بادام- مغز چلغوزہ- مغز اخروٹ- تخم خشخاش سفید- تخم کاہو مقشر- مغز تخم کدو شیریں- قضیب گاؤ سوہان کردہ- گل گاؤزبان- ثعلب مصری- شقاقل مصری بہمن سفید ہر ایک 2 تولے ورق الخیال 6 تولے- زعفران- افیون- اندرجو شیریں- قضیب گاؤ سوہان کردہ- گل گاؤزبان- ثعلب مصری- شقاقل مصری- بہمن سفید ہر ایک 2 تولے-

بزرالبنج ہر ایک ایک تولہ 6 ماشہ- چرس- جوزبوا- بسباسہ- سنبل الطیب 1 ماشہ- قرنفل- زنجبیل- دار چینی- سعد کوفی- ابریشم مقرض- ہر ایک ایک تولہ- آب سیب شیریں- آب انار شیریں- ہر ایک- ٹار- گلاب- ٹار- عرق کیوڑہ- عرق بید مشک ہر ایک - ٹار- عسل خالص دو چند ادویہ- حسب معمول معجون بنائیں اور پھر جواہر مہرہ ایک تولہ اچھی طرح ملالیں- خوراک تین ماشے-

23- **حب احمر**: (مقوی باہ) خوراک نصف سے ایک گولی تک شیر گاؤ کے ساتھ- سم الفار- ہڑتال- شنگرف ہر ایک ایک تولہ- کاغذی لیموں 100 عدد کے پانی میں کھرل کر کے بقدر مونگ گولیاں بنائیں عندالضرورت شیر گاؤ کے ساتھ جوان کو آدھ گولی- بوڑھے کو ایک گولی کھلائیں- دوران استعمال میں جماع- تیل اور ترش چیزوں سے پرہیز کریں اور روغنی چیزیں کھائیں-

24- **حب منعشں**: برادہ کچلہ مدبر 10 تولہ- مرچ سیاہ چپل ہر ایک 5 تولے- عنبر 1 تولہ ہر ایک کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس لیں اور عنبر 1 تولہ کو حل کر کے شامل کر لیں اور آب برگ تنبول میں نخود کے برابر گولیاں بنائیں- خوراک ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ-

25- **معجون مقوی و ممسک**: (مفرح اور مقوی) مشک خالص ساڑھے سات رتی- عنبر اشہب ساڑھے چار ماشہ- دار چینی- مصطگی- جوزبوا- سنبل الطیب- عودس خام- بزرالنج سفید- کبابہ- زعفران- ورق الخیال ہر ایک 9 ماشہ- مایہ شتر اعرابی- ڈیڑھ تولہ- پوست خشخاش- شاہ بلوط ہر ایک ایک تولہ سہ ماشہ- حب النمل سفید 400 عدد- نبات سفید 11 تولہ- 3 ماشہ- شہد چند ادویہ حب النمل کو ایک رات دن روغن بادام میں تر کر کے محفوظ رکھیں پھر تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد اور نبات کے قوام میں شامل کر کے معجون بنائیں- خوراک 4 رتی ہمراہ شیر گاؤ-

26- **معجون سبھی انطاکی**: (مولد خون صالح اور مصلح منی- مقوی باہ اور مسمن

بدن) نخود سفید پوست دار (جو آب ترہ تیزک تازہ میں تین بار خشک کیا گیا ہو) خشک خشک (جو پسا ہوا آب خشک تازہ تین گنے میں پر وردہ ہو) ہر ایک 8 تولہ ساڑھے چار ماشہ۔ ترنجبین خراسانی 2 تولہ 11 ماشہ دار چینی۔ خولنجاں ہر ایک ایک تولہ 9 ماشہ۔ آب پیاز سفید 17 تولہ۔ شہد 51 تولہ تمام چیزوں کو نرم آگ پر پکا کر قوام کریں اور مندرجہ ذیل ادویات پیس کر شامل کریں۔

تخم زرب۔ تخم گذر۔ تخم انجرہ۔ شقاقل ہر ایک 2 تولہ ساڑھے نو ماشہ۔ عاقر قرحا۔ زنجبیل ہر ایک ایک تولہ 4 ماشہ۔ ازاں بعد۔ زعفران ایک تولہ ساڑھے پانچ ماشہ۔ فاد زہر حیوانی 2 ماشہ۔ مشک ڈیڑھ ماشہ۔ گلاب 2 تولہ ساڑھے نو ماشہ میں حل کر کے ملا دیں اور چینی کے برتن میں محفوظ رکھیں اگر زیادہ قوی کرنا منظور ہو تو مندرجہ ذیل اجزاء اضافہ کریں۔

مغز گردگان۔ مغز الصبو۔ مغز نارجیل۔ مغز حبتہ الخضراء۔ تخم شلغم۔ تخم اسپست۔ تخم کتان۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید ہر ایک 2 تولہ ساڑھے نو ماشہ۔ قسط شیریں انیسوں۔ قرنفل فلفل۔ ماہی سقنقوریا اس کے بجائے ماہی روبیاں ہر ایک 1 تولہ ڈیڑھ ماشہ۔ زردہ تخم مرغ۔ مغز سر کنجشک ہر ایک 20 عدد خوراک 5 ماشہ۔

27- **معجون کلاں** : (دافع سیلان منی و ودی ومدی و سیلان رطوبات رحم مزمن) مصطگی۔ علک البطم۔ ورق طلاء ورق نقرہ۔ عنبر اشہب ہر ایک نیم مثقال مروارید۔ کہربائے محرق۔ کرنازج۔ گل پستہ۔ گل سپاری۔ شد انج۔ بسبایہ۔ عود صلیب۔ خولنجاں۔ طباشیر۔ کتھ سفید شستہ۔ جفت بلوط۔ صمغ عربی۔ صمغ سنبھل۔ صمغ سپاری۔ صمغ مغیلاں۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ شقاقل مصری۔ گلنار فارسی پوست بیخ میلاں _ کشنیز خشک۔ خصیتہ الثعلب۔ قرفہ۔ آملہ منقی صندل سفید آرد بلوط ہر ایک مثقال۔ مغز پستہ۔ مغز نارجیل۔ مغز بادام۔ مغز فندق۔ مغز چلغوزہ۔ مغز حبتہ الخضرا۔ تخم خشخاش۔ تخم خرمہ شستہ۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ بریاں۔ غنچہ گل سرخ ہر ایک دو مثقال۔ مویز منقی۔ شربت فواکہ شیریں۔ شربت لعل گلاب ہر ایک بیس مثقال۔ نبات سفید 3 مثقال۔ آب سیب۔ آب بہ۔ آب انار شیریں آب امرود ایک 40 معجون بنائیں۔ خوراک 5 ماشے۔

28- **ضعف جماع** : (جو ضعف جماع کے بعد عارض ہو) مومیائی 4 ماشہ۔ صمغ عربی 6 ماشہ۔ نبات سفید 8ماشہ_ گلاب (بقدر حاجت) میں حل کر کے گولیاں باندھیں اور 2 ماشہ ماء العسل کے ساتھ کھائیں۔

29- **طلاء معلوق** : پوست بیخ کنیر سفید۔ افیون۔ جوزبوا ہر ایک ایک تولہ کو باریک پیس کر سوسمار کے پیہ 5 تولے میں ملالیں اور برگ دھتورہ کے شیرے میں حلایہ کر کے

گولیاں باندھیں اور ایک گولی پیس کر طلا کریں۔

30- **طلاء مجلوق**: کچلہ ایک تولہ لے کر اسے چاقو سے ٹکڑے ٹکڑے کر لیں اور تین روز تک شراب میں بھگوئیں پھر بیر بہوٹی 2 تولے۔ افیون 6 ماشہ۔ اسگند ناگوری 3 تولے۔ سم الفار 6 ماشہ۔ عاقر قرحا 6 ماشہ کو ایک دن رات کے لئے شراب میں بھگوئیں اور سب دواؤں کو نکال کر پیس لیں اور پگھلائی ہوئی موم میں ملا کر طلاء کریں۔

31- **طلاء ماہی**: ماہی سیاہ۔ ماہی سفید ماہی سرخ ہر ایک ایک عدد۔ کچلہ۔ عروسک ہر ایک 2 تولہ۔ تین روز تک شراب میں پڑا رہنے دیں۔ عاقر قرحا۔ قرنفل۔ اسگند ناگوری سلاجیت۔ افیون۔ جوزبوا ہر ایک 6 ماشہ باریک کر کے چربی شیر میں گداختہ کریں اور تمام ادویہ خوب ملا کر محفوظ رکھیں رات کو 2 رتی لے کر سوتے وقت سرو سیون چھوڑ کر مالش کریں اور اوپر سے بنگلہ پان باندھیں۔

32- **طلاء سرخ**: رنجی۔ لاغری استرخا اور تمام خرابیوں کو نافع ہے) شنگرف جمالگوٹہ ہر ایک 2 تولہ۔ موم 4 تولہ۔ سم الفار 3 ماشے۔ مسکہ 12 تولہ۔ خوب اچھی طرح کھرل کریں۔ جب غلیظ ہو جائے تو محفوظ رکھیں۔ سیون اور حشفہ چھوڑ کر سب کو سوتے وقت ایک رتی مالش کریں اور اوپر سے بنگلہ پان باندھ کر کچے سوت سے لپیٹ دیں۔

33- **طلاء مسمن**: جونک لے کر خصیہ خر سے چمٹا دیں۔ جب وہ خون سے بھر جائے تو اسے سایہ میں رکھ کر خشک کر لیں۔ اور بیخ کنیر سفید اور عروسک ہر ایک ایک تولہ کے ساتھ نیم کوب کر کے سانڈھ کے پیہ 3 ماشہ میں ملائیں اور حسب دستور روغن ٹپکا کر طلا کریں۔

34- **طلاء مجلوق**: خراطین خشک تولہ۔ مصطگی 6 ماشہ۔ سم الفار 3 ماشہ۔ کوٹ چھان کر تین حصے کریں اور ایک حصہ بکری کے گوشت کے لوتھڑے پر چھڑک کر عضو مخصوص پر باندھ دیں۔ جب سوزش شدید معلوم ہو تو علیحدہ کر لیں اور ذیل کا ضماد استعمال کریں۔

نسخہ ضماد: سفیدہ کاشغری 3 ماشہ۔ دانہ الائچی خورد 1 ماشہ۔ زعفران 6 سرخ مشک 3 سرخ کوٹ چھان کر بیضہ مرغ کی زردی میں ملا لیں اور ضماد کریں۔

35- **تکمید**: (مجلوق کے لئے مفید ہے) اسطوخودوس۔ نک چھکنی۔ برگ 36- تکمید (مجلوق کے لئے مفید ہے) برادہ عاج۔ مالکنگنی شبت۔ مالکنگنی کوٹ چھان کر پوٹلی باندھ لیں اور دودھ میں جوش دے کر تکمید کریں۔

اسگند ناگوری۔ عاقر قرحا۔ دار چینی افیون۔ قرنفل (کلاہ دور کردہ) فلفل۔ قسط تلخ۔ جادرس ہر

ایک 6 ماشہ کوٹ چھان کر پوٹلی بنائیں اور نکور کریں۔

37- **تکمید** : (ضعف اعصاب کے لئے مفید ہے) انبہ ہلدی۔ مغز جمال گوٹہ۔ مال کنگنی۔ برادہ۔ دندان فیل ہر ایک 9 ماشہ کوٹ چھان کر تین پوٹلیاں باندھیں اور ایک پوٹلی کو بھینز کے دودھ میں جوش دے کراس سے ایک ساعت تکمید کریں۔

38- **تکمید** : (مجلوق کے لئے مفید ہے) خراطین خشک غری السمک۔ مغز تخم بیدانجیر۔ برادہ دندان فیل۔ کنجد سیاہ۔ انبہ ہلدی۔ میدہ لکڑی۔ ہر ایک 4 ماشے۔ سم الفار ایک ماشہ کوٹ چھان کر باریک کپڑے میں تین پوٹلیاں باندھ لیں۔ایک برتن میں روغن کنجد ڈال کر آگ رکھیں اور پوٹلی سے اس میں تر کر کے تکمید کریں اس طرح سات روز تک تکمید کریں بعدہ خراطین عزوسک کے روغن اور سانڈہ کی چربی طلا کریں۔

39- **ضماد مجلوق** : جاوتری۔ مغز حب السلاطین۔ گھونگھچی سفید ہر ایک 3 ماشہ۔ کوٹ چھان کر روغن گاؤ میں ملا لیں اور ایک سرخ لے کر ضماد کریں۔ اوپر سے برگ تنبول۔ باندھ دیں۔

40- **طلاء ملذذ** : سپیدی بیضال کبوتر صحرائی 2 ماشہ۔ عاقر قرحا۔ نمک سنگ۔ ہر ایک ایک ماشہ۔ سہاگہ 4 سرخ۔ سب کو باریک پیس کر شہد خالص میں ملائیں اور اور قضیب پر لیپ کریں۔ جب خشک ہو جائے تو جماع کریں۔

ورم و خارش خصیہ

1- **ورم خصیہ** : ایلوہ۔ زعفران۔ مرکی ہر ایک 3 ماشہ۔ جند بید ستر 1 ماشہ۔ آب عنب الثعلب سبز حسب حاجت میں پیس کر ضماد کریں۔

2- **خارش خصیہ** : برادہ صندل۔ کمیلہ ہر ایک ایک تولہ دونوں کو پیس کر روغن زرد میں کم زیادہ دھولیں اور چوب نیب سے پیس کر ضماد بنائیں۔ عندالضرورت خصیہ پر لگائیں۔

3- **ورم خصیہ** : افیون 1 ماشہ۔ جوزبوا 3 ماشہ۔ دار چینی۔ پیاز نرگس۔ پوست بیخ خربزہ ہر ایک 3 ماشہ سرکہ خالص میں پیس کر ضماد کریں۔

4- **نطول ورم خصیہ** : گل ٹیسو پانی میں جوش دے کر مل چھان لیں اور خصیہ پر نطول کریں نیز ثفل کو خصیہ پر باندھ لیں۔

5- **ضماد ورم خصیہ** : قیصوم۔ بابونہ۔ اکلیل الملک 3 تولے۔ گل بنفشہ۔ گل خطمی سفید ہر ایک 14 ماشہ۔ گل سرخ 1 تولہ کوٹ چھان کر لعاب تخم کتان بقدر ضرورت یا

لعاب تخم کنوچہ بقدر ضرورت ضماد بنا کر لگائیں۔

امراض مخصوصہ نسواں

ہدایت علاج: اماس ملب۔ رحم میں باسلیق کا کھولنا۔ اور مرہم داخلیوں رکھنا بہت مفید ہے۔

پرسوت کا بخار

1- **پرسوت کا بخار:** (جو وضع حمل کے بعد عارض ہوتا ہے) عناب 5 دانے اور شربت بزوری 4 تولے کو پانی میں خفیف جوش دیں اور چھان کر پلائیں۔

احتباس طمث

1- **نسخہ ادرار:** حب القرطم۔ گاؤزبان ہر ایک 7 ماشہ۔ پوست خرپزہ۔ بادیان ہر ایک 7 ماشہ۔ تین پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ باقی رہ جائے تو شربت بزوری ملا کر پئیں۔

اضافہ: کبھی پرسیاؤشاں 6 ماشہ بھی اضافہ کرتے ہیں۔

2- **احتباس حیض و نفاس:** بادیان 3 ماشہ۔ ابہل 3 ماشہ کو پانی میں جوش دیں اور شربت بزوری 2 تولے ملا کریں۔

نسخہ اسقاط جنین۔ تصفیہ رحم ازنفاس وغیرہ: مشک طرا مشبع 1 تولہ۔ پوست املتاس 9 ماشہ۔ پوست خرپزہ تخم زیرہ 4 ماشہ بادیان۔ پرسیاؤشاں 6 ماشہ اور گاؤزبان زبان 5 ماشہ سب کو جوش دے کر چھان لیں اور شربت بزوری 4 تولے ملا کر پئیں۔

نکات مطب: 1- یہ نسخہ آب و غذا کی جگہ پلایا جاتا ہے۔

2- موسم سرما میں شربت بزوری کی جگہ قند سیاہ کہنہ 4 تولے شامل کرتے ہیں۔

3- اگر جنین اپنی جگہ سے حرکت کر چکا ہوں تو نسخہ ذیل پلاتے ہیں۔

پوست املتاس 1 تولہ۔ اور شربت بزوری 4 تولے کو جوش دے کر صاف کر لیں اور صاف کر کے نیم گرم پلائیں۔

3- احتباس قوی : مرکی ابہل ہر ایک 6 ماشہ پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور شربت بزوری حار دو تولہ میں ملا کر صبح دوپہر شام پلائیں

4- احتباس طمث امتلائی و ورمی : فصد صافن کے بعد لعاب بہیدانہ 3 ماشہ۔ شیرہ عناب 5 دانے۔ عرق گاؤزبان 12 تولے میں نکال کر اور شربت نیلوفر 2 تولے ملا کر پلائیں۔

5- احتباس رحمی صفراوی : سدہ۔ تخم کاسنی۔ تخم خیارین۔ پرساؤشاں۔ اصل السوس مقشر۔ گاؤزبان ہر ایک 5 ماشہ۔ عناب 5 دانے رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں۔

6- احتباس طمث وریح : بادیان۔ انیسوں۔ نانخواہ کردیہ۔ صعتر فارسی۔ فلفل سیاہ۔ زیرہ سفید۔ نمک طعام ہر ایک 6 ماشے سفوف بنائیں اور تین ماشے پانی کے ساتھ کھائیں۔

7- احتباس حیض و نفاس : بادیان۔ شاہترہ ہر ایک ایک تولہ۔ نصف سیر پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو قند سفید 4 تولے یا شربت بزوری ملا کر پئیں۔

8- احتباس حیض : مرکی۔ ابہل۔ برگ سداب۔ فوہ ہر ایک 3 ماشہ پانی میں جوش دے کر صاف کر لیں اور شربت بزوری 4 تولے ملا کر پئیں۔

9- احتباس حیض : (جو آتشک کی وجہ سے ہو) شاہترہ۔ چرائتہ کا نقیع اور مطبوخ ہفت روزہ دیں۔ نسخے آتشک میں مذکور ہیں۔

10- سفوف مدر حیض : ریوند چینی' شورہ قلمی۔ جواکھار۔ زیرہ سفید ہر ایک ایک تولہ۔ شکر تری ہموزن ادویہ' کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک 7 ماشہ۔

11- حب مدر حیض : صبر سقوطری 2 ماشہ۔ ہیراکسیس مائل بہ سفیدی۔ زعفران ہر ایک ایک ماشہ پانی میں پیس کر تین گولیاں بنائیں۔ صبح' دوپہر' شام کو ایک ایک گولی کھائیں اگر پیاس محسوس ہو تو چھاچھ پئیں۔ چار پانچ روز کے بعد ترک کر دیں۔

ناشف رطوبات رحم (جھاڑ) : بہروزہ خشک۔ نمک لاہوری۔ باؤبرنگ۔ کف دریا ہر ایک 3 ماشہ کوٹ چھان کر تین پوٹلیاں بنائیں اور اطراف رحم میں اور ایک وسط میں رکھیں۔

13- حمول : مرکی۔ سداب۔ ابہل۔ بادیان ہر ایک 6 ماشہ کوٹ چھان کر شہد (حسب حاجت) میں ملائیں اور حمول بنائیں۔

14- سمیٹ : پوست انار۔ کیس۔ مرو سبز۔ تج۔ گچ کنہ۔ مائیں خورد۔ ہر ایک 6

ماشے کوٹ چھان کر تین پوٹلیاں بنائیں دو اطراف رحم میں اور ایک نم رحم میں رکھیں۔

حیض و نفاس

1۔ **افراط حیض و نفاس**: گیرو، سنگ جراحت ہر ایک ایک ماشہ دونوں کو پیس کر پھانک لیں اور شیرہ حب الاس۔ شیرہ تخم خرفہ سیاہ۔ شیرہ بیخ انجبار ہر ایک 3 ماشہ۔ عرق گاؤزبان 12 تولے میں نکال کر شربت انار 3 تولے ملائیں۔ اور تخم یارنگ 3 ماشہ چھڑک کر پی جائیں۔

استحاضہ

1۔ **استحاضہ**: گیرو۔ سنگ جراحت ہر ایک ایک ماشہ دونوں کو پیس کر مفرح بارد 5 ماشہ۔ میں ملائیں اور لعاب بہدانہ۔ شیرہ حب الاس۔ شیرہ تخم خرفہ سیاہ۔ شیرہ بیخ انجبار ہر ایک 3 ماشہ۔ عرق بیدمشک 4 تولے میں نکال کر شربت انار شیریں 2 تولے ملائیں اور مفرح کھا کر پئیں۔

بدل: کبھی مفرح بارد کی جگہ خمیرہ خشخاش 1 تولہ استعمال کرتے ہیں۔

ورم رحم

1۔ **ورم رحم**: گل بنفشہ 7 ماشہ۔ گاؤزبان 5 ماشہ۔ مویز منقے 9 دانہ۔ بادیان۔ بیخ کاسنی ہر ایک 7 ماشہ جوش دے کر آب عنب الثعلب مرکب 4 تولے۔ آب کاسنی سبز مروق 4 تولے _ خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملائیں اور چھان کر پئیں۔

2۔ **ضماد ورم رحم**: مرہم داخلیون 1 تولہ۔ آب کاسنی سبز 3 تولے۔ آب عنب الثعلب 3 تولے میں حل کریں اور سفیدی بیضہ مرغ 1 عدد اور روغن گل 1 تولہ اچھی طرح ملا کر استعمال کریں۔

2۔ ضماد محلل _ (مندرجہ امراض کے لئے) پیڑو پر باندھیں۔

3۔ **صلابت و اورام رحم و معدہ و مثانہ**: برگ سانجنہ برگ سنبھالو۔ برگ بکائن۔ برگ کاسنی۔ برگ نرمہ سبز۔ برگ شبت۔ برگ خطمی سبز۔ عنب الثعلب خشک۔ روغن گل ہر ایک 1 تولہ پانی میں پکا کر نیم گرم باندھیں۔

4- ورم صلب رحم: شیر شتر۔ شیر میش۔ روغن بید انجیر ہموزن سب کو ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب خوب غلیظ ہو کر منجمد ہو جائے اس وقت زنجبیل۔ نانخواہ ہر ایک 1 تولہ کا سفوف شامل کر کے زیر ناف ضماد کریں۔

5- ورم رحم: گل بنفشہ 7 ماشہ گاؤزبان 5 دانہ۔ مویز منقی 9 دانے۔ بادیان۔ بیخ کاسنی ہر ایک 7 ماشہ۔ تخم کشوث 5 ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں۔

اضافات: اگر سوزش ہو تو تخم کاسنی اور تخم خیارین ہر ایک 5 ماشہ اضافہ کرتے ہیں۔
2- اگر خون خراب ہو تو شاہترہ۔ چرائتہ ہر ایک 7 ماشہ بڑھاتے ہیں۔

6- ورم رحم: (جو احتباس طمث سے ہو۔ ایام حیض سے تین دن یا سات دن پہلے مطبوخ حب قرطم (مندرجہ احتباس طمث) صبح کے وقت پیا کریں اور شام کو جوارش زرعونی 7 ماشہ۔ مدرات باردہ کے ساتھ کھایا کریں۔ اگر بخوبی ادرار نہ ہو تو پھر نسخہ ورم رحم نمبر 1 دیں اور نضج مادہ کے بعد اورار کریں۔ تلئین کریں۔ تلئین کے بعد زمانہ حیض تک نسخہ ذیل دیں۔

لعاب بہیدانہ 3 ماشہ۔ شیرہ تخم قرطم۔ شیرہ تخم خیارین۔ شیرہ تخم خرپزہ ہر ایک 5 ماشہ شیرہ عناب 5 دانے۔ شربت بزوری 4 تولے۔

7- ورم رحم: صبح گل بنفشہ۔ بادیان۔ پرسیاؤشاں ہر ایک 7 ماشہ۔ مویز منقے 9 دانے۔ عنب الثعلب 5 ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر اور خاکسی 7 ماشہ چھڑک کر پئیں۔

اضافہ: کبھی اس میں مروقین 8 تولے (آب کاسنی سبز مروق۔ آب عنب الثعلب ہر ایک 4 تولہ مروق) کا اضافہ کرتے ہیں۔

شام: خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ۔ ورق نقرہ 1 عدد میں ملفوف کر کے کھائیں۔ عرق عنب الثعلب۔ عرق برنجاسف۔ ہر ایک تولہ میں شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ شیرہ کشمش 11 دانے نکال کر خمیرہ بنفشہ اضافہ کر کے پئیں۔

اضافہ: کبھی شیرہ عنب الثعلب 5 ماشہ اضافہ کرتے ہیں۔

8- ورم بارد رحم۔ تہیج رحم: جند بید ستر۔ جدوار ہر ایک 3 ماشہ۔ گل سرخ۔ مصطگی۔ سنبل الطیب۔ عنب الثعلب خشک ہر ایک 6 ماشہ۔ آب عنب الثعلب سبز (قدر حاجت) میں پیس لیں اور روغن بابونہ 1 تولہ ملا کر ضماد کریں۔

درد رحم

1- **پوست خشخاش** : 1 تولہ کو پانی یا گلاب میں جوش دے کر تکمید کریں اور مدرات پلائیں۔

2- **درد ورم رحم** : موم 1 ماشہ ÷ روغن گل 6 ماشہ میں پگھلا کر پسا ہوا ایلوا 3 ماشہ اس پر چھڑک دیں۔ اور پانی روئی تر کر کے باندھیں۔

سوزش رحم

سوزش رحم ہتھوکاری : گندھک مدبر 8 تولے۔ زہر مہرہ 4 تولے۔ بنسلوچن 4 تولے۔ گلاب میں پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور ایک گولی مدرات باردہ کے ساتھ کھائیں۔

سیلان رحم

1- سیلان رحم :- گل دھاوا۔ گل فوفل۔ موچرس۔ صمغ عربی۔ مولسری ہر ایک 6 ماشہ۔ نبات سفید ڈھائی تولے کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور 6 ماشے ملا کر پانی کے ساتھ کھائیں۔

اضافہ : کبھی گل پستہ اور کمرکس ہر ایک 6 ماشے اضافہ کرتے ہیں۔

2- سیلان رحم سنگ جراحت۔ مازو سبز۔ نخود بریاں ہر ایک ایک تولہ نبات سفید 3 تولے۔ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور 4 ماشے پانی کے ساتھ کھائیں۔

3:- سیلان رحم تج۔ فوہ۔ گل پستہ۔ خارخسک۔ ڈھاک کی گوند ہر ایک 1 تولہ۔ شکر سفید ہموزن ادویہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور 6 ماشے کھائیں۔

4- سیلان رحم- زنجبیل۔ ثار۔ اسگند ناگوری 2 سیر۔ گل دھاوا 7 تولے۔ گل سپاری۔ ثار۔ سمندر سوکھ۔ تالمکھانہ۔ کاکڑا سینگی۔ کملہ۔ موصلی سیاہ۔ ہر ایک 7 تولہ۔ مجیٹھ 2 ثار۔ مازو ساڑھے تین تولے۔ تج ڈیڑھ تولے۔ خارخسک۔ آرد مالکنگنی۔ ہر ایک اثار۔ گوند کو روغن میں بریاں کریں اور باقی دواؤں کو کوٹ چھان کر اور تگنی قند سیاہ ملا کر تین تین تولے کی پنڈی بنائیں۔ خوراک ایک پنڈی صبح ایک پنڈی شام۔

5- سیلان رحم:- خستہ تمرہندی کو پانی میں کچھ دیر تک تر رکھیں۔ کچھ عرصہ کے بعد نکال کر مقشر کر لیں اور پھر تر کریں۔ پھر نکال کر خشک کریں اور باریک پیسیں۔ مغز تخم بکائن۔ صندل سفید ہر ایک ہم وزن سفوف تمرہندی۔ نبات سفید ہموزن ادویہ سفوف بنائیں۔ خوراک 3 ماشے پانی کے ساتھ۔

ضعف رحم

ضعف رحم: مومیائی۔ مشک۔ دم الاخوین۔ خبث الحدید 2 ماشہ۔ زعفران 1 ماشہ پانی میں پیس لیں اور کپڑا تر کر کے رحم میں رکھیں۔

خروج رحم

بلوط: اقاقیا کا آبدست (مذکورہ امراض امعاء) استعمال کریں۔

اختناق الرحم

اختناق الرحم: غشی کے وقت آب سرد اور گلاب چہرے پر چھڑکیں۔ اطراف باندھیں۔ جند بیدستر۔ اور لہسن سونگھائیں۔ عطریات کا حمول کریں۔ غشی سے افاقہ ہو جانے کے بعد احتباس طمث کی طرح نضج و تنقیہ کریں اور پھر حب ایارج کھلائیں۔ باکرہ کا بہترین علاج عقد ہے۔

2- **اختناق الرحم:** (جو ورم رحم اور احتباس طمث سے ہو) جدوار۔ عود صلیب ہر ایک ایک ماشہ دونوں کو پیس کر خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ میں ملائیں اور ورق نقرہ 1 عدد میں ملفوف کر کے کھائیں۔ پھر شیرہ تخم کاسنی۔ شیرہ عنب الثعلب خشک ہر ایک 5 ماشہ۔ عرق برنجاسف۔ عرق گاؤزبان ہر ایک 6 تولہ میں نکال کر اور خمیرہ بنفشہ ملا کر پئیں۔

3- **شربت اختناق الرحم:** بیخ کاسنی 10 تولہ۔ تخم خیارین 8 تولہ۔ تخم خربوزہ۔ تخم کشوث۔ (بصروبستہ) مغز انجلکہ۔ عنب الثعلب خشک ہر ایک 4 تولہ۔ توتیا سرخ 3 تولے گل گاؤزبان 2 تولے۔ مشکطرامشیع۔ زوفائے خشک ہر ایک 2 تولے۔ پرسیاؤشاں 6 تولے۔ تخم کاکنج 4 تولے۔ سرکہ خالص 1 بوتل۔ نبات سفید پونے دو سیر۔ حسب معمول شربت بنائیں۔ خوراک 4 تولے۔ عرق بادیان 12 تولے یا مطبوخ حب قرطم (مندرجہ

احتباس کے ساتھ دیں)۔

قروح رحم

1- مردار سنگ۔ گیرو۔ سنگ جراحت ہر ایک ایک ماشہ کو پیس لیں اور مرہم کافوری 1 تولہ میں ملا کر استعمال کریں۔

2- دزوق' برگ نیب۔ کمیلہ۔ گل بابونہ۔ عنب الثعلب خشک ہر ایک ایک تولہ پانی میں جوش دے کر پچکاری کریں۔

3- **روغن قروح رحم** : روغن حنا' آتار آگ پر رکھیں اور کمیلہ ڈال کر پانچ منٹ بعد نیچے اتار لیں۔ پھر مردار سنگ۔ سفیدہ کاشغری ہر ایک ایک تولہ کافور میں ملائیں اور نیب کے دستے سے حل کر کے 5 تولے پچکاری کریں۔

پرسوت کا بخار

وضع حمل کے بعد کا بخار عناب 5 دانے اور شربت بزوری 4 تولے کو پانی میں خفیف جوش دیں اور چھان کر پلائیں۔

وسعت قبل

مضیق قبل : جوزبوا کزازج۔ پھٹکڑی بریاں۔ پوست انار ہر ایک 6 ماشہ پانی میں پیس کر شیاف بنائیں اور بعد از طہر استعمال کریں۔

عسرولادت

1- ران پر چرجشہ کی جڑ باندھیں۔

2- پوست بیضہ مرغ 2 عدد۔ مجیٹھ 6 ماشہ کو پیس لیں اور 6 ماشے پانی کے ساتھ کھائیں۔

اسقاط حمل

اسقاط حمل کے بعد پانی اور غذا نہیں دیتے اور صرف کاڑھا پلاتے ہیں اور اگر تین روز تک تصفیہ تام نہ ہو تو سات دن تک غذا نہیں دیتے اور سات دن کے بعد سونٹھ کی ٹکیاں باندھتے ہیں۔

1۔ **نسخہ اخراج مشیمہ و اسقاط حمل و تصفیہ رحم (کاڑھا)**: مشک طرامشیع 1 تولہ۔ پوست املتاس 1 تولہ۔ پوست خربزہ 1 تولہ۔ بادیان 5 ماشہ۔ پرسیاؤشاں 5 ماشہ۔ تخم خیارین 5 ماشہ۔ گاؤزبان 5 ماشہ تین پاؤ پانی میں جوش دیں۔ اب تیسرا حصہ رہ جائے تو شربت بزوری 4 تولے ملا کر پلائیں۔

3۔ **نسخہ اخراج مشیمہ و اسقاط حمل**: مشک طرامشیع۔ پوست املتاس ہر ایک 2 تولہ۔ کپاس کا ڈوڈہ۔ گرہ بانس ہر ایک ایک تولہ۔ فلوس 7 عدد۔ تخم خربزہ 7 ماشہ۔ حب قرطم 7 ماشہ۔ قند سیاہ 4 تولے تین پاؤ پانی میں جوش دیں۔جب تیسرا حصہ رہ جائے تو اسے چھان کر پانی اور غذا کی جگہ دیں۔

3۔ **نسخہ جو تصفیہ رحم کے بعد پلاتے ہیں**: شیرہ گاؤزبان 1 تولہ۔ ورق نقرہ 1 عدد میں لپیٹ کر کھلائیں اور عرق گاؤزبان 12 تولے۔ شیرہ عناب 5 دانے نکال کر شربت بزوری 4 تولے ملا کر پئیں۔

حفظ جنین

1۔ اگر ضعف رحم کی وجہ سے ساتویں مہینے سے پہلے وضع حمل کا اندیشہ ہو تو نسخہ ذیل پلائیں۔ مفرح بارد خمیرہ گاؤزبان جواہر والا ہر ایک 5 ماشہ۔ ورق نقرہ 1 عدد میں ملفوف کر کے کھائیں اور لعاب گاؤزبان 5 ماشہ۔ عرق گاؤزبان 12 تولے میں نکال کر اور شربت 4 تولے ملا کر پئیں۔

بدل: اگر معدہ خراب ہو تو عرق گاؤزبان اور شربت سیب کی جگہ عرق بادیان 4 تولے اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے استعمال کریں۔

2۔ اگر ایام حمل میں خون جاری ہو تو استحاضہ کا نسخہ استعمال کریں اور اگر زائد حبس خون مطلوب ہو تو شیرہ کوکنار 3 ماشہ بڑھائیں اور اگر ورم ہو تو عرق برنجاسف 12 تولے استعمال کریں۔

3- اگر زمانہ ولادت سے پہلے اسقاط کی عادت ہو جائے تو معجون حمل تین سے 7 ماشے ابتدائے حمل میں دینا شروع کریں۔

مرکبات معجون حمل: عنبر اشہب ساڑھے سات رتی۔ مروارید ناسفتہ۔ کہرباشمعی۔ بسد محرق صندل سرخ۔ صندل سفید۔ طباشیر۔ مازو سبز۔ درونج عقربی۔ عود صلیب۔ ابریشم مقرض۔ بیخ انجبار۔ گل ارمنی ہر ایک 9 ماشہ۔ مغز تخم تربوز تخم خرفہ مقشر ہر ایک ایک تولہ ساڑھے پانچ ماشہ۔ ورق نقرہ ورق طلاء ہر ایک 20 عدد شہد پونے انیس تولہ۔ شربت غورہ 28 تولہ ڈیڑھ ماشہ۔ نبات سفید چھپن تولہ۔ بدستور معروف معجون تیار کریں۔ خوراک 5 ماشہ۔

معجون حمی ولادت: (پرسوت کے بخار کی معجون) عود غرقی۔ قرنفل ہر ایک ڈیڑھ تولہ مشک خالص 4 ماشہ۔ سنبل الطیب 3 تولے۔ تج۔ ساذج ہندی۔ جنطیانہ۔ ریوند چینی ہر ایک 2 تولے۔ لک مغسول۔ نانخواہ۔ تخم کرفس۔ انیسوں۔ مصطگی ہر ایک 4 تولے۔ زعفران 6 ماشہ۔ شہد سہ چند ادویہ حسب معمول معجون بنائیں خوراک ایک تولہ ہمراہ عرق بید مشک۔

امراض ظہر و اطراف

ہدایات علاج: 1- اوجاع مفاصل میں فواکہ رطب سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔
2- جب نچلے حصہ بدن میں وجع مفاصل ہو۔ تو تے اسہال سے زیادہ مفید ہوتی ہے۔
3- وجع الورک میں اوجاع مفاصل کی طرح ابتداء میں رواد‌ع استعمال کریں کیونکہ مادے سے کی عمق میں ہونے کی وجہ سے اس کے بند ہو جانے کا خطرہ ہے۔ کہ عرقیات کا استعمال کرنا چاہئے بشرطیکہ مادہ بہت رقیق نہ ہو۔ کہ اس صورت میں دواؤں کا ستعال اولیٰ ہے۔

وجع المفاصل و عرق النساء

وجع مفاصل و درد کمر و عرق النساء: سورنجاں شیریں۔ بوزیدان ہر ایک ایک ماشہ۔ دونوں کو پیس لیں اور جوارش زرعونی یا معجون سورنجاں ہر ایک 7 ماشہ میں ملا کر کھائیں۔ پھر شیرہ تخم خیارین۔ شیرہ تخم خربزہ۔ شیرہ خارخسک ہر ایک 3 ماشہ پانی میں نکال لیں اور شربت بزوری 4 تولے ملا کر پئیں اور جوہر منقی استعمال کریں۔

2- **وجع مفاصل:** (جو آتشک سے ہو) معجون عشبہ 1 تولہ۔ عرق عشبہ 2 تولے۔ نبات

سفید 2 تولے کے ہمراہ کھائیں۔

3- **منضج**: گل بنفشہ چرائتہ۔ **عنب الثعلب** خشک۔ بیخ بادیان۔ شاہترہ۔ سورنجاں شیریں۔ ہر ایک 7 ماشہ۔ مویز منقی 9 دانے۔ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں اور صبح مل چھان کر ترنجبین 4 تولے ملا کر پلائیں۔

ہدایات: 1- آٹھ روز تک یہ منضج پلا کر نویں روز بلغم کا مسہل مندرجہ **حمیات** دیں۔
2- دسویں روز خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ۔ ورق نقرہ 1 عدد میں لپیٹ کر کھائیں اور شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ عرق بادیان 10 تولہ میں نکال کر گلقند 4 تولے ملا کر پئیں۔
3- گیارہویں روز حب سورنجاں 6 ماشہ سحری کے وقت کھائیں۔
4- بارہویں روز نسخہ نمبر2 پئیں۔

4- **منضج**: کبھی نقوع شاہترہ (مندرجہ امراض جلد) پلاتے ہیں اور مذکورہ بالا طریق پر مسہل دیتے ہیں۔

5- **مسہل مفاصل**: ایارج فیقرا۔ غاریقون۔ شحم حنظل۔ ہر ایک ایک تولہ پیس کر کف گرفتہ شہد (مقدار حاجت) کے ساتھ ملائیں اور چھ ماشے کی مقدار میں گرم پانی کے ساتھ کھائیں۔

اصلاح: کبھی مدرات باردہ کے استعمال سے ریاح پیدا ہو جاتے ہیں۔ اس صورت میں جوارش جالینوس 7 ماشہ۔ اور شیرہ بادیان' شیرہ دانہ ہیل ہر ایک 3 ماشہ۔ **زنجبیل**۔ شیرہ فلفل سیاہ۔ ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ شیرہ کرفس 4 ماشہ۔ عرق برنجاسف 12 تولے میں نکال کر اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر دیتے ہیں۔

6- **ضماد وجع المفاصل بارد**: فرفیون 3 ماشہ۔ جندبید ستر1 ماشہ۔ سورنجاں تلخ 6 ماشہ۔ جاؤ شیر 3 ماشہ۔ گلاب (بقدر ضرورت) میں پیس کر استعمال کریں۔

7- **ضماد وجع المفاصل و اوجاع ریحی**: **زنجبیل**۔ کالی زیری۔ قسط تلخ۔ سورنجاں تلخ۔ گل مدار۔ **عنب الثعلب** خشک برگ سنا ہر ایک 6 ماشے حسب ضرورت سرکہ میں پیس کر اور کسی قدر روغن گل ملا کر ضماد کریں۔

8- **ضماد**: سورنجاں تلخ پیس لیں اور روغن گل اور روغن بابونہ میں ملا کر ضماد کریں۔

روغن: گل آکھ۔ برگ **قنب**۔ سورنجاں۔ تلخ **زنجبیل** ہر ایک ایک تولہ۔ سب کو کوٹ چھان کر 10 تولے روغن سرشف میں خوب پکائیں اور چھان کر نیم گرم ہونے پر مالش کریں۔

9- روغن اوجاع: دھتورہ کے پتے۔ آک کی پتے ہر ایک 2 تولے۔ زنجبیل 1 تولہ۔ افیون 6 ماشہ۔ روغن سرشف 10 تولے۔ سب دواؤں کو روغن میں جوش دیں جب جل جائیں تو چھان کر نیم گرم مالش کریں۔

10- حب وجع المفاصل: گل مدار۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ بانس کے پتے ہر ایک ایک تولہ کوٹ چھان کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ صبح شام دو دو گولیاں کھائیں۔

11- حب وجع المفاصل: صبر سقوطری۔ سقمونیا ولائتی۔ تربد سفید۔ سورنجاں شیریں۔ غاریقون مغربل۔ سناء کی ہر ایک ایک تولہ کوٹ چھان کر گلاب کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنائیں تین گولیاں سوتے وقت گرم پانی کے ساتھ کھائیں۔

12- عرق النساء و درد مفاصل و فساد خون: چوب چینی کو پانی میں تر کریں جب نرم ہو جائے تو اس میں سے چھ ماشے لیں اور ٹکڑے ٹکڑے کر کے گرم پانی میں گرم کر کے رات کو بھگوئیں پھر صبح جوش دے کر چھان لیں اور نبات سفید 2 تولے ملا کر پلائیں۔

13- ضماد وجع المفاصل: برگ حنا۔ صابون دیسی ہر ایک 1 تولہ پانی میں پیس کر سرکہ خالص 6 ماشہ اضافہ کریں اور آگ پر رکھیں۔ جب غلیظ ہو جائے تو نیچے اتار کر لگائیں۔

14- ورم حار مفاصل و عرق النساء: تخم خشخاش 1 تولہ۔ شیرہ 7 ثار میں پیس کر ضماد کریں۔

15- روغن وجع المفاصل: بزرالنج۔ برگ قنب۔ گل آک۔ سورنجاں تلخ ہر ایک 6 6 ماشہ روغن کنجد 7 تولے میں جلا کر نیم گرم ملیں۔

درد کمر۔ درد زانو۔ درد شانہ

1- درد کمر: روغن بلسان کپڑے پر لگا کر نیم گرم کر کے کمر پر چپکا کریں۔

2- درد زانو: کوکنار 2 تولے۔ آرد اسبغول 2 تولے گلاب میں پکا کر ران پر باندھیں۔

3- درد شانہ: (جو بلغم کے بند ہو جانے سے ہوا ہو) برشعشا 2 سرخ۔ خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ میں ملا کر کھائیں۔ اصل السوس 3 ماشہ۔ پرسیاؤشاں 5 ماشہ۔ عسل خالص 2 تولے کو پانی میں جوش دے کر اور چھان کر نیم گرم مالش کریں۔

روغن مخدر: (عرق عجیب) کافور۔ ست اجوائن۔ ست پودینہ ہموزن ملا کر مالش کریں۔

فائدہ: یہ دونوں روغن کسی مقام کے شدید درد کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں۔

حمیات

دستور العلاج: 1- **حمیات** میں ہر روز بحران کی رعایت از بس ضروری ہے اس روز ہر گز مسہل نہ دیں۔

2- صفراوی المزاج شخص جب ترش شربت پیتا ہے تو وہ اکثر **مستحیل الی الصفراء** ہو جاتا ہے۔ مگر شربت نیلوفر اس سے مستثنیٰ ہے۔ شربت میں پانی زیادہ ڈالنا مانع استحالہ ہے۔

3- روغن بادام کے سوا جملہ روغنیات **حمیات** میں ازدیاد عفونت کا موجب ہوتے ہیں۔

4- روز نوبت میں خلو معدہ مفید ہے اور اس روز **سکنجبین** سے قے کرانا بھی مفید ہے۔ مگر مسہل بہت مضر ہے۔

5- بلیلہ جات کا استعمال **حمیات** میں مضر ہے او رحق الوسع انہیں نہیں دینا چاہیے۔

6- اگر خلط معدے میں ہو تو قے کرائیں اور اگر امعاء میں ہو تو جلاب دیں۔

7- ابتدائے نوبت میں سونا ممنوع ہے۔ خصوصاً" جب سردی لگ رہی ہو تو رونگٹے کھڑے ہوں اسی طرح اگر احشاء میں ورم ہو تو بھی ابتدائے نوبت میں سونا منع ہے۔ البتہ انحطاط میں نافع ہے۔

8- شدت الحرارت بخار میں سرد پانی پینا مفید ہے۔ بشرطیکہ احشاء ضعیف نہ ہوں اور خلط غلیظ و خام نہ ہو۔

9- ورم احشاء کی صورت میں **سکنجبین** نہ پلائیں۔

10- اگر تپ کے ساتھ قولنج ہو تو جب تک حقنے کے ساتھ سدہ نہ کھول لیں **ماء الشعیر** نہ دیں۔

11- رحم کی دق میں تبرید و ترطیب کریں اور کافور و شراب کی تخفیف و **تبجن** کی اصلاح کر کے انہیں استعمال کریں۔

12- ترنجبین **حصبہ** میں بہت مضر ہے۔

13- کبھی بحران کا دن یوم راحت بھی ہو جاتا ہے۔ پس اس صورت میں اگر یوم بحران (مثلاً" روز نہم) قوی نہ ہو تو مسہل دے سکتے ہیں اور اس طرح روز نوبت کو مسہل سے بچا سکتے ہیں- دوسرا طریقہ ہے یہ کہ وقت نوبت سے پہلے ہی مسہل کو ختم کریں۔

14- بہتر یہ ہے کہ مسہل سات روز گزرنے کے بعد دیں۔ مگر شدید ضرورت ہو تو پہلے بھی دے سکتے ہیں۔

حمی یوم

1- حمی یوم وسونوخس: لعاب بہیدانہ 3 ماشے۔ شیرہ عناب 5 دانے۔ عرق مکو 6 تولہ عرق گاؤزبان 6 تولے میں نکال کر شربت بنفشہ 4 تولے ملائیں اور خاکسی چھڑک کر پئیں۔

تپ بلغمی

1- تپ بلغمی: (اگر خلل شکم سے ہو) عرق بادیان۔ عرق مکوہ ہر ایک 6 تولہ میں بادیان 5 ماشہ۔ اور مویز منقی 9 دانہ کا شیرہ نکال کر خمیرہ بنفشہ 4 تولہ ملائیں اور مل چھان کر استعمال کریں۔

نکتہ: اگر تین روز تک بخار نہ جائے تو نسخہ خلل شکم صبح اور نسخہ مذکورہ بالا اضافہ خاکسی 7 ماشہ سہ پہر کو دیں۔

2- حمی بلغمی و صفراوی: شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ شیرہ تخم کدو 3 ماشہ۔ عرق گاؤزبان۔ عرق عنب الثعلب ہر ایک 6 تولہ میں نکال کر خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملائیں اور خاکسی 7 ماشہ چھڑک کر پئیں۔

2- تین روز کے بعد گل بنفشہ 7 ماشے۔ مویز منقے 9 دانے۔ عناب 5 دانے۔ تخم خیارین 7 ماشہ۔ گاؤزبان 5 دانے رات کو گرم پانی میں تر کر کے صبح مل چھان لیں اور شیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں۔

3- حمی صفراوی و بلغمی و احتباس طمث: گل بنفشہ 7 ماشہ۔ پرسیاؤشاں۔ تخم کشوث۔ (درصرہ بستہ) گاؤزبان ہر ایک 5 ماشہ۔ تخم خیارین 7 ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان لیں اور شربت بنفشہ 2 تولے ملا کر پئیں۔

شیرہ مویز منقیٰ 9 دانے۔ شیرہ کشمش 11 دانے۔ شیرہ تخم خربزہ 5 ماشے۔ عرق بادیان 2 تولے عرق عنب الثعلب 6 تولے میں نکال لیں۔

حمی بلغمیہ۔ نسخہ خلل شکم پلائیں اور پانچ روز کے بعد تخم کاسنی 5 ماشہ استعمال کریں۔

عرق حمی بلغمی: مویز منقیٰ دس تولے۔ گل گاؤزبان 3 تولے۔ شکاعی۔ باد آورد۔ اصل السوس۔ مقشر ہر ایک 5 تولے کو آب کاسنی سبز۔ عرق مکوہ اور عرق گاؤزبان میں آٹھ پہر بھگوئیں۔ زعفران زہر مہرہ ہر ایک 6 ماشہ پیس کر پوٹلی میں باندھ لیں اور نیچے کے منہ میں رکھ کر حسب معمول عرق کھینچیں خوراک 7 تولہ ہمراہ ادویہ مناسبہ۔

تپ کہنہ

1_ **حمی بلغمی کہنہ** : برنجاسف- شکاعی- باد آورد- ہر ایک 3 ماشہ رات کو گرام پانی میں تر کر کے صبح اس کا زلال لیں اور شربت بنفشہ 2 تولہ ملا کر پئیں-

2- : خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ- ورق نقرہ 1 عدد میں لپٹا ہوا- عرق برنجاسف 12 تولے اور نبات سفید 2 تولے کے ساتھ کھائیں-

اضافہ : کبھی اس میں شیرہ کمو خشک 5 ماشہ اور شیرہ مویز منقیٰ 9 دانہ اضافہ کیا جاتا ہے-

3- برنجاسف 7 ماشہ گرم پانی میں تر کر کے صبح مل چھان لیں اور شربت بزوری 4 تولے ملا کر پئیں-

2- **بخار کہنہ** : (جو مسہلات کے بعد بھی باقی رہ جاتا ہے) زہر مہرہ- بنسلوچن- ست گلو- دانہ ہیل ہر ایک 2 ماشہ- نبات سفید 3 تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور شربت بنفشہ 2 تولہ کے ساتھ 6 ماشے کھائیں-

2- اجوائن و زنجبیل کی جو ترکیب استعمال امراض جگر میں بتلائی گئی ہے وہ بھی اس حالت میں مفید ہے-

3- **تپ کہنہ** : گلو سبز 1 تولہ پارہ پارہ کر کے گرم پانی میں بھگوئیں- صبح اس کا زلال لے لیں اور شربت بزوری 4 تولے شامل کر کے پئیں-

4- **قرص تپ کہنہ** : گل سرخ- اصل السوس مقشر ہر ایک ایک تولہ- طباشیر سفید- سنبل الطیب- افسنتین رومی- ترنجبین ہر ایک 6 ماشہ- کوٹ چھان کر گلاب میں ملائیں اور قرص باندھیں- عندالضرورت شیرہ کاسنی 3 ماشہ اور شربت بزوری 4 تولہ کے ساتھ کھائیں-

5- **خاکسی ہفت جوش** : خاکسی 7 ماشہ میں جوش دے کر چھان لیں اور شربت بنفشہ 2 تولے ملا کر پئیں-خاکسی کو پہلے روز ایک جوش دیں-- دوسرے روز دوا اسی طرح ہر روز ایک جوش بڑھائیں- آٹھویں روز سے ایک ایک جوش کم کرنا شروع کریں اور چودھویں روز نسخے کا استعمال ترک کر دیں-

6- **سعال و تپ کہنہ** : (جو نوبت کے ساتھ ہو) 1- بھنگ کے پتے- کوکنار ہموزن کوٹ چھان لیں اور ایک ماشہ نوبت سے پہلے ایک ساعت کھائیں-

2- پیپل- کلونجی- چرائتہ- گیرو- ہر ایک ایک ماشہ بھنگ کے پتے 2 ماشے کوٹ چھان

لیں- اور 2 ماشے نوبت سے پہلے ایک ساعت کھائیں۔

7- **حدت حمی مزمنہ و تعظم طحال**: یہ نسخہ شیرہ کاسنی (مذکورہ امراض کبد) استعمال کریں۔

تپ صفراوی

1- شیرہ آلو بخارہ 5 دانہ۔ شیرہ تخم خیارین 3 ماشہ پانی میں نکال لیں۔ اور شربت انگور 2 تولہ یا شربت نیلوفر 2 تولہ ملا کر پئیں۔

اضافہ: تیسرے روز خاکسی 7 ماشہ چھڑک کر پئیں۔

2- **نقوع بارد**: گل بنفشہ 7 ماشہ۔ عناب 5 دانہ۔ آلو بخارا 5 دانہ۔ تخم خبازی 7 ماشہ۔ گاؤزبان 5 ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں تر کریں۔ صبح مل چھان کر گلقند 2 تولے یا خمیرہ بنفشہ 4 تولے ڈالیں اور مل چھان کر پئیں۔

ہدایات: بخار صفراوی میں اول تین روز تک نسخہ نمبر 1 دیں۔

2- تین روز کے بعد نسخہ نمبر 1 بوقت سہ پہر اور نسخہ نمبر 2 بوقت صبح دیں۔

3- اگر تشنگی ہو تو نقوع میں گل نیلوفر کا اضافہ کریں۔

4- پانچویں دن خیارین اور ساتویں روز تخم کاسنی نیم کوفتہ ہر ایک 7 ماشہ بڑھائیں۔

5- اگر کھانسی ہو تو آلو بخارا کی جگہ مویز منقیٰ 9 دانے۔ بیخ کاسنی یا تخم خطمی ہر ایک 7 ماشہ ڈالیں۔

3- منضج کے بعد آٹھویں۔ دسویں یا بارہویں روز تلین کریں۔

4- **حرارت صفراوی یا سادہ**: شیرہ مغز تخم کدو شیریں۔ شیرہ مغز تربوز ہر ایک 3 ماشہ پانی میں نکالیں اور شربت غورہ 2 تولہ ملا کر پئیں۔

بدل: زائد حرارت میں شربت نیلوفر 2 تولہ قبض میں خمیرہ بنفشہ 4 تولہ اور نزلہ میں شربت بنفشہ 2 تولے ملاتے ہیں۔

5- **حرارت سادہ و ابتدائی حمی صفراوی**: شیرہ عناب 5 دانے۔ شیرہ آلو بخارا 5 دانے عرق گاؤزبان 12 تولے میں نکالیں اور شربت بنفشہ 2 تولے ملا کر پئیں۔

اضافہ: کبھی ورق نقرہ 1 عدد میں ملفوف۔ خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ اضافہ کرتے ہیں۔

6- **حرارت صفراوی و قبض**: شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ عرق بادیان۔ عرق عنب الثعلب

ہر ایک 6 تولہ میں نکال کر خمیرہ بنفشہ 4 تولے اور تمرہندی 4 تولے کو مل چھان لیں اور پئیں۔

7- **حرارت صفراوی**: شیرہ مویز منقیٰ 9 دانے۔ شیرہ کشمش سبز 11 دانے۔ عرق بادیان عرق عنب الثعلب۔ ہر ایک 6 تولہ میں نکال لیں اور نبات سفید 2 تولے ملا کر پئیں۔

8- **حمی صفراوی۔ فساد خون۔ خلل معدہ**: عناب 5 دانے۔ گل بنفشہ بادیان۔ تخم خطمی۔ تخم خبازی۔ منڈی ہر ایک 7 ماشہ۔ سپستان 5 دانے رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان لیں۔ اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں۔

9- **حمی صفراوی و اورام شکم**: شیرہ عنب الثعلب 5 ماشہ۔ شیرہ مویز منقیٰ 9 دانے شیرہ کشنیز 3 ماشہ۔ عرق بادیان ہر ایک 6 تولے میں نکال لیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں۔

10- **شدت بخار صفراوی**: شیرہ عناب 6 دانے۔ شیرہ تخم خیارین۔ عرق گاؤزبان۔ عرق عنب الثعلب ہر ایک 6 تولے میں نکالیں اور شربت دینار 2 تولے اور سکنجبین 2 تولے ملا کر پلائیں۔

11- **سفوف نوبت**: زہر مہرہ۔ طباشیر۔ ست گلو۔ دانہ الائچی۔ کشنیز خشک۔ ہموزن کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور 3 ماشے لے کر تازہ پانی کے ساتھ ایک ساعت قبل از نوبت پانی کے ساتھ کھائیں۔

فائدہ: یہ سفوف اس وقت استعمال کرتے ہیں جب تلیین و اسہال سے بخار نہ ٹوٹے۔

12- **سفوف نوبت**: زہر مہرہ۔ ہنسلوچن۔ ست گلو۔ ہر ایک ایک ماشہ۔ سمندر پھل نصف عدد سفوف بنائیں اور دو ساعت قبل از نوبت پانی کے ساتھ کھلائیں۔

13- **حب لرزہ**: پلاس پاپڑہ 6 ماشہ کا پوست سرخ علیحدہ کر کے مغز کرنجوہ کے ساتھ پیسیں۔ اور کسی قدر پانی ملا کر حبوب بقدر فلفل باندھیں۔ ہر ایک گولی کھائیں۔

14- **پاشویہ مانع بخارات**: گل نیلوفر گل خطمی۔ گل بنفشہ۔ سبوس گندم۔ نمک طعام۔ ہر ایک ایک تولہ پانی میں جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جائے تو نیم گرم ہو جانے پر پاشویہ کریں۔

15- **لخلخہ غفلت**: گل نیلوفر۔ گل ارمنی صندل سفید ہر ایک ایک تولہ۔ آب کدو سبز 20 تولے۔ آب خیار سبز۔ آب کشنیز ہر ایک 2 تولے میں لخلخہ کریں۔

تپ ربع

1- حمی ربع و حمی بلغمی مزمنہ : گل بنفشہ- بادیان و بیخ کاسنی ہر ایک 7 ماشہ- مویز منقیٰ 9 دانہ- گاؤزبان- تخم کشوث ہر ایک 5 ماشہ- رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں-

اضافات : اگر مادہ بخار میں صفراء بھی مخلوط ہو تو پانچویں روز تخم خیارین 5 ماشہ اور ساتویں روز تخم کاسنی 5 ماشہ بڑھائیں-

2- اگر کھانسی ہو اور مواد غلیظ چسپیدہ ہو تو اصل السوس مقشر 8 ماشہ اور پرسیاؤشاں 5 ماشہ اضافہ کریں-

3- اگر معدہ اور ماساریقا میں رطوبات ترجمع ہوں تو بیخ بادیان 7 ماشہ اضافہ کریں-

4- اگر نزلہ ہو تو تخم خطمی- تخم خبازی ہر ایک 7 ماشہ بڑھائیں-

2- حب تپ ربع : تخم دھتورہ سیاہ- ریوند چینی- زنجبیل ہر ایک 3 ماشہ کوٹ چھان کر شہد میں گولیاں بنائیں اور تین گولیاں نوبت سے ایک ساعت پہلے پانی کے ساتھ کھائیں- اور نوبت کا وقت گزرنے سے پہلے اس روز غذا نہ دیں-

تپ دق

1- تپ دق و تپ لثقہ: نائی سبز اور گوما ہر ایک 3 ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان لیں اور شربت بنفشہ یا شربت بزوری 4 تولے ملا کر پئیں-

اضافہ : تقویت قلب و دماغ کے لئے دواء المسک معتدل جوا ہر والی 3 ماشہ بڑھا دیتے ہیں-

2- سل و دق : 1- گوند کتیرا- رب السوس- مرجان محرق- شکر تیغال ہر ایک ایک ماشہ سب کو پیس کر دیاقوزہ 7 ماشہ میں ملائیں اور لعاب بہیدانہ 3 ماشہ شیرہ عناب 5 دانہ- شیرہ مغز کدو شیریں 3 ماشہ- عرق گاؤزبان 12 تولہ میں نکال کر شربت بنفشہ 2 تولہ میں ملا لیں اور دیاقوزا کھانے کے بعد پئیں-

2- خمیرہ خشخاش ایک تولہ کھائیں اور شیرہ کوکنار 1 عدد لعاب گاؤزبان 3 ماشہ پانی یا عرق 12 تولہ میں نکال کر شربت انجاز 2 تولے ملا کر پئیں-

3- تپ دق : قرص طباشیر یا قرص کافور ہر ایک ساڑھے چار ماشہ پیس کر کھائیں اور شیر

بزیا شیر خریا شیر زن ہر ایک 7 تولہ۔ شربت عناب۔ شربت نیلوفر۔ شربت بزوری ہر ایک 2 تولہ میں پئیں۔

ترکیب استعمال شیر: شیرزن یا شیر بزیا شیر آب کدو یا آب تربوز تین روز تک سات تولے کی مقدار میں پیتے ہیں۔ پھر ایک ایک تولہ روز بڑھاتے ہیں اور جب اکیس تولے ہو جاتا ہے۔ تولہ گھٹاتے ہیں اور جب ساتھ تولے تک پہنچ جاتا ہے تو تین روز پی کر اس کا استعمال کرتے ہیں۔

فائدہ: کدو کو خاکستر گرم میں دبا کر پلپلا کر کے پانی نکالتے ہیں۔

4- **بحالت سرفہ**: گوند کتھوا۔ رب السوس ہر ایک 1 ماشہ پیس کر خمیرہ خشخاش 1 تولہ میں ملائیں اور لعاب گاؤزبان 5 ماشہ شیرہ کوکنار 1 عدد۔ عرق گاؤزبان 12 تولے میں نکال کر شربت اعجاز 2 تولے یا شربت خشخاش 2 تولے ملائیں۔

5- **تبرید و ترطیب**: لعاب بہیدانہ۔ شیرہ مغز تخم کدو ہر ایک 3 ماشہ۔ شیرہ عناب 5 دانے۔ شیرہ تخم خرفہ سیاہ 3 ماشہ پانی میں نکال کر شربت نیلوفر 2 تولے ملائیں اور خاکسی 7 ماشہ چھڑک کر پئیں۔

اضافہ: کبھی قرص طباشیر 4 ماشہ یا قرص کافور ساڑھے چار ماشہ کھا کر نسخہ مذکور پیتے ہیں۔

ترکیب استعمال شیر گاؤ: (دق و سعال یا بس و سل میں استعمال کرتے ہیں) شیر گاؤ 10 تولے دیگچی میں ڈال کر چاقو سے نشان کر لیں اور اسی قدر پانی ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب دودھ میں ابال آنے شروع ہوں تو گاؤزبان گل گاؤزبان۔ اصل السوس مقشر۔ بادیان ہر ایک 3 ماشے۔ نبات سفید 2 تولے علیحدہ علیحدہ پوٹلی میں باندھ کر دودھ میں ڈالیں۔ جب پانی جل جائے تو دودھ کی سطح نشان تک آجائے تو اتار کر پی لیں۔ تین روز تک اسی مقدار میں پئیں۔ پھر ہر روز ایک ایک تولہ دودھ بڑھا کر اکتالیس تولے تک لے جائیں اور پھر ایک ایک تولہ کم کریں۔ جب دس تولے ہو جائے تو تین دن پی کر بند کر دیں۔

اضافہ: دودھ کے ساتھ نبات سفید بھی بقدار ذائقہ بڑھاتے گھٹاتے ہیں۔

مرکبات

قرص کافور: (ذیابیطس۔ گردہ اور مثانہ کو نافع) تخم کاہو 5 تولہ 10 ماشہ۔ تخم خرفہ ساڑھے چار ماشہ۔ طباشیر۔ رب السوس۔ ہر ایک 2 تولہ 11 ماشہ۔ گل سرخ کشنیز خشک مقشر

ہر ایک ایک تولہ ساڑھے پانچ ماشہ۔ اقاقیا۔ صندل سفید گل ارمنی گلنار ہر ایک 7 ماشہ۔ کافور پونے دو ماشہ کوٹ چھان کر گلاب کے ساتھ اقراص تیار کریں خوراک 7 ماشہ۔

قرص طباشیر: تخم خرفہ۔ گل سرخ۔ گل ارمنی۔ گلنار۔ طباشیر۔ تخم کاہو ہر ایک 1 تولہ کوٹ چھان کر اقراص بنائیں خوراک 5 ماشہ۔

مسہلات

1- **مسہل صفراء:** پوست ہلیلہ زرد 1 تولہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ گلقند۔ ترنجبین۔ شکر سرخ۔ مغز فلوس۔ تمرہندی کہنہ ہر ایک 4 تولہ اس میں مل کر صاف کر لیں پھر روغن بادام اضافہ کر کے پئیں۔

2- **مسہل حمیات صفراوی:** آلو بخارا 11 دانہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ۔ گلقند۔ ترنجبین۔ شکر سرخ۔ مغز فلوس ہر ایک 4 تولہ اس میں مل چھان کر شیرہ مغز بادام 5 دانہ اضافہ کر کے پئیں۔

3- **مسہل بارد:** (جو معدہ نہ امعاء کے مواد فاسدہ کو خارج کرتا ہے) تمرہندی کہنہ 8 تولہ پانی میں جوش دے کر چھان لیں۔ اور سناء مکی 7 ماشہ باریک پیس کر اس پر چھڑک لیں اور پئیں۔

اضافہ: کبھی اس میں شربت ورد 4 تولہ اور شیر خشت مصفی 4 تولے کا اضافہ کرتے ہیں۔

4- **مسہل حار جو بلغمی بخاروں میں مستعمل ہے:** گل بنفشہ۔ بیخ کاسنی۔ بادیان ہر ایک 7 ماشہ۔ مویز منقی 9 دانہ۔ گاؤزبان۔ تخم خیارین۔ اصل السوس۔ مقشر۔ پرسیاؤشاں۔ کو خشک ہر ایک 5 ماشہ۔ گل گاؤزبان 3 ماشہ۔ عناب 5 دانہ۔ سپستان 9 دانہ۔ تخم خطمی۔ تخم خبازی۔ ریشہ خطمی۔ گل سرخ۔ سناء مکی ہر ایک 7 ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر مل چھان لیں اور مغز فلوس۔ گلقند۔ خمیرہ بنفشہ۔ ترنجبین شکر سرخ ہر ایک 4 تولہ اچھی طرح مل کر صاف کریں پھر شیرہ مغز بادام 5 ماشہ اضافہ کر کے پئیں۔

اضافہ: 1- اگر دماغ کا تنقیہ مقصود ہو تو اسطو خودوس 5 ماشہ اور بادرنجبویہ 5 ماشہ بڑھائیں۔

2- اگر سوداوی مادہ ہو تو افتیموں ولایتی 5 ماشہ اور بسفائج فستقی 5 ماشہ اضافہ کریں۔

3- اگر مواد بلغمی کثیر مقدار میں اور غلیظ و چسپدہ ہوں تو بیخ بادیان 7 ماشہ اور تخم قرطم 7

ماشہ بڑھائیں۔
4- اگر جگر کی رعایت منظور ہو تو تخم کشوث 5 ماشہ پوٹلی میں باندھ کر اضافہ کریں۔
ہدایات: دوپہر کے بعد غذا میں یخنی یا مونگ کا پانی پئیں اور سہ پہر کے بعد مونگ کی ملائم کھچڑی کھائیں۔ غذا سے پہلے پیاس محسوس ہو۔ تو عرق گاؤزبان۔ عرق بادیان۔ یا عرق مکو پئیں۔
اگر اسہال حسب منشاء نہ آئیں تو شربت ورد مکرر سدہ کے لئے 4 تولہ شربت دینار 4 تولہ عرق بادیان 2 تولہ میں حل کر کے پئیں۔
دوسرے روز ذیل کا نسخہ تبرید پلائیں۔ خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ۔ ورق نقرہ 1 عدد میں ملفوف کر کے کھائیں اور شیرہ عناب 5 دانہ۔ عرق گاؤزبان 12 تولے میں نکال کر شربت بنفشہ 2 تولے ملائیں اور اس پر تخم ریحاں 5 ماشہ چھڑک کر پئیں۔

اورام وبثور ظاہر بدن

فوائد شریفی: 1- جذام میں پہلے دوا جین۔ اکحلین اورگ پس گوش کی فصد لیں اور کافی تعداد میں خون نکالیں۔ پھر خریف و ربیع میں مسہل قوی دیں اور ہر ماہ تلین طبع سے مواد خارج کرتے ہیں۔
2- جب بدن میں اخلاط فاسد منتشر ہو جائیں تو کسی ایک طرف کی ہفت اندام کی فصد لیں اور مادہ زیادہ ہو تو دونوں طرفوں کی فصد لیں اس حالت میں قیفال کی فصد بھی مفید ہے۔

جوش وفساد خون

1- **نقوع فساد خون:** شاہترہ۔ چرائتہ۔ سرپھوکہ۔ منڈی ہر ایک سات ماشہ۔ عناب 5 دانے۔ ہلیلہ سیاہ 7 ماشہ۔ صندل سرخ 7 ماشہ رات کو گرم پانی میں تر کر کے صبح مل چھان کر اور شربت عناب 4 تولے ملا کر پئیں۔
نکات مطب: بحالت نزلہ صندل سرخ 7 ماشہ نکال یں اور گل بنفشہ تخم خطمی۔ تخم خبازی ہر ایک 7 ماشہ اصل السوس 5 ماشہ ملائیں۔
3- موسم سرما میں صندل سرخ کی جگہ عشبہ مغربی 7 ماشہ ملائیں۔
2- **حدت وفساد خون:** ہرن کھری 10 تولہ۔ فلفل سیاہ 5 ماشے رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح اس کا زلال پئیں۔

4- فساد خون و بثور بدن: برگ نیم ایک تولہ۔ فلفل سیاہ 5 دانے پانی میں پیس کر پئیں۔

5- فساد خون: عرق مرکب مصفی خون تولے۔ عرق شاہترہ 6 تولے اور شربت عناب 4 تولے ملا کر پئیں۔

تبرید: فلفل یا ہفت اندام کی فصد کے بعد پلائیں۔ زہر مہرہ۔ بنسلوچن ہر ایک 1 ماشہ۔ کو پیس لیں اور خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ یا خمیرہ مروارید 3 تولہ یا معجون عشبہ 1 تولہ میں ملا کر ورق نقرہ 10 عدد لپیٹ دیں پھر لعاب بہدانہ 3 ماشہ شیرہ عناب 5 دانے۔عرق مرکب فساد خون 12 تولے میں نکال کر شربت عناب 4 تولے یا شربت بزوری 4 تولے ملائیں اور معجون کھا کر پئیں۔

6- جوش و غلیان خون: جوش و غلیان جب کسی اور دوا سے رفع نہ ہو) زرچوب 3 ماشہ۔ چاکسو 3 ماشہ۔ رسوت 1 ماشہ۔ کتھ سفید 3 ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح اس کا زلال پئیں۔ چالیس روز تک یہ نسخہ استعمال کرنا چاہیے۔

7- فساد خون: گل بکائن۔ ثار۔ دال نخود مقشر۔ ثار۔ شیر مدار میں الگ الگ تر کریں پھر خشک کر کے علیحدہ علیحدہ میدہ کر لیں۔ اور شکر سفید ہموزن ادویہ ملا لیں۔ خوراک 1 تولہ ہمراہ آب شاہترہ عرق شاہترہ۔

8- حدت و فساد خون: ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ۔ کشنیز خشک ہر ایک 3 ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح اس زلال لیں اور شربت عناب 2 تولے ملا کر پئیں۔

9- فساد خون سوداوی: آب شاہتراہ سبز مروق 7 تولے۔ شربت عناب 2 تولے میں ملا کر پئیں۔

فائدہ: تین روز تک اسی مقدار میں پی کر روزانہ ایک تولہ آب شاہترہ اور حسب ضرورت بڑھاتے جائیں۔ جب اکیس تولے ہو جائے تو ہر روز ایک تولہ گھٹائیں۔ پھر 7 تولے ہونے کی صورت میں تین روز پی کر اس کا استعمال ترک کریں۔

10- فساد خون: بیخ جھاؤ تولہ۔ مویز منقیٰ 10 دانے پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور شربت بزوری 4 تولے ملا کر پئیں۔

11- جوش خون و خارش و قوباء و ابتدائی جذام: گندھک آملہ سار 1 تولہ۔ فلفل سیاہ 5 دانے گرم پانی یا عرق مرکب خون 12 تولے میں تر کریں اور صبح اس کا زلال لے کر پئیں۔

12- حدت خون: شیرہ عناب 5 دانے۔ عرق شاہترہ 12 تولے میں نکال کر شربت نیلوفر ملائیں۔

اضافہ: کبھی لعاب بہیدانہ 3 ماشہ بھی اضافہ کرتے ہیں۔

مرکبات

عرق مصفی خون: برگ نیب۔ پوست نیب۔ پوست بکائن۔ برگ بکائن۔ پوست کچنال۔ پوست مولسری۔ دودھی خورد۔ برگ بھنگرہ۔ سیاہ شاخ برگ جوانسہ۔ پوست گولر۔ برگ حنا۔ منڈی۔ شاہترہ۔ سرپھوکہ۔ دھمایا۔ چوب بھیسار۔ گل نیلوفر۔ گل سرخ۔ کشنیز خشک۔ صندل سفید۔ تخم کاسنی۔ بیخ کاسنی۔ مجیٹھ۔ برگ بید سادہ۔ برادہ چوب شیشم ہر ایک 10 تولہ تمام ادویہ کو 24 سیر پانی میں ایک رات دن تر کریں بعدہ 12 سیر عرق کھینچیں۔ بعض وقت تخم نیب۔ تخم شاہترہ۔ افتیمون ـ ساذج ہندی۔ گلوئے سبز۔ عناب خس۔ چرائتہ ہر ایک 10 تولہ۔ صندل سرخ۔ صندل سفید۔ الائچی کلاں۔ گاؤزبان۔ پرسیاؤشاں ہر ایک 2 تولہ۔ سب ادویہ کو رات کے وقت گرم پانی میں بھگو کر صبح 7 سیر عرق کشید کریں۔ خوراک 7 تولہ۔

حب مسہل سودا: بادیان۔ شونیز۔ ہلیلہ سیاہ۔ تربد سفید مجوف۔ خراشیدہ ہر ایک ایک تولہ۔ حب السلاطین مدبر 2 تولے کوٹ چھان کر عرق گلاب کے ہمراہ نخود کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک 2 گولیاں۔

معجون مصفی خون و مسکن حرارت: پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ۔ صندل سرخ۔ دھمایا۔ ہر ایک ایک تولہ۔ آملہ مصفی۔ شاہترہ۔ تخم کشنیز۔ گل معصفو۔ بھملنڈی۔ برگ حنا ہر ایک نصف تولہ گلوئے سبز۔ زیرہ سفید ہر ایک 2 تولے عسل سفید دو چند ادویہ کشمش یک چند کوٹ چھان کر حسب دستور معجون بنائیں خوراک 5 سے 9 ماشے تک۔

معجون مصفی خون: پوست بیخ نیم۔ پوست شاخ انجیر دشتہ۔ شاہترہ۔ چرائتہ۔ کشنیز خشک۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ۔ آملہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ شطرج بادیان۔ گل سرخ۔ سناکی ہر ایک 2 تولے۔ قند سفید دو چند ادویہ۔ عسل خالص ہموزن ادویہ بطریق معروف معجون بنائیں۔ خوراک ایک تولہ۔

شربت مصلح خون و مقوی اعضائے رئیسہ: شاہترہ۔ چرائتہ۔ بسفائج ہلیلہ سیاہ۔

صندل سرخ- صندل سفید برگ بادرنجبویہ- گل سرخ- برمنڈنڈی- نیل کنٹھی- تخم کاہو مقدار ہر ایک 3 تولے عرق مصفی خون- پونے دو تولہ ثمار اور عرق شیر- ثمار میں تر کر کے صبح جوش دیں جب نصف رہ جائے تو چھان کر نبات سفید دو چند ادویہ اور عسل خالص ہموزن ملا کر قوام کریں اور آخر قوام میں مروارید 3 ماشہ- کہربائے شمعی- زہر مہرہ- یشب سبز- لاجورد مغسول- ہر ایک 6 ماشہ کو خوب صلایہ کر کے ملائیں- خوراک 4 تولے ہمراہ عرق مصفی خون 7 تولے-

عرق شیر: تخم کاسنی- گل گاؤزبان- تخم خیارین- تخم طباشیر- زہر مہرہ ہر ایک ایک تولہ- گل سرخ- عنب الثعلب- گاؤزبان- مغز کدو- تخم کاہو ہر ایک 2 تولہ- تخم خرفہ 3 تولہ کشنیز خشک- صندل سرخ- صندل سفید ہر ایک 4 تولہ- کدو سبز- برگ کاسنی سبز- برگ کاہو(ہر ایک 4 تولہ 8 ماشہ- گل کنول گلد 5 تولہ- کیسروگل- بیدر گل نیلوفر ہر ایک 10 تولہ عرق بید مشک عرق شاہترہ- عرق عنب الثعلب ہر ایک ایک سیر- عرق گلاب 2 سیر- عرق بید سادہ 4 سیر- شیر بز 1 سیر- آب بقدر حاجت شامل کر کے 80 بوتل عرق کشید کریں- خوراک 10 تولہ-

عرق ماء الجبن: پوست ہلیلہ زرد- پوست ہلیلہ کابلی- ہلیلہ سیاہ- برگ بکائن- پوست بکائن- پوست نیم- تخم نیم- گل منڈی- گاؤزبان- تخم کاسنی- بیخ کاسنی- ہرن کھری- مغز تخم تمرہندی- مغز تخم آملہ مقشر پوست بلیلہ- کشنیز خشک- پوست درخت مولسری- گلو سبز ہر ایک 10 تولہ- شاہترہ چرائتہ- سرپھوکہ- برگ حنا- ابریشم- برادہ صندل سفید- برادہ شیشم- عنب الثعلب خشک گل سرخ- پوست بیخ جھڑبیری- پوست بیخ بہیڑہ- بیخ بھنگ- برگ چنبیلی برادہ آبنوس- عناب بیخ نشکو ہر ایک 5 تولہ- مغز فلوس- آدھ سیر- ماء الجبن پاؤ سیر- مجیٹھ پاؤ سیر- سب کو 15 سیر پانی میں رات کو بھگو کر 40 بوتل حسب معمول عرق کھینچیں خوراک 10 تولہ-

شربت مخرج سودا: چوب چینی- برگ شیشم ہر ایک 3 تولے- عناب پوست ہلیلہ زرد- پوست ہلیلہ کابلی- سناء مکی ہر ایک 5 تولے- سب کو آب باراں 3 سیر میں تر کر کے صبح جوش دیں- جب ایک سیر باقی رہ جائے تو ترنجبین ثمار شیر خشت اتار اس میں شامل کر کے چھان لیں اور عسل ثمار اضافہ کر کے شربت بنائیں- خوراک 4 تولے ہمراہ عرق بادیان 12 تولے یا عرق مصفی خون 13 تولے-

13- آتشک: 1- صبح نقوع فساد خون استعمال کریں-

2- شام کو معجون عشبہ 1 تولہ- عرق عشبہ 12 تولے و نبات سفید 2 تولے کے ساتھ دیں-

3- نضج مادہ کے بعد مطبوخ ہفت روزہ استعمال کریں اور اس کے بعد تبرید فساد خون ملائیں۔

مطبوخ ہفت روزہ: پوست درخت نیب پوست درخت کچنال۔ بیخ حنظل۔ پھلی ببول۔ کثائی خورد مع برگ پوست بیخ قند سیاہ کہنہ ہر ایک نیم پاؤ تین سیر پانی میں جوش دیں۔ جب چوتھا حصہ رہ جائے اتار کر رکھ لیں اور سات خوراکیں کریں ہر روز ایک خوراک پئیں ساتھ روز کے بعد چند روز تبرید کریں۔

4_ اگر اس کے بعد بھی مادہ باقی رہے تو حب کتھ یا حب لیموں استعمال کریں یا جوہر رسکپور کھلائیں۔

14- **آتشک و امراض سوداوی:** روغن گاؤ آدھ سیر لے کر قلعی دار دیگچہ میں ڈال کر پگھلائیں۔ اور جہاں تک ہو وہاں چاقو سے نشان کر دیں پھر آب آملہ سبز ایک سیر اس میں ڈال کر ہلکی آنچ پر جوش دیں۔ جب پانی جل جائے اور چاقو سے نشان ظاہر ہو تو گھی اتار کر چینی کے برتن میں رکھ دیں اور روزانہ اس میں سے 2 تولے لے کر نبات سے شیریں کر کے کھائیں۔

15- **آتشک شدید:** چوب چینی۔ عشبہ مغربی۔ بسفائج فستقی ہر ایک 5 ماشہ۔ شاہترہ چرائتہ ہر ایک 7 ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان لیں اور شربت عناب 4 . تولے ملا کر پئیں۔

16- **ہیجان مادہ آتشک:** لعاب بہدانہ 3 ماشہ شیرہ عناب 5 دانے۔ عرق مرکب مصفی خون 6 تولے۔ عرق شاہترہ 6 تولے میں نکال لیں اور شربت بزوری یا شربت عناب 4 تولے ملا کر پئیں۔

نکات مطب: 1- کبھی اطریفل شاہترہ 7 ماشہ بھی اضافہ کرتے ہیں۔
2- ہیجان کے فرو ہونے پر نقوع شاہترہ صبح کو اور نسخہ مذکورہ شام کو پلاتے ہیں۔

17- **بقیہ مواد آتشک:** (بعد از اسہال برعایت سعال) اطریفل شاہترہ 7 ماشہ۔ کھائیں۔ اور بہدانہ 3 ماشہ۔ عناب 5 دانے۔ سپستان 9 دانے کو عرق برنجاسف 12 ولے میں جوش دے کر چھان لیں اور شربت عناب 4 تولے ملا کر پئیں۔

18- **روغن یبس اعضاء:** (جو آتشک سے ہو) سفیدہ کاشغری 6 ماشہ کو روغن گل روغن چنبیلی۔ موم زرد ہر ایک ایک تولہ اور روغن گاؤ یک تولہ جو (ایک سو بار دھویا گیا ہو) میں پگھلا کر اعضاء پر ملیں۔

ضماد سوزش آتشک و زخم و بثور جلد و رحم: سفیدہ کاشغری۔ رسوت کافور ہر ایک

6 ماشہ سب کو پیس کر لعاب ریشہ خطمی قدر حاجت ملا کر ضماد کریں۔

مرکبات

معجون چوب چینی : بوزیدان۔ دار فلفل۔ قرنفل۔ جوزبوا۔ غنچہ گل سرخ۔ عود ہندی۔ ابریشم مقرض ہر ایک سوا پانچ ماشہ۔ لاجورد مغسول۔ درونج عقربی۔ شقاقل۔ خصیۃ الثعلب۔ شقاقل مصری۔ سنبل الطیب۔ سورنجاں ہر ایک 7 ماشہ۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ منقی۔ تربد سفید۔ اسطوخودوس۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ زرنباد۔ بادرنجبویہ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ۔ افتیموں بسفائج فستقی ہر ایک ایک تولہ ساڑھے پانچ ماشہ۔ چوب چینی اعلیٰ ہموز ادویہ شہد خالص مصفی سہ چند ادویہ کوٹ چھان کر شہد کے ساتھ بدستور معجون بنائیں۔ خوراک 7 ماشہ ہمراہ عرق شاہترہ۔

معجون عشبہ : عشبہ 9 تولہ۔ بسفائج 4 تولہ۔ افتیموں ایک تولہ۔ گل سرخ 4 تولہ۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ سناکی ہر ایک 4 تولہ ہلیلہ سیاہ ہلیلہ زرد۔ ہر ایک ایک تولہ ۔ بالچھڑ دار چینی۔ کباب چینی۔ ہر ایک 2 تولہ۔ بادیان 4 تولہ۔ شہد قند سفید ہر ایک تین پاؤ حسب معمول معجون تیار کریں۔ خوراک 7 ماشہ ہمراہ عرق شاہترہ 6 تولہ۔

حب لیموں : مردار سنگ 2 تولہ۔ کتھ سفید۔ حب النیل۔ پوست الائچی کلاں سوختہ۔ فوفل کہنہ (سپاری کہنہ) ہر ایک ایک تولہ۔ پوست بلیلہ 2 تولہ۔ ان سب اجزاء کو 200 عدد لیموں کاغذی کے عرق میں کھرل کریں۔ بعد ازاں لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر لوہے کے دستہ سے گھوٹیں اور چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ آب۔

حب کتھ : کافور۔ رسکپور۔ کتھ پاپڑیا۔ موصلی سفید ہر ایک ایک تولہ عرق پان یا پانی میں پیس کر گولیاں بنائیں۔

جوہر کلاں : رسکپور۔ سم الفار۔ پارہ۔ شنگرف ہر ایک ایک تولہ۔ شراب و گلاب دو آتشہ میں حل کر کے گولیاں بنائیں۔

جوہر رسکپور : رسکپور۔ دار چکنار۔ سیماب۔ سم الفار۔ شنگرف ہموزن۔ شراب دو چند ادویہ میں خوب کھرل کر کے جوہر اڑائیں۔ خوراک 2 چاول مویز منقی میں رکھ کر نگل جائیں۔

دوائی خاص : سیماب۔ کتھہ۔ گندھک آنولہ سار۔ فلفل سیاہ ہر ایک 4 ماشے اول

گندھک اور پارے کو اچھی طرح کھرل کریں پھر باقی دوائیں ملا کر کھرل کر لیں ۔ خوراک 2 برنج۔

جذام

1- آتشک کا علاج کریں۔

2- ہڑتال طبقی 1 تولہ۔ کو ایک پہر تک کھرل کریں پھر 21 دانے سیاہ مرچ میں سے ایک دانہ ڈال کر اکیس مرتبہ کھرل کریں اسی طرح 21 مرتبہ کریں۔ عندالضرورت پان میں ایک سرخ رکھ کر کھائیں۔

انتباہ: دوران استعمال میں روغن زرد ہرگز نہ کھائیں اور نان کا ستعمال رکھیں۔

سفوف جذام: برگ نیم۔ بکن بوٹی۔ سہدیوی۔ کثائی کلاں۔ مع بیخ و برگ بار انبہ ہلدی۔ سرپھوکہ۔ باپچی ہر ایک ایک علیحدہ علیحدہ کوٹ کر پینتیس پینتیس تولے لے کر ملائیں اور انچاس حصے کریں ایک حصہ صبح اور ایک حصہ شام کو کھائیں۔

غذا: دوران استعمال میں غذا اول نخود نان اور کباب دیں۔ مگر نمک ہرگز نہ ڈالیں۔

فساد کشتہ خام

1- **فساد خون و حرارت مادہ آتشک و فساد کشتہ خام:** شیر بز 10 تولے شربت عناب 2 تولے ملا کر پئیں۔

نکات مطب: یہ نسخہ ماء الجبن کا قائم مقام ہے اور مطب میں اکثر استعمال کیا جاتا ہے۔
2- کبھی شیربز کو بڑھاتے گھٹاتے بھی ہیں اس کی ترکیب تہلق میں مرقوم ہے۔

2- **کشتہ جات حارہ:** عرق مرکب مصفی خون' عرق شیر ماء الجبن۔ شربت عناب ہر ایک 4 تولے ملا کر پئیں۔

جرب۔ بہق۔ داد۔ برص۔ سرخ بادہ

فائدہ: گرم مزاجوں کو ضماد موسم گرما میں استعمال نہیں کرنا چاہئے۔

1- **برص:** گیرو۔ رسوت ہر ایک 3 ماشہ۔ مرچ سیاہ 7 دانے۔ سب کو سرد پانی میں پیس کر پئیں اور اثنائے استعمال میں پلاس پاپڑہ سرکہ میں حل کر کے طلاء کریں۔

2- **برص و قوبا:** بیخ انجیر دشتی۔ باپچی۔ تخم پنواڑ۔ زرنچور۔ ہموزن رات کو گرم پانی میں

بھگو دیں صبح کو اس کا زلال پئیں اور ثفل بدن پر ملیں۔

فائدہ: نسخہ کے ساتھ بجز نان کے کچھ نہ کھائیں۔

3- **برص**: انجیر زرد 5 دانے۔ لاکھ۔ باپچی۔ ہر ایک 3 ماشہ۔ سرکہ خالص میں پیس کر ضماد کریں۔

4- **داد خشک**: آرد سنگھاڑہ 6 ماشہ۔ عرق لیموں کاغذی میں پیس کر ضماد کریں۔

5- **داد خشک**: ریٹھہ کا چھلکا پانی میں پیس کر ضماد کریں۔

6- **بھینسیا داد**: گوگل۔ گندھک۔ آملہ۔ سہاگہ بریاں۔ عرق لیموں میں ہموزن پیس کر ضماد کریں۔

7- **جھانجن**: کمیلہ 1 ماشہ پیس کر روغن صندل 3 ماشہ میں ملائیں اور ضماد کریں۔

8- **بہق**: تخم پنواڑ۔ باپچی۔ تخم ترب ہر ایک 3 ماشہ پانی میں پیس کر ضماد کریں۔

9- **ضماد بہق و داد**: نوشادر 3 ماشہ۔ عرق پیاز 2 تولے میں پیس لیں اور مقام ماؤف ضماد کریں۔

بیاض مسیحا

جلد دوم

مرتبہ

شفاء الملک

حکیم محمد حسن قرشی

بیاض مسیحا

(لوح محفوظ)

یعنی جناب رئیس الاطبا حکیم محمود خاں صاحب مرحوم اور جناب مسیح الملک حکیم اجمل خاں صاحب کے خاندان جلیل کے مخصوص صدری مجربات۔

اس حصے میں صرف وہی نسخے درج کئے گئے ہیں۔ جو اپنی شہرت کی وجہ سے افسانہ بزم وانجمن ہیں' اور جن پر عجیب و غریب اور مستور و مخفی لال بیاض کا ایک بڑا حصہ مشتمل ہے۔

مجربات باہیہ

(1) ضعف باہ۔ نامردی۔ استسقا۔ (جوہر سین)

سم الفار ایک تولہ کو شراب برانڈی قسم اول تین تولے میں خوب کھرل کریں اور دو پیالوں میں بند کر کے آٹے سے جوڑ دیں اور دھیمی آنچ پر رکھ کر بالائی پیالے کو کپڑے سے تر کرتے رہیں۔ دو تین گھنٹے میں جوہر اڑ کر اوپر کے پیالے میں لگ جائے گا۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ خوراک دو چاول نامردی اور ضعف باہ میں لبوب کبیر سات ماشہ یا معجون جالینوس لولوی پانچ ماشہ اور استسقاء میں معجون دبیدالورد سات ماشہ کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔

2۔ ضعف باہ (حب الاحمر)

سم الفار ایک تولہ۔ ہڑتال ایک تولہ۔ شنگرف ایک تولہ۔ کاغذی لیموں سو عدد کے پانی میں کھرل کر کے بقدر مونگ گولیاں بنائیں اور بوقت ضرورت شیر گاؤ کے ساتھ جوان کو آدھ گولی اور بوڑھے کو ایک گولی کھلائیں' دوران استعمال میں جماع' تیل اور ترش چیزوں سے پرہیز کریں اور روغنی چیزیں کھائیں۔

اصلاح : اکثر اس نسخہ سے بھوک بند ہو جاتی ہے' اس صورت میں گندھک کا اضافہ بہت مفید ہوتا ہے۔

3۔ ضعف باہ واعضائے رئیسہ (حب عنبر مومیائی)

مومیائی۔ مصطگی۔ مروارید۔ طباشیر۔ قرنفل۔ بسباسہ۔ جوزبوا۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔

دار چینی۔ شقاقل مصری۔ زنجبیل' اور درونج عقربی۔ عود ہندی' عود صلیب ثعلب مصری' جدوار خطائی' ہر ایک چھ رتی' عنبر مشک ہر ایک ایک ماشہ' روغن پستہ بقدر حاجت' ورق طلا پانچ عدد مروارید' عنبر' مشک کو الگ الگ عرق بید مشک میں حل کر لیں۔ مومیائی کو روغن پستہ میں گرم کر کے اس میں ملائیں۔ باقی سب دوائیں الگ الگ کوٹ کر چھان لیں اور روغن پستہ میں ملا کر مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک دو گولیاں شیر گاؤ کے ساتھ۔ بوقت خواب۔

4- ضعف باہ و اعضائے رئیسہ و امساک (حب کیمیائی عشرت)

ورق طلا۔ ورق نقرہ۔ مشک عنبراشہب' ہر ایک ایک ماشہ۔ زرشک منقے ایک تولہ' ایک ماشہ۔ جدوار خطائی ایک تولہ دس ماشے۔ بسبایہ دو تولے۔ سازج ہندی دو تولے۔ کبابہ اسارون۔ حب صنوبر۔ مرکی۔ جوزبوا ہر ایک دو تولے دار فلفل تین تولے۔ سنبل الطیب' درونج عقربی۔ عود قماری۔ قرنفل۔ ہیل بوا۔ ہر ایک تین تولے ساڑھے چار ماشے۔ دار چینی۔ زرنباد۔ سعد کوفی۔ میعہ سائلہ ہر ایک دو تولے۔ زنجبیل۔ مصطگی۔ فلفل سیاہ۔ تخم کرفس ہر ایک پانچ تولہ۔ زعفران۔ افیون ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ یشب۔ کشتہ عقیق۔ کہربا شمعی ہر ایک چھ ماشے' کشتہ قلعی تین ماشے پہلے مشک عنبر۔ زعفران....... ورق طلا اور کشتے عرق گلاب میں کھرل کریں۔ میعہ سائلہ کو کسی قدر روغن پستہ میں حل کر کے شامل کریں۔ پھر بقیہ اجزاء کوٹ چھان کر ملا لیں اور سب کو روغن بلسان تین تولے میں کھرل کریں' اور روح گلاب وصمغ عربی بقدر ضرورت ملا کر گولیاں باندھیں اور بوقت ضرورت ایک ایک گولی صبح و شام دودھ کی ساتھ کھلائیں۔

5- ضعف باہ و جماع (حب مومیائی سادہ)

مرکی۔ مصطگی۔ خولنجاں ہر ایک دو ماشہ۔ بہمن سفید' بہمن سرخ۔ قرنفل۔ دار چینی۔ لوبان۔ صمغ عربی۔ عود ہندی۔ رب السوس۔ ابریشم مقرض ہر ایک چھ ماشہ مومیائی اور میعہ سائلہ' روغن پستہ ہر ایک چار ماشہ میں حل کر لیں۔ باقی دوائیں کوٹ چھان کر ملا لیں اور بقدر دانہ نخود گولیاں باندھ لیں۔ خوراک ایک گولی دودھ کے ساتھ۔ پس از جماع۔

6- ضعف باہ و امساک و جریان (حب نشاط)

کشتہ نقرہ ساڑھے چار ماشہ۔ جوتری۔ زعفران۔ ریگ ماہی ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ جوزبوا' سمندر سوکھ ہر ایک نو ماشہ۔ زہرمہو سوا ایک ماشہ۔ مشک زعفران اور کشتہ نقرہ کو گلاب میں حل کریں بقیہ دوائیں کوٹ چھان کر ملائیں اور عرق پان میں بقدر کنار دشتی گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ۔ پاؤ سیر

7- ضعف باہ و امساک و اعضائے رئیسہ (حب یاقوت)

مشک خالص ڈیڑھ ماشہ۔ عنبراشہب دو ماشہ۔ کہربا بسد ہر ایک چھ ماشہ۔ مغز بادام مقشر۔ نشاستہ سفید۔ عود خام۔ مروارید ناسفتہ۔ یاقوت سرخ ہر ایک ایک تولہ۔ رب السوس۔ صمغ عربی۔ مصری سفید۔ بیخ بنفشہ۔ افیون ہر ایک دو تولہ۔ مشک عنبر۔ افیون۔ کہربا۔ بسد۔ مروارید اور یاقوت کو گلاب میں اچھی طرح کھرل کریں۔ باقی دوائیں کوٹ چھان کر ملا دیں اور گلاب میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

اشارات

1- قوت باہ کے لئے ایک گولی۔ لبوب کبیر پانچ ماشہ یا جوارش جالینوس لولوی پانچ ماشہ کے ساتھ کھلائیں۔

2- تقویت اعضائے رئیسہ کے لئے خمیرہ گاؤ زبان عنبری جواہر والا۔ پانچ ماشہ دواء المسک معتدل جواہر والی تین ماشہ کے ساتھ کھلائیں۔

3-یہ گولیاں نزلہ اور کھانسی میں بھی نہایت مفید ہیں اور اس حالت میں عرق گاؤ زبان بارہ تولہ اور شربت بنفشہ دو تولہ کے ساتھ استعمال کی جاتی ہیں۔

4- جب اعضائے رئیسہ کے ساتھ معدے کی خصوصی تقویت کی ضرورت ہوتی ہے تو یہ جوارش جالینوس لولوی پانچ ماشہ کے ہمراہ دی جاتی ہے۔

8- التذار (حب ملذذ)

خون خرگوش چھ ماشہ۔ خون گلہری ایک ماشہ۔ پیخال کبوتر صحرائی ایک ماشہ عطر موتیا ایک ماشہ کسی قدر شہد کے ساتھ بمقدار نخود گولیاں بنائیں اور بوقت ضرورت لعاب دہن میں گھس کر طلا کریں۔

9- جلق۔ ضعف باہ۔ ضعف اعصاب (طلاء جدید)

سم الفار اڑھائی تولہ۔ شیر مدار پانچ تولہ۔ بیر بہوٹی۔ جاوتری۔ قرنفل، عاقرقرحا۔ جوزبوا ہر ایک چھ تولہ۔ زعفران۔ مشک ہر ایک ایک تولہ آٹھ ماشہ۔ روغن گاؤ ایک سیر۔ سم الفار کو کچھ عرصہ تک شیر مدار میں کھرل کریں۔ پھر باقی دواؤں کا سفوف ملا کر روغن گاؤ میں چوبیس پہر کھرل کریں۔ دو سرخ طلا کریں۔

طریق استعمال۔ رات کو سوتے وقت حشفہ اور سیون بچا کر مالش کریں اور اوپر سے بنگلہ پان باندھ کر کچا سوت لپیٹ دیں۔ صبح کو کھول کر گھنٹے بھر کے بعد نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں۔

اشارات۔ جب طلا کے استعمال سے دانے نکل آئیں تو اس کا استعمال موقوف کر دیں اور ان دانوں کے زوال تک روغن چنبیلی لگاتے رہیں۔ پھر طلا کا ازسر نو استعمال کریں۔

2-دوران استعمال طلا میں سرد پانی نہ لگنے دیں اور نہ ہی وظیفہ زوجیت بجا لائیں۔

3- اگر طلاء لگانے سے پہلے بھنگ پانچ تولہ اور نمک پانچ تولہ بارہ سیر پانی میں جوش دے کر زیر ناف دھارا جائے تو بہت فائدہ ہوتا ہے۔

10- کجی۔ لاغری۔ استرخاء (طلائے سرخ)

شنگرف دو تولہ۔ جمال گوٹہ تین تولہ۔ موم چار تولہ۔ سم الفا دو تولہ۔ سکہ بارہ تولے۔ ان دواؤں کو سکے میں چوبیس پہر کھرل کریں اور عندالضرورت طلاء جدید کی طرح استعمال کریں۔

11- ضعف اعصاب۔ استرخا۔ کجی۔ (طلاء ماہی)

ماہی سیاہ ایک عدد۔ ماہی سفید ایک عدد۔ ماہی سرخ ایک عدد۔ کچلہ دو تولہ۔ عروسک دو تولہ۔ عاقرقرحا۔ قرنفل۔ اسگند ناگوری۔ سلاجیت۔ افیون۔ جوزبوا۔ ہر ایک چھ ماشہ پہلی پانچ چیزوں کو تین روز تک شراب مقدار مناسب میں پڑا رہنے دیں اور باقی اجزاء کو پیس کر شیر کی پگھلائی ہوئی چربی قدر مناسب میں ملا لیں۔ پھر پہلی دواؤں کو پیس کر شامل کر لیں اور طلاء سرخ کی طرح استعمال کریں۔

12- جلق۔ ضعف اعصاب۔ استرخا (طلا مشک والا)

مشک خالص ساڑھے سات سرخ۔ فلفل سیاہ۔ جندبید ستر۔ حلتیت ہر ایک پانچ ماشہ مغز پنبہ دانہ سات ماشہ کوٹ چھان کر روغن چنبیلی قدر مناسب میں حل کریں اور طلا ماہی کی طرح لگائیں۔

13- ضعف باہ و اعصاب (طلاء دار چینی مشک والا)

شنگرف۔ ہڑتال طبقی۔ پارہ۔ کمیلہ۔ عاقرقرحا۔ پیاز نرگس دار چینی ہموزن لے کر کوٹ چھان لیں' اور تھوڑے سے مشک کے ساتھ زہرہ گاؤ میں کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔ اور طلا سرخ کی طرح استعمال کریں۔

14- التذاذ (طلا ملذ)

عاقرقرحا۔ سہاگہ خام۔ کافور ہر ایک تین ماشہ۔ سرمے کی طرح باریک کرلیں اور عندالضرورت کسی قدر شہد میں ملا کر طلا کریں۔

15- جلق (طلا مجلوق)

خراطین مصفی۔ مثھا تیلیہ۔ انبہ ہلدی ہر ایک تولہ۔ سنکھیازرد دو تولہ۔ شنگرف رومی تین ماشہ۔ مسکہ میش دو تولہ ان سب دواؤں کو پیس کر مکھن میں ملا لیں۔ پھر آدھ گز کپڑا لے کر تدھارہ کے دودھ میں تر کریں اور سایہ میں رکھ کر سکھا لیں۔ پھر عرق پیاز اور شیر مدار میں بھگو کر اسی طرح خشک کرائیں اور سب دوائیں اس کپڑے پر پھیلا کر فتیلہ بنائیں

اور اسے لوہے کے تار میں لٹکا کر آگ لگا دیں' اس کے نیچے چینی کا برتن رکھیں اور اس میں جو روغن گرے اسے محفوظ رکھ لیں۔

طریق استعمال: ایک سرخ روغن لے کر حشفہ اور سیون چھوڑ کر خوب ملیں' اور نیم گرم کباب باندھ کر اوپر سے پان لپیٹ دیں۔ نوروز تک اس کا استعمال کریں ہر روز جدید مالش اور جدید کباب ہونا چاہئے۔

نسخہ کباب: جوان مرغ کے سینے کا گوشت خوب کوٹ لیں اور اس میں پوکھرمول تین ماشہ۔ عقرقرحا تین ماشہ۔ برادہ دندان فیل تین ماشہ۔ بنگلہ پان پختہ پانچ عدد باریک کر کے ملائیں۔ پھر بیری کی چار انچ لکڑی پر لپیٹ کر کباب بنائیں اور اس پر شیر کی چربی کا پچارا دیتے رہیں۔ جب سرخ ہو جائے تو چاقو سے اتار کر استعمال کریں۔

انتباہ۔ کباب باندھنے میں نہایت احتیاط کریں۔ حشفہ اور سیون کو اس سے بچائیں اور ہموار کر کے اسے باندھیں۔

نوٹ: دوران استعمال طلاء میں مباشرت سے پرہیز کریں اور سرد پانی نہ لگنے دیں۔

16- مقوی باہ وگردہ و مثانہ (عرق ماء اللحم جدید)

حلوان شیر مست بارہ سیر۔ کنجشک سو عدد۔ لوابیز پچاس عدد۔ کبوتر پچاس عدد۔ چوزہ مرغ بیس عدد۔ تیتر بیس عدد۔ سب کے گوشت کو صاف کر کے ٹکڑے کریں اور یخنی پکائیں۔

پھر اس میں مومیائی۔ جند بیدستر۔ سعد کوفی۔ جدوار۔ زعفران۔ مشک۔ عنبر۔ ہر ایک ایک تولہ۔ گل گاؤ زبان۔ کباب چینی۔ سنبل الطیب۔ طباشیر۔ بسفائج۔ درونج عقربی۔ مسملوس۔ عود صلیب۔ صعتو فارسی۔ فطراسالیون۔ شیطرج ہندی۔ فراسیون۔ بسباسہ۔ جوزبوا۔ تخم جرجیر۔ حب القلقل۔ مایہ شتراعرابی۔ ریگ ماہی ہر ایک دو تولے۔ نانخواہ زوفا خشک وج ترکی۔ ہر ایک تین تولہ ساڑھے چار ماشہ۔ دار چینی۔ تندبیلہ۔ ابریشم مقرض۔ ہر ایک سات تولے دس ماشہ۔ تخم ہلیون۔ تخم انجرہ۔ تخم ترب۔ اسپت۔ تخم بالنگو۔ تخم شربتی۔ تخم ریحان۔ تخم فرنجمشک۔ برگ فرنجمشک۔ بیخ سوسن آسمانجونی۔ گل بابونہ۔ مغاث بوزیدان قرفہ۔ سلیخہ۔ مصطگی۔ ناگیسر۔ اشنہ۔ ساذج ہندی۔ صندل سرخ۔ اسطوخودوس۔ زراوند مدحرج۔ ماہی روبیان۔ زرنب۔ اسارون۔ کوکنار ہر ایک سوا چار تولہ۔ بہمن سرخ بہمن سفید۔ تودری سرخ۔ تودری سفید۔ شقاقل مصری' گاؤزباں سورنجاں شیریں۔ اندرجو شیریں۔ بادیاں خطائی۔ چائے خطائی۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ عودغرقی۔ گل سرخ۔ بادرنجبویہ۔ پرسیاوشاں۔ پودینہ جنطیانہ۔ خولنجاں۔ تخم خربزہ۔ تخم گندر۔ تخم خطمی سفید۔ تخم خبازی۔ حبتہ الخضراء۔ حبتہ السمنہ۔ جب القرطم۔ حب القطن۔ سپستان۔ ماہی

روبیاں ہر ایک آٹھ تولے۔ چوب چینی۔ انجیرزرد۔ مویز منقیٰ۔ کشمش ہر ایک چونتیس تولے۔ خار خسک مربیٰ۔ آب سیب شیریں۔ آب بہی شیریں۔ آب انار شیریں ہر ایک اڑسٹھ تولے۔ نبات سفید دو سیر آٹھ چھٹانک چار تولے۔ برگ ریحان تازہ نصف سیر۔ عناب ولایتی سو عدد۔ مشک زعفران اور عنبر کے سوا باقی دواؤں کو کوٹ کر گوشت میں ڈال دیں اور میوؤں کا پانی اضافہ کر کے ایک دن رات رہنے دیں۔ دوسرے روز گلاب۔ عرق بید مشک ہر ایک دو بوتل۔ عرق گاؤزبان۔ عرق خیار شنبو ہر ایک تین سیر۔ آب گذر تازہ۔ آب نشکو تازہ ہر ایک بیس سیر شامل کریں۔

اور عنبر مشک اور زعفران کی پوٹلی نیچے کے منہ میں رکھ کر پندرہ سیر عرق کھینچیں۔ اس کو علیحدہ رکھ کر پھر اتنا ہی عرق کھینچیں۔

پہلا عرق قسم اول اور دوسرا قسم دوم ہے خوراک 5 تولے 2 تولے مصری کے ساتھ۔

1- اگر حلوان شیر مست میسر نہ آئے تو اس کی جگہ گوشت بز ہموزن استعمال کریں اور یہی خاندان شریفی کا معمول ہے۔

2- یہ ماء اللحم سرد امراض کے لئے بہت مفید ہے۔ علی الخصوص وجع مفاصل اور نزلے میں نہایت نفع بخشتا ہے۔ تحلیل ریاح میں بھی کار آمد ہے اور جسم کو عام توانائی اور طاقت بھی بخشتا ہے۔

17- مقوی باہ۔ ممسک مفرح (عرق ماء اللحم خاص)

سنبل الطیب۔ ساذج ہندی۔ بہمن سفید۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ قرنفل۔ عود خام۔ دار چینی۔ پوست ترنج۔ گاؤزبان۔ بوزیدان۔ اشنہ۔ صندل سفید۔ بادرنجبویہ۔ تخم فرنجمشک۔ گل گاؤزبان۔ کشنیز خشک۔ زرنباد۔ بادیان۔ درونج۔ مصطگی سعد کوفی۔ ہر ایک 4 تولہ۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ گل سرخ ابریشم مقرض ہر ایک 9 تولے۔ قضیب گاؤ 3 تولے۔ گوشت حلوان 24 سیر۔ بٹیر 24 عدد عرق بید مشک 6 سیر۔ عرق گاؤزبان 9 سیر۔ انگور۔ سیب۔ بہی۔ ریگ ماہی۔ ماہی روبیاں ہر ایک 3 سیر۔ جھینگا مچھلی 6 سیر۔ عنبر۔ مشک ہر ایک سوا 2 تولہ۔ چوزہ مرغ 14 عدد۔ سانڈ 10 عدد۔ سب طرح کے گوشت کی یخنی پکا کر ماء اللحم جدید کی طرح 80 بوتلیں کھینچیں۔ خوراک ایک چھٹانک مصری کے ساتھ۔

18- مقوی باہ (معجون ریگ ماہی)

سقنقور 4 تولے۔ سوا دو ماشے۔ تخم شلغم۔ تخم اسپست۔ تخم گذر۔ تخم شلغم بری۔ تخم پیاز سفید۔ تخم انجرہ۔ تخم جزجر ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ فلفل سیاہ۔ فلفل سفید۔ دراز فلفل ہر ایک ایک تولہ 9 ماشہ (پیاز) عنصل منوی ایک تولہ دو ماشے۔ مغز چلغوزہ 7

تولے۔ عقرقرحا۔ مغز سرکنجشک۔ اندر جوشیریں ہر ایک ایک تولہ 9 ماشے۔ سب کو کوٹ چھان کر 5 چھٹانک گھی میں بھون لیں اور 10 چھٹانک شہد میں معجون بنائیں۔ خوراک ڈیڑھ ماشہ۔

19- مقوی۔ مبہی۔ ملذذ۔ ممسک (فلک سیر)

مغز بادام شیریں۔ مغز فندق۔ مغز چلغوزہ۔ مغز گردگاں۔ افیون۔ بھنگ۔ مغز تخم کدو شیریں۔ مغز کاہو۔ ہر ایک 6 ماشہ۔ جوزبوا۔ بسباسہ ہر ایک 4 تولے۔ مشک عنبر ہر ایک 6 سرخ شہد 30 تولے حسب معمول معجون بنائیں۔

20- مقوی باہ و اعضائے رئیسہ و مولد منی (معجون مروح الارواح)

یاقوت رومانی۔ یاقوت کبود۔ لعل بدخشانی۔ فیروزہ زبرجد۔ بسد زرد۔ کہربا۔ یشب۔ عقیق یمنی ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ راسن۔ دار چینی۔ سورنجاں۔ آملہ۔ عقرقرحا۔ لسان العصافیر۔ بوزیدان۔ لعبد بربری۔ قسط شیریں۔ قسط تلخ۔ دار فلفل۔ مدحرج۔ ناردین۔ درونج عقربی۔ زرنباد۔ سعد۔ سنبل الطیب۔ قرنفل۔ دانہ ہیل۔ بیخ بابونہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ سیاہ ہر ایک 9 ماشہ۔ بسباسہ۔ جوزبوا۔ اشنہ۔ گاؤزبان۔ بالنگو۔ کبابہ۔ کشنیز۔ اسارون۔ شقاقل۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ انجدان۔ ورق نقرہ۔ ورق طلاء ہر ایک ایک تولہ 6 ماشے۔ صمغ عربی۔ دو شاب خرما۔ کتیرا ہر ایک 2 تولے 3 ماشے۔ مصطگی، دخ کورانحل۔ جدوار۔ فاذزہر حیوانی۔ گل مختوم۔ روغن بلسان ہر ایک 2 تولہ ساڑھے سات ماشے۔ خبث الحدید مدبر۔ زعفران۔ ابریشم مقرض۔ جند بید ستر۔ مرادرید کندر ہر ایک 3 تولے۔ راتیانج۔ ریگ ماہی۔ سقنقور۔ سمک صیدا۔ مغز سرکنجشک۔ خصیہ مرغان۔ سرطان بحری۔ بیضہ سنگ پشت۔ عاج سوہان کردہ۔ کعب بقر سوختہ۔ اذخر۔ مشک۔ عنبر اشہب۔ میعہ سائلہ۔ روغن عود ہر ایک 3 تولے 9 ماشے۔ قرص اسقیل 4 تولے ڈیڑھ ماشہ۔ مومیائی۔ جوزماثل ہر ایک ساڑھے تین تولے۔ مایہ شتر اعرابی۔ خصیتہ الثعلب۔ چوب چینی ہر ایک 5 تولے ساڑھے سات ماشہ۔ توودری سرخ۔ توودری زرد۔ کرویہ۔ رازیانہ۔ انیسوں۔ حلبہ۔ سیاہ دانہ۔ تخم کرفس۔ تخم اسپست۔ تخم جرجیر۔ تخم بلبون۔ تخم انجرہ۔ تخم گندنا۔ تخم شلغم۔ تخم پیاز۔ تخم چقندر۔ تخم شبت۔ تخم گزر۔ تخم ترب۔ تخم پیندان سفید۔ تخم خشخاش ہر ایک 11 تولے 3 ماشے۔ قرص افعی 15 تولے۔ منشط اکبر 18 تولے 9 ماشے۔ بھنگرہ اٹیس۔ فلفل سیاہ۔ زنجبیل۔ نمک ہندی۔ کبریت۔ افیون ہر ایک ساڑھے دس ماشہ۔ نیولے کا گوشت ایک تولہ 2 ماشہ۔ مغز خیارین۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم خربوزہ۔ مغز تخم ہندو دانہ۔ مغز نارجیل۔ مغز چلغوزہ۔ مغز انجکک۔ مغز بادام شیریں۔ مغز بادام تلخ۔ مغز فندق۔ مغز پستہ۔ چار

مغز- حب قلقل مقشر- حب الزلم- مغز حب القطن- مغز حب البان- مغز حب السمنہ- حب صنوبر صغار- بزرالبنج- مرکی اریسا- اسطوخودوس- ریوند چینی- سنا مکی- غاریقون- لاجورد مغسول ہر ایک ایک تولہ ساڑھے پانچ ماشہ- عسل مصفی- نبات سفید ہر ایک ہم وزن- ادویہ شیرہ گذر- دو وزن ادویہ- آب امرود- گلاب- عرق بہار' عرق بید مشک ہر ایک ایک سیر ساڑھے چھ چھٹانک- شراب انگوری 12 سیر 1 چھٹانک-

کوٹنے کی دوائیں کوٹ کر تین رات دن شراب انگوری میں بھگو دیں چوتھے روز بقیہ اجزاء ملا کر معجون بنائیں- خوراک نصف ماشہ ہمراہ عرق عنبر 5 تولہ یا شیر گاؤ پاؤ سیر-

21- مقوی- ممسک- مفرح- ملذذ (معجون مقوی ممسک)

مشک خاص ساڑھے سات سرخ- عنبر اشہب ساڑھے چار ماشہ- دار چینی- مصطگی- جوزبوا- سنبل الطیب- عود خام- بزرالبنج- سفید کبابہ- زعفران- ورق الخیال- ہر ایک 9 ماشہ- مایہ شترا عرابی ڈیڑھ تولہ- پوست خشخاش ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ- شاہ بلوط ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ- حب النیل سفید 400 عدد- نبات سفید 11 تولے 3 ماشہ- شہد سہ چند ادویہ- حب النیل کو ایک رات دن روغن بادام میں تر کر کے محفوظ رکھیں- پھر تمام دواؤں کو کوٹ چھان شہد اور نبات کے قوام میں معجون بنائیں-

خوراک نصف ماشہ ہمراہ شیر گاؤ-

○ کشتہ جات

1- جریان و سیلان رطوبت- ضعف- سعال بلغمی

کشتہ ابرک سیاہ: ابرک سیاہ 10 تولے کو پہلے محلول کر لیں یعنی اس کو خوب کوٹ کر نہایت باریک کریں اور پھر اسے کسی موٹے کپڑے کی تھیلی میں ڈالیں اور کھجور کی گٹھلیاں یا کوڑیاں یا سنگریزے اس میں ڈال کر تھیلی کا منہ بند کر دیں' اور ایک برتن میں گرم پانی ڈال کر اس میں وہ تھیلی دونوں ہاتھوں سے خوب ملیں- اس طرح ابرک کے ذرات پانی میں آجائیں گے- جب وہ تہ نشین ہو جائیں تو پانی کو آہستہ سے نتھار لیں اور ابرک کو خشک کر لیں-

اس ابرک کو 12 گھنٹہ تک آک کے دودھ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں اور مٹی کے کوزے میں نیچے اوپر آک کا پتہ رکھ کر گل حکمت کر کے دو سیر اپلوں کی آنچ دیں- اسی طرح سات مرتبہ شیر مدار میں کھرل کر کے آگ دیتے رہیں- بعد ازاں برگد کی ڈاڑھی کی کونپلوں کے شیرہ میں کھرل کر کے اسی طرح آنچیں دیں' لیکن اس دفعہ ہر مرتبہ آنچ کم کرتے رہیں- یہاں تک کہ آخری آنچ 3 پاؤ کی رہے' اس کے بعد ہموزن روغن گاؤ ملا کر

وہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب گھی جذب ہو جائے تو نکال کر محفوظ رکھیں۔ خوراک 2 چاول ہمراہ مسکہ۔

2- جریان۔ ضعف باہ۔ سرعت انزال۔ دمہ۔ سعال (کشتہ ابرک سفید

ابرک سفید کو پہلے خوب گرم کر کے اس پر پانی چھڑکیں۔ بعد ازاں ہاون دستہ میں خوب کوٹ کر باریک کریں۔ پھر لیموں کے عرق میں 12 گھنٹہ کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں اور مٹی کے پیالہ میں رکھ منہ بند کریں اور گل حکمت کر کے گجپٹ کی آنچ دیں' پھر نکال کر بھنگرے کے پانی میں اسی طرح کھرل کر کے گجپٹ کی آنچ دیں پھر اسی طرح دھتورے کے پانی میں کھرل کر کے آنچ دیں' اور یہ طریق اس وقت تک جاری رکھیں جب تک کہ اس میں چمک باقی رہے۔ اگر سو مرتبہ یہ عمل کیا جائے تو نہایت عمدہ کشتہ تیار ہوگا۔

خوراک ایک چاول۔

3- فالج۔ لقوہ۔ دمہ۔ کھانسی۔ (کشتہ ابرک)

ابرک سفید 5 تولہ کے نہایت باریک باریک ورق لے کر کوئلہ کی آگ پر سرخ کر کے دودھ میں بجھائیں۔ جب نرم ہو جائیں تو عرق گھیکوار میں خوب کھرل کریں اور خشک کر کے مٹی کے کوزہ میں رکھیں اور پھر حسب معمول گل حکمت کر کے دس سیر اپلوں کی آنچ دیں اگر اس میں کچھ خامی رہے تو اسی طرح دوبارہ آنچ دیں (کشتہ ابرک کے مکمل اور پختہ ہونے کی یہ شناخت ہے کہ اس میں چمک باقی نہ رہے)

خوراک 2 چاول ہمراہ شہد 2 تولے۔

4- جریان۔ کثرت احتلام۔ سرعت انزال۔ سلسل البول۔ ذیابیطس۔
(کشتہ بیضہ مرغ)

پوست بیضہ مرغ مصفی کو بارہ گھنٹہ آک کے دودھ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں اور خشک ہونے پر مٹی کے سکوروں میں رکھ کر گل حکمت کر کے 15 سیر جنگلی اپلوں کی آنچ دیں۔ بعد ازاں پھر یہی عمل کریں۔ نو مرتبہ کے بعد کشتہ تیار ہو جائے گا۔ (پوست بیضہ کے مصفی کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ اسے چونے اور نمک کے پانی میں اس قدر دھوئیں کہ اندرونی باریک جھلی دور ہو کر پوست صاف ہو جائے) خوراک ایک سرخ۔

5- سنگ گردہ و مثانہ (کشتہ حجر الیہود)

5 عدد بچھو کلاں کو کوٹ کر ان کا نغدہ بنائیں اور اس میں ایک تولہ حجر الیہود کو رکھ کر مٹی کے سکوروں میں بند کر دیں اور گل حکمت کر کے 5 سیر جنگلی اپلوں کی آنچ دیں۔ بعد ازاں نکال کر اور معہ خاکستر عقرب پیس کر رکھیں۔ خوراک 1 سرخ سے 2 سرخ تک۔

6- ضعف معدہ- جگر- استسقا- یرقان- نقص الدم (کشتہ خبث الحدید)

خبث الحدید کہنہ (جس قدر زیادہ پرانا ہو بہتر ہے) آگ میں سرخ کر کے چند بار گائے کے پیشاب میں بجھائیں- جب وہ ریزہ ریزہ ہو جائے تو پیس کر آک کے دودھ میں 7' 8 گھنٹہ کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر مٹی کے برتن میں گل حکمت کر کے گجھٹ کی آنچ دیں- اسی طرح 20 مرتبہ کھرل کر کے آگ دیتے رہیں- اس کے بعد گھیکوار میں سحق کر کے آنچ دیں کہ وہ پانی میں ڈالنے سے اوپر تیرنے لگے- خوراک ایک سرخ ہمراہ مسکہ-

7- ضعف قلب و گردہ- ذیابیطس- کثرت بول (کشتہ زمرد)

زمرد کو عرق گلاب میں کھرل کر کے خوب باریک کر لیں اور گھیکوار کی لگدی یا سکورہ گلی کے اندر رکھ کر 10 سیر اپلوں کی آنچ دیں- آگ سرد ہونے پر کشتہ تیار بر آمد ہوگا- خوراک 2 چاول-

8- ضعف باہ- جریان- سوزاک- سعال (کشتہ سرب)

سیسہ کو باریک سوہان کر کے آب گل عباسی میں خوب کھرل کریں اور جب خشک ہو جائے تو آب کوکنار میں دوپہر تک کھرل کر کے کوزہ گلی میں گل حکمت کریں اور 5 سیر اپلوں کی آگ میں پھونکیں اس کے بعد 5 تولہ شیر مدار میں کھرل کر کے بدستور 3 سیر اپلوں کی آنچ دیں- اور پھر اسی طرح لعاب گھیکوار میں کھرل کر کے آگ دیں- عمدہ کشتہ تیار ہوگا- خوراک ایک سرخ-

9- مقوی باہ- اعضائے رئیسہ- مغلظ- ممسک (کشتہ طلاء)

برادہ طلا ایک تولہ کو آب بن تلسی میں اس قدر کھرل کریں کہ پاؤ بھر پانی جذب ہو جائے- بعد ازاں قرص بنا کر دو سکوروں میں رکھ کر گل حکمت کریں اور سات سیر جنگلی اپلوں کی آنچ دیں- کشتہ تیار بر آمد ہوگا- خوراک 2 چاول ہمراہ بالائی-

دیگر

خالص برادہ طلا 3 ماشہ کو آب بیخ گل عباسی- عرق گلاب دو آتشہ- آب پوست- بیخ کچنال- آب پوست نیم آب برگ تلسی ہر ایک آدھ پاؤ میں یکے بعد دیگرے کھرل کر کے غلولہ بنائیں اور مٹی کے کوزوں میں رکھ کر گل حکمت کر کے 12 سیر جنگلی اپلوں میں گڑھے کی آنچ دیں- یہ احتیاط رہے کہ گڑھے کا مقام ہوا سے محفوظ ہو اور کوزوں کو بالکل وسط میں رکھا جائے- خوراک 2 چاول-

10- سل (کشتہ عقیق)

عقیق سرخ 2 تولہ کو ڈیڑھ پاؤ برگ مغیلاں کے نغدہ میں گل حکمت کر کے دس سیر اپلوں کی آنچ دیں۔

دیگر: عقیق سرخ کی ڈلی 2 تولہ لے کر پودینہ کی لگدی میں رکھیں اور مٹی کے برتن میں گل حکمت کے 10 سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ کشتہ تیار برآمد ہوگا۔ خوراک 2 سرخ ہمراہ مفرح بارد 5 ماشہ۔

11- مقوی معدہ و جگر- مبہی- مشتہی (کشتہ فولاد)

برادہ فولاد (جوہر دار) کو 3 روز تک کاغذی لیموں کے عرق میں کھرل کریں اور قرص بنا کر ایک موٹی مولی میں سوراخ کر کے وہ قرص اس میں رکھیں اور مولی کے اجزاء سے اس کا سوراخ بند کر کے گل حکمت کریں اور پندرہ سیر اپلوں کی آنچ دیں بعد ازاں نکال کر تین گنا آب لیموں میں پھر کھرل کر کے اسی طرح مولی میں رکھ کر آگ دیں۔ اسی طرح کم از کم چالیس مرتبہ کریں۔ اگر زیادہ بار کریں تو اور بھی بہتر ہوگا۔ خوراک ایک سرخ دانہ الائچی خورد کے ہمراہ مکھن میں کھائیں۔

12- مقوی باہ و معدہ و جگر و قلب (کشتہ فولاد سرد)

6 تولہ برادہ فولاد (جواہر دار) کو عرق ممنی جامن میں اس قدر کھرل کریں کہ سوا دو سیر عرق جذب ہو جائے بس کشتہ تیار ہے۔ خوراک دو' تین چاول ہمراہ جوارش جالینوس 7 ماشہ۔

13- جریان- سرعت انزال- کثرت احتلام- رقت- درد سینہ- کھانسی- سل- دق- (کشتہ قرن الایل)

قرن الایل (بارہ سنگے کا سینگ) کا برادہ کر کے آک کے اتنے دودھ میں بھگوئیں کہ دودھ ایک انگشت اوپر رہے جب خشک ہو جائے پھر اتنا ہی دودھ ڈال کر خشک کریں۔ تین مرتبہ اسی طرح کر کے خشک کر لینے کے بعد ایک مٹی کے کوزے میں رکھ کر گل حکمت کر کے 5 سیر جنگلی اپلوں کی آگ دیں۔ پھر نکال کر بدستور سابق آک کے دودھ میں تر خشک کر کے آگ دیں۔ سات مرتبہ یہ عمل کریں۔ کشتہ تیار ہو جائے گا۔ خوراک 3'2 چاول ہمراہ جوارش جالینوس 7 ماشہ۔

دیگر: اجوائن دیسی پیس کر شہد میں ملا کر سینگ پر لیپ کر کے 10 سیر اپلوں کی آنچ دیں۔

کشتہ تیار برآمد ہو گا۔ خوراک 2'3 چاول۔

14- سرعت انزال۔ رقت۔ کثرت احتلام۔ جریان۔ (کشتہ قلعی)

قلعی کے پترے کو قینچی سے کتر کر چاول کے برابر ٹکڑے کر لیں اور ایک بڑا سا اپلا لے کر چھٹانک بھر بھنگ اس پر رکھیں اور اس پر وہ چاول پھیلا دیں پھر 10 سیر اپلوں میں رکھ کر گڑھے میں آنچ دیں اور سرد ہونے پر احتیاط سے نکال کر پیس چھان کر محفوظ رکھیں۔ خوراک 2'3 چاول ہمراہ معجون آرد خرما ایک تولہ۔

دیگر: قلعی کو پگھلا کر سرکہ دہی ترش۔ دودھ آک میں ترتیب وار سات بجھاؤ دے کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر لیں۔ پھر املی کی چھال اور پیپل کی چھال ہر ایک ایک سیر کو علیحدہ علیحدہ کوٹ لیں اور ہلدی بمقدار سولہ تولہ کو علیحدہ پیس لیں۔ ایک ٹاٹ پر نصف چھال املی کی بچھائیں۔ اس کے اوپر نصف چھال پیپل کی اور اس پر نصف ہلدی پھیلا کر قلعی کے ٹکڑے اس پر بچھا دیں اور بقیہ نصف نصف دوائیں ترتیب وار بچھا کر ٹاٹ کو اچھی طرح لپیٹ کر 5 سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال محفوظ رکھیں۔

15- ضیق النفس۔ سعال۔ (کشتہ گودنتی خاص)

گودنتی ہڑتال کو کسی مٹی کے پیالہ میں رکھیں۔ (جس میں پانی نہ ڈالا گیا ہو) اس پر آک کا دودھ ڈال کر 10 روز تک تر رکھیں۔ بعد ازاں عرق گھیکوار میں 14 روز تر رکھیں۔ اور پھر گل حکمت کر کے ایک چوکور گڑھے میں 25 سیر جنگلی اپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار برآمد ہو گا۔ خوراک 2 چاول۔

16- بخار۔ دمہ۔ استسقا (کشتہ گودنتی)

مٹی کے ایک آبخورہ میں ڈیڑھ تولہ نکچھکنی پہلے رکھ کر اس پر گودنتی ایک تولہ رکھیں اور ڈیڑھ تولہ نکچھکنی اور ڈال کر اوپر سے ایک چھٹانک عرق لیموں تازہ ڈال دیں اور گل حکمت کر کے ایک بڑا گڑھا کھود کر 10 سیر اپلے اس میں ڈالیں اور بعد ازاں سکورہ گلی کو اس پر رکھ کر 12 سیر اپلے اور دائیں بائیں اوپر بچھا دیں۔ اور شب کے وقت آگ دے کر صبح برآمد کر لیں۔ کشتہ تیار ہو گا۔ خوراک 2'3 چاول۔

17- سرعت انزال۔ رقت۔ جریان۔ ضعف باہ (کشتہ مثلث)

پہلے خشخاش کا پوست بیس تولہ پیس کر سفوف بنائیں۔ پھر قلعی جست اور سیسہ ہر ایک ایک تولہ کو کسی لوہے کے برتن میں رکھ کر کوئلوں کی آگ پر رکھیں۔ جب وہ پگھل جائیں تو گائے کے گھی میں بجھا دیں۔ اسی طرح سات بجھاؤ دینے کے بعد علیحدہ کڑچھے میں

ڈال کر پگھلائیں اور اس پر سفوف مذکور تھوڑا تھوڑا ڈال کر لوہے کی سیخ سے چلاتے رہیں۔ جب سفوف ختم ہو جائے تو پھر اس راکھ کو کھٹے دہی میں چار گھنٹہ کھرل کر کے قرص بنا کر سبوچہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کریں۔ اور پندرہ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ بعد ازاں پھر کھرل کر کے اس طرح پانچ آنچیں دیں۔ خوراک 4'6 چاول ہمراہ مسکہ۔

18- جریان۔ رقت۔ سرعت۔ نزلہ۔ زکام۔ کھانسی۔ نفث الدم۔ ضعف دماغ۔ (کشتہ مرجان)

مٹی کے آبخورہ میں مرجان کی شاخیں ڈال کر اوپر سے عرق گھیکوار اتنا ڈالیں کہ مرجان چھپ جائے پھر گل حکمت کر کے 20 سیر جنگلی اپلوں کی آنچ دیں' بعد ازاں عرق گلاب میں 12 گھنٹہ کھرل کر کے اسی طرح آنچ دیں۔ کشتہ تیار ہو

دیگر

جریان۔ سرعت۔ ضعف دماغ۔ کھانسی۔ دمہ : (کشتہ مرجان) 5 تولہ شاخ مرجان 10 تولہ باریک مصری کے کال استرو لحاف کے ساتھ کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے 12 سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ خوراک 3 چاول۔

19- جریان۔ ضعف دماغ۔ نزلہ۔ زکام۔ کھانسی۔ نسیان۔ درد سر۔ (کشتہ مرجان جواہر والا)

مرجان ایک تولہ۔ یاقوت تین ماشہ۔ عنبر ایک ماشہ۔ ورق نقرہ 3 ماشہ۔ ورق طلاء ایک ماشہ۔ زمرد 5 ماشہ۔ عرق کیوڑہ میں خوب کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر گل حکمت کر کے 10 سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ خوراک 2 چاول۔ ہمراہ خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ۔

20- وحشت۔ خفقان۔ ضعف قلب۔ ضعف دماغ اور ضعف معدہ و جگر (کشتہ مروارید)

مروارید ناسفتہ تولہ بھر لے کر گائے کے دودھ میں 12 گھنٹہ خوب کھرل کر کے قرص بنائیں بعد ازاں گاؤزبان کے پھول 10 تولے کر اس کا نغدہ بنائیں اور یہ قرص اس میں رکھ کر اچھی طرح گل حکمت کر کے 7 سیر جنگلی اپلوں کی آگ میں پھونک دیں۔ تین مرتبہ اسی طرح کریں۔ کشتہ تیار ہو جائے گا۔ خوراک ایک برنج ہمراہ خمیرہ گاؤزبان ایک تولہ۔

21- ضعف معدہ و اعضائے رئیسہ و باہ- جریان- احتلام- (کشتہ نقرہ) چاندی کا برادہ یا ورق لے کر آک کے دودھ میں 3 گھنٹہ تک خوب کھرل کر کے قرص بنائیں- بعد ازاں آک کی نرم کونپلیں ایک چھٹانک لے کر اور اس کے نغدے میں قرص رکھ کر گل حکمت کر کے 5 سیر اپلوں کی آنچ دیں- پھر نکال کر اسی طرح کھرل کر کے آنچ دیں- کشتہ تیار ہو جائے گا- خوراک 2 چاول-

دیگر: ایک روپیہ جبل پوری لے کر آگ پر خوب گرم کر کے جنگلی سونف کے عرق میں سات بجھاؤ دیں- بعد ازاں نمک چرچند 6 تولہ کا لحاف و استر کر کے سیوچہ گلی میں گل حکمت کریں اور 10 سیر جنگلی اپلوں کی آنچ دیں- اسی طرح تین مرتبہ آنچیں دیں اگر پھر بھی خامی رہ جائے تو ایک دو مرتبہ اور آنچ دیں- بعد ازاں جنگلی سونف کے عرق میں خوب کھرل کریں اور مٹی کے پیالوں میں گل حکمت کر کے پھونک لیں- گلابی رنگ کا کشتہ تیار ہو گا-

22- ضعف اعضائے رئیسہ- خفقان- جنون و صرع (کشتہ یاقوت جواہر والا)

یاقوت سرخ 6 ماشہ- بسد- مرجان ہر ایک 3 ماشہ- مرادرید ناسفتہ- ورق طلاء ہر ایک ڈیڑھ ماشہ- سنگ سماق کے کھرل میں ایک ہفتہ تک گلاب کے ہمراہ خوب کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں اگر آگ میں کشتہ کرنا مقصود ہو تو شراب برانڈی اور گلاب میں کھرل کر کے قرص بنالیں اور 20 سیر اپلوں کی آنچ دیں- اسی طرح دس بار کھرل کر کے پھونکیں- عمدہ کشتہ تیار ہو گا- خوراک ایک سرخ ہمراہ مسکہ گاؤ-

مجربات قلب

1- مقوی اعضائے رئیسہ- دافع اختلاج و صرع (جواہر مہرہ)

زہر مہرہ خطائی- پونے دو تولہ- مروارید- بسد- کہربا- لاجورد مغسول- یاقوت سرخ- یاقوت کبود- یاقوت اصفر- یشب سبز- زمرد- عقیق سرخ- ورق نقرہ- مصطگی ہر ایک 7 ماشہ- ورق طلاء- جدوار خطائی- نارجیل دریائی- مشک مومیائی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ- عرق گلاب میں دو ہفتے کھرل کریں- خوراک 2 چاول خمیرہ گاؤزبان 5 ماشہ- عنبری جواہر دار یا دواء المسک معتدل جواہر والی 3 ماشہ میں ملا کر دیں-

2- تقویت اعضائے رئیسہ- اعادہ قوت (حب جواہر مہرہ)

یاقوت احمر- نیلم- پکھراج زرد- مروارید ناسفتہ- زمرد سبز- بسد- یشب سبز- عقیق یمنی- عقیق احمر- لاجورد مغسول- فادزہر معدنی- مصطگی رومی- ورق نقرہ ہر ایک ایک ماشہ- ورق طلاء- نارجیل دریائی- جدوار- مومیائی ہر ایک ڈیڑھ ماشہ- عرق گلاب-عرق بید- مشک اور عرق کیوڑہ میں دو ہفتے کھرل کر کے موٹھ کے برابر گولیاں بنائیں- عندالضرورت ایک گولی معجون جالینوس لولوی 4 ماشہ- دواء المسک جواہر والی 3 ماشہ یا خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ کے ساتھ کھائیں-

3- تقویت اعضائے رئیسہ- ضعف و نقاہت مرض (حب جواہر)

مومیائی اصلی 3 ماشہ- مروارید ڈیڑھ ماشہ- یاقوت- زمرد- کہربا- مرجان- کشتہ طلا کلاں- کشتہ طلاء خورد- کشتہ بیضہ مرغ ہر ایک 2 ماشہ- کشتہ مروارید 1 ماشہ-مایہ شتراعرابی 3 ماشہ- عنبراشہب 1 ماشہ- فاد زہر حیوانی 3 ماشہ- مشک خالص- جوزبوا- بسباسہ- دار چینی- زعفران ہر ایک 2 ماشہ- گلاب و عرق کیوڑہ میں کئی روز کھرل کر کے حب بقدر نخود بنائیں خوراک ایک تولہ خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ- دواء المسک سوا تین ماشہ یا معجون جالینوس لولوی 4 ماشہ کے ساتھ-

4- دافع ضعف قلب و سوء مزاج- حار و خفقان حار (خمیرہ صندل ترش ورق طلاء والا)

صندل سفید 9 تولے- کشنیز خشک ڈیڑھ تولہ- سرکہ خالص 3 تولے- عرق بید مشک 37 تولے- گلاب 37 تولے- طباشیر 3 تولے- مروارید ساڑھے تین ماشہ- یشب سبز ساڑھے تین ماشہ- زعفران ساڑھے تین ماشہ- کافور سوا دو ماشہ- ورق طلاء پونے دو ماشہ- ورق نقرہ پونے دو ماشہ- قند سفید ایک سیر- بطریق معروف خمیرہ تیار کریں-

5- مفرح- مسکن- دافع خفقان (عرق بہار)

گل ترتازہ 5 سیر- گلاب 1 سیر- بادیان 15 تولہ- مویز منقی 15 تولے- کشمش 15 تولے- عود گولہ- زرنب 1 تولہ- بہمن سرخ 1 تولہ- بہمن سفید ایک تولہ- شقاقل 1 تولہ- عنبر پونے دو ماشہ- پندرہ سیرپانی میں رات کو بھگو کر صبح کو پانچ سیر عرق کھینچیں خوراک 10 تولہ-

اضافہ : اس نسخہ میں کبھی برگ پان 100 عدد- الائچی 14 ماشہ- دار چینی 14 ماشہ اور قرنفل 14 ماشہ کا اضافہ کرتے ہیں

6- مقوی اعضائے رئیسہ- دافع غشی- (عرق عنبر)

مصطگی 9 ماشہ- برگ ریحان تازہ- سعد کوفی- کشنیز خشک- گل گاؤزبان- انیسوں- درونج عقربی- پوست بیرون پستہ- زرنباد- عود غرقی- کباب چینی' اشنتہ سنبل الطیب- بہمن سرخ- بہمن سفید- شقاقل- دار چینی- ساذج ہندی- قرنفل- بوزیدان- گل سرخ- طباشیر- الائچی خورد- الائچی کلاں- علف ہندی- پوست اترج- ابریشم مقرض- صندل سفید ہر ایک ساڑھے بائیس ماشہ- آب سیب- نصف سیر- آب انار ترش ایک سیر- عرق گاؤزبان- عرق بید مشک- عرق بادرنجبویہ ہر ایک ڈھائی سیر- گلاب 5 سیر- دوائیں کوٹ کر رات کو عرق میں بھگوئیں- صبح آب سیب آب انار ترش ایک ایک سیر اضافہ کریں اور زعفران 9 ماشہ- مشک ڈھائی ماشہ- عنبر 3 ماشہ- پوٹلی میں باندھ کر نیچے کے منہ میں رکھیں اور 25 بوتل عرق کھینچیں- خوراک 7 تولے-

7- مقوی قلب و معدہ- دافع خفقان و غشی (مجون طلاء)

عنبر اشہب- مشک خالص- مروارید- یاقوت- زمرد ہر ایک 4 ماشہ- ورق طلا ایک تولہ 1. ماشہ- شہد خالص 7. تولہ- آب سیب شیریں- آب انار شیریں- مصری ہر ایک 10 تولے- گلاب 20 تولے- عرق بیدن مشک- عرق گاؤزبان ہر ایک 40 تولے بطریق معروف معجون بنائیں- خوراک 3 ماشہ-

8- مقوی دل و دماغ و باہ- دافع خفقان و وحشت (معجون نقرہ)

مشک خالص عنبر' کہربا- بسد- یشب- مروارید- طباشیر ہر ایک 6 ماشہ- ابریشم مقرض ایک تولہ- ورق نقرہ 6 تولہ- آب سیب ولایتی 10 تولے- مصری 20 تولہ- گلاب 40 تولے- بیضہ مرغ 4 عدد- جواہر کو گلاب میں کھرل کریں اور ابریشم کو خوب باریک کر کے کپڑے میں چھان لیں پھر آب سیب- مصری اور گلاب کا قوام تیار کر کے پہلے عنبر پھر ورق نقرہ پھر جواہر مشک اور ابریشم ڈالیں اور سب سے آخر میں سفیدی بیضہ مرغ ملائیں خوراک 5 ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان 12 تولے-

9- مقوی قلب و قوائے دافع خفقان و تخیلات فاسدہ (مفرح دل کشا)

عنبر- درونج عقربی- ورق نقرہ ہر ایک سوا دو ماشہ- لعل بدخشاں- عود قماری خام یاقوت رمانی- یاقوت زمرد ہر ایک 4 ماشہ- زرنباد- کافور قیصوری- ہر ایک پونے دو ماشہ- یشب- قرنفل- کباب چینی- بہمن سرخ- دار چینی- ساذج ہندی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ بسد سوا چار ماشہ بہمن سفید- کشنیز خشک مقشر گل ارمنی مغسول- طباشیر سفید ہر ایک پانچ ماشہ مروارید- تخم بادرنجبویہ- پوست زرد اترج- پوست بیرون پستہ- صندل سرخ- صندل.

6- مقوی اعضائے رئیسہ- دافع غشی- (عرق عنبر)

مصطگی 9 ماشہ- برگ ریحان تازہ- سعد کوفی- کشنیز خشک- گل گاؤزبان- انیسوں- درونج عقربی- پوست بیرون پستہ- زرنباد- عود غرقی- کباب چینی' اشنتہ سنبل الطیب- بہمن سرخ- بہمن سفید- شقاقل- دار چینی- ساذج ہندی- قرنفل- بوزیدان- گل سرخ- طباشیر- الائچی خورد- الائچی کلاں- علف ہندی- پوست اترج- ابریشم مقرض- صندل سفید ہر ایک ساڑھے بائیس ماشہ- آب سیب- نصف سیر- آب انار ترش ایک سیر- عرق گاؤزبان- عرق بید مشک- عرق بادرنجبویہ ہر ایک ڈھائی سیر- گلاب 5 سیر- دوائیں کوٹ کر رات کو عرق میں بھگوئیں- صبح آب سیب آب انار ترش ایک ایک سیر اضافہ کریں اور زعفران 9 ماشہ- مشک ڈھائی ماشہ- عنبر 3 ماشہ- پوٹلی میں باندھ کر نیچے کے منہ میں رکھیں اور 25 بوتل عرق کھینچیں- خوراک 7 تولے-

7- مقوی قلب و معدہ- دافع خفقان و غشی (مجون طلاء)

عنبر اشہب- مشک خالص- مروارید- یاقوت- زمرد ہر ایک 4 ماشہ- ورق طلا ایک تولہ 1. ماشہ- شہد خالص 7. تولہ- آب سیب شیریں- آب انار شیریں- مصری ہر ایک 10 تولے- گلاب 20 تولے- عرق بیدن مشک- عرق گاؤزبان ہر ایک 40 تولے بطریق معروف معجون بنائیں- خوراک 3 ماشہ-

8- مقوی دل و دماغ و باہ- دافع خفقان و وحشت (معجون نقرہ)

مشک خالص عنبر' کہربا- بسد- یشب- مروارید- طباشیر ہر ایک 6 ماشہ- ابریشم مقرض ایک تولہ- ورق نقرہ 6 تولہ- آب سیب ولایتی 10 تولے- مصری 20 تولہ- گلاب 40 تولے- بیضہ مرغ 4 عدد- جواہر کو گلاب میں کھرل کریں اور ابریشم کو خوب باریک کر کے کپڑے میں چھان لیں پھر آب سیب- مصری اور گلاب کا قوام تیار کر کے پہلے عنبر پھر ورق نقرہ پھر جواہر مشک اور ابریشم ڈالیں اور سب سے آخر میں سفیدی بیضہ مرغ ملائیں خوراک 5 ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان 12 تولے-

9- مقوی قلب و قوائے دافع خفقان و تخیلات فاسدہ (مفرح دل کشا)

عنبر- درونج عقربی- ورق نقرہ ہر ایک سوا دو ماشہ- لعل بدخشاں- عود قماری خام یاقوت رمانی- یاقوت زمرد ہر ایک 4 ماشہ- زرنباد- کافور قیصوری- ہر ایک پونے دو ماشہ- یشب- قرنفل- کباب چینی- بہمن سرخ- دار چینی- ساذج ہندی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ بسد سوا چار ماشہ بہمن سفید- کشنیز خشک مقشر گل ارمنی مغسول- طباشیر سفید ہر ایک پانچ ماشہ مروارید- تخم بادرنجبویہ- پوست زرد اترج- پوست بیرون پستہ- صندل سرخ- صندل-

سفید- گل سرخ- تخم فرنجمشک- ہر ایک ڈیڑھ ماشہ گل گاؤزبان آملہ مقشر ہر ایک ایک تولہ ساڑھے پانچ ماشہ عصارہ زرشک 2 تولے 11 ماشے- زعفران پونے تین رتی مشک تبتی ساڑھے پانچ سرخ- شربت اترج 4 تولے- شربت سیب 15 تولے- شربت کاسنی ساڑھے پانچ تولے- بطریق مفرح بنائیں- خوراک 5 ماشہ ہمراہ عرق گزر 10 تولے مصری 1 تولہ-

مجربات چشم

1- دردو آشوب چشم و سرخی چشم (حب سرخ)

8 ماشہ- افیون 14 ماشہ- زنجبیل ساڑھے 3 ماشہ- صمغ عربی ساڑھے تین ماشہ آب کوکنار میں گولیاں بنائیں- عندالضرورت ایک گولی پانی میں گھس کر صبح دوپہر شام پپوٹوں پر نیم گرم لیپ کریں-

2- دردو امراض حارہ چشم (شیاف ابیض)

نشاستہ ڈھائی ماشہ- سفیدہ کاشغری ڈیڑھ ماشہ- صمغ عربی ڈیڑھ ماشہ- کتیرا ڈیڑھ ماشہ- لعاب اسبغول یا سفید بیضہ مرغ میں شیاف بنائیں-

عندالضرورت عرق گلاب میں گھس کر لگائیں-

3- سلاق- سبل- بیاض (شیاف احمر حاد)

شادنج عدسی مغسول پونے دو تولہ- صمغ عربی 1 تولہ ساڑھے پانچ ماشہ- زنگار پونے نو ماشہ- مس سوختہ 7 ماشہ- پھٹکڑی سوختہ 7 ماشہ- افیون پونے دو ماشہ- صبر سقوطری پونے دو ماشہ زعفران پونے چھ سرخ- مرکی پونے چھ سرخ کوٹ چھان کر شیاف بنائیں اور بوقت ضرورت گلاب میں گھس کر لگائیں-

4- سلاق- غلظ اجفان- رمد شدید (شیاف احمر ملین)

شادنج عدسی مغسول 2 تولے 11 ماشہ- مس سوختہ 2 تولے 4 ماشہ- بسد 1 تولہ 2 ماشہ- مروارید 1 تولہ 2 ماشہ- ساذج ہندی 1 تولہ 2 ماشہ- صمغ عربی 7 ماشہ- کتیرا 7 ماشہ- مرکی 7 ماشہ- دم الاخوین ساڑھے تین ماشہ- زعفران ساڑھے تین ماشہ صلایہ کر کے شیاف بنائیں بوقت استعمال گلاب میں پیس لیں-

5- کھجلی- ڈھلکہ- پھلی (شیاف اخضر)

زنگار مصفی 10 ماشہ- اقلیمائے فضہ 7 ماشہ- اشق 7 ماشہ- صمغ 7 ماشہ سفید اژزیر

7 ماشہ باریک کر کے آب شراب میں شیاف بنائیں اور عندالضرورت عرق گلاب میں حل کر کے استعمال کریں۔

6- خارش- ظفرہ- ابتدائی نزول الماء (شیاف روشنائی)

اقلیمائے نقرہ 7 ماشہ- اقلیمائے طلاء 7 ماشہ- مروارید 7 ماشہ- کافور پونے تین سرخ کھرل کر کے آب باراں کے سات شیاف بنائیں اور بوقت استعمال گلاب میں کھرل کریں۔

7- ضعف بصر (کحل الجواہر)

سرمہ اصفہانی- سنگ بصری (توتیائے ہندی) یاقوت لاجورد مغسول زعفران توبال- مس سوختہ ہر ایک 7 ماشہ- مارقشیشا- مرجان سرخ- دہنہ فرنگ- عقیق سرخ طلاء نقرہ- مامیران چینی- فلفل سفید- دار فلفل- اقلیما نقرہ روی- سوختہ ہر ایک 14 ماشہ- سرطان نہری- مروارید- ساذج ہندی ہر ایک ایک تولہ 9 ماشہ- تمام دواؤں کو عرق کیوڑہ میں کھرل کر کے کحل تیار کریں- بوقت ضرورت ایک سلائی شب کو سوتے وقت آنکھوں میں لگائیں۔

8- ضعف بصر- کھجلی- ناخنہ (کحل روشنائی)

فلفل دراز- صبر- سنبل الطیب- قرنفل- شادنج- توبال مس ہر ایک سوا تولہ- سونا مکھی- ساذج ہندی- بورہ ارمنی ہر ایک 14 ماشہ- فلفل سیاہ- فلفل سفید- سمندر جھاگ- ہر ایک ساڑھے دس ماشہ- زنجبیل- حب النیل ہر ایک 7 ماشے- زعفران- نوشادر ہر ایک ساڑھے تین ماشہ- تمام ادویہ کوٹ چھان کر سرمہ بنائیں اور صبح و شام سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔

مجربات صدر- ریہ- معدہ و امعا

1- دق و سل- اسہال (حب جواہر مولف)

صمغ عربی 3 ماشہ- گل ارمنی 9 ماشہ- زہر مہو 9 ماشہ- کافور قیصوری ساڑھے چار ماشہ- طباشیر ڈیڑھ تولہ- مروارید ڈیڑھ تولہ- صندل سفید ڈیڑھ تولہ- کشنیز خشک ڈیڑھ تولہ- مغز پنبہ دانہ 3 تولہ مغز کدو 3 تولہ- جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر بقدر مونگ گولیاں بنائیں اور ان پر چاندی کے ورق چڑھائیں- خوراک 2 ماشہ-

2- سل و دق و اسہال و نفث الدم (حب جواہر کافوری)

مروارید زمرد- یاقوت- زہر مہو- کہربا- لعل- یشب سفید- کافور قیصری ہر ایک

ساڑھے تین ماشہ- پوست بیخ انجبار- صندل سفید گل ارمنی ہر ایک سوا دو ماشہ' رب السوس صمغ عربی- کتیرا- نشاستہ- گل نیلوفر- سرطان محرق- طباشیر سفید- پوست خشخاش- تخم خشخاش سفید- گل گاؤزبان ہر ایک ساڑھے چار ماشہ- زعفران پونے چار سرخ- جواہرات کو گلاب میں کھرل کریں اور دوسری دواؤں کو کوٹ چھان لیں- پھر سب کو ملا کر لعاب بہیدانہ میں بقدر دانہ مونگ گولیاں بنائیں خوراک 2 ماشہ-

3- دق- خفقان (عرق ہرا بھرا)

صندل سفید- خس- صندل سرخ- ناگر موتھا- گلوئے سبز- شاہترہ- پوست نیب- گل نیلوفر- تخم کاسنی- بادیان- تخم کدو- نہتو بالا- کشنیز- تخم کاسنی- بیخ نشکو- بیخ جوانسہ- بیخ کاسنی- دھمایا- منڈی- اصل السوس- الائچی خورد کوکنار ہر ایک ایک تولہ- دس بوتل عرق کشید کریں- خوراک 6 تولہ-

فائدہ: یہ عرق سوزاک اور سوزش بول میں بھی مفید ہے-

4- ضیق النفس بلغمی- خفقان (معجون راح المومنین)

مشک سوا دو ماشہ- جوزبوا- کتیرا- بیخ وسن- آسا بخونی- ہر ایک ڈیڑھ تولہ گاؤزبان ثعلب- مصری ہر ایک ایک تولہ 10 ماشہ- تخم گذر- نارجیل- دار چینی- حب صنوبر- کبابہ ہر ایک پونے چار تولہ- شقاقل مصری ساڑھے سات تولے- تخم خشخاش پونے انیس تولے- شہد- آب سیب شیریں ہر ایک 37 تولے- آب زردک سوا چھپن تولے-

تخم خشخاش کو پیس کر اور پوست خشخاش کو پانی میں جوش دے کر شیرہ نکالیں پھر اس شیرہ کو جوشاندہ کے پانی اور شہد میں حل کر کے قوام بنائیں اور دوائیں کوٹ چھان کر ملا دیں- خوراک 5 ماشہ-

5- پیچش (حب پیچش)

کافور 1 تولہ- پوست ہلیلہ زرد 1 تولہ- مازو 1 تولہ- پوست آملہ 1 تولہ- زعفران 1 ماشہ کسی قدر برانڈی یا گلاب میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں- خوراک ایک گولی ہمراہ آب بوقت خواب-

6- فساد غذا- ہیضہ- اوجاع- لذع- (عرق عجیب)

ست اجوائن- ست پودینہ- کافور ہر ایک ایک تولہ شیشی میں بند کر کے دھوپ میں رکھیں- عرق تیار ہو جائے گا-

ہیضہ اور درد شکم میں 5 قطرے عرق بادیان کے ساتھ پلائیں- درزیا نیش زدگی میں

مقام ماؤف پر چند قطرے مالش کریں۔

7- ضعف معدہ و اعضائے رئیسہ- اسہال- سنگ رہنی (مالتی بسنت)

ورق طلا 1 ماشہ- مروارید ناسفتہ 2 ماشہ- شنگرف 3 ماشہ- مرچ سیاہ 4 ماشہ- سنگ بصری (کھپریا) 8 ماشہ- سب کو باریک کر کے گائے کے مکھن میں چرب کریں اور کچھ دیر گلاب اور عرق کیوڑہ میں پیسیں- پھر لیموں کاغذی میں کئی روز کھرل کریں اور خشک کر کے قرص بنالیں- خوراک نصف سے ایک سرخ تک ہے- اسہال- سنگرہنی اور ضعف معدہ میں ہمراہ معجون سنگدانہ مرغ 3 ماشہ اور تپ مزمنہ اور تپ دق میں سفوف ست گلو کے ساتھ استعمال کراتے ہیں-

مجربات جریان- سیلان- حمل و سوزاک و آتشک

1- جریان - (دوائی جریان خاص)

سیماب 6 ماشہ- قلعی 1 تولہ- میٹھا تیلیہ مدبر 3 ماشہ- مرچ سفید دکنی 2 تولے' قلعی کو پگھلا کر سیماب ملائیں اور کھرل کریں- پھر میٹھا تیلیہ ملا کر کھرل میں خوب پیسیں' آخر میں مرچ سفید ایک ایک دانہ ڈال کر اچھی طرح صلایہ کر لیں- خوراک 2' 3 چاول بالائی یا مکھن کے ساتھ-

2- جریان - (دواء سیاہ)

سیسہ 6 ماشہ- لوہے کی کڑاہی میں پگھلائیں اور سانجنے کی لکڑی سے چلاتے رہیں- اسی دوران میں تھوڑی سی کچی شکر چھڑک دیں- جب خاک ہو جائے نکال کر محفوظ رکھیں- خوراک 2 چاول مسکہ گاؤ کے ساتھ-

3- جریان- سیلان- رطوبت رحم (معجون کلاں)

گل سرخ- صندل سرخ- صندل سفید- قرنفل- درونج عقربی- مشک بہمن سرخ- بہمن سفید- زرنباد- آملہ مقشر گل ارمنی- فاد زہر حیوانی ہر ایک ساڑھے نو ماشہ- یاقوت سرخ یاقوت کبود- یاقوت زرد- لعل- عقیق یمنی- بسد- کہربا- یشب- ساذج ہندی- گل گاؤزبان- طباشیر- جدوار خطائی- پوست بیرون پستہ- پوست بیرون ترنج- تخم کاسنی- تخم خرفہ مقشر- ورق طلاء- ورق نقرہ ہر ایک ایک تولہ ڈیڑھ ماشہ- جند بید ستر- عنبر- ہر ایک ڈیڑھ تولہ- مروارید- دار چینی- مصطگی ہر ایک ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ- زعفران 5 تولے- ساڑھے سات ماشے- افیون 1 تولہ ڈیڑھ ماشہ گلاب ایک سیر- شہد یک چند و نبات

دو چند- بطریق معروف معجون بنائیں- خوراک 5 ماشہ- ہمراہ عرق گاؤزبان 12 تولے-

4- سیلان رطوبت- متلی- (حب مرواریدی)

ساکہ نیم بریاں 1 تولہ- مازو سوختہ 1 تولہ- مصطگی 2 تولہ- کچلہ مدبر 1 تولہ- مروارید 1 تولہ- عنبر اشہب سوا تولہ- عرق گلاب (بقدر حاجت) میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں- خوراک ایک تولی صبح ایک شام ہمراہ عرق عنبر 5 تولے-

تنبیہہ- ایام حمل میں یہ گولیاں استعمال نہ کریں-

5- اسقاط حمل (معجون حمل عنبری علوی خاں)

عنبر اشہب- مروارید- کہربا- بسد محرق- صندل- سرخ- صندل سفید- طباشیر- مازو سبز- درونج عقربی- عود صلیب- ابریشم مقرض- بیخ انجبار- گل ارمنی ہر ایک 9 ماشہ- مغز تخم تربوز ایک تولہ ساڑھے پانچ ماشہ- تخم خرفہ مقشر ایک تولہ ساڑھے پانچ ماشہ ورق طلاء 20 عدد- ورق نقرہ 20 عدد- شہد سوا اٹھارہ تولے- شربت عوزد 28 تولے سوا ماشہ- نبات سفید سوا چھپن تولے- بدستور معروف معجون بنائیں- خوراک 5 ماشہ- ہمراہ عرق گاؤزبان 12 تولے-

نکات: 1- 1 سے تیسرے مہینے سے شروع کرانا چاہئے-
2- اگر بچہ ام الصبیان میں مبتلا ہو کر ضائع ہو جاتا ہو تو بھی اس کا استعمال کیا جاتا ہے-

6- اسقاط حمل (معجون نشارہ عاج والی)

نشارہ حاج ایک ماشہ- فوفل ایک ماشہ- گلنار ایک ماشہ- ابریشم مقرض 1 ماشہ- شاخ گوزن سوختہ 1 ماشہ' مرجان- مروارید- بسد- یشب' کشنیز خشک- عود- مصطگی- زرنباد- کباب چینی- گل سرخ- گل ارمنی ہر ایک 2 ماشہ- شہد ڈھائی تولی- شیرہ آملہ بقدر ضرورت حسب معمول معجون بنائیں اور کافور 6 ماشہ اضافہ کریں- خوراک 5 ماشہ-

اسے بھی تیسرے ماہ سے شروع کریں- اور بچوں کو ام الصبیان لاحق ہونے کی صورت میں بھی استعمال کرائیں-

7- سوزاک جدید یا کہنہ (حب سوزاک)

طباشیر 2 تولہ- گیرو ڈیڑھ تولہ- شورہ قلمی 9 ماشہ- سنگجراحت- کہربا- دانہ الائچی کلاں- حجر الیہود- ہر ایک 9 ماشہ- گل ارمنی 7 ماشہ- صمغ عربی 7 ماشہ- کندر 5 ماشہ- کف دریا 5 ماشہ- روغن صندل ڈھائی تولہ- سب کو پیس کر روغن میں گولیاں بنائیں ایک ایک گولی صبح- دوپہر اور شام شربت بزوری 2 تولہ کے ساتھ کھائیں-

8- سوزاک جدید و کہنہ (دوائی سوزاک)

گندھک تولہ- شورہ قلمی تولہ- دونوں کو پیس کر لوہے کی کڑاہی میں ڈالیں اور ایک دوسری کڑاہی اس پر ڈھک کر دونوں کو گل حکمت کریں پھر دیگدان پر رکھ کر نیچے ہلکی ہلکی آنچ دیں- جب وہ میدہ کی طرح ہو جائے تو اتار کر بریاں کی ہوئی بھنکڑی 1 تولہ کا سفوف ملالیں- خوراک ڈیڑھ ماشہ ہمراہ شربت بزوری 2 تولہ-

9- ادرار آور (سفوف اندری جلاب)

شورہ قلمی 7 ماشہ- ریوند چینی 7 ماشہ- جو اکھار 6 ماشہ- زیرہ سفید 1 تولہ- قند سفید 12 تولہ- سب دواؤں کو کوٹ چھان کر سفید بنائیں خوراک 6 ماشہ شیر گاؤ کی لسی کے ساتھ-

10- سوزاک جدید و کہنہ و جریان (سفوف قلعی کشتہ)

ست گلو- ست سلاجیت- الائچی خورد- پکھان بید- اصل السوس- طباشیر- تال مکھانہ- قلعی کشتہ ہر ایک ایک تولہ 2 ماشہ- مصری ہموزن ادویہ- کوٹ چھان کر سفوف بنائیں- خوراک 9 ماشہ ہمراہ شربت بزوری 2 تولہ-

11- سوزاک کہنہ (سفوف مامیراں)

کتیرا- صمغ عربی- مامیراں چینی ہر ایک 4 ماشہ- گلنار 6 ماشہ- زرشک 8 ماشہ افیون- زراوند مدحرج ہر ایک 8 ماشہ- طباشیر 3 تولہ 1 ماشہ- کبریت 3 تولہ 1 ماشہ مغز خیارین 5 تولہ 9 ماشہ- تخم خرفہ سیاہ 1 تولہ- کنجد مقشر 5 تولہ 8 ماشہ- نبات سفید ہم وزن ادویہ- سفوف بنائیں-

12- سوزاک (سفوف سرخ)

گیرو ایک تولہ- بھنکڑی بریاں ایک تولہ دونوں کو پیس کر پکی کھانڈ 2 تولے ملا لیں- خوراک 3 ماشہ- ہمراہ شربت بزوری 2 تولے-

13- سوزاک جدید (عرق سوزاک حکیم غلام کبریاء خان صاحب)

کشنیز خشک 5 تولے- رات کو آدھ پاؤ پانی میں بھگوئیں اور صبح جوش دے کر برانڈی 3 تولے اور روغن صندل 6 ماشے ڈال دیں-

14- آتشک- گنٹھیا- امراض سوداوی- (حب کتھ)

کافور- رس کپور- کتھ پاپڑیا- موصلی سفید ہر ایک ایک تولہ- عرق یا پانی میں گولیاں

بنائیں بوقت ضرورت ایک گولی مویز منقیٰ میں رکھ کر نگل جائیں۔

تنبیہہ: (1) یہ گولی دانتوں کو نہ لگنی چاہئے۔

(2) غذا میں ارہر کی دال۔ بکری کے گوشت۔ ڈبل روٹی اور پھلکے کے سوا کوئی چیز نہ ہو' اور گھی کا استعمال کثیر مقدار میں کیا جائے۔

15- آتشک۔ وجع المفاصل آتشکی (حب لیموں)

مردار سنگ۔ کتھ سفید۔ پوست الائچی کلاں سوختہ۔ نوفل کہنہ ہر ایک ایک تولہ پوست بلیلہ 2 تولہ۔ سب جزاء کو 200 کاغذی لیموں کے عرق میں کھرل کریں۔ بعد ازاں لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر لوہے کے دستے سے گھوٹیں اور چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ عندالضرورت ایک گولی صبح ایک گولی شام پانی کے ساتھ کھائیں۔ غذا میں مونگ کی دال اور گھیا کدو کے سوا کچھ نہ ہو۔

16- آتشک۔ فساد خون۔ امراض سوداوی (مطبوخ ہفت روزہ)

پوست درخت نیم۔ پوست کچنال۔ بیخ حنظل۔ ببول کی پھلی۔ کٹائی خورد آم برگ و بار۔ قند سیاہ کہنہ ہر ایک 10 تولے۔ تین سیر پانی میں جوش دیں۔ جب چوتھائی پانی رہ جائے تو چھان کر محفوظ رکھیں۔ خوراک 8 تولہ۔

ہدایات: یہ مطبوخ سات روز پیا جاتا ہے اور اس کے پینے سے اسہال ہوتے ہیں۔ ہر اسہال کے بعد عرق کو عرق بادیان نیم گرم کر کے پئیں۔ اگر پیچش ہو جائے تو مطبوخ کا استعمال چھوڑ دیں اور آرام ہونے کے بعد از سر نو پینا شروع کریں۔

17- آتشک۔ امراض سوداوی (جوہر کلاں)

رسکپور۔ سم الفار۔ پارہ۔ شنگرف۔ ہر ایک ایک تولہ۔ شراب و گلاب دو آتشہ دوا منہ کو نہ لگے۔ غذا مرغن کھائیں۔

18- آتشک و امراض سوادی (جوہر منقیٰ)

سم الفار۔ رسکپور۔ دارچکنہ ہر ایک ایک تولہ۔ شراب برانڈی قسم اول میں چند پہر کھرل کر کے کسی مٹی کے برتن میں ڈالیں اور اوپر سے جوف دار سرپوش سے ڈھانک کر انگریزی چولہے (ستوو) پر رکھیں اور وقتاً" فوقتاً" کپڑے کو تر کر کے سرپوش پر رکھتے رہیں۔ دو تین گھنٹہ میں جوہر اڑا کر سرپوش میں لگ جائے گا۔ اسے کام میں لائیں۔ بوقت ضرورت دو چاول مویز منقے کے دانے میں رکھ کر نگل جائیں۔ دوا کو دانتوں سے نہ لگنے دیں' اور غذا میں دودھ گھی کا بہت زیادہ استعمال کریں۔

19- آتشک و امراض سوداوی (جوہر رسکپور)

رسکپور۔ دار چکنا۔ سیماب۔ سم الفار۔ شنگرف ہم وزن۔ شراب دو چند ادویہ میں خوب کھرل کر کے جوہر اڑائیں۔

خوراک دو چاول۔ مویز منقیٰ میں رکھ کر نگل جائیں۔

بیاض مسیحا

(لوح محمود) یعنی جناب رئیس الاطبا حکیم محمود خاں صاحب مرحوم جناب حاذق الملک حکیم عبدالمجید خاں صاحب مرحوم اور جناب مسیح الملک حکیم اجمل خاں صاحب کے معمولات طب۔

1- اس بیاض میں صرف وہی نسخے درج ہیں جو مطب میں روزمرہ استعمال کئے ہیں۔ اور جن کو مطب خورد کے نام سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

2- اس بیاض کے اکثر قلمی نسخوں میں اختلاف ہے۔ ہم نے موجودہ بیاضوں سے غفران ماب حکیم عبدالمجید خاں صاحب کے زمانے کے ایک نسخے کو ترجیح دی ہے۔ اور اس بیاض کی ترتیب کے وقت اسی کو پیش نظر رکھا ہے۔ البتہ بعض جگہ دوسرے نسخوں سے بھی مفید اشارات و اضافات اخذ کئے گئے ہیں۔

امراض سر- ہدایات شریفی

1- درد سر میں کامل سکون اور خورد و نوش کی کمی بہت مفید ہے۔ بالخصوص دیر ہضم اور تبخیر پیدا کرنے والی غذائیں بہت مضر ہیں۔ غور و فکر اور جماع دیدہ محرکات بھی نقصان پہنچاتے ہیں۔

2- البتہ اگر معدہ حار کی شرکت سے درد ہو تو سرد پانی پینا اور ناشتہ کرنا بہت مفید ہے۔

3- صداع مادی میں مادے کو جانب اسفل جذب کریں۔ اگرچہ اس میں حقنہ قوی کا استعمال بھی کرنا پڑے۔

4- جب صداع مزمن میں طلا و ضماد کے استعمال کی ضرورت ہو تو پہلے سر کو منڈا لیں۔ اور پھر صوف یا عجین سے تکلیل یا فوخ کر کے دوا ڈالیں۔

5- حتی الامکان مخدرات استعمال نہ کریں اور اگر مجبوری ہو تو مصلح ادویہ کے ساتھ استعمال کریں۔

6- اگر صداع کے ساتھ نزلہ بھی ہو تو منہ اور سر کی تبرید و تدہین نہ کریں۔

7- اگر درد سر میں خلل ہوتا ہو اور تبرید سے تسکین ہو تو فصد و حجامت کے سوا چارہ نہیں۔
8- درد سر میں قے نہایت مضر ہے۔ البتہ اگر معدہ کی شرکت سے درد ہو تو قے کرانا مفید ہے۔
9- ترش غذائیں درد سر میں مضر ہیں۔ مگر درد سر معدی میں مفید ہیں۔
10- اگر بخار میں درد سر گرم عارض ہو تو عاطفہ انجرہ طلانہ لگائیں۔
سھو میں پیشانی اور کنپٹی پر روغن کا ہو اور روغن خشخاش وغیرہ لگائیں۔ منہ دھوئیں اور نطولات استعمال کریں۔

سرسام

1- اختلاط عقل میں پہلے اور تیسرے دن قیفال کی فصد لینا بہت مفید ہے۔
2- اگر سر کی طرف مادہ زیادہ متوجہ ہو تو اکحل بلکہ باسلیق کی فصد اولیٰ ہے۔
3- فصد میں مبالغہ نہیں کرنا چاہیے اور اس کے بعد نرم حقنہ کا استعمال اولیٰ ہے۔
4- مریض کو سلانے کی کوشش کرنی چاہیے اور شربت خشخاش۔ شیرہ تخم کاہو' وغیرہ دوائیں استعمال کرنی چاہئیں۔ افیون کا شدید ضرورت کے سوا استعمال ناجائز ہے۔
5- پاشویہ معجمہ اور ٹانگوں کی مالش بہت مفید ہے۔
6- جب حجاب حاجز اور احشا میں ورم ہو تو تازہ سرد پانی کا استعمال صحیح نہیں ہے۔
7- مرض کے شروع میں غذا کم دیں اور انتہا میں زیادہ کریں۔
8- اگر پیشاب نہ آتا ہو تو مقام مثانہ پر روغن زیت نیم گرم مالش کریں۔
9- سرسام صفراوی میں تبرید اور دموی میں تحلیل کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔
10- تذکرہ و تحفہ میں تحریر ہے کہ مریض سرسام کے سر پر مرغ کا پیٹ پھاڑ کر تازہ خون گرانا اور سرد ہونے تک باندھ دینا ازبس مفید ہے۔

مالیخولیا

1- وقتاً فوقتاً نیم گرم پانی سر پر ڈالنا بہت مفید ہے۔
2- استفراغ مادہ۔ ترطیب اور تقویت قلب ہر وقت ملحوظ رکھیں۔
3- فصد لینا مفید ہے۔
4- اگر غذا ہضم نہ ہو اور منہ میں ترشی محسوس ہو تو فوراً قے کرا دیں۔

فالج۔ لقوہ

1- پہلے دو تین روز صرف ماء العسل دیں۔ اس کے بعد ماء الشعیر پلائیں۔

2- صاحب لقوہ کو آئینہ دکھلانا بہترین علاج ہے۔

صرع

اگر صرع میں کوئی عضو ٹیڑھا ہو جائے تو فوراً اسے روغن کی مالش سے سیدھا کریں۔

سدرودوار

اگر سدرودوار خلو معدہ کی وجہ سے عارض ہوں تو رب انار و رب بہی کے ساتھ چند لقمے کھانا سودمند ہے۔

درد سر

(1) درد سر حار (سادہ یا مادی)

لعاب بہدانہ تین ماشہ۔ شیرہ عناب ولایتی پانچ دانے۔ تخم کاہو مقشر تین ماشہ۔ عرق گاؤزبان بارہ تولے یا پانی میں نکالیں اور شربت بنفشہ دو تولے ملا کر پئیں۔

نکات مطلب

1- اگر زیادہ حرارت ہو تو شیرہ عناب پانچ دانے کی جگہ تخم کدو تین ماشہ شامل کریں۔
2- اگر زیادہ تبرید تسکین کی ضرورت ہو تو شیرہ زرشک تین ماشہ اور شیرہ تخم خرفہ سیاہ تین ماشہ اضافہ کریں۔
3- اگر صفرا کا غلبہ ہو تو شیرہ آلوئے بخارا پانچ دانے بڑھائیں۔
4- اگر تسکین و تصفیہ خون کی ضرورت محسوس ہو تو عرق گاؤ زبان بارہ تولے کی جگہ عرق مصفی خون بارہ تولے اور شربت بنفشہ دو تولے کی جگہ شربت عناب دو تولہ استعمال کریں۔
5- اگر گلے میں درد ہو تو شربت بنفشہ دو تولہ کی جگہ شربت توت سیاہ دو تولہ ملائیں۔
6- اگر تقویت دماغ کی بھی ضرورت ہو تو شیرہ مغز بادام شیریں پانچ دانے بڑھائیں۔

2- درد سر بارد سادہ

گاؤ زبان پانچ ماشہ۔ گل گاؤ زبان تین ماشہ۔ عناب پانچ دانے پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور نبات سفید دو تولہ ملا کر پئیں۔

3- درد سر بلغمی

گل بنفشہ سات ماشہ۔ عناب پانچ دانے۔ سپستان نو دانے۔ تخم خطمی سات ماشہ، گاؤ زبان پانچ ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ چار تولہ ملا کر پئیں۔

نکات مطلب

1- زکام- نزلہ اور بخار میں بھی یہ نسخہ استعمال کرایا جاتا ہے۔ فی الحقیقت یہ مواد بلغمیہ باردہ کا بہترین منضج ہے۔
2- اگر مسہل کی ضرورت ہو تو مادے کے نضج پانے پر اسی نقوع میں سناکی سات ماشہ شامل کریں اور صبح خمیرہ بنفشہ چار تولے کے ساتھ ترنجبین چار تولہ۔ مغز فلوس چار تولہ۔ گلقند چار تولے اور شکر سرخ چار تولے ملائیں اور شیرہ مغز بادام پانچ دانے اضافہ کر کے پئیں۔
3- اگر مسہل سے بھی آرام نہ ہو تو حب ایارج پانچ سے نو ماشہ تک حسب حاجت اور طاقت روغن گاؤ میں چرب کر کے اس پر ورق نقرہ لپیٹ دیں اور جب چار گھڑی رات باقی رہے تو عرق گاؤ زبان نیم گرم کے ساتھ کھائیں۔ صبح مسہل مذکور املتاس کے بغیر پئیں۔ دن میں جب پیاس لگے تو عرق گاؤ زبان یا عرق بادیان نیم گرم پلائیں۔ غذا سہ پہر کو یخنی اور شام کو مونگ کی نرم کھچڑی ہونی چاہیے۔ پھر دوسرے روز صبح کو نسخہ ذیل سے تبرید کریں۔
نسخہ تبرید :- خمیرہ گاؤزبان ایک تولہ۔ ورق نقرہ ایک عدد میں لپیٹ کر لعاب بہیدانہ تین ماشہ شیرہ عناب پانچ دانے۔ عرق گاؤزبان بارہ تولہ میں نکال کر شربت بنفشہ دو تولہ ملائیں اور تخم ریحان چھڑک کر پی جائیں۔

(4) ضماد درد سر

1- گل مجکن- بقدر حاجت کشنیز خشک۔ ایضاً۔ گل بنفشہ۔ ایضاً خاکسی ایضاً۔ تخم کاہو۔ ایضاً۔ خاکسی۔ ایضاً۔ پوست الائچی کلاں۔ ایضاً۔ میں سے کوئی ایک چیز یا سب پانی میں پیس کر پیشانی اور کنپٹیوں پر ضماد کریں۔
2- قرص مثلث ایک عدد۔ آب کشنیز سبز بقدر حاجت میں پیس کر لگانا بہت مفید ہے۔

نسخہ قرص مثلث

مرکی۔ افیون۔ بزرالبنج۔ کافور۔ زعفران۔ پوست بیخ لفاح ہر ایک ایک تولہ ساڑھے 5 ماشہ۔ کندر پانچ ماشہ۔ انزروت۔ آملہ۔ گل ارمنی ہر ایک پانچ ماشہ کوٹ چھان کر گلاب بقدر حاجت اور آب کاہو میں تکونی ٹکیاں بنائیں۔
3- درد سر حار میں برگ حنا تین ماشہ اور برادہ صندل تین ماشہ۔ گلاب چار تولہ میں پیس کر نیم گرم ضماد کریں۔

ضعف دماغ

1- حریرہ تقویت دماغ: مغز بادام شیریں 5 دانے۔ مغز تخم کدو شیریں 3 ماشہ۔ مغز تخم تربوز 3 ماشہ۔ صمغ عربی 3 ماشہ۔ نشاستہ 3 ماشہ۔ نبات سفید 2 تولہ پانی میں پیس کر دھیمی آنچ پر رکھیں جب غلیظ ہو جائے تو اتار کر کھالیں۔

نکات مطب: 1- یہ نسخہ یبوست دماغ اور نزلہ و سعال یابس کے لئے بھی از حد مفید ہے۔

2- **انصباب** نزلہ و مواد رقیقہ کی صورت میں تخم خشخاش سفید 3 ماشہ اور کوکنار اور ایک عدد اضافہ کرتے ہیں۔

3_ اگر زیادہ ترطیب منظور ہو تو شیر بز یا شیر گاؤ 10 تولہ اضافہ کیا جاتا ہے۔

4- اگر معدہ ضعیف ہو تو نشاستہ اور صمغ عربی کو نکال دیا جاتا ہے۔

2- ضعف دماغ و نزلہ حار و سرفہ خشک

خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ- ورق نقرہ 1 عدد میں ملفوف کرلیں اور شیرہ عناب 5 دانے۔ شیرہ گاؤزبان 3 ماشہ- عرق گاؤزبان 12 تولے میں نکال کر شربت بنفشہ 2 تولے ملائیں اور خمیرہ کے ساتھ استعمال کریں۔

اضافہ و بدل: 1- کبھی ترطیب دماغ کے لئے تخم کدو شیریں 3 ماشہ اضافہ کیا جاتا ہے۔

2- تبخیر معدہ کی صورت میں عرق گاؤزبان 12 تولے کی جگہ عرق بادیان 12 تولہ' اور عناب 5 دانے اور گاؤزبان 5 ماشہ کی جگہ بادیان 5 ماشہ اور مویز منقی استعمال کرتے ہیں۔

زکام و نزلہ

1- زکام و نزلہ حار: بہدانہ 3 ماشہ- عناب 5 دانے- **سپستان** 9 دانے کو پانی میں خفیف جوش دے کر چھان لیں اور شربت بنفشہ 2 تولہ ملا کر پئیں۔

نکات مطب: 1- سعال نزلاوی حار- درد سر نزلاوی حار اور ذات **الجنب**' نزلاوی حار میں بھی یہ نسخہ مستعمل ہے۔

2_ کبھی تقویت دماغ کے لئے خمیرہ گاؤزبان 5 ماشہ- (عنبری جواہر والا) یا خمیرہ گاؤزبان سادہ ایک تولہ ورق نقرہ میں لپٹا ہوا اضافہ کرتے ہیں۔

4- اگر بلغم غلیظ ہو اور اس کا اخراج مطلوب ہو یا احتباس بلغم کی وجہ سے درد سر ہو تو

بدانہ کی جگہ گل بنفشہ 7 ماشہ اور تخم خبازی 7 ماشہ استعمال کرتے ہیں۔
5۔ بحالت سرفہ لعوق معتدل 7 ماشہ کا اضافہ کرتے ہیں۔
6۔ اگر انصباب نزلہ کا امتناع مقصود ہوتا ہے تو گوند 1 ماشہ۔ کتھرا 1 ماشہ رب السوس 1 ماشہ پیس کر خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ میں ملایا جاتا ہے اور اس پر ورق طلاء ایک عدد لپیٹ کر جوشاندہ مذکور کے ساتھ کھلایا جاتا ہے اور خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ کی جگہ بعض اوقات خمیرہ خشخاش 1 تولہ یا لعوق معتدل 7 ماشہ یا لعوق نزلی آب تربوز والا یک تولہ استعمال کیا جاتا ہے۔
7۔ اگر حلق سے خون آتا ہو تو گیرو اور سنگجراحت 1 ماشہ پیس کر خمیرہ خشخاش 1 تولہ میں ملا کر جوشاندہ مذکورہ کے ساتھ کھلایا جاتا ہے اور اس حالت میں اکثر شربت بنفشہ 2 تولہ کی جگہ شربت خشخاش 2 تولے ڈالا جاتا ہے۔

2۔ **نزلہ حار و سرفہ خشک و ضعف دماغ** : خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ۔ ورق نقرہ ایک عدد میں ملفوف کریں اور شیرہ عناب 5 دانے ۔ لعاب گاؤزبان 3 ماشہ۔ عرق گاؤزبان 12 تولہ میں نکال کر شربت بنفشہ 2 تولہ ملائیں اور خمیرے کے ساتھ استعمال کریں۔

3۔ **نزلہ حار درد سر و ضعف دماغ** : شیرہ مغز بادام 5 دانے۔ شیرہ مغز تخم کدو۔ شیریں 3 ماشہ۔ شیرہ مغز تخم تربوز 3 ماشہ۔ شیرہ تخم کاہو مقشر 3 ماشہ پانی میں نکال لیں اور شربت بنفشہ 2 تولہ ملا کر پئیں۔

4۔ **نزلہ حار سیال (نسخہ نزلہ بند)** : گوند کتھرا۔ افیون ہر ایک 1 ماشہ۔ زعفران 4 سرخ سب کو پیس کر سفیدی بیضہ مرغ ایک عدد میں ملائیں اور پھر دو کاغذوں پر جو روپیہ کی طرح گول کٹے ہوئے ہوں اور ان میں سوئی سے چھوٹے چھوٹے سوراخ کئے گئے ہوں۔ پھیلا کر کنپٹیوں پر لگائیں۔

اضافہ : کبھی اس میں اشق ایک ماشہ۔ خشخاش ایک ماشہ اور بزرالبنج ایک ماشہ اضافہ کرتے ہیں۔

5۔ **زکام و نزلہ بارد غلیظ** : گاؤزبان 5 ماشہ۔ گل گاؤزبان 3 ماشہ۔ عناب 5 دانے پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور نبات 2 تولہ ملا کر پئیں۔

اضافات : 1۔ اگر تقطیع کی زیادہ ضرورت ہو تو نبات کی جگہ شہد دو تولے استعمال کریں۔
2۔ زیادہ تقطیع کی ضرورت میں یہ ابریشم 3 ماشہ۔ زوفا خشک 3 ماشہ اور سبوس گندم 3 ماشہ کا بھی اضافہ کرتے ہیں۔
3۔ کھانسی کی حالت میں اصل السوس مقشر 3 ماشہ بھی بڑھا دیتے ہیں۔

4- اگر بلغم کے چمٹنے کی وجہ سے ہچکی لاحق ہو تو جدوار ایک ماشہ پیس کر خمیرہ گاؤزبان ایک تولہ میں ملاتے ہیں اور اس پر ورق نقرہ 1 عدد لگا کر جوشاندہ مذکور کے ساتھ پلاتے ہیں۔

6- **زکام منجمد**: برگ شبت 2 ماشہ۔ تمباکو 2 ماشہ۔ نکچھکنی 2 ماشہ۔ کوٹ پیس کر سفوف بنائیں اور ایک چٹکی بھر ناک میں چڑھائیں۔7- **نزلہ و زکام دائمی**: 1- حب جدوار 2 عدد صبح اور برشعثا 4 سرخ۔ خمیرہ گاؤزبان ایک تولہ میں ملا کر رات کو کھائیں۔ خمیرے پر ورق لگالیں۔

2- کبھی کشتہ مرجان 2 چاول سادہ یا مرجان جواہر والا 2 چاول۔ خمیرہ گاؤزبان ایک تولہ میں ملا کر کھاتے ہیں۔

3- اگر معدہ اور آنتیں بھی ضعیف ہوں تو کشتہ فولاد ایک چاول اور کشتہ خبث الحدید 2 چاول استعمال کراتے ہیں۔

زکام مزمن

جوہر سم الفار ایک ماشہ' سلاجیت 6 ماشہ' کشتہ فولاد 6 ماشہ۔ عنبر اشہب 2 ماشہ کسی قدر عرق گاؤزبان میں حل کر کے حبوب بقدر فلفل سیاہ بنائیں اور ایک گولی صبح اور ایک شام کھلائیں۔

سرسام

1- **تلیین**: گل بنفشہ 7 ماشہ۔ عناب 5 دانہ۔ تخم خطمی 7 ماشہ۔ تخم خبازی 7 ماشہ۔ آلو بخارا 5 دانے۔ سناکی 7 ماشہ۔ گاؤزبان 5 ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان لیں۔ اور خمیرہ بنفشہ۔ گلقند اور ترنجبین ہر ایک 4 تولے اس میں حل کر کے پئیں۔

2- **حقنہ**: اگر تلیین سے فائدہ نہ ہو تو روغن بید انجیر 4 تولے۔ گلاب میں ملا کر حقنہ کریں۔

3- **نخلخہ**: آب کاسنی سبز 3 تولے۔ آب کدوئے سبز 3 تولے۔ آب خیار سبز 3 تولہ۔ روغن گل 2 تولے۔ سرکہ خالص 6 ماشہ۔ فراخ دہن شیشی میں ڈال کر سونگھا کریں۔

اضافہ: کبھی اس میں کافور 2 ماشہ اور صندل سرخ 6 ماشہ بھی اضافہ کرتے ہیں۔

4- **پٹی۔ گلاب**: روغن گل بقدر حاجت اور سرکہ میں کپڑا ترکر کے سر کے درمیان رکھیں اور جب وہ خشک ہو جائے تو پھر تر کریں۔

اضافہ: کبھی لعاب بہیدانہ بقدر ضرورت کا اضافہ کرتے ہیں۔

5- تدبیر: 1- مرغ زندہ کا شکم چاک کر کے سر پر رکھیں۔
2- مونگ کے آٹے۔ (بقدر حاجت) کو شیرہ مادہ گاؤ (بقدر ضرورت) میں گوندھ کر اس کی ایک طرف سے روٹی پکائیں اور کچی طرف پر روغن گل بقدر حاجت لگا کر سر پر رکھیں۔
6- پاشویہ: گل بنفشہ ایک تولہ۔ گل نیلوفر ایک تولہ۔ گل خطمی 1 تولہ۔ سبوس گندم ایک تولہ۔ نمک طعام 6 ماشہ۔ برگ سنائکی 6 ماشہ۔ تین سیر پانی میں جوش دیں جب تیسرا حصہ باقی رہ جائے۔ صاف کر کے پاشویہ کریں۔
تنبیہہ: شدت حرارت میں پاشویہ ممنوع ہے۔

صرع وام الصبیان

1- دوائی صرع: عود صلیب 1 ماشہ۔ جدوار 1 ماشہ پیس کر خمیرہ گاؤزبان عنبر جواہر والے 5 ماشہ میں ملائیں اور گاؤزبان 3 ماشہ۔ گل گاؤزبان 3 ماشہ۔ عناب 5 دانے۔ شہد خالص 2 تولہ جوش دے کر صاف کریں اور خمیرہ کے ساتھ استعمال کریں۔
اضافہ: کبھی خمیرے میں جند بید ستر 1 ماشہ بھی ڈالا جاتا ہے۔
2- منضج۔ گل بنفشہ: گل بنفشہ 7 ماشہ۔ مویز منقی 9 دانہ۔ بیخ کاسنی 7 ماشہ۔ بادیان 7 ماشہ۔ گاؤزبان 5 ماشہ۔ عود صلیب 5 ماشہ پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولہ ملا کر پئیں۔

اضافہ: کبھی اس میں پرسیاؤشاں 7 ماشہ۔ اصل السوس مقشر 7 ماشہ۔ تخم خطمی۔ تخم خبازی ہر ایک 7 ماشہ بھی زیادہ کرتے ہیں۔
منضج کے بعد مغز فلوس والا مسہل دینا چاہئے اور تیسرے مسہل میں حب ایارج کا بھی استعمال کرنا چاہئے۔ نسخہ مسہل اور ترکیب استعمال حب ایارج درد سر میں مسطور ہے۔
3- اگر مسہل کے بعد مریض اختلاج اور تبخیر میں مبتلا ہو جائے تو نسخہ ذیل پلائیں۔
مفرح شیخ الرئیس 5 ماشہ ہمراہ شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ لعاب گاؤزبان 3 ماشہ۔ عرق عنبر 6 تولہ۔ عرق گاؤزبان 6 تولہ میں نکالیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولہ ملا کر پئیں۔
4- ام الصبیان: 1- جدوار خطائی 2 سرخ۔ عود صلیب 2 سرخ کسی قدر عرق بادیان میں پیس کر حلق میں ٹپکائیں۔
2- تھوڑی سی حلتیت جند بید ستر اور عاقر قرحا سونگھیں۔
3- استخوان انسان جلا کر سعوط کریں۔

5- حب ام الصبیان : **ٹٹھوی کے انڈے کی زردی کرے برتن میں بریاں کر کے مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔ دو سالہ بچے کو نصف گولی اور اس سے بڑے کو پوری گولی ماں کے دودھ میں حل کر کے دیں۔**

اطلاع : یہ انڈے تالاب کے کنارے اکثر ملتے ہیں۔

فالج ولقوہ

1- تین روز تک ماء العسل اور شوربائے کبوتر کے سوا کوئی دوا اور غذا نہ دیں۔ نسخہ ماء العسل شہد خالص 2 تولہ۔ پانی 12 تولے یا عرق گاؤزبان 12 میں جوش دیں۔

2- چوتھے روز سے یہ استعمال کریں اسطوخودوس 3 ماشہ۔ بادرنجبویہ 3 ماشہ عسل خالص 2 تولہ میں جوش دے کر صاف کر کے پئیں۔

3- آٹھویں روز سے نسخہ بالا بوقت شام اور نسخہ منضج بوقت صبح پلائیں۔ نسخہ منضج۔ گل بنفشہ 7 ماشہ۔ مویز منقی 9 دانہ۔ بادیان 7 ماشہ۔ بیخ بادیان۔ بیخ کاسنی۔ تخم خطمی۔ تخم خبازی ہر ایک 7 ماشہ۔ بیخ اذخر۔ اسطوخودوس۔ پرسیاؤشاں۔ بیخ کبر۔ بیخ کرفس ہر ایک 5 ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگو دیں۔ صبح مل چھان کر خمیرہ بنفشہ 4 تولہ ملائیں۔

4- سولھویں روز اسی نسخے میں تخم کاسنی۔ تخم کشوث بصرہ بستہ۔ تخم قرطم۔ افیون ولایتی۔ بیخ کرفس۔ عنب الثعلب ہر ایک 5 ماشہ۔ گل سرخ 7 ماشہ۔ سنائی 7 ماشہ۔ بڑھا دیں اور خمیرہ بنفشہ 2 تولہ کے ساتھ مغز فلوس۔ گلقند۔ ترنجبین۔ شکر سرخ ہر ایک 2 تولہ اور شیرہ مغز بادام 7 دانے بھی ڈالیں۔

5- اس کے بعد حب ایارج سے تنقیہ کریں اس کی ترکیب استعمال درد سر میں مذکور ہے۔

6- پھر خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا 5 ماشہ۔ خمیرہ ابریشم عود مصطگی۔ خمیرہ گاؤزبان جواہر والا معجون سیر۔ معجون فولاد ہر ایک 5 ماشہ۔ معجون ازارقی 3 ماشہ اور معجون فلاسفہ 7 ماشہ میں سے کوئی سی ایک دوا استعمال کریں۔ تنقیہ کے بعد نسخہ نمبر (2) کا بھی استعمال کرایا جاتا ہے۔

7- مالش۔ روغن قسط۔ روغن خشت۔ روغن سرخ یا دھتورے کے تیل کی مالش کریں۔

8- عود صلیب ایک ماشہ پیس کر تریاق فاروق ایک ماشہ میں ملائیں اور تھوڑا کر کے چاٹیں۔

اضافہ کبھی عود صلیب 1 ماشہ کے ساتھ جدوار ایک ماشہ اور جند بید ستر ایک ماشہ بھی پیس کر تریاق فاروق میں ملا لیتے ہیں۔

فائدہ: یہ نسخہ لقوہ میں خصوصاً مفید ہے۔
9- لقوہ میں جوزبوا منہ میں رکھیں۔

مالیخولیا

1- **ابتدائی مالیخولیا**: آملہ مربی ایک عدد دھو کر ورق نقرہ ایک عدد سے ملفوف کریں اور شیرہ کشنیز خشک 3 ماشہ۔ شیرہ صندل سفید 3 ماشہ۔ عرق گاؤزبان 6 تولے۔ عرق کیوڑہ 3 تولہ۔ عرق بید مشک 3 تولہ میں نکال کر شربت سیب 2 تولہ ملائیں اور اس کے ساتھ آملہ مربی کھلائیں۔

بدل: 1- کبھی آملہ مربی کی جگہ مفرح بارد 5 ماشہ استعمال کراتے ہیں۔
2- اگر قبض و تبخیر ہو تو آملہ مربی کی جگہ ہلیلہ مربی ایک عدد کھلاتے ہیں۔

2- **مالیخولیا**: دواء المسک معتدل 5 ماشہ۔ ہمراہ شیرہ بادیان 3 ماشہ۔ شیرہ انیسوں 3 ماشہ عرق عنبر 4 تولے۔ عرق گذر۔ ماء اللحم کاسنی کو والے ہر ایک 4 تولے میں نکال کر گلقند 4 تولے۔ خمیرہ بنفشہ 4 تولے اس میں حل کریں اور چھان کر شربت گڑحل 2 تولے ملائیں۔

امراض چشم

ہدایات مطب

1- چونکہ آنکھ کا معاملہ بہت نازک ہے اس لئے تشخیص کے بغیر معالجہ کی طرف متوجہ نہ ہوں۔ علی الخصوص یہ معلوم کر لینا چاہئے کہ یہ مرض اصلی ہے یا شرکی۔ طبقات میں ہے یا رطوبات میں یا عصبہ مجوفہ میں۔
2- آنکھ کی اکثر دواؤں میں غسل وغیرہ جن اعمال دوا سازی کی ہدایت کی جاتی ہے ہے ان کی پابندی نہایت ضروری ہے۔
3- معالجہ چشم میں اول تنقیہ کرنا چاہئے اور اس کے بعد معالجہ مقامی۔
4- اگر تنقیہ اور تدبیر مناسب سے فائدہ نہ ہو تو معلوم کرنا چاہئے کہ یہ تین صورتوں سے خالی نہیں ہے۔
(ا) دماغ ضعیف ہے اور نزلہ آنکھ کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔

(ب) طبقات میں مادہ خبیثہ مستقر ہو چکا ہے۔
پس جو بھی صورت پائی جائے اس کا علاج کریں۔
5- اگر نزلہ دماغ سے آنکھ کی طرف آتا ہو تو مریض کو پشت پر سلائیں۔
6- اگر مرض چشم کے ساتھ درد سر بھی ہو تو پہلے آخرالذکر کا علاج کریں۔ مگر اول الذکر کی رعایت بہرحال ملحوظ رکھیں۔
7- امراض جفن میں دوا ڈال کر پپوٹے بند کریں اور اسی طرح سو جائیں۔
8- اگر آنکھ میں زیادہ درد ہو تو سلائی سے دوا نہ ڈالیں۔ بلکہ دودھ۔ گلاب وغیرہ میں دوا حل کر کے آنکھ پر ٹپکائیں۔
9- تیز دوا بار بار آنکھ میں نہ ڈالیں اور اگر ضرورت ہو تو تھوڑے وقفے کے بعد ڈالیں۔
10- شیافات کو موسم بہار کے شروع میں ذرو رات کو موسم بہار کے آخر اور موسم گرما کے شروع میں تیار کریں۔

رمد و امراض حارۂ چشم

1- لعاب بہدانہ 3 ماشہ۔ شیرہ عناب 5 دانہ۔ شیرہ تخم کاہو مقشر 3 ماشہ۔ پانی یا عرق گاؤزبان 12 تولہ میں نکالیں او شربت بنفشہ 2 تولہ ملا کر پئیں۔
2- شام کو خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ۔ ورق نقرہ ایک عدد میں لپیٹ کر اور عرق گاؤزبان میں شیرہ کشنیز 3 ماشہ اور لعاب گاؤزبان 3 ماشہ نکال کر گلقند 4 تولے ملائیں اور اس کے ساتھ خمیرہ کھائیں۔
3- رات کو سوتے وقت اطریفل کشنیزی ایک تولہ۔ عرق گاؤزبان 12 تولے کے ساتھ کھائیں۔

2- درد و سرخی چشم: لودھ پٹھانی 3 ماشہ۔ آملہ خشک 3 ماشہ۔ دونوں کو روغن گاؤ میں بریاں کر کے سرد پانی میں پیس کر آنکھ کی گرد لیپ کریں۔

تنبیہ: اس کی احتیاط رکھیں کہ دوا آنکھ میں نہ جائے۔

3- ضماد رمد حار: پھٹکڑی بریاں 1 ماشہ۔ گل ارمنی ایک ماشہ۔ صندل سرخ ایک ماشہ۔ افیون ایک ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ۔ سبز کو (بقدر حاجت) کے پانی میں پیس کر آنکھ کے گرد لیپ کریں۔

4- ضماد ابتدائی رمد: رسوت 3 ماشہ۔ پوست ہلیلہ 3 ماشہ پانی میں پیس لیں اور نیم

گرم کر کے آنکھ کے گرد لیپ کریں اور آب نمک میں روئی تر کر کے آنکھ پر رکھیں۔ کبھی ہلدی بھون کر روئی پر چھڑک لیتے ہیں اور اسے آنکھ پر رکھتے ہیں۔

حب: پیپل کے پتے 3 عدد کوٹ کر کسی قدر قند سیاہ کہنہ میں ملائیں گولیاں بنا کر کھائیں۔

5- ضماد ورم و سرخی چشم: کتھ سفید۔ رسوت۔ افیون ہر ایک 3 ماشہ۔ بھنی اور پسی ہوئی پھٹکڑی 1 تولہ۔ عرق لیموں کاغذی 2 تولہ میں پکا کر گولیاں باندھیں۔ اور بوقت ضرورت پانی میں پیس کر آنکھ کے گرد لیپ کریں۔

نکتہ: یہ نسخہ اکثر اس وقت استعمال کیا جاتا ہے جب کوئی دوسری دوائی کارگر نہ ہو۔

6- رمد بلغمی: اطریفل کشنیزی وغیرہ سے تنقیہ کرنے کے بعد حب سرخ ایک گولی پانی میں گھس کر صبح، دوپہر، شام پپوٹوں پر نیم گرم لیپ کریں۔

اگر تبرید اور ضماد کے استعمال سے رمد نہ جائے تو منضج پلا کر حب ایارج کا مسہل دیں۔ منضج اور حب ایارج کی ترکیب استعمال درد سر کے نسخہ نمبر 3 میں درج ہے۔

امراض گوش

اسرار شریفی: 1- کان میں جو بھی دوا ڈالیں اسے نیم گرم ہونا چاہئے۔

2- امراض مادی میں پہلے تنقیہ کریں پھر کان میں دوا ڈالیں۔

3- مخدرات کا استعمال حتی الوسع کم کریں۔

4- اور اگر مجبوری ہو تو بہترین طریقہ یہ ہے کہ شیاف مامیثا اور کسی قدر افیون عورت کے دودھ میں حل کر کے استعمال میں لائیں۔

5- افیون کو روغن میں حل کر کے استعمال نہ کریں بلکہ دودھ میں حل کیا کریں۔

6 خاکستر افیون۔ افیون سے تجدید و تخفیف میں قوی تر ہے۔

7- درد شدید۔ ٹیس اور تشنج میں مرخیات کا استعمال کرنا چاہئے۔

8- ورم بحرانی کے پھوڑنے کی سعی نہ کریں بلکہ خود اسے پھوٹنے دیں البتہ اگر غشی کا خوف ہو تو اس کی طرف متوجہ ہونا چاہئے۔

9- غیر بحرانی ورم کو قابضات، کاویات یا مبردات سے بند کر دیں۔

10- بقراط کا مقولہ ہے کہ اگر کسی بہرے کو صفراوی اسہال عارض ہوں تو اس کا بہرہ پن اچھا ہو جائے گا۔

1- درد گوش حار : 1- لعاب بہدانہ 3 ماشہ- شیرہ عناب 5 دانے- شیرہ تخم کاہو مقشر 3 ماشہ- عرق گاؤزبان 12 تولہ میں نکالیں اور شربت بنفشہ 2 تولے ملا کر پئیں-
شیرہ بز 6 ماشہ میں مھاوڑ 2 ماشے حل کر کے کان میں ٹپکائیں کبھی روغن ترب بھی ٹپکایا جاتا ہے اور کبھی سکھدرشن کے پتے کا پانی بھی کان میں ڈالا جاتا ہے-

2- قروح گوش : 1- قطران 2 ماشے- شہد 6 ماشے میں حل کر کے نیم گرم کان میں ٹپکائیں-
2- بادیان 1 تولہ- عسل خالص 2 تولے پانی میں جوش دے کر صاف کریں اور اس سے کان دھو ڈالیں پھر پرانی روئی کا فتیلہ بنا کر شہد میں آلودہ کریں اور کان میں رکھیں-

3- ورم گوش : عنب الثعلب' جدوار- صندلین- رسوت- گل ارمنی ہر ایک 6 ماشہ- آب کشنیز سبز قدر مناسب میں پیس کر کان کی چاروں طرف لیپ کریں-

4- گرانی سماعت- بطلان سمع- درد گوش

انار ترش ایک عدد کے دانے گودے سمیت خوب اچھی طرح نچوڑ دیں- پھر انار کے چھلکے کو اس پانی میں جوش دیں اور مل چھان کر سرکہ 6 ماشہ- روغن گل 1 تولہ اور کندر 3 ماشہ ملا کر پھر جوش دیں جب پانی جل جائے تو روغن کو صاف کر کے اس پر برگ نیم اور انزروت پیس کر چھڑکیں اور کان میں رکھیں-

5- درد گوش : کو- گل خطمی- کوکنار ہر ایک ایک تولہ- شیر گاؤ- برگ سداب ہر ایک 3 ماشہ پانی میں جوش دے کر بخارات کان میں پہنچائیں-

امراض دہن

ہدایات علاج : 1- امراض زبان کی تشخیص میں اس کا رنگ لس اور مزا بہت کار آمد ہے-
2- اگر دانتوں کو روغن لگانا چاہیں تو پہلے شہد دانتوں پر لگالیں-
3- اگر تبرید کی ضرورت ہو تو روغن گل اور اگر تسخین کی ضرورت ہو تو روغن ناردین استعمال کریں-
4- شیخ کا قول ہے کہ امراض حارۂ دہن میں سفرجل وغیرہ ترش و قابض میوے استعمال کریں-

1- لکنت زبان : 1- مصطگی 1 ماشہ- کندر 1 ماشہ دونوں کو پیس کر خمیرہ ابریشم حکیم

ارشد والا 5 ماشہ میں ملائیں اور اسطوخودوس 5 ماشہ۔ بادرنجبویہ 5 ماشہ۔ عسل خالص 2 تولے پانی میں جوش دیں اور چھان کر خمیرہ مذکور کے ہمراہ پئیں۔

2- تریاق فاروق 1 ماشہ۔ یا عقرقرحا ایک ماشہ سفوف فلفل سیاہ ایک ماشہ شہد میں ملا کر زبان پر ملیں۔

3- **جوشش دہن** : زرورد 3 ماشہ۔ کتھ سفید 3 ماشہ۔ دانہ ہیل 3 ماشہ۔ کباب چینی 3 ماشہ۔ باریک پیس کر منہ میں چھڑکیں۔

3- **جوشش دہن بلغمی** : بھوڑل کشتہ 3 ماشہ۔ دانہ ہیل 3 ماشہ۔ کشنیز خشک سوختہ 3 ماشہ۔ پھٹکڑی بریاں 3 ماشہ۔ کوٹ چھان کر منہ میں چھڑکیں۔

4- **جوشش دہن صمی** : (جو سیماب یا رسکپور کے کھانے سے عارض ہوتا ہے) غرغرہ شاخ کچنال پانی میں جوش دے کر صاف کر لیں پھر اس پانی سے غرغرے کریں۔

5- **آکلہ۔ ضماد** : ایرسا ایک ماشہ۔ نانخواہ ایک ماشہ۔ کوٹ چھان کر پیسیں اور منہ میں ضماد کریں۔

2- تبرید و تلین و تنقیہ کریں

3- اگر مادہ سوداوی ہو تو جوہر رسکپور 3 چاول۔ مویز منقی 1 عدد میں مستور کر کے نگل جائیں اور اوپر سے یہ نسخہ پئیں۔

نسخہ : لعاب بہیدانہ 3 ماشہ۔ شیرہ عناب 5 دانے۔ شیرہ تخم کاہو 3 ماشہ۔ شیرہ اصل السوس مقشر 5 ماشہ۔ عرق شاہترہ 4 تولے۔ عرق مرکب فساد خون 4 تولے۔ عرق بید مشک 4 تولہ میں نکال کر شربت بنفشہ 2 تولے یا شربت عناب 2 تولے یا شربت سیب 2 تولہ ڈالیں۔

6- **درد دنداں حار** : بابڑنگ 1 تولہ پانی میں جوش دے کر کلیاں کریں۔

درد دنداں : 1- عاقر قرحا 6 ماشہ۔ فلفل سیاہ 3 ماشہ۔ خردل 3 ماشہ۔ قرنفل 2 ماشہ۔ نمک طعام 3 ماشہ کوٹ چھان کر دانتوں پر ملیں۔

2- تمباکو خشک 6 ماشہ۔ عقر قرحا 4 ماشہ۔ فلفل سیاہ 6 ماشہ۔ نمک لاہوری 6 ماشہ کوٹ چھان کر سنون بنائیں۔

7- **تحرک دندان** : پوست بیخ ببول 4 تولہ۔ سنگجراحت 1 تولہ۔ کتھا پاپڑیا 1 تولہ۔ سپاری 1 تولہ۔ فلفل سیاہ 1 تولہ۔ زنجبیل 1 تولہ کوٹ چھان کر سنون بنائیں اور عندالضرورت دانتوں پر ملیں اور چار ساعت تک پانی منہ کو نہ لگائیں۔

8- **درد دندان** : تحریک دندان جوشش دہن اور آکلہ فم بلغمی ان میں سے ہر ایک میں

کے لئے یہ نسخہ تبرید پایا جاتا ہے۔
نسخہ تبرید لعاب بہیدانہ 3 ماشہ۔ شیرہ عناب 5 ماشہ۔ عرق گاؤزبان 12 تولہ میں نکال کر شربت بنفشہ 2 تولہ ملائیں۔

9- لثہ دامیہ : 1- مصطگی 6 ماشہ۔ جفت بلوط 6 ماشہ۔ ہیراکسیس 1 ماشہ۔ اقاقیہ 6 ماشہ۔ کندر 6 ماشہ۔ مازو سبز 6 ماشہ کوٹ چھان کر سنون بنائیں۔

2- مٹی کے برتن میں پھٹکڑی جلائیں اور اس میں سرکہ ڈالتے جائیں پھر گلنار فارسی 6 ماشہ ہیراکسیس 6 ماشہ ملا کر کوٹ چھان لیں۔

امراض حلق و سینہ

ہدایات : 1- ابتدائے اورام حلق میں فصد لینا اور جلاب دینا بہت مفید ہے۔
2- کبھی بواسیر و حیض کا خون معتاد بند ہونے کی وجہ سے خناق و موی اشتعاد پذیر ہوتا ہے اس صورت میں رگ صافن کی فصد اد پنڈلیوں کی حجامت فی الفور نفع دیتی ہے۔

درد گلو

1- لعاب بہیدانہ 3 ماشہ۔ شیرہ عناب 5 دانہ۔ شیرہ تخم کاہو 3 ماشہ پانی میں نکالیں اور شربت توت سیاہ 2 تولہ ملا کر پئیں۔

2- غرغرہ : کوکنار 4 عدد۔ کزمازج 6 ماشہ۔ کشنیز خشک 6 ماشہ۔ گلنار 2 ماشہ عنب الثعلب خشک 6 ماشہ۔ عدس مسلم 1 تولہ۔ تین پاؤ پانی میں جوش دیں جب تیسرا حصہ باقی رہ جائے صاف کر کے غرغرے کریں۔

3- غرغرہ دیگر : ثابت مسور 1 تولہ۔ پوست خشخاش 1 تولہ۔ تین پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب ایک پاؤ رہ جائے تو غرغرے کریں۔

خناق

1- تبرید : لعاب بہیدانہ 3 ماشہ۔ شیرہ عناب 5 دانے۔ شیرہ تخم کاہو مقشر 3 ماشہ۔ عرق شاہترہ 6 تولے۔ عرق مرکب فساد خون 6 تولہ میں نکالیں اور شربت توت سیاہ 2 تولہ ملا کر پئیں۔

2- **غرغرہ**: عناب 9 دانے- ثابت مسور 9 ماشہ- مکو 9 ماشہ پانی میں جوش دے کر غرغرے کریں-

نکتہ: یہ نسخہ ابتدائی ورم حلق میں دیا جاتا ہے-

3- **غرغرہ خناق**: مغز فلوس خیار شنبر 3 تولہ- شیر گاؤ 15 تولہ میں جوش دے کر غرغرے کریں-

نکتہ: یہ نسخہ خناق میں تیسرے روز کے بعد استعمال کیا جاتا ہے-

4- **غرغرہ دیگر**: اصل السوس 6 ماشہ- کتھ سفید 6 ماشہ- آملہ خشک 6 ماشہ' پانی 1 تولہ میں جوش دے کر غرغرے کریں-

تشریح: یہ نسخہ خناق گرم- درد گلو اور بثور زباں میں مستعمل ہے-

5- **فساد ابتدائی خناق**: سبز مکوہ کے پانی میں سیسہ کی گولی گھس کر ضماد کریں-

6- **ضماد خناق**: مغز فلوس خیار شنبر 9 ماشہ- مکوہ خشک 1 تولہ- آرد جو 6 ماشہ- گل بابونہ 6 ماشہ- اکلیل الملک 6 ماشہ- سنبل الطیب 6 ماشہ- سبز مکوہ کے پانی میں پیس کر نیم گرم ضماد کریں-

اشارات: 1- یہ نسخہ ہر جگہ کے اورام کے لئے استعمال کیا جاتا ہے-

2- کبھی اس میں سرکہ 6 ماشہ اور روغن گل 1 تولہ بھی بڑھا دیتے ہیں-

3- کبھی ردع مادہ کی رعایت سے طلحب 6 ماشہ- رسوت 6 ماشہ- صندل سرخ 6 ماشہ- صبر سقوطری 6 ماشہ- سفیدی بیضہ مرغ ایک عدد اور آب کشنیز سبز بقدر حاجت اضافہ کرتے ہیں-

4- کبھی قوت تحلیل کے لئے عود خام 6 ماشہ- مصطگی 6 ماشہ- جدوار 3 ماشہ- مرہم داخلیون ایک تولہ- افیون 1 ماشہ- اور آب کاسنی سبز (بقدر حاجت) میں سے کچھ اجزاء اضافہ کرتے ہیں-

5- کبھی تخدیر کے لئے کوکنار 6 ماشہ یا افیون 1 ماشہ کا اضافہ کرتے ہیں

دوائے قوی التحلیل: مینڈک (ایک عدد) کا پیٹ چاک کر کے گرم گرم دم پر باندھیں-

ذات الجنب

1- منضج: گل بنفشہ 7 ماشہ- اصل السوس مقشر 5 ماشہ- پرسیاؤشاں 5 ماشہ- تخم خطمی 7 ماشہ- تخم خبازی 7 ماشہ- رات کو گرم پانی میں تر کر کے صبح مل چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولہ ملا کر پئیں-

2- نسخہ ذات الجنب: کیترا ایک ماشہ- گوند ببول ایک ماشہ- رب السوس 1 ماشہ خمیرہ خشخاش 1 تولہ میں ملا کر کھائیں اور بہیدانہ 3 ماشہ- عناب 5 دانے- سپستان 9 دانے کو جوش دے کر چھان لیں اور شربت بنفشہ 2 تولہ ملا کر پئیں-

بدل: کبھی اس جوشاندے کی جگہ عرق گاؤزبان 12 تولہ میں لعاب کوکنار ایک عدد نکال کر ملا لیتے ہیں-

3- قیروطی ذات الجنب وضیق النفس: (جو ریح غلیظ و بلغم اخراج سے عارض ہوں) آرد کرسنہ 5 ماشہ- آرد حلب 5 ماشہ- شونیز 3 ماشہ- اصل السوس 3 ماشہ- عقر قرحا ڈیڑھ ماشہ موم 1 تولہ- موم کو روغن سوسن یا ناردین میں پگھلا کر بقیہ دوائیں کوٹ چھان کر اس میں ملائیں اور سینے پر ضماد کریں-

سعال وضیق النفس

1- نقوع سرفہ: گل بنفشہ 7 ماشہ- مویز منقی 9 دانے- تخم خطمی 7 ماشہ- گاؤزبان 5 ماشہ- گل گاؤزبان 3 ماشہ- اصل السوس مقشر 5 ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر مل چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملا کر پئیں-

2- سعال نزلاوی حار: بہیدانہ 3 ماشہ- عناب 5 دانے- سپستان 9 دانے پانی میں خفیف جوش دے کر صاف کریں اور شربت بنفشہ 2 تولے ملا کر پی جائیں-

3- سرفہ یابس: رات کو سوتے وقت مسکہ ایک ماشہ میں قند سفید 5 ملا کر چاٹیں-

4- ضیق النفس وسعال تازہ نزلاوی

گاؤزبان 3 ماشہ- گل گاؤزبان 3 ماشہ- عناب 5 دانہ نبات 2 تولہ پانی میں جوش دیں اور صاف کر کے پی جائیں-

نکات مطب: 1- یہ نسخہ سینے اور پھیپھڑے کے غلیظ- چپچپے مواد کو نکالنے میں بدرجہ غایت مفید ہے-

2- کبھی زیادہ جلا صدرو و تقطیع مواد کی ضرورت ہوتی ہے تو بنات سفید کی جگہ شہد 2 تولہ استعمال کرتے ہیں۔

3- اگر مواد کا زیادہ نضج مقصود ہو تو کویہ ابریشم 3 ماشہ- زوفا خشک 3 ماشہ سبوس گندم 3 ماشہ بڑھا دیتے ہیں۔

4- اگر بلغم کی چسپدگی کی وجہ سے ہچکی عارض ہو تو جدوار 1 ماشہ پیس کر خمیرہ گاؤزبان ایک تولہ میں ملائیں اور ورق نقرہ میں ملفوف کر کے نسخہ مذکور کے ساتھ کھلائیں۔

5- حکیم احمد رضا خاں صاحب مرحوم ضیق النفس میں اکثر اس نسخے میں کویہ ابریشم 3 ماشے- زوفا خشک 3 ماشے اور اصل السوس مقشر 3 ماشہ کا اضافہ کرتے تھے۔

5- **سرفہ وضیق النفس حار** : لعوق معتدل 7 ماشہ- لعوق سپستان 3 تولہ- عرق گاؤزبان 12 تولہ میں جوش دے کر بغیر چھانے کے پی جائیں۔

دیگر : تخم کتاں 9 ماشہ- نبات سفید 2 تولہ پانی میں جوش دیں اور مل چھان کر پئیں۔

نفث الدم

1- **نفث الدم** : گیرو 1 ماشہ- سنگجراحت 1 ماشہ- دونوں کو پیس کر اور لعاب بہدانہ 3 ماشہ- شیرہ بیخ انجبار 3 ماشہ- شیرہ حب الآس 3 ماشہ میں شربت انار شیریں 2 تولے ملا کر سفوف کے ساتھ پئیں۔

2- **نفث الدم- نزلہ- سرفہ** : گوند 1 ماشہ- کتھا 1 ماشہ- رب السوس 1 ماشہ- سب کو پیس کر خمیرہ خشخاش 7 تولہ میں ملائیں اور عرق گاؤزبان 12 تولہ میں شیرہ حب الآس 3 ماشہ- شیرہ تخم خرفہ سیاہ 3 ماشہ- شیرہ کوکنار 1 عدد- نکال کر رب بہ شیریں 2 تولے شامل کریں اور اس کے ساتھ خمیرہ کھائیں۔

بدل : اگر اسہال زحیری اور پرانا بخار بھی ہو تو عرق گاؤزبان 12 تولے کی جگہ عرق بادیان 6 تولہ- عرق برنجاسف 6 تولہ میں شیرہ نکالیں۔

سل

1- گیرو 1 ماشہ- سنگجراحت- دم الاخوین- بسد سوختہ ہر ایک ایک ماشہ سب کو پیس کر خمیرہ خشخاش 1 تولہ میں ملائیں اور بہدانہ 3 ماشہ- عناب 5 دانے- سپستان 9 دانے کو

جوش دے کر شربت بنفشہ 2 تولے شامل کریں اور خمیرے کے ساتھ پئیں۔

اضافات: اس نسخہ میں کبھی مرجان سوختہ۔ سرطان محرق ہر ایک ایک ماشہ اور کبھی گوند ببول 1 ماشہ۔ کتھوا 1 ماشہ اور رب السوس ایک ماشے کا اضافہ کرتے ہیں۔

2- سرفہ کہنہ و سل: غروی السمک 2 ماشہ۔ نبات سفید 2 تولہ۔ شیر مادہ گاؤ 10 تولہ میں جوش دیں اور چھان کر پی لیں۔

امراض قلب

ہدایات علاج: 1- امراض و قلب میں فصد و اسہال کی افراط بہت زیادہ مضر ہے۔

2- مزاج حار د بارد کے تبدیل کرنے میں گرم اور سرد دوائیں ملا کر استعمال کریں۔

ضعف قلب و خفقان

مفرح بارد 5 ماشہ۔ عرق گذر 12 تولے۔ نبات سفید 2 تولہ کے ساتھ کھائیں۔

نکات مطب: 1- اگر خفقان و ضعف کے ساتھ شدید حرارت ہو تو مفرح بارد 5 ماشہ۔ شیرہ مویز منقی 9 دانہ۔ عرق گاؤزبان 3 تولہ۔ عرق کیوڑہ 3 تولہ۔ گلاب 3 تولے۔ عرق بید مشک 3 تولے میں نکال کر شربت سیب 2 تولہ ملائیں اور خمیرہ کھا کر اوپر سے پئیں۔

خفقان حار' سل و دق و سرفہ خشک

خمیرہ مروارید 5 ماشہ کھائیں اور لعاب بہیدانہ 30 ماشہ۔ شیرہ عناب 5 دانے عرق گاؤزبان 12 تولے میں نکال کر شربت سیب 3 تولہ ملائیں اور تخم فرنجمشک 5 ماشہ چھڑک کر پئیں۔

اضافہ و بدل: کبھی خمیرہ مروارید 5 ماشہ کی جگہ خمیرہ ابریشم شیرہ عناب والا 5 ماشہ استعمال کراتے ہیں اور کبھی شیرہ مغز کدو 3 ماشہ۔ شیرہ مغز تربوز 3 ماشہ اضافہ کرتے ہیں۔

امراض مری و معدہ

ہدایات علاج: 1- مری میں مقامی دوائیں دونوں شانوں کے درمیان لگائی جاتی ہیں۔

2- مری و معدہ کے ضماد میں عطریت ضرور ہونی چاہئے۔

3- امراض مری میں پینے کی دوا لعوق اور حریرے کی شکل میں ہونی چاہئے۔

4- معدے کے استفراغ مادہ کے لئے بہترین دوا ایارج ہے۔

5- امراض معدہ میں جو دوائیں استعمال کریں وہ بہت باریک نہ پسوائیں۔

بدہضمی: شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ عرق بادیان 6 ماشہ۔ عرق کو 6 تولہ میں نکال کر خمیرہ بنفشہ 4 تولہ ملائیں اور صاف کر کے پئیں۔

نکات مطب: (ا) اگر فساد غذا سے ہچکی عارض ہو تو مصطگی رومی 1 ماشہ عاقر قرحا ایک ماشہ پیس کر جوارش کمونی ایک تولہ میں ملائیں اور نسخہ مذکور کے ساتھ کھائیں۔

ب۔ اگر مواد بلغمیہ زیادہ ہوں تو شیرہ مویز منقی 9 دانے۔ شیرہ تخم کشوث 3 ماشہ اضافہ کریں۔

ج۔ اگر تبخیر معدہ و درد سر ہو تو خمیرہ گاؤزبان ایک تولہ۔ ورق نقرہ میں لپیٹ کر اس نسخے کے ساتھ استعمال کریں۔

د۔ اگر پیٹ میں ریاح ہوں تو جوارش کمونی ایک تولہ۔ شیرہ تخم کشوث 3 ماشہ۔ خمیرہ انیسون 4 ماشہ بڑھائیں اور خمیرہ بنفشہ کی جگہ گلقند 4 تولہ شامل کریں۔

ر۔ اگر قبض ہو تو شربت دینار 2 تولہ اور شربت وردمکرر 2 تولہ اضافہ کریں۔

س۔ ورم احشا۔ صلابت شکم اور پرانے بخار کی صورت میں عرق بادیان کی جگہ عرق برنجاسف 12 تولہ داخل کرتے ہیں اس حالت میں کبھی شیرہ عنب الثعلب 5 ماشہ کو بھی بڑھاتے ہیں۔

خلل شکم۔ امراض باردہ و بلغمیہ و معدہ و جگر و طحال و رحم۔ حمیات بلغمیہ و صلابت و شکم و اورام احشا

گل بنفشہ 7 ماشہ۔ مویز منقی 9 دانے۔ بادیان 7 ماشے۔ بیخ کاسنی 7 ماشے۔ گاؤزبان 5 ماشے۔ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں اور صبح مل چھان کر خمیرہ بنفشہ 4 تولہ ملائیں۔

اشارات مطب: 1- اس نسخے کو پیش خلل کہتے ہیں اور یہ نہایت کثرت سے شریف خانی اطبا کے ہاں برتا جاتا ہے۔

2- نزلے میں تخم خطمی 7 ماشہ۔ تخم خبازی 7 ماشہ کا اضافہ کرتے ہیں۔

3- کھانسی کی صورت میں [illegible] گاؤزبان 3 ماشہ۔ اصل السوس 5 ماشہ بڑھاتے ہیں۔

4- بخار کی صورت میں آٹھویں روز خاکسی 7 ماشہ کا اضافہ کرتے ہیں۔

[illegible] اصل السوس مقشر 2 ماشہ کا اضافہ کرتے ہیں کبھی تخم کاسنی 2 ماشہ اور تخم خباری 2 ماشہ بڑھاتے ہیں۔

6- اگر بلغم عروق [illegible] میں حسیدہ ہو تو پرسیاؤشان 3 ماشہ اور تخم کشوث 5 ماشہ پوٹلی میں باندھ کر شامل کرتے ہیں۔

7- تقویت و تفتیح سدد عروق کے لئے تخم کشوث 5 ماشہ پوٹلی میں باندھ کر ڈالتے ہیں۔
8- صرع کی رعایت مطلوب ہو تو عود صلیب 5 ماشہ نیم کوفتہ شامل کرتے ہیں۔
9- طحال کی رعایت مطلوب ہو تو برگ جھاؤ 7 ماشے اور انجیر زرد 5 دانہ بڑھاتے ہیں۔
20- استسقا میں انجیر زرد 5 دانے اور تخم کشوث 5 ماشے پوٹلی باندھ کر شامل کرتے ہیں۔
11- آنتوں میں خراش ہو تو ریشہ خطمی 7 ماشہ زیادہ کرتے ہیں۔
12- اگر صفرا زیادہ ہو تو آلو بخارا 5 دانے اضافہ کرتے ہیں۔
13- اگر خون خراب ہو تو چرائتہ 7 ماشہ اور شاہترہ 7 ماشہ ڈال دیتے ہیں۔
14- اگر قبض ہو تو گل سرخ 7 ماشے بڑھاتے ہیں۔ مگر بحالت نزلہ گل سرخ نہیں دینا چاہئے۔
15- اورام احشا کی صورت میں آب مکو سبز مروق 3 تولہ۔ آب کاسنی سبز مروق 3 تولہ اضافہ کرتے ہیں۔
16- نضج بلغم و تفتیح مجاری مقصود ہو تو بیخ کسبمو 7 ماشہ۔ بیخ اذخر 7 ماشے یا بیخ بادیان 7 ماشہ اور اصل السوس مقشر 5 ماشہ اضافہ کرتے ہیں۔
17- اورار اور سدہ کبد کی تفتیح کی ضرورت ہو تو تخم کاسنی 7 ماشہ (نیم کوفتہ) اور تخم خیارین 7 ماشہ (نیم کوفتہ) بڑھاتے ہیں۔
18- یرقان ہو تو آب برگ ترب سبز 4 تولے اور تخم خیارین 7 ماشے زیادہ کرتے ہیں۔
19- تلیین کی ضرورت ہو تو برگ سنا کی 7 ماشہ۔ گلقند 4 تولہ۔ ترنجبین 4 تولہ شکر سرخ 4 تولہ بڑھاتے ہیں۔

ریاح و درد شکم

پہلے جوارش جالینوس 7 ماشہ کھائیں اور گلاب 12 تولہ یا عرق بادیان 6 تولہ اور عرق مکوہ 6 تولے میں شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ شیرہ تخم کشوث 3 ماشہ نکال لیں اور گلقند 4 تولہ ملا کر اوپر سے پئیں۔

اضافات: 1- اگر موجب قوی ہو تو شیرہ تخم کرفس 3 ماشہ۔ شیرہ انیسوں 3 ماشہ اضافہ کریں۔

2- اگر رفع قبض کی ضرورت ہو تو شربت ورد مکرر 2 تولے اور شربت دینار 2 تولہ اضافہ کریں۔

درد فم معدہ بارد: مصطگی ایک ماشہ اور جدوار 1 ماشہ پیس کر جوارش جالینوس 7 ماشہ میں ملائیں اور ماء اللحم کاسنی مکو والے 5 تولے میں گلقند 4 تولے ملا کر جوارش کے کھانے

کے بعد پئیں۔

ضعف ہضم: نمک لاہوری۔ سماق دانہ ہیل۔ انار دانہ۔ کشنیز خشک ہر ایک ایک تولہ سفوف بنائیں اور طعام کے بعد چھ ماشہ کھائیں۔

تبخیر معدی: بادیان۔ کشنیز خشک۔ دانہ ہیل ہر ایک ایک تولہ۔ نبات سفید 3 تولہ پیس کر سفوف بنائیں اور 6 ماشہ پانی کے ساتھ کھائیں۔

نفخ شکم و ریاح: پودینہ 1 تولہ۔ سماق 6 ماشہ۔ نمک طعام 6 ماشہ۔ فلفل سیاہ ڈھائی ماشہ سفوف بنائیں۔ 3 ماشہ غذا سے پہلے یا پیچھے کھائیں۔

ہیضہ وبائی: پوست بیرون پستہ۔ زہر مہرہ۔ ہنسلوچن۔ سماق۔ انار دانہ بریاں۔ پوست ترنج ہر ایک ایک ماشہ۔ سب کو پیسیں اور جوارش عود ترش 7 ماشہ میں ملا کر کھائیں اور شیرہ زرشک 3 ماشہ۔ شیرہ آلو بخارا 5 دانے۔ شیرہ تخم خرفہ سیاہ 3 ماشہ۔ عرق کیوڑہ 4 تولہ۔ بید مشک 4 تولہ۔ گلاب 4 تولہ میں نکال لیں اور شربت غورہ 2 تولہ یا سکنجبین 2 تولہ اور شربت لیموں 2 تولہ ملا کر پئیں۔

لعوق ہیضہ و قے و غثیان

زہر مہرہ۔ہنسلوچن۔ پوست ترنج۔ انار دانہ بریاں ہر ایک ایک ماشہ۔ سب کو پیس کر شربت انار شیریں 2 تولہ میں ملائیں اور تھوڑا تھوڑا کر کے چاٹیں۔

اضافہ و بدل: کبھی اس میں سماق 1 ماشہ۔ پوست بیرون پستہ 1 ماشہ۔ زرشک 1 ماشہ اور صندل سفید 1 ماشہ بڑھا دیتے ہیں اور کبھی شربت انار 2 تولہ کی جگہ شربت لیموں 2 تولہ یا شربت غورہ 2 تولہ استعمال کرتے ہیں۔

ضماد درد معدہ: (جو ہیضہ غذائی میں لاحق ہوتا ہے) سماق 3 ماشے۔ صندل سفید۔ زرورد۔ طباشیر۔ گل سرخ ہر ایک 3 ماشہ۔ سب کو پیس کر سرکہ خالص 6 ماشہ اضافہ کریں اور مقام ماؤف پر لیپ کریں۔

تشنگی۔ سوزش فم معدہ۔ قے و اسہال صفراوی

زہر مہرہ۔ ہنسلوچن۔ انار دانہ۔ زرشک۔ زرورد ہر ایک ایک ماشہ سب کو پیس کر جوارش انارین 7 ماشہ میں ملا لیں اور لعاب بہیدانہ 3 ماشہ۔ شیرہ تخم خرفہ سیاہ 3 ماشہ۔ شیرہ صندل سفید 3 ماشہ۔ عرق بادیان 8 تولہ۔ عرق بید مشک 4 تولہ میں نکال کر شربت غورہ 2 تولہ ملائیں اور جوارش کھا کر اوپر سے پئیں۔

ہیضہ غذائی (تخمہ)

جوارش کمونی 1 تولہ کھائیں اور شیرہ مویز منقی 9 دانہ۔ شیرہ تخم کشوث 3 ماشہ شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ عرق بادیان 4 تولہ۔ عرق عنب الثعلب 4 تولہ۔ گلاب 4 تولہ میں نکال کر خمیرہ بنفشہ 4 تولہ اور گلقند 4 تولہ ملائیں اور پی جائیں۔

اضافات : 1- اگر تلین طبع کی ضرورت ہو تو شربت ورد 4 تولے اور شربت دینار 4 تولہ ملائیں۔

2- اگر فائدہ نہ ہو تو سنائی 7 ماشہ۔ تربد سفید مجوف خراشیدہ 5 ماشہ پیس کر گلقند 2 تولہ میں ملا کر غلولہ بنا کر عرق گلاب 12 تولہ کے ساتھ کھائیں یا مسہل بارد استعمال کریں اور عصارہ ریوند 1 ماشہ۔ گلقند 4 تولے میں ملا کر گلاب 12 تولہ کے ساتھ کھائیں۔

○ امراض جگر و مرارہ و طحال

دستور العلاج : 1- جگر کی دواؤں میں تلخی- خوشبو یا خاصیت قبض ضرور ہونی چاہئے۔

2- جگر کی تبرید و تسخین میں مبالغہ کرنے سے استسقاء بول کا خدشہ ہے۔

3- امراض جگر میں جو دوائیں استعمال کریں وہ نہایت باریک ہونی چاہئے۔

4- جب مادہ حدبۂ کبد میں ہو تو مسہل نہ دیں اور جب قعر میں ہو تو ادرار کی دوائیں نہ ملائیں۔

حرارت جگر- سدہ جگر- صلابت طحال- حمی مزمنہ- یرقان اصفر- نسخہ چکیدہ کاسنی

تخم کاسنی کا ایک تولہ نیم کوفتہ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں- صبح صافی چہار تہ لے کر اس کے چاروں کونے چار لکڑیوں سے باندھ دیں اور تخم کاسنی کو سات مرتبہ رنگریزوں کی رنگی کی طرح نچائیں اور شربت بزوری 4 تولے ملا کر پئیں۔

تشریح ۔ نسخہ اس پرانے بخار میں استعمال کیا جاتا ہے جو تنقیہ کے بعد بھی حرارت جگر کی وجہ سے باقی رہے۔

سدہ جگر و طحال و حمیات کہنہ

[illegible] کر [illegible]

چھٹنے پر اتار کر چھان لیں اور استعمال کریں۔

بدل [illegible] نسخہ [illegible] نوشتہ [illegible] کرتے ہیں۔

ورم جگر و معدہ و ورم احشا

1- نسخہ خلل شکم (مندرجہ امراض معدہ) باضافہ تخم کشوث 5 ماشہ- آب عنب الثعلب سبز مروق 4 تولہ- آب کاسنی سبز مروق 4 تولہ بوقت صبح پلائیں-
2- شام کو شیرہ بادیان 5 ماشہ- شیرہ مویز منقہ 9 دانے- شیرہ عنب الثعلب خشک 5 ماشہ عرق برنجاسف 2 تولے میں نکال کر خمیرہ بنفشہ 4 تولے ملائیں اور پئیں-

اضافہ: کبھی تقویت کے خیال سے نسخہ نمبر(2) کے ساتھ دواء المسک معتدل 7 ماشہ- ورق نقرہ میں لپیٹ کر کھلاتے ہیں-

عظم جگر: گل بنفشہ 7 ماشہ- بادیان 7 ماشہ- بیخ بادیان- 5 ماشہ- افسنتین 5 ماشہ- عنب الثعلب 5 ماشہ- برنجاسف 5 ماشہ- رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح خمیرہ بنفشہ 4 تولہ ملائیں اور مل چھان کر پئیں-

درد جگر (جو سدے سے ہو): جوارش زرعونی 7 ماشہ کھائیں اور شیرہ بادیان 5 ماشہ- شیرہ انیسوں 5 ماشہ- شیرہ تخم کشوث 5 ماشہ- شیرہ تخم خیارین 3 ماشہ- پانی میں نکال کر گلقند 4 تولہ ملائیں اور پی جائیں-

درد جگر (جو سدہ اور ورم سے ہو)

افسنتین رومی 7 ماشہ- نوشادر 4 سرخ پانی میں پیس کر آگ پر رکھیں- پھٹنے پر اتار لیں اور صاف کر کے پئیں-

سوء مزاج بارد کبد و معدہ- سوء القنیہ- تہبیج اطراف- حمیات بلغمیہ کہنہ

1- اجوائن دیسی 1 تولہ مٹی کے کورے برتن میں تر کر کے بوقت روز سایہ میں اور بوقت شب کھلی جگہ میں رکھیں اور دوسرے روز اس کا زلال پئیں-
2- اسی ترکیب سے زنجبیل 2 تولہ کا زلال بھی مستعمل ہے-

سوء القنیہ- استسقا- رطوبت شکم- سوء مزاج بارد

1- برگ کسوندی ایک تولہ- فلفل سیاہ 5 دانے پانی میں پیس کر استعمال کریں-
2- معجون دبید الورد 7 ماشہ کھائیں اور شیرہ بادیان 5 ماشے- شیرۂ تخم کشوث 3 ماشہ- عرق بادیان 6 تولہ- عرق مکوہ 6 تولہ میں نکال کر گلقند 4 تولے ملائیں اور مل چھان کر استعمال کریں-
3- مویز منقی 9 دانہ فلفل سیاہ 5 دانہ پانی میں پیس کر پئیں-

یرقان: آب برگ ترب سبز 4 تولہ۔ شکر سرخ 4 تولہ حل چھان کر پئیں۔

ورم و عظم طحال: 1- خردل 9 ماشہ۔ سہاگہ بریاں 3 ماشہ۔ باریک پیس کر سفوف بنائیں اور ایک ماشہ تازہ پانی کے ساتھ کھائیں۔

2- حب اشجار 3 ماشہ گرم پانی کے ساتھ کھایا کریں۔

ضماد طحال: 1- برگ سداب 15 ماشہ۔ اشق 7 ماشہ۔ بورہ ارمنی 3 ماشہ۔ پودینہ خشک 3 ماشے کوٹ چھان کر خالص سرکہ ملائیں اور کپڑے پر لگا کر مقام طحال پر لیپ کریں۔

2- انزروت 6 ماشہ۔ کتھوا 1 تولہ۔ اشق 2 تولے۔ زراوند مدحرج ایک تولہ' پرانے سرکے میں خوب حل کر کے موٹے کپڑے پر لیپ کریں اور طحال پر چپکا دیں جس قدر کپڑا اکھڑتا جائے قینچی سے کاٹتے جائیں۔

امراض امعاء و مقعدہ

دستور العلاج: 1- اسہال کا علاج اکثر قابض۔ مغلظ اور مغری دواؤں سے کیا جاتا ہے کبھی مخدرات کی بھی ضرورت ہوتی ہے کبھی مدر عرق آور مسام کشا اور محرک قے دوائیں استعمال کی جاتی ہیں۔

2- نیند لانا اسہال کے لئے بہترین تدبیر ہے۔

3- شکم پر پچھنے لگانے سے چار ساعت کے لئے اسہال بند ہو جاتے ہیں۔

پیچش: لعاب ریشہ خطمی۔ شیرہ حب الاس 3 ماشہ۔ پانی میں نکال کر شربت بنفشہ 2 تولہ ملائیں اور اسبغول 7 ماشہ مسلم چھڑک کر پئیں۔

اضافات: 1- زحیر صادق اور تہبیج امعا کی صورت میں اس کے ساتھ سفوف ملیں 7 ماشہ روغن گاؤ میں چرب کر کے کھلاتے ہیں۔

2- بلغم و ضعف معدہ کی رعایت سے کبھی جوارش جالینوس 7 ماشہ اضافہ کرتے ہیں۔

3- اورام احشاء کی صورت میں عرق برنجاسف 12 تولہ شامل کرتے ہیں۔

4- تفریح و قبض کی رعایت سے آب انار شیریں 4 تولہ بڑھاتے ہیں۔

5- زیادہ قبض مطلوب ہو تو شیرہ بیل گری 3 ماشہ شامل کرتے ہیں۔

6- قبض بواسیر ریحی کی رعایت سے شربت بنفشہ کی جگہ شیرہ بادیان 5 ماشہ اور گلقند 4 تولہ ملاتے ہیں۔

7- کبھی تبرید و ترطیب کے لئے لعاب بہدانہ 3 ماشہ اضافہ کرتے ہیں۔

۔ اگر خون بھی مختلط ہو تو شیرہ بیخ انجبار 5 ماشہ۔ شیرہ بیل گری 3 ماشہ اضافہ کرتے ہیں اور شربت بنفشہ کی جگہ شربت انار 2 تولے ڈال کر تخم بارتنگ 5 ماشہ چھڑکتے ہیں۔

پیچش و نزلہ و سرفہ

ریشہ خطمی 7 ماشہ۔ تخم خطمی 7 ماشہ۔ تخم خبازی 7 ماشہ۔ پانی میں جوش دے کر شربت بنفشہ 2 تولہ ملا کر پئیں۔

زحیر سدی: ریشہ خطمی 5 ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں تر کر کے صبح لعاب نکال کر مغز فلوس خیارشنبر 4 تولہ ملائیں اور اچھی طرح مل چھان لیں شیرہ مغز بادام 5 دانے اضافہ کرتے ہیں۔

اضافہ: یہ کبھی گلقند 4 تولہ اور ترنجبین 4 تولہ اضافہ کرتے ہیں۔

نقوع پیچش

گل بنفشہ 7 ماشہ۔ ریشہ خطمی 7 ماشہ۔ تخم کنوچہ 7 ماشہ۔ تخم خطمی 7 ماشہ۔ تخم خبازی 7 ماشہ۔ گاؤزبان 5 ماشہ رات کو گرم پانی میں تر کر کے صبح مل چھان لیں اور شربت بنفشہ 2 تولہ ملا کر پئیں۔

نکات مطب: یہ نسخہ اس وقت استعمال کیا جاتا ہے جب پیچش کے ساتھ کھانسی نزلہ یا بخار ہو۔

2۔ اگر کھانسی یا نزلہ ہو تو گل سرخ 7 ماشہ بھی بڑھا دیتے ہیں۔

3۔ کبھی قبض اور تہبیج کی رعایت سے مروڑ پھلی 5 ماشہ بھی اضافہ کرتے ہیں۔

پیچش و اسہال معدی

خس۔ بیل گری۔ گل دھاوا۔ اندر جو شیریں ہر ایک ایک تولہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور رب بہی شیریں 2 تولہ۔ رب جامن 2 تولہ کو پانی میں حل کر کے 6 ماشہ سفوف اس کے ساتھ کھائیں۔

پیچش و اسہال

بادیان ایک تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ایک تولہ۔ پوست خشخاش 1 تولہ۔ سب کو روغن گاؤ میں بریاں کر کے کوٹ چھان لیں اور رب بہی شیریں 2 تولہ پانی میں حل کر کے 6'6 ماشہ اس کے ساتھ کھائیں۔

اسہال دموی بواسیر

مغز خستہ انبہ 6 ماشہ۔ مغز خستہ جامن 6 ماشہ۔ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور ساتھی

کے چاولوں کی پیچ یا رب بہی شیریں 2 تولہ کے ساتھ 3 ماشہ کھائیں۔

اسہال معدی

شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ شیرہ دانہ الائچی 3 ماشہ۔ شیرہ حب الاس 3 ماشہ پانی میں نکالیں اور رب بہی شیریں 2 تولہ ملا کر کھائیں۔

اضافات: 1- تقویت معدہ ہاضمہ کے لئے جوارش مصطگی 7 ماشہ۔ جوارش آملہ 7 ماشہ یا نوش دارو 5 ماشہ بڑھاتے ہیں۔

2- کبھی مصطگی رومی ایک ماشہ۔ انار دانہ 1 ماشہ۔ سماق 1 ماشہ بھی اضافہ کرتے ہیں۔

3- اسہال کبدی کی صورت میں شیرہ زیرہ سیاہ 3 ماشہ بڑھاتے ہیں۔

اسہال معدی و کبدی

زہر مہرہ 1 ماشہ۔ بنسلوچن 1 ماشہ۔ انار دانہ بریاں 1 ماشہ۔ سماق 1 ماشہ۔ زرورد ایک ماشہ' جوارش انارین 7 ماشہ یا جوارش آملہ کلاں 7 ماشہ میں ملائیں اور شیرہ زرشک 3 ماشہ۔ شیرہ تخم خرفہ 3 ماشہ۔ عرق گاؤزبان 6 تولہ۔ عرق بید مشک 6 تولہ میں نکال کر شربت انار شیریں 2 تولہ۔ یا رب بہ شیریں 2 تولہ داخل کریں اور جوارش مذکور کے ساتھ کھائیں۔

اسرار مطب: (ا) یہ نسخہ اس حالت میں خصوصاً مفید ہے جب کہ مسہل کے استعمال سے مناسب تعداد سے زیادہ اسہال آئیں۔

(ب) اگر کثرت اسہال سے سحج کا خطرہ ہو تو لعاب بہیدانہ 3 ماشہ۔ ریشہ خطمی 4 ماشہ بھی بڑھادیں۔

(ج) اگر قبض زیادہ منظور ہو تو شیرہ بیل گری 3 ماشہ اضافہ فرمائیں۔

اسہال اطفال (جو دانت نکلنے کے وقت عارض ہوتے ہیں)

1- شیرہ بادیان 1 ماشہ۔ شیرہ دانہ ہیل 1 ماشہ پانی میں نکالیں اور نبات سفید 6 ماشہ ملا کر استعمال کریں۔

2- شیرہ حب الاس ایک ماشہ۔ شیرہ بیل گری ایک ماشہ میں رب بہ شیریں ملا کر دیں۔

اسہال دموی بواسیری

گلنار ایک ماشہ۔ جوزبوا 1 ماشہ۔ افیون 1 ماشہ۔ چاکسو۔ رسوت۔ نرکچور زیرہ سیاہ۔ نیم کی کونپل۔ ببول کی کونپل۔ بکائن کی کونپل ہر ایک 3 ماشہ کوٹ چھان کر حبوب بقدر مونگ بنائیں اور دو سے چار روز تک حسب حاجت کھلائیں۔

اضافہ: کبھی اس میں زرد چوب 3 ماشہ کا اضافہ کرتے ہیں۔

اسہال۔ ضعف معدہ (جو کبھی کبھار دورہ کریں)

معجون تلخ 5 ماشہ کھائیں اور شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ شیرہ تخم کثوث 5 ماشہ۔ عرق بادیان 6 تولہ۔ عرق عنب الثعلب 6 تولہ میں نکالیں اور خمیرہ بنفشہ 4 تولہ ملا کر پئیں۔

اسہال کبدی و معدی

مالتی بسنت ایک چاول۔ توتیا کبیر 1 چاول۔ معجون سنگدانہ مرغ 5 ماشہ میں ملا کر کھائیں اور اوپر سے شیرہ حب الاس 3 ماشہ۔ شیرہ بیخ انجبار 3 ماشہ۔ شیرہ تخم کاسنی 3 ماشہ۔ شیرہ تخم خرفہ سیاہ 3 ماشہ۔ شربت انار دو تولہ ملا کر پئیں۔

اسہال بواسیری

مالتی بسنت ایک چاول۔ توتیائے کبیر ایک چاول۔ ایک معجون مقل 7 ماشہ ملا کر کھائیں۔

بواسیر بادی: 1- خوبانی 5 عدد رات کو گرم پانی میں تر کر کے صبح اس کا زلال پئیں اور اس کے بعد خوبانی بھی کھائیں۔

2- ہلیلہ مربی ایک عدد گرم پانی سے دھو کر ورق نقرہ سے ملفوف کریں اور شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ شیرہ انیسوں 3 ماشہ۔ عرق بادیان 12 تولہ میں نکال کر خمیرہ بنفشہ 4 تولہ ملائیں اور ہلیلہ مربی کھا کر پئیں۔

اضافہ و بدل: 1- کبھی شیرہ مویز منقی 9 دانے۔ شیرہ عنب الثعلب 5 ماشہ۔ شیرہ تخم کثوث 3 ماشہ بھی اضافہ کرتے ہیں۔

2- کبھی رسوت 1 ماشہ اور مقل ایک ماشہ پیس کر جوارش جالینوس 7 ماشہ ملا کر کھلاتے اور مذکورہ شیرے پلاتے ہیں۔

بواسیر خونی

1- شیرہ کشنیز خشک 3 ماشہ۔ لعاب ریشہ خطمی 5 ماشہ۔ شیرہ بیخ انجبار 3 ماشہ۔ شیرہ تخم خرفہ سیاہ 3 ماشہ پانی میں نکال کر شربت انجبار 2 تولہ داخل کریں اور تخم بارتنگ 5 ماشہ یا اسبغول 7 ماشہ مسلم چھڑک کر پئیں۔

2- گیرو میں آب گکرونده سبز کافی مقدار میں جذب کریں اور حبوب بقدر نخود باندھ لیں۔ خوراک ایک حب صبح اور ایک حب شام۔

3- ہلیلہ کابلی 1 تولہ مٹی کے گرم کئے ہوئے برتن میں سرخ کریں۔ سرخ ہونے پر انہے گھی سے چرب کر کے بھونیں جب چھلکا اتر جائے تو سرخ کی ہوئی رسوت ایک تولہ کے

ساتھ ملا کر اڑد کی دال کے برابر گولیاں بنائیں۔

2 تولے شربت انجبار 2 تولہ کے ساتھ کھائیں اور عندالضرورت دن میں تین چار مرتبہ کھائیں۔

مرہم بواسیر: چوب نیم سائدہ 2 تولہ۔ مسکہ گاؤ 3 تولہ۔ سہاگہ چوکیہ بریاں 2 تولہ تینوں کو پھول کی تھالی میں دستہ چوب نیم سے اس قدر پیسیں کہ سیاہ ہو جائے۔ پھر مسوں پر ضماد کریں۔

قولنج ریحی: جوارش جالینوس 7ماشہ یا جوارش کمونی مسہل ایک تولہ کھائیں اور شیرہ بادیان 5 ماشہ۔ شیرہ انیسوں 5 ماشہ۔ عرق بادیان 6 تولے اور عرق مکویا عرق پودینہ 6 تولہ میں نکالیں اور شربت دینار 4 تولہ اضافہ کر کے پئیں۔

اضافہ: کبھی شیرہ زیرہ سیاہ 3 ماشہ اور شیرہ زنجبیل 5 ماشے اضافہ کرتے ہیں۔

قولنج ریحی و بلغمی

تربد موصوف 5 ماشہ۔ سنا کی 7 ماشہ دونوں کو پیس کر گلقند 2 تولہ میں ملائیں اور نیم گرم عرق گلاب 12 تولہ کے ساتھ کھائیں۔

قولنج سدی: روغن بید انجیر 4 تولے۔ گلاب نیم گرم 12 تولے میں ملا کر پئیں۔

کدودانہ۔ کمیلہ۔ بابرنگ۔ برگ نیم ہم وزن کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور 6 ماشہ شہد میں ملا کر کھائیں۔

کرم امعاء: اول چند روز تک شیر گاؤ۔ ثمار۔ نبات سفید 4 تولہ پیا کریں۔ پھر بابرنگ۔ سرخس پونے دو ماشہ۔ کمیلہ پونے دو ماشہ ترمس پونے دو ماشہ۔ حب النیل پونا تولہ قسط تلخ پونا تولہ نمک ہندی پونا تولہ سفوف بنا کر ناک بند کر کے کھائیں۔ دوسرے روز تربد موصوف پونے تین اور سنا کی پونا تولہ گلقند 4 تولہ ملا کر کھائیں۔

خروج مقعد و استحاضہ

1- بلوط 6 ماشہ۔ اقاقیہ 6 ماشہ۔ گلنار 6 ماشہ۔ مازو سبز 6 ماشہ۔ پوست انار 6 ماشہ۔ پانی میں جوش دے کر آب دست کریں اور اس کے ثفل کو پیس کر لیپ کریں۔

2- پوست انار 4 تولہ پانی میں جوش دیں اور صاف کر کے آب دست کریں۔

خروج مقعد: گلنار سرخ۔ مازو سبز۔ پوست انار ہر ایک ایک ماشہ سب کو پیس کر خروج مقعد کے وقت اس پر چھڑکیں اور لنگوٹہ باندھیں۔

امراض گردہ و مثانہ

نکات مطب: 1- قے اکثر امراض گردہ و مثانہ میں مفید ہوتی ہے۔
2- بول الدم میں ایڑی پر پچھنے لگانا بہت مفید ہے۔

سوزش بول۔ سوزاک جدید

1- شیرہ تخم خیارین 3 ماشہ۔ شیرہ خارخسک 3 ماشہ۔ شیرہ تخم خرپزہ 3 ماشہ پانی میں نکالیں اور شربت بزوری 4 تولہ ملا کر پئیں۔

سوزاک جدید و امراض حار مجاری بول

2- پوست فالسہ شکری 1 تولہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح اس کا زلال لیں اور شربت بزوری 4 تولہ ملا کر پئیں۔

اضافہ: کبھی روغن صندل ایک ماشہ بتاشہ میں ڈال کر استعمال کراتے ہیں اور جب مرض پرانا ہو جائے تو روغن بلسان ایک ماشہ بتاشہ میں ڈال کر اضافہ کرتے ہیں۔

3- **سوزاک:** گیرو 3 تولے۔ نخود خام مع پوست نیم کوفتہ 3 تولے رات کو گرم پانی میں بھگوئیں۔ صبح زلال لے کر شربت بزوری 4 تولہ میں ملا کر پئیں۔

فائدہ: مطب میں بالعموم نسخہ اول بوقت شام اور نسخہ ثانی بوقت صبح دیا جاتا ہے اس سے فائدہ ہونے کی صورت میں سفوف مامیراں یا سفوف قلعی کشتہ استعمال کراتے ہیں کبھی ابتدا سے عرق سوزاک بھی پلاتے ہیں۔ کبھی سفوف سرخ بھی دیتے ہیں اور کبھی نسخہ ذیل بھی برتا جاتا ہے۔

نسخہ زلال پوست نیم

پوست نیم 1 تولہ رات کو گرم پانی میں تر کر کے صبح اس کا زلال لیں اور شربت بزوری 4 تولہ ملا کر پئیں۔

سوزاک جدید و قدیم

پھٹکڑی ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا 4 ماشہ۔ دونوں کو خوب بریاں کر کے پانی میں حل کر کے اور ہر روز پانچ چھ بار پچکاری کریں۔

درد گردہ ریحی

جوارش کمونی ایک تولہ کھائیں اور شیرہ بادیان 4 ماشہ شیرہ تخم کشوث 3 ماشے۔ شیرہ انیسوں 5 ماشہ۔ عرق بادیان 6 تولے عرق عنب الثعلب 6 تولے نکال کر گلقند 4 تولہ۔

خمیرہ بنفشہ 4 تولہ ملائیں اور مل چھان کر شربت دینار 4 تولے اضافہ کر کے ساتھ پئیں۔

نطول درد گردہ

گل ٹیسو 4 تولہ۔ گل آک 2 تولہ۔ پرسیاؤشاں 2 تولے۔ حب القلت 2 تولے۔ پوست خرپزہ 2 تولہ۔ تخم شبت 2 تولہ۔ تین پاؤ پانی میں جوش دیں جب تیسرا حصہ رہ جائے اتار کر نطول کریں اور ثفل مقام درد پر باندھ دیں۔

ضماد درد گردہ

زردی بیضہ مرغ ایک عدد' ظرف مس میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور زرد چوب 6 ماشہ پانی میں پیس کر اضافہ کریں جب مرہم کی طرح ہو جائے تو مقام درد پر لگائیں اور پان رکھ کر کپڑے سے باندھ دیں۔

ریگ سنگ گردہ مثانہ

حجر الیہود 1 ماشہ۔ سنگ سرماہی 1 ماشہ۔ دنوں کو پیس کر جوارش زرعونی 7 ماشے یا درونج عقربی 1 ماشہ میں ملائیں اور شیرہ دوتو 3 ماشہ۔ شیرہ کاکنج 3 ماشہ شیرہ آلو بالو 3 ماشہ پانی یا عرق اناس میں نکال کر شربت بزوری 4 تولہ ملائیں اور جوارش یا معجون کھا کر اوپر سے پئیں۔

بدل: کبھی شورہ قلمی 1 ماشہ اور جوا کھار 1 ماشہ بھی پیس کر جوارش میں شامل کرتے ہیں۔

ذیابیطس: مغز پنبہ دانہ نیم کوفتہ 1 تولہ رات کو گرم پانی میں بھگو دیں صبح اس زلال کو لیں اور شربت بزوری 4 تولہ ملا کر پئیں۔

○ امراض مخصوصہ مردمان

دستور العلاج: 1- کبھی وجع عضو مخصوص حبس بول سے ہوتا ہے اور اس کی ساتھ شدید قبض بھی لاحق ہو جاتا ہے اس حالت میں حقنہ ملینہ استعمال کرنا چاہئے اور مدارت کااستعمال نہیں کرنا چاہئے حقنے کے بعد پیڑو اور عضو مخصوص کے حوالی پر نکور کرنی چاہئے۔
2- ورم گرم خصیہ و قضیب میں باسلیق کھولیں۔

جریان و رقت منی

1- ثعلب مصری 3 ماشہ۔ آرد سنگھاڑہ 3 ماشہ۔ مغز پنبہ دانہ 3 ماشہ۔ بنات سفید 2 تولہ پانی میں پیس کر شیر گاؤ 10 تولہ اور سبوس اسبغول 7 ماشہ اضافہ کر کے آگ پر رکھیں

جب غلیظ ہو جائے تو اتار کر کھائیں۔

2- تخم ریحان 6 ماشہ- نبات سفید 2 تولہ پانی میں پیس کر شیر گاؤ 10 تولہ ملائیں اور دھیمی نرم آنچ پر حریرہ بنا کر کھائیں۔

ورود منی و مذی

اصل السوس مقشر 6 ماشہ- تخم کاہو 9 ماشہ- گلنار فارسی 1 تولہ- گل سرخ سوا تولہ- تخم سداب سوا تولہ- تخم سنبھالو سوا تولہ سب کو پیس لیں اور 9 ماشہ پانی یا شربت بزوری 4 تولہ کے ساتھ پھانکیں۔

جریان و رقت منی

بیج بند سیاہ ساڑھے تین تولہ- گوکھر ساڑھے تین تولہ- تالمکھانہ ساڑھے تین تولہ اندر جو شیریں 7 تولہ- بہستان 2 تولہ- شکر تری ہم وزن ادویہ سفوف بنائیں اور 1 تولہ شیر گاؤ بھریا آب سرد کی ساتھ کھائیں۔

مغلظ منی- دافع جریان- ممسک

سنگھاڑہ خشک 6 ماشہ- گوند کتیرا 6 ماشہ- نشاستہ 4 ماشہ- تالمکھانہ 4 ماشہ- ثعلب مصری 4 ماشہ- مازو 4 ماشہ- مصطگی 43 ماشہ- نبات سفید ہم وزن ادویہ سفوف بنائیں اور 5 ماشہ شیر گاؤ ایک پاؤ کے ساتھ کھائیں۔

فائدہ : جریان میں اکثر ڈبی والی دواء خاص اور کڑاہی والی دواء سیاہ بھی استعمال کی جاتی ہیں۔

ضعف باہ

اس میں اکثر حب احمر' حب عنبر مومیائی- حب کیمیا عشرت- حب یاقوت- معجون جالینوس- معجون مروح الارواح- معجون کلاں- جوبر معین- معجون مقوی ممسک- معجون آرد خرما- وغیرہ استعمال کراتے ہیں ان کے نسخے حصہ اول میں گزر چکے ہیں۔

ضعف جماع (جو جماع کے بعد عارض ہو)

مومیائی 6 ماشہ- صمغ عربی 6 ماشہ- نبات سفید 8 ماشہ- گلاب میں حل کر کے گولیاں باندھیں اور 2 ماشہ ماء العسل کے ساتھ کھائیں۔

طلاء مجلوق

اسپند 1 تولہ- خردل 1 تولہ- مغز بیدانجیر 1 تولہ پیس کر روغن چنبیلی میں ملائیں اور نیم گرم کر کے مالش کریں۔

کماد مجلوق

انبہ ہلدی- ناگیسر- مال کنگنی- سم اسپ سیاہ- سم خر سیاہ- سم گاؤ سیاہ- ناخن فیل ہر ایک 6 ماشہ کوٹ چھان کر پوٹلی میں باندھیں اور کسی قدر روغن گاؤ- عرق پیاز رکابی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور پوٹلی رکابی میں گرم کر کے چار ساعت تک تکور کریں-

حب مبہی و ممسک

جوزبوا- بسباسہ- افیون خالص- مازو سبز- مصطگی- زعفران- ناگیسر- موچرس- گوگل- چھالیہ- دانہ الائچی خورد- بنسلوچن- اجوائن خراسانی- مساوی الوزن کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں اور خوراک ایک گولی ہمراہ شیر

ضماد ورم خصیہ

قیصوم- بابونہ - اکلیل الملک ہر ایک 3 تولہ- گل بنفشہ 14 ماشہ- گل خطمی سفید 14 ماشہ- گل سرخ 1 تولہ- کوٹ چھان کر لعاب تخم کتاں بقدر ضرورت- یا لعاب تخم کنوچہ بقدر ضرورت میں ضماد بنا کر لگائیں-

امراض مخصوصہ نسواں

ہدایت شریف : آماس صلب رحم میں باسلیق کا کھولنا- سودا کا استفراغ کرنا اور مرہم داخلیون رکھنا بہت مفید ہے-

پرسوت کا بخاری (جو وضع حمل کے بعد عارض ہوتا ہے)

عناب 5 دانے اور شربت بزوری 4 تولے کو پانی میں خفیف جوش دیں-اور چھان کر پلائیں-

احتباس طمث

حب القرطم 5 ماشے- گاؤزبان 5 ماشے- پوست خربزہ 7 ماشے- بادیان 7 ماشے 3 پاؤ پانی میں جوش دیں- جب تیسرا حصہ باقی رہ جائے تو شربت بزوری ملا کر پئیں-

اضافہ : کبھی پرسیاؤشاں 6 ماشہ بھی اضافہ کرتے ہیں-

احتباس حیض و نفاس

بادیان 3 ماشے اور ابہل 3 ماشے کو پانی میں جوش دیں اور شربت بزوری 2 تولے ملا کر پئیں-

نسخہ اسقاط جنین- تصفیہ رحم از نفاس وغیرہ

مشک طرامشیع 1 تولہ- پوست املتاس 9 ماشہ- پوست خرپزہ 6 ماشہ- تخم خرپزہ 6 ماشہ- بادیان 6 ماشہ- پرسیاؤشاں 6 ماشہ- گاؤزبان 5 ماشہ سب کو جوش دے کر چھان لیں اور شربت بزوری 4 تولہ ملا کر پئیں-

نکات مطب: 1- یہ نسخہ آب وغذا کی جگہ پلایا جاتا ہے-

2- موسم سرما میں شربت بزوری کی جگہ قند سیاہ کہنہ 4 تولے شامل کرتے ہیں-

3- اگر جنین اپنی جگہ سے حرکت کر چکا ہو تو نسخہ ذیل پلاتے ہیں-

پوست املتاس 1 تولہ اور شربت بزوری 4 تولے کو جوش دے کر صاف کر لیں اور نیم گرم پئیں-

اختناق الرحم (جو احتباس طمث وورم رحم سے عارض ہو)

عود صلیب 1 ماشہ' جدوار 1 ماشہ دونوں کو پیس کر خمیرہ گاؤزبان ایک تولے میں ملائیں اور ورق نقرہ 1 عدد لپیٹ کر کھائیں اور شیرہ تخم کاسنی 3 ماشے- شیرہ عنب الثعلب 3 ماشہ- عرق برنجاسف 6 تولہ- عرق گاؤزبان 6 تولہ میں نکال کر خمیرہ بنفشہ 4 تولہ ملائیں-

افراط حیض ونفاس

گیرو ایک ماشہ- سنگجراحت 1 ماشہ دونوں کو پیس کر پھانک لیں اور شیرہ حب الاس 3 ماشہ- شیرہ تخم خرفہ سیاہ 3 ماشہ- شیرہ بیخ انجبار 3 ماشہ- عرق گاؤزبان 12 تولے میں نکال کر شربت انار 2 تولے ملائیں اور تخم بارتنگ 3 ماشہ چھڑک کر پی جائیں-

استحاضہ: گیرو 1 ماشہ- سنگجراحت 1 ماشہ دونوں کو پیسکر مفرح بارد 5 ماشہ میں ملائیں اور لعاب بہیدانہ 3 ماشہ- شیرہ حب الاس 3 ماشہ- شیرہ تخم خرفہ سیاہ 3 ماشہ- شیرہ بیخ انجبار 3 ماشہ- عرق گاؤزبان 8 تولہ- عرق بید مشک 4 تولہ میں نکال کر شربت انار شیریں 2 تولہ ملائیں اور مفرح کھا کر پئیں-

بدل: کبھی مفرح بارد کی جگہ خمیرہ خشخاش 1 تولہ استعمال کرتے ہیں-

ورم رحم

گل بنفشہ 7 ماشہ- گاؤزبان 5 ماشہ- مویز منقیٰ 9 دانہ- بادیان 7 ماشہ- بیخ کاسنی 7 ماشہ جوش دے کر آب عنب الثعلب 4 تولہ (مروق) آب کاسنی سبز مروق 4 تولہ خمیرہ بنفشہ 4 تولہ ملائیں اور چھان کر پئیں-

ضماد ورم رحم: 1- مرہم داخلیون 1 تولہ- آب کاسنی سبز 3 تولہ- آب عنب الثعلب 3

تولہ میں حل کریں اور سفیدی بیضہ مرغ 1 عدد اور گل روغن 1 تولہ اچھی طرح ملا کر استعمال کریں۔

2- ضماد محلل (مندرجہ امراض حلق) پیڑو پر باندھیں۔

صلابت و اورام رحم و معدہ و مثانہ

برگ سہانجنہ 2 تولہ۔ برگ سنبھالو 2 تولہ۔ برگ بکائن 2 تولہ۔ برگ کاسنی 2 تولہ۔ برگ نرمد سبز 2 تولہ۔ برگ شبت 2 تولہ۔ برگ خطمی سبز 2 تولہ۔ عنب الثعلب 2 تولہ پکا کر روغن گل 2 تولہ اضافہ کریں اور نیم گرم باندھ دیں۔

ورم صلب رحم: شیر شتر۔ شیر میش۔ روغن بید انجیر ہموزن کو ملا کر آگ پر رکھیں جب خوب غلیظ ہو کر منجمد ہو جائے اس وقت زنجبیل 1 تولہ۔ نانخواہ 1 تولہ کا سفوف شامل کر کے زیر ناف ضماد کریں۔

رطوبات فاسدہ رحم: جواکھار 1 تولہ۔ مویز منقی 6 ماشہ۔ نبات سفید 6 ماشہ۔ سب کو پیس کر شہد خالص دو چند میں ملائیں اور حمول بنا کر استعمال کریں۔

درد رحم (جو احتباس طمث سے لاحق ہو)

پوست خشخاش 1 تولہ کو پانی یا گلاب میں جوش دے کر تکمید کریں اور مدرات پلائیں۔

وسعت قبل و افراط حیض

جوزبوا 6 ماشہ۔ کمازج 6 ماشہ۔ پھٹکڑی بریاں 6 ماشہ۔ پوست انار 6 ماشہ پانی میں پیس کر شیاف بنائیں اور بعد از اطہر استعمال کریں۔

امراض ظہر و اطراف

ہدایات علاج: 1- اوجاع مفاصل میں فواکہ رطب سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔

2- جب نچلے حصہ بدن میں وجع مفاصل ہو تو قے اسہال سے زیادہ مفید ہوتی ہے۔

3- وجع الورک میں اوجاع مفاصل کی طرح ابتداء میں روادع استعمال نہ کریں کیونکہ ادے کے عمق میں ہونے کی وجہ سے اس کے بند ہوجانے کا خطرہ ہے بلکہ مرضیات کا استعمال کرنا چاہئے بشرطیکہ مادہ بہت زیادہ رقیق نہ ہو کہ اس صورت میں روادع کا استعمال دی ہے۔

وجع مفاصل درد و کمر و عرق النساء: سورنجاں شیریں 1 ماشہ۔ بوزیدان 1 ماشہ

دونوں کو پیس لیں اور جوارش زرعونی 7 ماشہ۔ یا معجون سورنجاں 7 ماشہ میں ملا کر کھائیں پھر شیرہ تخم خیارین شیرہ تخم خربزہ۔ شیرہ خارخسک ہر ایک 3 ماشہ پانی میں نکال لیں اور شربت بزوری 4 تولہ ملا کر پئیں اور جوہر منقی استعمال کریں۔

وجع مفاصل (جو آتشک سے ہو)

معجون عشبہ 1 تولہ۔ عرق عشبہ 2 تولہ۔ نبات سفید 2 تولہ کے ہمراہ کھائیں۔

ضماد وجع المفاصل: برگ حنا 1 تولہ۔ صابون دیسی 1 تولہ پانی میں پیس کر سرکہ خالص 6 ماشہ اضافہ کریں اور آگ پر رکھیں جب غلیظ ہو جائے تو نیچے اتار کر لگائیں۔

ورم حار مفاصل و عرق النساء: بزرالبنج 6 ماشہ۔ برگ قنب 6 ماشہ۔ گل آکھ 6 ماشہ۔ سورنجاں 6 ماشہ۔ روغن کنجد 7 تولہ میں جلا کر نیم گرم ملیں۔

درد کمر: روغن بلسان بقدر حاجت پارچہ پر لگا کر نیم گرم کر کے موضع درد پر لگائیں۔

حمیات

دستور العلاج: 1- حمیات میں روز بحران کی رعایت ازبس ضروری ہے۔ اس روز ہر گز مسہل نہ دیں۔

2- صفراوی المزاج شخص جب ترش پانی پیتا ہے تو وہ اکثر مستحیل الی الصفراء ہو جاتا ہے مگر شربت نیلوفر اس سے مستثنٰی ہے شربت میں پانی زیادہ ڈالنا مانع استحالہ ہے۔

3- روغن بادام کے سوا جملہ روغنیات حمیات میں از دیاد عفونت کا موجب ہوتے ہیں۔

4- روز نوبت میں خلو معدہ مفید ہے اس روز سکنجبین سے قے کرانا بھی مفید ہے مگر مسہل بہت مضر ہے۔

5- ہلیلہ جات کا استعمال حمیات میں مضر ہے اور حتی الوسع انہیں نہیں دینا چاہئے۔

6- اگر خلط معدے میں ہو تو قے کرا دیں اور اگر امعا میں ہوں تو جلاب دیں۔

7- ابتدائے نوبت میں سونا ممنوع ہے خصوصاً جب سردی محسوس ہو رہی ہو اور رونگٹے کھڑے ہوں۔ اسی طرح اگر احشا میں ورم ہو تو بھی ابتدائی نوبت میں سونا منع ہے البتہ انحطاط میں نافع ہے۔

8- شدید الحرارت بخار میں سرد پانی پینا مفید ہے بشرطیکہ احشا ضعیف نہ ہوں اور خلط غلیظ و خام نہ ہو۔

9- ورم احشا کی صورت میں سکنجبین نہ پلائیں۔
10- اگر تپ کے ساتھ قولنج ہو تو جب تک حقنے سے سدہ نہ کھول لیں ماء الشعیر نہ دیں۔
11- حمی دق میں تبرید و ترطیب کریں اور کافور و شراب کی تخفیف و تسمین کی اصلاح کر کے انہیں استعمال کریں۔
12- ترنجبین۔
13- کبھی بحران کا دن یوم راحت بھی ہو جاتا ہے پس اس صورت میں اگر یوم بحران (مثلاً روز نہم) قوی نہ ہو تو مسہل دے سکتے ہیں اور اسی طرح روز نوبت کو مسہل سے بچا سکتے ہیں دوسرا طریقہ یہ ہے کہ وقت نوبت سے پہلے ہی مسہل کو ختم کریں۔
14- بہتر یہ ہے کہ مسہل سات روز گزرنے کے بعد دیں۔ مگر شدید ضرورت ہو، تو پہلے بھی دے سکتے ہیں۔

حمی یوم و سونوخس: (خونی بخار) لعاب بہیدانہ 3 ماشہ۔ شیرہ عناب 5 دانے، عرق مکو 6 تولے۔ عرق گاؤزبان 6 تولے میں نکال کر شربت بنفشہ 4 تولہ ملائیں اور خاکسی چھڑک کر پئیں۔

تپ بلغمی

تپ بلغمی (اگر خلل شکم سے ہو)

عرق بادیان 6 تولہ۔ عرق مکو 6 تولہ میں بادیان 5 ماشہ اور مویز منقی 9 دانہ کا شیرہ نکال کر خمیرہ بنفشہ 4 تولہ ملائیں اور مل چھان کر استعمال کریں۔

نکتہ: اگر تین روز تک بخار نہ ہو تو نسخہ خلل شکم صبح اور نسخہ مذکورہ بالا باضافہ خاکسی 7 ماشہ سہ پہر کو دیں۔

تپ کہنہ

حمی بلغمی کہنی: 1- برنجاسف 3 ماشہ۔ شکاعی 3 ماشہ۔ باد آور 3 ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں تر کر کے صبح اس کا زلال لیں اور شربت بنفشہ 2 تولہ ملا کر پئیں۔
2- خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ۔ورق نقرہ 1 عدد میں لپٹا ہوا۔ عرق برنجاسف 12 تولہ اور نبات سفید 2 تولہ کے ساتھ کھلائیں۔

اضافہ: کبھی اس میں شیرہ تخم کوہ خشک 3 ماشہ اور شیرہ مویز منقی 9 دانہ اضافہ کیا جاتا ہے۔

3- برنجاسف 7 ماشہ گرم پانی میں تر کر کے صبح مل چھان لیں اور شربت بزوری 4 تولہ ملا کر پئیں۔

بخار کہنہ (جو مسہلات کے بعد بھی باقی رہ جاتا ہے)

1- زہر مہو 2 ماشہ- بنسلوچن 2 ماشہ- پوست گلو 2 ماشہ- دانہ ہیل 2 ماشہ- نبات سفید 2 تولہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور شربت بنفشہ 2 تولہ کے ساتھ 6 ماشہ کھائیں۔

2- اجوائن و زنجبیل کی جو ترکیب استعمال امراض جگر میں بتلائی گئی ہے وہ بھی اس حالت میں مفید ہے۔

تپ کہنہ : گلو سبز ایک تولہ پارہ پارہ کر کے رات کو گرم پانی میں بھگوئیں۔ صبح اس کا زلال لے لیں اور شربت بزوری 4 تولہ شامل کر کے پئیں۔

قرص تپ کہنہ : گل سرخ 1 تولہ- اصل السوس 1 تولہ- طباشیر سفید 6 ماشہ- سنبل الطیب 6 ماشہ- افسنتین رومی 6 ماشہ- ترنجبین 6 ماشہ- کوٹ چھان کر گلاب میں ملائیں اور قرص باندھیں- عندالضرورت کاسنی 3 ماشہ اور شربت بزوری 4 تولہ کے ساتھ کھائیں-

خاکسی ہفت جوش : خاکسی 7 ماشہ پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور شربت بنفشہ 2 تولہ ملا کر پئیں- خاکسی کو پہلے روز ایک جوش دیں دوسرے روز دو- اسی طرح ہر روز ایک جوش بڑھائیں- آٹھویں روز سے ایک ایک جوش کم کرنا شروع کریں- اور چودھویں روز نسخے کا استعمال ترک کریں-

تپ صفراوی

(1) شیرہ آلو بخارا پانچ دانہ۔ شیرہ تخم خیارین تین ماشہ۔ پانی میں نکال لیں اور شربت انگور دو تولہ یا شربت نیلوفر دو تولہ ملا کر پئیں۔

اضافہ۔ تیسرے روز خاکسی سات ماشہ چھڑک کر پئیں۔

(2) نقوع بارد۔ گل بنفشہ سات ماشہ۔ عناب پانچ دانہ۔ آلو بخارا پانچ دانہ۔ تخم خبازی سات ماشہ۔ گاؤزبان پانچ ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں تر کریں۔ صبح مل چھان کر گلقند چار تولہ یا خمیرہ بنفشہ ڈالیں اور مل چھان کر پئیں۔

ھدایات

(1) بخار صفراوی میں اول تین روز تک نسخہ نمبر1 دیں۔

(2) تین روز کے بعد نسخہ نمبر1 بوقت سہ پہر اور نسخہ نمبر2 بوقت صبح دیں۔

(3) اگر تشنگی ہو تو نقوع میں گل نیلوفر کا اضافہ کریں۔

(4) پانچویں دن تخم خیارین سات ماشہ اور ساتویں روز تخم کاسنی سات ماشہ کو نیم کوفتہ

بڑھائیں۔

3۔ منضج کے بعد آٹھویں، دسویں یا بارھویں روز تلین کریں۔

سفوف نوبت

زہرمہرہ ایک ماشہ۔ بنس لوچن ایک ماشہ۔ ست گلو ایک ماشہ۔ سمندر پھل نصف عدد، سفوف بنائیں اور دو ساعت قبل از نوبت پانی کے ساتھ کھلائیں۔

حب لرزہ

پلاس پاپڑہ 65 ماشہ کا پوست سرخ علیحدہ کر کے مغز کرنجوہ کے ساتھ پیسیں، اور کسی قدر پانی ملا کر حبوب بقدر فلفل باندھیں۔ ہر روز ایک گولی کھائیں۔

پاشویہ مانع بخارات

گل نیلوفر۔ گل خطمی۔ گل بنفشہ۔ سبوس گندم۔ نمک طعام ہر ایک ایک تولہ، پانی میں جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جائے تو نیم گرم ہو جانے پر پاشویہ کریں۔

لخلخہ غفلت

گل نیلوفر ایک تولہ۔ گل ارمنی ایک تولہ۔ صندل سفید ایک تولہ۔ آب کدو سبز دو تولہ۔ آب خیار سبز تین تولہ۔ آب کشنیز سبز تین تولہ میں لخلخہ کریں۔

تپ ربع

حمی ربع و حمی بلغمی مزمنہ

گل بنفشہ سات ماشہ۔ مویز منقی نو دانہ۔ بادیان سات ماشہ۔ بیخ کاسنی سات ماشہ، گاؤزبان پانچ ماشہ۔ تخم کشوت پانچ ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ چار تولہ ملا کر پئیں۔

اضافات

(1) اگر مادہ بخار میں صفرا بھی مخلوط ہو تو پانچویں روز تخم خیارین اور ساتویں روز تخم کاسنی بڑھائیں۔

(2) اگر کھانسی ہو اور مواد غلیظ چسپیدہ ہو تو اصل السوس مقشر پانچ ماشے اور پرسیاؤشاں پانچ ماشہ اضافہ کریں۔

(3) اگر معدہ و ماساریقا میں رطوبت لزجہ ہوں تو بیخ بادیان سات ماشہ اضافہ کریں۔

(4) اگر نزلہ ہو تو تخم خطمی سات ماشہ۔ تخم خبازی سات ماشہ بڑھائیں۔

حب تب ربع

تخم دھتورہ سیاہ تین ماشہ۔ ریوند چینی تین ماشہ۔ زنجبیل تین ماشہ۔ کوٹ چھان کر شہد میں گولیاں بنائیں اور تین گولیاں نوبت سے ایک ساعت پہلے پانی کے ساتھ کھلائیں اور نوبت کا وقت گذرنے سے پہلے اس روز غذا نہ دیں۔

تپ دق

تپ دق و تپ لثقہ

کائی سبز تین ماشہ اور گوما تین ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان لیں اور شربت بنفشہ دو تولہ یا شربت بزوری چار تولہ ملا کر پئیں۔

اضافہ:۔ تقویت قلب و دماغ کے لئے دوا المسک معتدل جواہر دالی تین ماشہ بڑھا دیتے ہیں۔

سل ودق

(1) گوند کتھوا۔ رب السوس۔ سرطان محرق۔ شکر تیغال ہر ایک ایک ماشہ۔ سب کو پیس کر دیا توزا سات ماشہ میں ملائیں اور لعاب بہدانہ تین ماشہ۔ شیرہ عناب پانچ دانہ' شیرہ مغز کدو شیریں تین ماشہ۔ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ میں نکال کر شربت بنفشہ دو تولہ ملا لیں اور کھانے کے بعد پئیں۔

(2) خمیرہ خشخاش ایک تولہ کھائیں اور شیرہ کوکنار ایک عدد۔ لعاب گاؤزبان تین ماشہ۔ پانی یا عرق گاؤزبان بارہ تولہ میں نکال کر شربت اعجاز دو تولہ ملا کر پئیں۔

تپ دق۔

قرص طباشیر ساڑھے چار ماشہ یا قرص کافور ساڑھے چار ماشہ پیس کر کھائیں اور شیربز سات تولہ یا شیرخریا شیرزن۔ شربت عناب دو تولہ۔ شربت نیلوفر دوتولہ۔ شربت بزوری دو تولہ میں پئیں۔

ترکیب استعمال شیر۔

شیرزن یا شیر بزیا شیر خر تین روز تک سات تولہ کی مقدار میں پیتے ہیں۔ پھر ایک ایک تولہ روز بڑھاتے ہیں اور جب اکیس تولہ ہو جاتا ہے' تو ایک ایک گھٹاتے ہیں اور جب سات تولہ تک پہنچ جاتا ہے تو تین روز پی کر اس کا استعمال ترک کرتے ہیں۔

بحالت سرفہ۔ گوند ایک ماشہ۔ کتھوا ایک ماشہ۔ رب السوس ایک ماشہ۔ پیس کر خمیرہ خشخاش ایک تولہ میں ملائیں اور لعاب گاؤزبان پانچ ماشہ۔ شیرہ کو کنار ایک عدد۔ عرق گاؤ زبان دو تولے میں نکال کر شربت اعجاز دو تولہ یا شربت خشخاش دو تولہ ملائیں۔

تبرید و ترطیب

لعاب بہیدانہ تین ماشہ۔ شیرہ مغز تخم کدو تین ماشہ۔ شیرہ عناب پانچ دانے۔ شیرہ تخم خرفہ سیاہ تین ماشہ پانی میں نکال کر شربت نیلوفر دو تولہ ملائیں اور خاکسی سات ماشہ چھڑک کر پئیں۔

مسہلات

مسہل صفرا

پوست ہلیلہ زرد ایک تولہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ چار تولہ گلقند چار تولہ۔ ترنجبین چار تولہ۔ شکر سرخ چار تولہ۔ مغز فلوس چار تولہ۔ تمرہندی کہنہ چار تولے۔ اس میں مل کر صاف کرلیں۔ پھر بادام روغن اضافہ کر کے پئیں۔

مسہل حمیات صفراوی

آلو بخارا گیارہ دانہ رات گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ چار تولے' گلقند چار تولہ۔ ترنجبین چار تولہ۔ شکر سرخ چار تولہ۔ مغز فلوس چار تولہ اس میں مل کر چھان لیں۔ پھر شیرہ مغز بادام پانچ دانہ اضافہ کر کے پئیں۔

مسہل بارد (جو معدہ و امعا کے مواد فاسدہ کو خارج کرتا ہے)

تمرہندی کہنہ آٹھ تولہ پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور سنائکی سات ماشہ باریک پیس کر اس پر چھڑک لیں اور پئیں۔

اضافہ:۔ کبھی اس میں شربت ورد چار تولہ اور شیرخشت مصفی چار تولے کا اضافہ کرتے ہیں۔

مسہل حار جو بلغمی بخاروں میں مستعمل ہے

گل بنفشہ سات ماشہ۔ مویز منقی نو دانہ۔ بیخ کاسنی سات ماشہ۔ بادیان سات ماشہ۔ گاؤزبان پانچ ماشہ۔ گل گاؤزبان تین ماشہ۔ عناب پانچ دانہ۔ سپستان نو دانہ۔ تخم خطمی سات ماشہ۔ تخم خبازی سات ماشہ۔ تخم خیارین پانچ ماشہ۔ ریشہ خطمی سات ماشہ۔ گل سرخ سات ماشہ۔ اصل السوس مقشر پانچ ماشہ۔ پرسیاؤشاں 5 ماشہ۔کو خشک 5 ماشہ۔ سنائکی 7 ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگو کر مل چھان لیں اور اس میں مغز فلوس 4 تولہ۔ گلقند 4 تولہ۔ خمیرہ بنفشہ 4 تولہ۔ ترنجبین 4 تولہ۔ شکر سرخ 4 تولہ اچھی طرح مل کر صاف کریں پھر شیرہ مغز بادام 5 دانے اضافہ کر کے پئیں۔

اضافات : 1- اگر دماغ کا تنقیہ مقصود ہو تو اسطوخودوس 5 ماشہ اور بادرنجبویہ 5 ماشہ بڑھائیں۔

2- اگر سوداوی مادہ ہو تو افتیموں ولایتی 5 ماشہ اور بسفائج فستقی 5 ماشہ اضافہ کریں۔
3- اگر مواد بلغمی کثیر مقدار میں اور غلیظ اور چسپیدہ ہوں تو بیخ بادیان 7 ماشہ اور تخم قرطم 7 ماشہ بڑھائیں۔
4- اگر جگر کی رعایت ملحوظ ہو تو تخم کشوث 5 ماشہ پوٹلی میں باندھ کر اضافہ کریں۔

ہدایات: دوپہر کے بعد غذا میں یخنی یا مونگ کا پانی پئیں اور سہ پہر کے بعد مونگ کی ملائم کھچڑی کھائیں۔ غذا سے پہلے پیاس محسوس ہو تو عرق گاؤزبان۔ عرق بادیان عرق مکوہ پئیں۔
اگر اسہال حسب منشا نہ آئیں تو سدہ کے لئے شربت ورد 4 تولہ (مکرر) شربت دینار 4 تولہ عرق بادیان 12 تولہ میں حل کر کے پئیں۔

دوسرے روز ذیل کا نسخہ تبرید پلائیں

خمیرہ گاؤزبان 1 تولہ۔ ورق نقرہ 1 عدد میں ملفوف کر کے کھائیں اور شیرہ عناب 5 دانہ' عرق گاؤزبان 12 تولہ میں نکال کر شربت بنفشہ 2 تولہ ملائیں اور اس پر تخم ریحان 5 ماشہ چھڑک کر پئیں۔

اورام وبثور ظاہر بدن

فوائد شریفی: جذام میں پہلی دواجین' اکحلین اور رگ پس گوش کی فصد لیں اور کافی تعداد میں خون نکالیں۔ پھر خریف و ربیع میں مسہل قوی دیں اور ہر ماہ تلئین طبع سے مواد خارج کرتے ہیں۔

نقوع فساد خون

شاہترہ۔ چرائتہ۔ سرپھوکہ۔ منڈی۔ ہلیلہ سیاہ۔ صندل سرخ ہر ایک 7 ماشہ۔ عناب 5 دانے رات کو گرم پانی میں تر کر کے صبح مل چھان کر اور شربت عناب 4 تولہ ملا کر پئیں۔

نکتہ مطب: بحالت نزلہ صندل سرخ 7 ماشہ نکال دیں اور گل بنفشہ 7 ماشہ تخم خطمی 7 ماشہ تخم خبازی 7 ماشہ اضافہ کریں۔

جوش و فساد خون

رسوت 3 ماشہ۔ چاکسو 3 ماشہ۔ کتھ سفید 3 ماشہ۔ نرکچور 3 ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں اور صبح اس کا زلال لے کر پئیں۔

جوش خون و خارش و قوبا و ابتدائی جذام

نکند بابری 1 تولہ۔ فلفل سیاہ 5 دانے گرم پانی یا عرق مرکب مصفی خون 12 تولہ میں بھگوئیں اور صبح اس کا زلال لے کر پئیں۔

حدت خون

شیرہ عناب 5 دانہ۔ عرق شاہترہ 12 تولہ میں نکال کر شربت نیلوفر 2 تولہ ملائیں۔

اضافہ : کبھی لعاب بہیدانہ 3 ماشہ بھی اضافہ کرتے ہیں۔

آتشک

1- صبح نقوع فساد خون استعمال کریں۔

2- شام کو معجون عشبہ 1 تولہ۔ عرق عشبہ 12 تولہ و نبات سفید 2 تولہ کے ساتھ دیں۔

3- نضج مادہ کے بعد مطبوخ ہفت روزہ استعمال کریں۔

مطبوخ ہفت روزہ

پوست درخت نیب۔ پوست درخت کچنال۔ بیخ حنظل۔ پھلی ببول۔ کٹائی خورد مع برگ پوست بیخ۔ قند سیاہ کہنہ ہر ایک نیم پاؤ۔3 سیر پانی میں جوش دیں۔ جب چوتھا حصہ رہ جائے اتار کر رکھ لیں اور سات خوراکیں کریں۔ ہر روز ایک خوراک پئیں۔ سات روز کے بعد چند دن تبرید کریں۔

4- اگر اس کے بعد بھی مادہ باقی رہے تو حب کتھ یا حب لیموں استعمال کریں یا جوہر رسکپور کھلائیں۔

آتشک و امراض سوداوی

روغن گاؤ آدھ سیر لے کر قلعی دار دیگچہ میں ڈال کر پگھلائیں اور جہاں تک ہو وہاں چاقو سے نشان کر دیں پھر آب آملہ سبز 1 سیر اس میں ڈال کر ہلکی آنچ پر جوش دیں۔ جب پانی جل جائے اور چاقو سے نشان ظاہر ہو تو گھی اتار کر چینی کی ظرف میں رکھ دیں اور روزانہ اس میں سے 2 تولہ لے کر نبات سفید سے شیریں کر کے کھائیں۔

فساد خون و حرارت مادہ آتشک و فساد کشتہ خام

شیر بز 10 تولہ۔ شربت عناب 2 تولہ ملا کر پئیں۔

نکات مطب : 1- یہ نسخہ ماء الجبن کا قائم مقام ہے۔ اور مطب میں اکثر استعمال کیا جاتا ہے۔

2- کبھی شیر بز کو بڑھاتے گھٹاتے بھی ہیں۔ اس کی ترکیب تپ دق میں مرقوم ہے۔

ضماد جرب : گندھک 1 تولہ۔ نیلا تھوتھا 1 تولہ۔ مردار سنگ 1 تولہ۔ کمیلہ 1 تولہ کوٹ پیس کر سفوف بنائیں اور تیسرا حصہ لے کر اس میں بقدر حاجت روغن زرد ملائیں اور بعد از تنقیہ بدن پر مل کر چار ساعت تک دھوپ میں بیٹھیں پھر خام آرد نخود حسب ضرورت بدن پر مل کر غسل کریں تین روز ایسا ہی کریں۔

ضماد بہق و داد

نوشادر 3 ماشہ۔ عرق پیاز 2 تولہ میں پیس لیں اور مقام ماؤف کو کھردرے کپڑے سے اچھی طرح مل کر لیپ کریں۔

حب سرخ بادۂ اطفال

رسوت 1 ماشہ۔ صندل سرخ 2 ماشہ۔ زرچوبہ 2 ماشہ۔ مردار سنگ نصف ماشہ۔ زرد چوب 1 ماشہ۔ چاکسو 2 ماشہ۔ برگ حنا 1 ماشہ۔ برگ بکائن 15 عدد۔ برگ نیم 15 عدد پانی میں پیس کر حبوب بقدر مونگ باندھیں اور حسب عمر ایک یا دو گولی شیر مادر میں گھس کر دیں۔

بثور اطفال

1- رسوت 6 ماشہ۔ پوست نیم 6 ماشہ۔ پانی میں پیس کر ضماد کریں۔

2- زہر مہرہ 2 ماشہ۔ فلفل سیاہ 5 دانے پانی میں پیس کر ضماد کریں۔

موتی جھرا

1- خمیرہ مروارید 5 ماشہ کھائیں اور شیرہ عناب 5 دانے۔ عرق گاؤزبان 12 تولے میں نکال کر شربت بزوری 4 تولہ ملائیں اور خاکسی چھڑک کر پئیں۔

2- گل بنفشہ 7 ماشے۔ عناب 5 دانے۔ مویز منقیٰ 9 دانے۔ انجیر زرد 3 دانے خاکسی 7 ماشہ۔ پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور شربت عناب ملا کر پئیں۔

ورم حار و غدد

سیسے کی گولی (جو بندوق میں استعمال کی جاتی ہے) کسی قدر آب کاسنی سبز میں پیس کر ضماد کریں۔

شربت اخراج سودا

چوب چینی 3 تولہ۔ برگ شیشم 3 تولہ۔ عناب 5 تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد 5 تولے۔ پوست ہلیلہ کابلی 5 تولہ۔ سنائے 5 تولہ۔ سب کو آب باراں 3 سیر میں تر کر کے صبح جوش

دیں جب ایک سیر باقی رہ جائے تو ترنجبین ثار۔ شیر خشت ثار اس میں مل کر چھان لیں اور عسل ثار اضافہ کر کے شربت بنائیں خوراک 4 تولہ ہمراہ عرق بادیان 12 تولہ یا عرق مصفی خون 13 تولہ۔

طاعون

زہر مہو۔ طباشیر۔ بسبلسہ۔ مروارید۔ انار دانہ ہر ایک 1 ماشہ پیس کر مفرح بارد 5 ماشہ میں ملا دیں۔ اور شیرہ زرشک 3 ماشہ۔ شیرہ تخم کاسنی 3 ماشہ۔ شیرہ آلو بخارا 5 دانے عرق صندل 2 تولہ۔ عرق بید مشک 2 تولہ۔ عرق گلاب 2 تولہ میں نکال کر شربت غورہ 2 تولہ ملائیں اور تخم ریحان 7 ماشہ چھڑک کر مفرح بارد کھانے کے بعد پییں۔